بعونہ کتاب لاجواب ذخیرہ لغات نایاب

یعنی

کریم اللغات

جس کو آسانی طلباء وغیرہ کے لئے مولوی کریم الدین صاحب نے تصنیف کیا تھا

مطبع منشی تیج کمار لکھنؤ میں چھاپی گئی اور شائع ہوئی

چھبیسویں بار باہتمام ایم۔ ڈی مصرا سپرنٹنڈنٹ

قیمت دو روپیہ

دیباچہ

خدایا مطلعِ انوارِ رحمت ساز جانم را
کلیدِ مخزنِ انوارِ دل گرداں زبانم را

چونکہ حاصل ہونا کسی زبان کا بدون واقف ہونے صرف اور نحو اور لغت کے ہو نہیں سکتا اور معنے زباندانی کے بھی یہی ہیں کہ اُس زبان کی لغت سے آشنائی تمام حاصل ہو پس بلحاظ اسکے جو دیکھا جاتا ہے تو کوئی کتاب لغت کی مدارس پنجاب کے لڑکوں کے پاس ایسی نہیں ہے جس سے وے خود معنی الفاظ نا معلوم نکالکر اپنی ترقی اس زبان میں پیدا کریں اس لئے جناب کپتان فولر صاحب بہادر ڈائرکٹر آف پبلک انسٹرکشن مدارس ممالک پنجاب نے مجھ کمترین کریم الدین سے کہ جو صاحب ممدوح کے دفتر میں عہدۂ سررشتہ داری پر نامزد ہے ارشاد فرمایا کہ ایک ڈکشنری زبان فارسی کی ایسی تیار کر کہ جسمیں سب الفاظ اُن کتابوں کے آجاویں جو سرکاری اسکولوں میں پڑھائی جاتی ہیں تاکہ طلبائے پنجاب کو کامل مدد انکے مطالعہ سے ملے اور ترقی استعداد کی حاصل ہو اس لیئے بندے نے حسب الحکم صاحب موصوف کے سب الفاظ کتب مروجہ سرکاری اسکولوں کے جمع کر کے ایک کتاب لغت کی مرتب کی اور معنی اُن الفاظ کے سہل ترین زبان اردو میں لکھے تاکہ طلبائے کم استعداد جلد تر معانی نکال سکیں اور معلمان دیہات بھی جو الفاظ اردو سے کم واقف ہیں اس ڈکشنری کو دیکھ کر اچھی طرح طلبا کو مطالب کتاب کے اردو زبان میں سکھلا سکیں چنانچہ حسب مراد یہ کتاب ماہ جولائی ۱۸۶۱ء میں تیار ہوئی اور نام اسکا

کریمُ اللّغات

رکھّا گیا

واضح ہو کہ جو لفظ اس کتاب میں لکھا ہے اسکے معنی قاموس اور منتہی الارب اور برہان قاطع وغیرہ کتب لغت سے تصحیح اور تحقیق کرکے لکھے گئے ہیں پس اب کوئی مقام شک کا اُن لوگوں کیواسطے نہیں رہا ہے جو معتقد علم رسیم کے ہیں اگر کسی کو کوئی شک ہو کتب مذکورہ میں دیکھ لیوے امید جناب باری سے یہ ہے کہ اس کتاب کو درجہ قبولیت کا عطا فرماکر طلبائے ہند کو اس سے فائدہ بخشے۔

آمین

نشانات

چونکہ فارسی اور عربی اور بعضے الفاظ ترکی بھی فارسی کتب میں مستعمل ہوتے ہیں اس لیے یہ نشان ان زبانوں کے بتلانے کے واسطے لکھے گئے ہیں۔

ع	عربی
ف	فارسی
ت	ترکی
مب	معرب

معرب۔ اس لفظ کو کہتے ہیں جو کسی غیر زبان کا لفظ ہو اور اس میں کچھ تغیر یا تبدل کرکے مثل عربی کے بنالیں جیسے **صنج** اصل میں چنگ تھا چ کو ص سے اور گ کو ج سے بدل لیا اس کو معرب کہیں گے۔

باب الالف

آب ف بلغوی معنی پانی، اصطلاحی آبرو۔ عزت فیض، دولت طرز۔ موتی۔ جوہر تیغ تلوار جوہر دار۔

اَب ع۔ باپ۔ پدر۔

اِبا ع۔ انکار کرنا۔ نہ ماننا۔

اَبابِیل ع۔ دیودلائی۔ نام ایک چھوٹے پرند کا ہے جو اکثر گھروں میں رہتا ہے۔

آباد ف۔ بسا ہوا ضد ویران۔ بمعنی خوش وخوب

آبادی ف۔ بستی۔

آبادانیدن ف براہنا تعریف کرنا۔

آبان ف۔ آٹھواں مہینہ فارسی زبان کا اور نام اس فرشتہ کا جو لوہے پر مؤکل ہے۔

آبپاشی ف سینچنا کھیتی کو پانی دینا۔ چھڑکاؤ پانی کا کرنا

آبتاب ف۔ رونق چمک

اِبتِدا ع شروع۔ آغاز۔

اِبتِذال ع بیہودہ خرچ کرنا۔ ذلیل رکھنا۔

اَبتَر ع۔ لغوی معنی اسکے دُم کٹا ہوا مرادی یہ کہ بخبر آدمی۔ بدچلن، بگڑا ہوا۔

اِبتِسام ع مشتق ہے بسم سے ہنسنا مسکرانا اور پھول کا کھلنا

اِبْتِہَاج ع۔ خوشی سے کھِلنا
خوش ہونا۔
اَبْجَد ع۔ حرُوف تہجی۔ الف بے
آبِ حَیَات ف۔ امرت،
جسکے پینے سے موت نہیں آتی،
مراد ہی معنی شعراور معشوق کا منھ
آبْخُورْد ف۔ اَن جل۔ آبخورش
آبْخُورَہ ف۔ پانی پینے کا
برتن۔ گلاس۔
اَبَد ع جسکی انتہا نہو۔ ہمیشگی
آبْدَار ف چمکدار اور پانی رکھنے
والا نوکر اور دولتمند آدمی۔
آبْدَارِی ف چمک۔ صفائی۔
اَبْر ف۔ بادل۔
اِبْرَام ع۔ تنگ کرنا۔ ملول
کرنا۔ محکم کرنا کسی کام کا۔
آبْرَاہ ف۔ موری۔ بدرو بیلاب
اَبْرَص ع۔ کوڑھی۔ چتلا،
چتکبرا اور گرگٹ جو چھپکلی کی قسم
ہے اس کو بھی کہتے ہیں۔
اَبْرَش ع۔ جس پر سیاہ یا سفید
داغ ہوں۔
اَبْرَق ع۔ ابرک اور چمکدار
اَبَرْقُوہ ف } عراق اور عجم
اَبَرْکُوہ ع } میں ایک شہر ہے

اَبْرُو ف۔ بھوں جو آنکھ کے
اوپر ہوتی ہے۔
آبْرُو ف۔ عزت۔ رتبہ۔ نیکنامی
آب رِیخْتَن ف۔ بے عزت
اور ذلیل کرنا۔
اَبْرِیسَم ع }
اَبْرِیشَم ف } ریشم
اِبْرِیق ع۔ روشن چھاگل
پانی کی۔ اور تلوار چمکدار۔
عورت خوبصورت۔
آبِسْتَن ف۔ حاملہ ہونا۔
پیٹ سے ہونا۔
آبِسْتَنی ف پیٹ والی عورت
اور چاپلوسی کرنے والا۔
آبْشَار ف۔ جھرنا جہاں پر
پانی گرتا ہو اور چشمہ پہاڑ کا
آبْرِیشَم ف۔ کویا ریشم کا کچے
ریشم کا کویا جو کیڑا بناتا ہے۔
آبْکَار ف۔ کلال شراب فروش
آبِشْخُور ف۔ قسمت چہ بچہ
پانی کا چشمہ، تالاب۔
آبْگِیر ف۔ جوہڑ یعنی وہ گڑھا
جہاں پر پانی ٹھہرا رہے۔
آبْگِینَہ ف۔ کانچ۔ شیشہ۔ بلور
شراب انگوری، دل عاشق کا

آنسو آنکھ کے۔
اِبِل ع۔ اونٹ۔ شتر۔
اِبْلَاء ع۔ محنت میں ڈالنا،
آزمایش میں ڈالنا۔ بلا میں
پھنسانا۔ کہنہ کرنا کسی چیز کا
اِبْلَاغ ع۔ پہونچانا۔ بھیجنا
اَبْلَج ع۔ روشن ظاہر مرد
ابرو کشادہ۔
اَبْلَق ع۔ چتکبرا سپید دست
و پا گھوڑا۔
اَبْلَہ ع۔ نادان۔ سادہ۔ بیوقوف
آبْلَہ ف۔ پھپھولا۔ پھنسی۔
اَبْلَہِی ع۔ بیوقوفی۔ احمق پن
اِبْلِیس ع شیطان۔ فریب
دینے والا۔ بد۔ ناامید۔
اِبْن ع۔ بیٹا۔ فرزند۔ پسر۔
اَبْنَاء ع۔ جمع ہے ابن کی بمعنی
بیٹے۔ ساتھی۔ ہمجنس۔
اِبْنَت ع۔ بیٹی۔ دختر۔
اِبْنِ سَبِیل ع۔ مسافر۔ راہی
آبْنُوس ع۔ نام ایک درخت کا
آبِ نُقْرَہ ف۔ پارہ۔
آب نَخُورْدَن ف۔ مراد
دیر نہ کرنا۔ توقف نہ کرنا۔
اَبْوَاب ع۔ جمع باب کی ہے

دروازے اور کتاب کے حصے
آب وَ دَانَہ ف۔ رزق
خوراک۔ کھانا پینا۔
اَبُو ع۔ باپ۔ صاحب
اَبُوالْفَضْل ع۔ اکبر بادشاہ
کا وزیر۔
اَبُوبَکْر رضؓ ع۔ نام خلیفہ اول پیغبر خدا کا
اِبْہَام ع۔ انگوٹھا اور کھولکر
بیان نہ کرنا۔
اُبَّہَت ع۔ بزرگی۔ رونق
شکوہ۔
آبِی ف۔ مرطوب۔ نم۔ نیلا۔
اَبْیَات ع۔ جمع بیت کی گھر۔ شعر
اَبْیَض ع بفید تلوار چاندی
اَبْیَضَان ع۔ دو رگ ہیں
چھاتی میں شتر کے اور شیر اور آب
چربی اور جوانی۔ روٹی اور پانی
اور دو روز یا دو ماہ۔
اَتَابَک ع۔ بادشاہان
شیراز کا لقب ہے۔
اَتَالِیق ت۔ ادب سکھانیوالا
استاد۔
اِتِّبَاع ع۔ پیروی کرنا۔ تابع ہونا
اِتِّحَاد ع۔ ایک ہونا۔ دوستی
اِتِّحَاف ع۔ تحفہ دینا۔

سوغات دینا۔
اِتْراب ع۔ مٹی میں ملانا۔
اَتْراب ع ہم عمر برابر کے یار۔
اِتّساق ع۔ ترتیب دینا۔ تمام ہونا۔ فراہم ہونا۔ درست ہونا
اِتّسام ع۔ نشان کرنا۔ مشتق وسم سے ہے۔
آتش ف آگ۔ نور۔ مزاج غصہ اور شیطان۔
آتشباز ف۔ جو شخص آتشبازی کرے اور جو بیچے۔
آتشبازی ف۔ آگ سے کھیلنا اور نام آتشبازی کے کھلونوں کا۔
آتش پیکر ف۔ سورج شیطان وجن وغیرہ۔
آتشخوار ف۔ نام ایک جانور کا ہے اور بد اور ظالم آدمی کو بھی کہتے ہیں۔
آتشدان ف۔ انگیٹھی۔
آتش دادن ف برا دچھوڑ دینا اور ترک کرنا اور کسی کو بھڑکانا
آتش زبان ف۔ یاوہ گو۔ اور سخت مزاج آدمی۔
آتش سرد ف شراب بر معشوق اور سونا چاندی۔
آتشی آتشین ف۔ آگ کا گرم۔
اِتّصاف ع۔ کوئی صفت اختیار کرنا۔ تعریف کیا جانا باہم وصف کرنا کسی چیز کا۔
اِتّصال ع۔ ملنا۔ لگاتار ہونا کسی کام کا اور پہونچنا۔
اِتّفاق ع۔ باہم ملنا۔ اچانک
اِتّفاقاً ع۔ اچانک اچانک سے
اِتّفاقی ع۔ جو اتفاق سے بات ہو جاوے۔
اِتّقا ع۔ بچنا۔ پرہیز کرنا۔ گناہ سے بچنا۔
اَتْقیا ع۔ پرہیزگار لوگ جمع تقی کی ہے۔
اِتّکا ع۔ بھروسہ کرنا۔ تکیہ کرنا
اِتّکال ع۔ اعتماد کرنا بھروسہ کرنا
اِتْلاف ع۔ ضایع کرنا۔ تلف کرنا۔ کھو دینا۔
اَتَم ع۔ بہت پورا کامل تمامتر۔
اِتْمام ع۔ پورا کرنا۔ انجام کو پہونچانا۔
آتون ف۔ وہ عورت ہوتی ہے جو لڑکیوں کو علم پڑھا کر سینا جالی نکالنا وغیرہ تعلیم کرتی ہے
اِتّہام ع تہمت لگانا کسی پر دوس دینا۔ غلطی میں ڈالنا۔
اِتّہاب ع بخشش قبول کرنا۔ ہبہ کرنا۔
اِتْیان ع۔ رسیدگی دخول قدوم۔ آنا۔
اَثاث ع۔ اسباب خانگی، گھر کا اسباب۔
آثار ع۔ نشان۔ پرانے نشان زمین پر پیروں کے نشان۔
اُثْفِیہ ع۔ دیگ پایہ۔ چولھے کا پاکھا۔ جمع اس کی اثافی ہے
اِثْم ع۔ گناہ جرم جمع اس کی آثام ہے اور شراب اور جوا اور جو کام کرنا ناروا ہو اس کو بھی اثم کہتے ہیں
اِثْبات ع ثابت کرنا ثبوت کو پہونچانا۔
اَثَر ع۔ تاثیر نشان کھنڈ کھوج
اَثْقال ع۔ جمع ہے ثقل کی معنے اس کے بوجھ۔ بھار۔
اَثْمار ع۔ جمع ہے ثمر کی معنی پھل
اَثْنا ع۔ بیچ، درمیان عرصہ درمیان کا۔
اَثْنائے راہ ع۔ درمیان راستہ کے
اِثْنَین ع۔ دو (۲)
اَثِیل ع۔ ذاتی محکم بڑے خاندان کی نسل کا۔
اِجابت ع ماننا منظوری
اُجاج ع آب تلخ آب شور کھاری یا کڑوا پانی۔
اِجارہ ع ٹھیکہ۔ یا ٹھیکہ دینا
اِجازت ع۔ حکم دینا۔ پروانگی دینا۔
اِجْتبا ع پسند کرنا چھانٹنا
اِجْتماع ع اکٹھا ہونا جمع ہونا
اِجْتنا ع پھل چننا میوہ اکٹھا کرنا۔
اِجْتناب ع۔ پرہیز کرنا۔ بچنا۔ گوشہ پکڑنا۔
اِجْتہاد ع۔ کوشش کرنا دل سے سوچکر نئی بات نکالنا
اَجْداد ع۔ باپ دادا وغیرہ
آجُر ع۔ اینٹ۔ خشت
اَجْر۔ اُجْرت ع انعام۔ بدلا۔ مزدوری۔
اِجْرا ع جاری کرنا کام چلانا
اَجَل ع۔ وقت مقررہ موت کا وقت، تقدیر۔
اَجْل ع۔ واسطے بسبب لیے

اجل ع ۔ بڑا بزرگ، بڑا ذیشان۔

اجلاس ع ۔ بیٹھنا۔ کچہری کرنے کو بیٹھنا۔

اجلال ف ۔ بزرگی۔ علوشانی

اجماع ع ۔ اکٹھے ہونا۔ سبکی رائے متفق ہونی۔

اجمال ع ۔ کھولکر نہ کہنا۔ بہت کو تھوڑا کر دینا۔ پراگندہ کو اکٹھا کرنا۔ بہت درستی سے کام کرنا

اجمعین ع ۔ سب۔ تمام۔ سب کے سب۔

اجنبی۔ اجنب ع ۔ پردیسی، کسی اور دیس کا آدمی یا شئے

اجوبہ ع ۔ جمع جواب کی یعنی بہت سے جواب۔

اجورہ ع ۔ مزدوری۔

اجوف ع ۔ کھوکھلا۔ شکم خالی اور وہ لفظ جس کے عین کلمہ میں حرف علت کا ہو۔

اجیر ع ۔ مزدور۔ محنتی۔

اچار۔ اچارف ۔ مشہور شئے ہے جو روٹی کے ہمراہ کھاتے ہیں ملا ہوا یہ معنی اسکے ہیں۔

اُح ع ۔ آواز کھانسی کی۔ آواز درد کی۔

احاطہ ع ۔ گھیرنا۔ اور گھری ہوئی چاردیواری۔

احباب ع ۔ جمع حبیب کی یعنے دوست۔

احتباس ع ۔ روکنا اور خون بند ہوجانیکی بیماری عورتوں کو

احتراز ع ۔ بچنا۔ پرہیز کرنا

احتراس ع ۔ نگہبانی کرنا۔

احتراق ع ۔ جلانا۔ پھونکنا۔

احتساب ع ۔ حساب کرنا آزمائش کرنا۔

احتشام ع ۔ شکوہ۔ نوکر چاکر کا مالک ہونا۔ صاحب حشمت ہونا

احتلام ع ۔ خواب میں ناپاک ہونا۔ خواب دیکھنا۔

احتظاظ ع ۔ لذت اٹھانا۔ مزہ لینا۔ بخت مند ہونا۔

احتمال ع ۔ برداشت کرنا بوجھ اٹھانا۔ بات کا سہنا۔

احتیاج ع ۔ حاجت ہونا کسی چیز کی خواہش ہونی۔

احتیاط ع ۔ بچنا گناہ سے پرہیز کرنا۔ بری بات سے بچنا

احتیال ع ۔ فریب کرنا۔ حیلہ کرنا۔ مکر کرنا۔

احد ع ۔ یک۔ ایک

احدیت ع ۔ اکائی۔ ایک ہونا

احداث ع ۔ نیا پیدا کرنا نئی بات نکالنا۔

احراز ع ۔ بچانا۔ گھیرنا۔ استوار کرنا۔

احراق ع ۔ جلانا۔ پھونکنا۔

احرام ع ۔ حرم میں آجانا۔ ماہ حرام میں داخل ہونا۔ حج کرنے کی نیت کرنی مکہ کے قریب جاکر

احزان ع ۔ غم میں ڈالنا۔ غمگین کرنا۔

احساس ع ۔ چھونا۔ حس کرنا۔

احسان ع ۔ کسی کے ساتھ نیکی کرنا۔

احسانمند ف ۔ وہ شخص جس کے ساتھ کسی نے سلوک کیا ہو۔

احسنت ع ۔ بہت اچھا کیا تونے اور یہ کلمہ آفریں کے مقام پر بولا جاتا ہے۔

احسن ع ۔ بہت نیک، بہت خوب۔

احضار ع ۔ حاضر کرنا موجود کر دینا کسی چیز کا۔

احفاد ع ۔ جمع حفد کی معنی اسکے پوتے نواسے ہیں۔

احقر ع ۔ زیادہ حقیر۔ بڑا ذلیل اپنے تئیں بسبب کسر نفسی کے بولا کرتے ہیں۔

احلیٰ ع ۔ نہایت شیریں۔

احمر ع ۔ بہت سرخ۔

احمق ع ۔ نہایت بیوقوف

احول ع ۔ ابتر۔ بکور۔ بھینگا

احوال ع ۔ جمع حال کی ہے

احیاء ع ۔ زندہ کرنا۔ جان ڈالنا۔

احیان ع ۔ جمع حین کی ہے یعنے زمانہ اور وقت کے۔

احیاناً ع ۔ اتفاقاً اور شاید کسی زمانہ میں یا کسی وقت

اخ ع ۔ بھائی۔ برادر۔

آخ ف ۔ کلمہ تحسین کا ہے بجائے آفریں کے بولتے ہیں

اخبار ع ۔ جمع خبر کی یعنی خبریں۔

اِخبار ع ۔ خبر کرنا۔ بتلانا۔ اطلاع دینا۔

اخت ع ۔ بہن۔ ہمشیرہ۔ ہوا

اِخْتِتَامْ ع۔ ختم کرنا۔ پورا کرنا
اَخْتَرْ ع۔ ستارہ۔
اِخْتِرَاعْ ع۔ نئی بات نکالنا ایجاد کرنا۔
اِخْتِرَاقْ ع۔ پھاڑنا۔ پھٹنا۔ پارہ پارہ ہونا اور فراخدستی کرنا۔
اِخْتِصَارْ ع۔ کم کرنا۔ بہت کو تھوڑا کرنا۔
اِخْتِصَاصْ ع۔ خاص کرنا خصوصیت رکھنا۔
اِخْتِفَاءْ ع۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا
اِخْتِلَاطْ ع۔ ملانا۔ محبت۔ دوستی۔
اِخْتِلَافْ ع۔ فرق۔ تفاوت باہم فرق ہونا۔
اِخْتِلَالْ ع۔ خلل ڈالنا۔ خلل پڑنا۔ خلل۔
آخْتَنْ ف۔ تلوار کھینچنا۔
آخْتَہ ف۔ تلوار کھینچی ہوئی اور بدھیا کیا ہوا جانور۔
اِخْتِیَارْ ع۔ پسند کرنا۔ ایک کو ماننا۔
اَخَذْ ع۔ لے لینا پکڑنا اختیار کرنا
اُخْرٰی ع۔ پچھلی عورت یا چیز یہ لفظ مؤنث ہے۔

آخِرْ ع۔ پچھلا۔ دوسرا۔
اِخْرَاجْ ع۔ نکالنا۔
اَخْرَاجَاتْ ع۔ جمع خرچ کی بمعنے خرچ کے ہے
آخِرُالْاَمْرْ ع۔ آخر کو اس بات کے آخر۔
آخِرَتْ ع۔ انجام دوسری دنیا۔ قیامت۔
اَخْرَسْ ع۔ گونگا اسکی جمع خُرس اور خرسان آتی ہے
اَخْضَرْ ع۔ سبز چیز۔ سبز رنگ
اِخْفَاءْ ع۔ پوشیدہ۔ پوشیدہ کرنا
اَخْفَشْ ع۔ نام ہے تین نحویوں کا جو اس فن نحو میں امام گذرے ہیں۔ (قاموس، چھوٹی آنکھ والا۔
اَخْگَرْ ع۔ آگ کی چنگاری شروع عشق کا۔
اِخْلَاصْ ع۔ دوستی خالص کرنا۔
اِخْلَاصْمَنْدْ ف ع۔ دوست جو خیرخواہ ہو۔
اَخْوَانْ ع۔ بھائی بند۔ جمع اخ کی ہے۔
اَخَوَاتْ ع۔ بہنیں۔ جمع اُخت کی ہے۔

آخُورْسَالَارْ ف۔ طویلہ کا سردار
آخُورْ ف۔ وہ جگہ جہاں پر چارپائے گھاس کھاتے ہیں ہندی میں اسکو گھورا کہتے ہیں۔
آخُونْ } ف۔ معلم استاد
آخُونْدْ }
اَخُوِیْ ع۔ میرا بھائی۔
اَخِیْرْ ع۔ پچھلا۔
اَخِیْ ف ع۔ فارسی میں صاحب مروّت عربی میں میرا بھائی۔
اَدَاءْ ع۔ پورا کرنا۔ اترانا۔ ناز
آدَابْ ع۔ جمع ادب کی بمعنے عزت کرنی سلام کرنا تعظیم کرنا
اَدَاتْ ع۔ بمعنی اوزار اور ہتھیار اور علم صنعت و حرفت
اَدَامَتْ ع۔ ہمیشگی۔
اَدَبْ ع۔ سلام۔ قاعدہ علم زبان۔
اَدَبَانَہ ف۔ بطور ادب کے
اِدْبَارْ ع۔ لغوی معنی پیٹھ پھیرنا اصطلاحی۔ بداقبالی۔ نحوست کم قسمتی۔ بدنصیبی۔
اِدْرَارْ ع۔ وظیفہ جاری ہونا پیشاب جاری ہونا۔
اِدْرَاکْ ع۔ پانا عقل دریافت کرنا

اِدْرِیْسْ علیہ السلام ع۔ نام ایک پیغمبر کا
اِدِّعَا ع۔ دعویٰ کرنا بیدلیل ایک بات کہنی۔
اَدَقْ ع۔ بہت باریک بہت مشکل۔
آدَمْ علیہ السلام ع۔ نام ہے پہلے آدمی کا جس سے انسان کی نسل چلی
اِدْمَانْ ع۔ ہمیشگی اور مشق
اَدْہَمْ ع۔ نام ایک بادشاہ بلخ کا جو تخت کو چھوڑ کر فقیر ہو گیا تھا اور لوہے کی بیڑی جو قیدیوں کے پیروں میں ڈالتے ہیں اور سیاہ سانپ اور گھوڑا اسکی رنگ کا
آدْمِیْ ف۔ یہ جو اولاد آدم کی ہے
آدْمِیَّتْ ف۔ انسانیت۔ خلق۔ نیک ہونا۔
اَدْنٰی ع۔ بہت نزدیک نالائق۔ کم رتبہ۔
اَدَوَاتْ ع۔ ہتھیار اوزار جمع ادات کی۔
اَدْوِیَہ ع۔ جمع دوا کی
اَدْیَانْ ع۔ جمع دین کی بمعنے مذاہب۔
اَدِیْبْ ع۔ جو علم ادب سے واقف ہو یعنی زباندان اور قاعدہ دان

اَدِیم ع ۔ ادھوڑی چمڑا ۔
آدِینہ ع ۔ روز جمعہ ۔
اِذْ ۔ اِذَا ع ۔ جب جس وقت جبکہ
اِذْن ع ۔ اجازت ۔ پروانگی
حکم ۔ اب ۔
اَذَان ع ۔ آواز ۔ اور نماز
کے وقت کی بانگ ۔
اَذٰی ع ۔ ایذا ۔ تکلیف ۔ دکھ
آذَر ف ۔ آگ اور کنایہ عشق
سے اور نام اُس فرشتہ کا ہے جو
سورج کا موکل ہے ۔
اِذْعَان ع ۔ یقین ۔
اَذْقَان ع ۔ جمع ذقن کی
بمعنے ٹھوڑی ۔
اِذْکَار ع ۔ ذکر کرنا ۔ یاد دلانا
اَذُوقَہ ف ۔ طعام کھانا ۔ رزق
اَذِیَّت ع ۔ دکھ ۔ مصیبت
تکلیف ۔
آر ف ۔ لاؤ ۔ لے آؤ ۔
آرائے
آرا } ف ۔ آراستہ کرنیوالا
اَرَابَہ ف ۔ گاڑی ۔ چھکڑا ۔
اِرَادَت ع ۔ ارادہ کرنا مرید ہونا
اِرَادِی ع ۔ باختیاری ارادہ کا
آرَاسْتَگی ف ۔ زیبائش کرنا ۔

آرَاسْتَن ف ۔ زیبائش کرنا ۔
سنوارنا ۔
آرَاسْتَہ ف ۔ زیبائش کیا ہوا
اَرَاضِی ع ۔ جمع ارض کی
بمعنے زمین ۔
آرَام ف ۔ سکھ چین ۔
آرَامِش ف ۔ فراغت آرام
و راحت ۔
آرَامِیدَن ف ۔ آرام کرنا ۔
آرام پانا ۔
آرَائِیدَن ف ۔ آراستہ کرنا ۔
آرَائِش ف ۔ زیبائش آراستگی ۔
اَرْبَاب ع ۔ جمع رب بمعنے
صاحب مالک ۔
اَرْبَع ع ۔ چار یعنی (۴) للعہ
اَرْبَعُون ع ۔ چالیس یعنی للعہ
اِرْتِبَاط ع ۔ دوستی پیدا کرنا ۔ ملانا
اِرْتِجَال ع ۔ بدون ۔ سوچے سمجھے
کے بولنا ۔ جلد بولنا ۔
اِرْتِحَال ع ۔ کوچ کرنا ۔ موت آنا
اِرْتِدَاد ع ۔ مذہب سے پھر جانا ۔
پھر جانا ۔
اِرْتِسَام ع ۔ نقش ہونا ۔ تصویر کھینچنا
اِرْتِشَاع ۔ رشوت کھانا ۔ گھوس لینا
اِرْتِضَاع ۔ باہم راضی ہونا ۔ خوش ہونا

آپس میں ۔
اِرْتِفَاع ع ۔ اونچا ہونا ۔
بلندی ۔ نفع ۔ محصول ۔
اِرْتِقَاء ع ۔ چڑھنا ۔ ترقی کرنا
اِرْتِکَاب ع ۔ اختیار کرنا
پسند کرنا ۔
اِرْتِیَاح ع ۔ راحت پانا ۔
اِرْث ع ۔ مرے کا مال ۔
اَرْج ف ۔ قیمت ۔ قدر ۔
مرتبہ ۔ حد ۔ اندازہ ۔
اَرْجُمَنْد ف ۔ صاحب قدر
اور صاحب رتبہ کا ۔
اَرْحَم ع ۔ بڑا رحم کرنے والا
اور بہت ہی مہربان ۔
آرْد ف ۔ آٹا ۔ اناج پسا ہوا ۔
تقصیر کے معنی میں بھی آتا ہے
اَرْذَل ع ۔ بہت ذلیل
بڑا نیچ ۔
اَرْزَاق ع ۔ جمع رزق کی روزی
اَرْزَان ف ۔ سستا جو مہنگا نہو
اَرْزَانی ف ۔ سستا پن ۔
آرْزُو ف ۔ امید ۔
آرْزُومَنْد ف ۔ صاحب امید
اَرْزِیدَن ف ۔ قیمت پانا
لائق ہونا ۔

اَرْزِیز ف ۔ ٹین یعنی انگریزی
لوہا جس پر رانگ کی قلعی ہوتی ہے
اِرْسَال ع ۔ بھیجنا ۔ نامہ بھیجنا
اَرَسْطُو ع ۔ نام حکیم کا جو سکندر
کا وزیر اور افلاطون کا شاگرد تھا
اِرْشَاد ع ۔ ہدایت کرنا ۔ راہ بتلانا
اَرْشَد ع ۔ بہت ہدایت یافتہ آدمی
اَرْض ع ۔ زمین ، دھرتی
اَرَضَہ ع ۔ دیمک مشہور کیڑے
ہیں جو بڑا نقصان کرتے ہیں ۔
اَرْضِی ع ۔ زمینی ۔ زمین کا ۔
اَرْغَنُون ع ۔ نام باجہ کا ہے
جس کو ارگن کہتے ہیں ۔
اَرْغَوَان ع ۔ سُرخ اور
نارنجی رنگ ۔
اِرْقَام ع ۔ لکھنا ۔
اَرْکَان ع ۔ جمع رکن کی بمعنی
ستون ۔ وزیر ۔ امیر ۔
اَرْکَانِ دَوْلَت ف ۔ اُمرا ۔
و وزرا ۔ رئیس قوم ۔
اِرَم ع ۔ نشان میل کا اور بہشت
جو شداد نے بنائی تھی اس دنیا پر
اَرْمَان ف ۔ آرزو ۔ اور حسرت
آرْمَانِیدَن ف ۔ آرزو کرنا حسرت کرنا
اَرْمَغَان ف ۔ تحفہ انوکھی چیز سوغات

آرمیدن ف۔ آرام کرنا۔ بدن کو سکھ دینا۔
ارنب ع۔ خرگوش سسہیا
آرنج ف۔ کہنی و بازو کو بھی کہتے ہیں
آرندہ ف۔ لانیوالا کسی چیز کا
ارنہ ف۔ ورنہ نہیں تو وگرنہ۔
ارواح ع۔ جمع روح کی۔
آروغ ف۔ ڈکار اسکو آروق بھی بعضوں نے لکھا ہے۔
آروغیدن ف۔ ڈکار لینا
آرہ ف۔ لکڑی چیرنے کا آلہ اور جڑ دانتوں کی۔
آزوین ف۔ امتحان تجربہ آزمایش۔
آرے ف۔ ہاں۔
اریب ع۔ عقلمند۔ عالم۔
آز ف۔ حرص۔ لالچ۔ اور نام ایک شہر کا بھی ہے۔
از ف سے۔
آزاد ف۔ بے قید بے عیب اور سوسن سفید۔ اور درخت بکائن اور درخت بے میوہ کو بھی کہتے ہیں۔
آزادی ف۔ بے قیدی بے عیب ہونا۔

آزار ف۔ دکھ۔ بیماری
ازاربند ف۔ ناڑا۔ کمربند۔
آزاردن ف دکھ دینا۔ آزردہ کرنا
آزاری ف۔ بیماری۔
ازالت ع دور کرنا۔ زائل کرنا
از آن باز ف اسوقت سے۔
ازبر ف۔ حفظ۔ یاد۔
ازبس ف۔ بہت۔
آزدن ف۔ سوئی چبھو دینی
ازدواج ع۔ نکاح کرنا۔ شادی کرنا۔
اژدہا ف۔ بڑا سانپ۔
ازدحام ع۔ انبوہ لوگوں کا اور جماؤ اور لوگوں کی بھیڑ۔
ازدیاد ع۔ زیادہ ہونا۔ بڑھنا
آزردگی ف رنج خفگی۔ ناراضی
آزردن ف۔ آزردہ کرنا۔ ستانا۔ آزردہ ہونا۔
آزردہ ف۔ ستایا ہوا۔ خفا کیا ہوا۔
ازرق ع۔ گربہ چشم۔ کرنجا۔
ازکیا ع۔ جمع زکی کی ذہین آدمی
ازل ع جس کا شروع نہوئے انادی
ازلی ع۔ انادی۔ ازل والا
آزما ف۔ آزمانے والا۔

ازمان ع۔ جمع زمانے کی زمن بھی اسکی جمع آتی ہے۔
آزمایش ف۔ پرکھنا۔ آزمانا امتحان۔
آزمند ف۔ لالچی۔ حریص۔
ازمنہ ع۔ جمع زمانے کی۔
آزمودن ف۔ آزمانا۔ جانچنا
آزد ف۔ سوئی چبھوتا ہے۔
ازواج ع۔ جمع زوج کی معنی جوڑا
آزوقہ ف۔ یہ لفظ ذوق سے بنا ہے اصل اسکی اذاقہ تھا اس کو بگاڑکر فارسی میں آزوقہ بنا لیا ہے معنے اسکے طعام کھانا ہے۔
ازہار ع۔ کلیاں پھولوں کے غنچے
ازہر ع۔ بہت کھلا ہوا چمکتا ہوا
آسا ف۔ مانند۔
اسابیع ع۔ ہفتے۔ جمع ہے اسبوع کی اسکے معنے ہفتے کے ہیں یعنی سات دن۔
اساءت ع۔ برائی۔ برا پن۔ بدی کرنا۔
اساتین
اساطین } ع۔ کھمبے ستون
اساس ع۔ بنیاد۔ نیو۔ جڑ۔
اساطیر ع۔ کہانیاں۔ قصے

اسافل ع۔ نیچ لوگ کم رتبہ کے
اسالیب ع۔ طریق۔ طور۔ راہیں جمع ہے اسلوب کی۔
اسامی ع۔ جس سے لین دین ہوتا ہے
استدلال ع۔ دلیل لانا۔
آسان ف۔ سہل سہج۔
آسانی ف۔ سہج پن۔
آسایش ف۔ آرام۔
اسپ ف۔ گھوڑا۔
اسباب ع۔ جمع سبب کی۔ اسکے معنی رسی۔ وسیلہ۔ اور پیوند
اسباط ع۔ قومیں۔ ذاتیں۔
اسبق ع۔ سب سے اول سب سے بڑھا ہوا۔
است ف۔ ہے۔
اُستاد ف۔ سکھلانے والا۔
استادن ف۔ کھڑا ہونا۔
اُستاگار ف۔ اُستاد۔
آستان ف۔ دہلی۔ دہلیز۔
استبداد ع۔ ہٹ کرنا۔ استقلال۔ مضبوطی۔
استبرا ع۔ بری ہونے کی خواہش۔ پاکی چاہنا۔ عیب یا قرض سے براءت چاہنا۔
استتار ع۔ پوشیدہ کرنا۔ چھپانا

اِسْتِثْنَاء ع۔ نکالنا۔ الگ کرنا

اِسْتِجَابَت ع۔ جواب کہنا قبول کرنا۔

اِسْتِحْسَان ع۔ نیکی طلب کرنا نیک گننا۔

اِسْتِحْقَاق ع۔ طلب حق کی کرنا حقدار ہونا۔ حق۔

اِسْتِحْکَام ع۔ مضبوطی۔ مضبوط کرنے کی خواہش۔

اِسْتِخْرَاج ع۔ نکالنے کی خواہش کرنا۔ ایک بات نکالنا

اِسْتِخْلَاص ع۔ چھوڑانا چاہنا خلاصی کرانا۔

اُسْتُخْوَان ف۔ ہڈی۔ ہاڑ۔ گٹھلی

اِسْتِدَامَت ع۔ ہمیشگی چاہنا

اِسْتِدْعَا ع۔ خواہش کرنا۔

اِسْتِدْلَال ع۔ دلیل طلب کرنا۔ دلیل لانا۔

اَسْتَر ف۔ وہ کپڑا جو رضائی کے نیچے لگاتے ہیں اور مشہور چوپایہ ہے، کہتے ہیں کہ یہ اختراع فرعون کا ہے۔

اِسْتِرَاحَت ع۔ آرام طلب راحت کی کرنا۔

اِسْتِرْخَاص ع۔ رخصت چاہنا۔ طلب رخصت کرنا۔

اِسْتِرْدَاد ع۔ لوٹا لینا۔ چاہنا۔

اُسْتُرْدَن ف۔ مونڈنا۔ صاف کرنا

اِسْتِرْضَا ع۔ طلب رضا کی کرنا۔ خوشنودی۔

اُسْتُرَہ ف۔ چھرا۔ بال مونڈنے کا اوزار۔

اِسْتِسْعَاد ع۔ طلب سعادت کی طلب نیکی کی۔

اِسْتِسْقَا ع۔ طلب سیرابی کی نام ایک بیماری کا ہے جسمیں پیاس بہت ہوتی ہے۔

اِسْتِشْمَام ع۔ طلب سونگھنے کی۔ سونگھنا۔

اِسْتِطَاعَت ع۔ طاعت طاقت۔ طلب تابعداری کی۔

اِسْتِظْہَار ع۔ مدد چاہنا۔ مدد طلب کرنا۔ ظاہر کرنیکی طلب

اِسْتِعَارَہ ع۔ مانگنا۔

اِسْتِعْجَاب ع۔ تعجب کرنا۔

اِسْتِعَانَت ع۔ مدد کرنا۔ مدد طلب کرنا۔

اِسْتِعْجَال ع۔ شتابی مانگنا۔ جلدی کرنا۔ طلب شتابی کی۔

اِسْتِعْدَاد ع۔ مادہ۔ طاقت علمی سامان۔

اِسْتِعْفَا ع۔ طلب عفو نوکری چھوڑنے کے واسطے استعفاء کہتے ہیں کہ گویا وہ نوکر یہ چاہتا ہے کہ اب مجھ کو نوکری کرنیسے معاف کرو۔ جو لوگ اس کو استیفا لکھتے ہیں غلطی کرتے ہیں۔

اِسْتِعْلَام ع۔ جتانا۔ خبر کرنا طلب جاننے کی کرنا۔

اِسْتِعْمَال ع۔ کام میں لانا عمل میں لانا۔

اِسْتِغَاثَہ ع۔ طلب فریاد رس کی کرنا

اِسْتِغْرَاب ع۔ عجیب بات کرنا تعجب میں لانا

اِسْتِغْرَاق ع۔ محو ہونا۔ غرق ہونا۔ ڈوب جانا

اِسْتِغْفَار ع۔ طلب بخشش گناہ۔ بخشوانے کی خواہش۔

اِسْتِغْنَا ع۔ بے پروائی۔

اِسْتِفْسَار ع۔ پوچھنا طلب معنے کرنا۔

اِسْتِفْہَام ع۔ پوچھنا۔ سمجھنا چاہنا۔

اِسْتِقَامَت ع۔ سیدھاپن مستقیم ہونا۔

اِسْتِقْبَال ع۔ آیندہ پیش روی۔ آگے جانا۔

اِسْتِقْرَار ع۔ ٹھہرنا۔ آرام کرنا۔ قرار کسی جگہ پکڑنا۔

اِسْتِقْصَا ع۔ کوشش اہتمام کرنا اور کسی چیز کی انتہا کو پہونچنا

اِسْتِقْصَار ع۔ کم کرنا طلب کمی

اِسْتِقْلَال ع۔ استحکام مضبوطی کم جاننا۔

اِسْتِکْبَار ع۔ بڑا سمجھنا غرور کرنا

اِسْتِکْرَاہ ع۔ نفرت کرنا۔

اِسْتِلَام ع۔ ہاتھ یا منھ سے چومنا پتھر کا کھیتی کا خوشہ نکل آنا

اِسْتِمَاع ع۔ سُننا۔

اِسْتِمَالَت ع۔ اپنی طرف ملا لینا۔ مائل کرنا۔

اِسْتِمْدَاد ع۔ مدد مانگنا۔

اِسْتِمْرَار ع۔ ہمیشگی۔

اِسْتِمْرَارِی ع۔ ہمیشگی اور ہمیشگی والا

اِسْتِمْزَاج ع۔ مزاج پوچھنا رائے دریافت کرنی۔

اِسْتِنْبَاط ع۔ بات کھودنی ایک باتسے دوسری بات نکالنی چننا

اِسْتِنْشَاق ع۔ ناک جھاڑنی سنکنا۔

اِسْتِنْجَا ع۔ ترک کرنا۔ دھونا

ناپاکی دور کرنا۔
اِسْتِوَا ع۔ برابری۔ ہمواری
اُسْتُوَار ع بمضبوط۔ محکم۔
اُسْتُوَارِی ع۔ محکم۔ مضبوطی۔
اِسْتِہْزَاء ع۔ ہنسی کرنا اور ہنسی۔
اِسْتِیْصَال ع۔ جڑسے اکھیڑنا۔
اِسْتِیْفَاء ع۔ پورا کرنا۔
اِسْتِیْلَا ع۔ غالب ہونا۔
آسْتِیْن ت۔ کرتے یا انگرکھے
کی بانھ۔
اِسْتِیْنَاس ع۔ طلب اُنس۔
محبت بڑھانا۔ انس ہو جانا۔
اِسْحَاق ع۔ نام ہے حضرت
ابراہیمؑ کے بیٹے کا۔
اَسَد ع۔ شیر ببر۔
اَسْرَار ع۔ جمع ہے سر کی
یعنی بھید پوشیدگیاں۔
اِسْرَاف ع۔ بے فائدہ خرچ
کرنا۔ فضول خرچی۔
اِسْرَافِیْل ع۔ نام ہے اُس فرشتہ
کا جو قیامت کو صور پھونکے گا۔
اَسْرَع ع۔ بہت جلد۔
بہت شتاب۔
اُسْطَبَل ع۔ وہ مکان
جہاں گھوڑے باندھے
جاویں۔
اُسْطُرْلَاب۔ اُصْطُرْ ع۔ وہ اوزار
جس سے شمس کا ارتفاع اور
انحطاط اور سعادت اور نحوست
دریافت کریں۔
اِسْعَاد ع۔ نیک کرنا۔ بختاور
کر دینا۔
اِسْعَاف ع۔ حاجت روا
کر دینا۔ کسی کا کام کر دینا۔ اسکی
حسب خواہش۔
اَسْعَد ع۔ بہت نیک۔ بڑا سعید
اَسْفَار ع۔ جمع سفر کی اور کتابیں
اگلے وقتوں کی جیسے توریت وغیرہ ہیں
اِسْفَانَاخ ع۔ پالک کا ساگ
اَسْفَل ع۔ سب سے نیچا۔ کم
فرومایہ۔
اِسْفَنْج۔ اِسْپَنْج ع۔ ت۔ ہوا
بادل۔ ابر مردہ۔
اِسْقَاط ع۔ گرانا۔ ڈال دینا۔
اَسْقَام ع۔ بیماریاں۔ دکھ
جمع سقم کی ہے۔
اَسْلَاف ع۔ بزرگ۔ اگلے
وقت کے لوگ۔ جمع سلف کی۔
اِسْلَام ع۔ مسلمان ہونا۔ خدا
کی راہ پر گردن رکھنی۔
اَسْلِحَہ ع۔ جمع سلاح کی ہے
بمعنے ہتھیار اور اوزار۔
اَسْلَم ع۔ بہت بچا ہوا سالم تر
اور سانپ کا کاٹا ہوا۔
اُسْلُوْب ع۔ طریق۔ راہ۔ طور
اِسْم ع۔ نام۔
اَسْمَار ع۔ جمع سمر کی رات کو
جو کہانی کہتے ہیں اس کو سمر
بولتے ہیں یعنی کہانیاں وغیرہ
رات کی باتیں۔
اَسْمَاع ع۔ جمع سمع کی بمعنے
کان اور گوش۔
اَسْمَر ع۔ گندم گوں یعنی گیہواں رنگ
اَسْنَان ع۔ دانت۔ دندانہا
جمع سن کی۔
اَسْوَاط ع۔ کوڑے۔ تازیانہا
جمع سوط کی۔
اَسْوَار ع۔ کنگن جو ہاتھوں
میں پہنتے ہیں۔ جمع سوار کی۔
اَسْوَد ع۔ کالا۔ اور کالا سانپ
آسُوْدِگی ت۔ آرام چین
بے فکری۔ صلح۔ امن۔
آسُوْدَن ت۔ آرام کرنا
چین۔ آسودہ ہونا۔
آسُوْدَہ ت۔ آرام یافتہ
چین یافتہ۔
اِسْہَال ع۔ پیٹ چلنا۔
دست آنا۔
اَسْہَل ع۔ بہت آسان سہل تر
آسِی ع۔ رنج۔ دکھ مصیبت
آسِیَا ت۔ چکی آٹا پیسنے کی۔
آسِیَاب ت۔ پن چکی۔
آسِیْب ت۔ دکھ۔ دھکا خطرہ
اَسِیْر ع۔ قیدی بندی۔
اَسِیْرِی ع۔ قید۔ بند۔
آش ت۔ شوربا۔ حریرہ
پتلی شے پکی ہوئی۔
اِشَارَت ع۔ بین مارنا۔
اشارہ کرنا۔
اِشَاعَت ع۔ مشہور کرنا
پراگندہ کرنا۔ پھیلانا۔
اِشْبَاک ع۔ شبکہ سے شبکہ ملنا
درز میں ملانا۔ چھید کرنا۔ بال بنانا
آشَامِیْدَن ت۔ پینا۔ پلانا
اَشْبَاہ ع۔ صورتیں۔ شکلیں
اِشْتِبَاہ ع۔ شک۔ شبہہ
اِشْتِدَاد ع۔ سختی کرنا۔ شدت
کرنا۔ مضبوطی کرنا۔
اُشْتُر ت۔ مشہور جانور بار بردار
ہے۔ اونٹ۔

اِشْتِرَا ع۔ خرید کرنا مول لینا۔
اِشْتِرَاک ع۔ ساجھا۔ شرکت۔
اِشْتِعَال ع۔ روشن ہونا لپٹ اٹھنا
اِشْتِغَال ع۔ مشغول ہونا۔ کسی کام میں لگنا۔
اِشْتِقَاق ع۔ چیرنا۔ نکالنا۔ ایک لفظ سے دوسری لفظ بنانا
اِشْتِمَال ع۔ شامل ہونا۔ شامل کرنا۔ ملانا۔
اِشْتِہَا ع۔ بھوک۔ خواہش۔
اِشْتِہَار ع۔ شہرت دینا مشہور کرنا
آشْتی ف۔ دوستی۔ صلح۔
اِشْتِیَاق ع۔ شوق ہونا۔
اَشْجَار ع۔ درخت۔ بہت درخت جمع شجر کی۔
اَشْخَاص ع۔ بہت شخص۔ جمع شخص کی۔
اَشَدّ ع۔ مضبوط بہت سخت تیز مزاج۔ نہایت شدید۔
اَشِدَّا ع۔ تیز مزاج سخت مزاج جمع اشد کی۔
اَشَرّ ع۔ بہت بد۔ بڑا شریر۔
اَشْرَار ع۔ جمع شریر کی۔
اَشْرَاف ع بھلے مانس جمع شریف کی واحد پر بھی اسکا استعمال ہوتا ہے۔

اِشْرَاف ع۔ جھانکنا اوپر سے نظر ڈالنا۔
اِشْرَاق ع۔ روشنی دینا طلوع کرنا
اَشْرِبَہ ع۔ جمع شراب کی۔ پینے کی چیزیں۔
اَشْرَف ع۔ بہت شریف بڑا بھلا مانس۔
اَشْعَار ع۔ ابیات جمع شعر کی
اَشِعَّہ ع۔ جمع شعاع کی روشنی چمک شعاعیں۔
اَشْغَال ع۔ جمع شغل کی معنی کاروبار
اِشْفَاق ع۔ مہربانی کرنا خوف کرنا
آشُفْتَن ف۔ پریشان ہونا خفا ہونا
آشُفْتَگی ف۔ پراگندگی۔
آشُفْتَہ / آشُفْتَہ حَال ف۔ وہ شخص جو پراگندہ حال ہو۔ پریشان حال عاشق
آشُفْتَہ مُوْے ف بال بکھرے ہوے اور وہ شخص جسکے سر کے بال بکھرے ہوے ہوں۔
اَشْقِیَا ع۔ جمع شقی کی بمعنے بدبخت۔
اَشْک ف۔ آنسو آنکھ سے جو رونے سے پانی نکلتا ہے۔
آشْکَار ف۔ ظاہر۔ کھلا ہوا۔

اَشْکَال ع۔ جمع شکل کی بمعنے صورت۔
اِشْکَال ع۔ مشکل کرنا۔
اِشَل ع۔ ٹنڈا اور جس کا ہاتھ سوکھ جاوے۔
اِشْمَام ع۔ سونگھنا۔
آشْنَا ف۔ دوست۔ واقف۔ ملاپی
آشُوب ف۔ گھبراہٹ فتنہ
آشُورْدَن ف۔ خمیر کرنا۔ ملانا۔ مرکب کرنا۔
اِشْہَاد ع۔ گواہی دینا۔
اَشْہَب ع۔ جنگل کا شیر۔ کام سخت۔ بکری جو سفیدی رکھتی ہو۔ گھوڑا سبزہ خنگ
اَشْہَر ع۔ مشہور زیادہ۔
اَشْیَا ع۔ چیزیں جمع شئے کی
آشْیَاں ف۔ گھونسلا۔ آشیانہ جانور کا
اَصَابِع ع۔ انگلیاں ہاتھ اور پیر کی جمع اصبع کی۔
اَصَاغِر ع۔ چھوٹی۔ خرد جمع اصغر کی۔
اَصَالَت ع۔ اصل پن ذاتی پن جڑ
اَصْبَع ع۔ انگلی۔
اَصَحّ ع۔ جمع اسکی اصحہ ہے تندرست بہت صحیح۔

اَصْحَاب ع۔ دوست یار جمع صحب کی۔
اِصْدَار ع۔ نکالنا ایک بات کا صادر کرنا۔
اَصْدَاف ع۔ جمع صدف کی بمعنی سیپی۔
اَصْدِقَا ع۔ جمع صدیق کی بمعنے دوست رفیق۔
اِصْرَار ع۔ تاکید کرنا ہٹ کرنا
اِصْرَاف ع۔ خرچ کرنا۔
اِصْطِبَاغ ع۔ غوطہ دینا رنگنا
اِصْطَبَل ع۔ گھوڑوں کے باندھنے کی جگہ۔
اِصْطِفَا ع۔ چھانٹنا برگزیدگی
اِصْطِلَاح ع۔ اتفاق ایک قوم کا کسی بات پر
اِصْغَا ع۔ سننا کسی بات کا کان جھکانا کسی بات کے سننے کے واسطے۔
اَصْغَر ع۔ بہت چھوٹا۔
آصَف ع۔ سلیمان بادشاہ کے وزیر کا نام ہے۔
اَصْفَار ع۔ جمع صفر کی بمعنی خالی
اِصْفِہَان ف۔ نام شہر کا جو فارس میں ہے۔
اَصْفِیَا ع جمع صفی کی پاک لوگ۔

برگزیدہ ۔
اَصْل ع ۔ جڑ ۔ بیخ ۔
اَصْلاً ۔ از روئے اصل کے ۔
اِصْلَاح ع ۔ درست کرنا ۔
اَصْلَح ع ۔ بہت درست ۔
اَصْلِی ع ۔ ذاتی بے بناوٹ ۔
اَصَم ع ۔ بہرا جو سنتا نہیں ہے
اَصْنَع ع ۔ کر ۔ بنا ۔ صنعت ۔
سے مشتق ہے ۔
اَصْنَاف ع ۔ اقسام قسمیں ،
جمع صنف کی ۔
اَصْنَام ع ۔ بت اور معشوق ،
جمع صنم کی ۔
اَصْوَات ع ۔ آوازیں جمع
صوت کی ۔
اُصُوْل ع ۔ جڑیں ۔ اصلیں ۔
جمع اصل کی ۔
اَصِیْل ع ۔ شام کا وقت ،
اصل آدمی ۔ نیک پیدائش
محکم ثابت رائے ۔
اِضَائَت ع ۔ روشن کرنا روشن ہونا
اِضَاعَت ع ۔ ضائع کرنا
کھو دینا ۔ ظاہر کرنا ۔
اِضَافَت ع ۔ لگاؤ لگانا ۔
اِضَافَہ ع ۔ زیادتی بڑھاؤ

اِضَافِی ع ۔ نسبتی جو اصلی نہو ۔
اِضْحَاک ع ۔ تعجب دلانا کسی کو
ہنسانا ۔ حوض اسقدر بھر دینا کہ
رواں ہو جائے گھاس اگنا زمین پر ۔
اَضْدَاد ع ۔ جمع ضد کی ۔
اِضْرَار ع ۔ نقصان کرنا ضرر
پہونچانا ۔ دوڑنا ظلم سے کسی کو
ایک کام پر رکھنا ۔
اَضْرَاس ع ۔ ڈاڑھ ۔ دانت
اِضْطِرَاب ع ۔ گھبراہٹ بیقراری
اِضْطِرَار ع ۔ ناچار کرنا ۔ حاجتمند
کرنا ۔ ضرورت ہونی کسی شے کی
اَضْعَف ع ۔ بہت ضعیف
بہت ناتواں ۔
اَضْلَاع ع ۔ پسلیاں جمع ضلع کی
اِضْلَال ع ۔ گمراہ کرنا راہ بھلانا
اِطَاعَت ع ۔ تابعداری
کرنا ۔ حکم ماننا ۔
اَطِبَّا ع ۔ حکیم لوگ جمع طبیب کی
اَطْرَاف ع ۔ جمع طرف کی کنارہ
اَطْلَس ع ۔ نرم ملائم نام ایک
قسم کے ریشمی کپڑے کا ۔
اَطْعِمَہ ع ۔ جمع طعام کی خوراک کھانا
اِطْفَا ع ۔ بجھانا آگ کو ٹھنڈا
کرنا چراغ گل کرنا ۔

اِطِّلَاع ع ۔ خبر دینا ۔
اِطْلَاق ع ۔ چھوڑنا بے قید کرنا
اِطْمَاع ع ۔ لالچ میں ڈالنا ۔
اِطْمِینَان ع ۔ تسلی دلاسا ۔
اَطْہَار ع جمع طہر کی بہت پاک لوگ ۔
اَطْوَار ع ۔ جمع طور کی ۔
اِظْہَار ع ۔ کھولنا ظاہر کرنا ۔
اَظْہَر ع ۔ بہت ظاہر ۔
اِعَادَہ ع ۔ لوٹانا پھیر کر لانا
اَعَادِی ع ۔ دشمن لوگ جمع
عدو کی ۔
اَعَاظِم ع ۔ جمع اعظم کی بہت بڑی
اَعَالِی ع ۔ بہت بلند جمع اعلی کی
اِعَانَت ع ۔ مدد کرنا ۔
اِعْتِبَار ع ۔ بھروسہ کرنا ایک کو
دوسرے پر قیاس کرنا نصیحت
پکڑنا ۔ امتحان کرنا ۔
اِعْتِدَال ع ۔ برابر کرنا ۔
اِعْتِذَار ع ۔ عذر کرنا ۔
اِعْتِرَاض ع ۔ مشتبہ کرنا کوئی
قباحت پیش کرنی ۔
اِعْتِزَال ع ۔ گوشہ گزینی کرنا
گوشہ نشینی کام سے الگ کرنا
اِعْتِرَاف ع ۔ اقرار کرنا ۔
اِعْتِسَاف ع ۔ جور کرنا راہ سے

بیراہ چلنا ۔ کسی سے کام چاہنا
اِعْتِصَام ع ۔ چنگل مارنا کچھ
شے پکڑنا واسطے بچنے کے
اِعْتِضَاد ع ۔ مدد چاہنا ۔
بازو بنانا ۔ قوت پانا ۔
اِعْتِقَاد ع یقین کرنا گرویدہ ہونا
اِعْتِکَاف ع ۔ گوشہ نشین ہونا
اپنے تئیں باز رکھنا انتظار کرنا ۔
اِعْتِلَا ع ۔ بلند ہونا ۔
اِعْتِلَال ع ۔ بیمار ہونا ۔
اِعْتِمَاد ع بھروسہ کرنا تکیہ کرنا
اِعْجَاز ع ۔ عاجز کرنا ناتواں کرنا
اُعْجُوبَہ ع ۔ عجیب تر ۔ انوکھی شے
اَعْدَا ع ۔ دشمن بیری جمع عدو کی
اَعْدَاد ع ۔ جمع عدد کی ۔
اَعْدَل ع ۔ بہت عدل کرنیوالا
اِعْذَار ع ۔ عذر کرنا ۔
اَعْرَاب اَعْرَابِی ع ۔ گنوار آدمی
جو جنگل میں خانہ بدوش رہتے ہیں
اِعْرَاض ع ۔ روگردانی کرنا
منہ پھیرنا ۔
اَعْرَاف ع ۔ نام ایک مقام کا ہے
جو دوزخ اور بہشت کے درمیان
ہے اور سب سے بلند ہے ۔
اِعْزَاق ع ۔ ملک عراق کو جانا اور

جڑ سخت ہونا شراب میں ملانا۔
اعزاز۔ عزت کرنا۔
اعضاع۔ جمع عضو کی یعنی جوڑ ہاتھ اور پاؤں کے۔
اعسر ع۔ بہت دقیق بہت مشکل۔
اعطاف ف۔ مہربانیاں
اعظم ع۔ بہت بڑا۔
اعلیٰ ع۔ بہت بلند۔
اعلام ع۔ جمع علم کی نشان، جھنڈے لڑائی کے۔
اعلام ع۔ خبر دینا جتلانا۔
اعلان ع۔ ظاہر کرنا کھول دینا
اعم ع۔ جو سب جگہ ہو جس کو سب جانتے ہوں۔
اعمار ع۔ جمع عمر کی۔
اعمال ع۔ جمع عمل کی۔
اعوان ع۔ جمع عون کی یعنی سپاہی حامی و مددگار۔
اعیان ع۔ آنکھیں اور دیکھی شے
آغا ف۔ صاحب مالک خداوند
آغازیدن ف۔ قصد کرنا۔ ابتدا کرنا۔ گوندھنا۔
آغاز ف۔ شروع۔ ابتدا۔
آغازیدن ف۔ شروع کرنا۔
آغشتن ف۔ فراہم کرنا جمع کرنا۔ حاصل کرنا۔
آغالیدن ف۔ بھڑکانا لڑائی کے واسطے تیز کرنا لوگوں کا۔
اغذیہ ع۔ جمع غذا کی طعام کھانا
آغشتن ف۔ آلودہ ہونا تھڑ جانا
اغلاق ع۔ مشکل کرنا بند کرنا
اغلب ع۔ قریب یقین کے
اغلمش ف۔ نام بادشاہ کا۔
اغماض ع۔ چشم پوشی کرنا، درگزر کرنا۔
اغوا ع۔ بہکانا برانگیختہ کرنا۔
آغوش ف۔ گود۔
اغیار ع۔ جمع غیر کی۔
آف ف۔ سورج۔
اف ع۔ افسوس۔
آفات ع۔ جمع آفت کی۔
افادہ ع۔ فائدہ پہونچانا
افاضل ع۔ جمع فضل کی۔
آفاق ع۔ جمع افق کی کنارے آسمان کے۔
افاقت ع۔ کسی کام سے فرصت پانا۔ دکھ سے آرام پانا۔
آفت ع۔ مصیبت۔ دکھ
آفتاب ف۔ سورج اور دھوپ
آفتابگیر ف۔ چھتری۔
آفتابہ ف۔ پانی کا لوٹا۔
افتتاح ع۔ شروع کرنا کھولنا
افتادگی ف۔ عاجزی۔
افتادن ف۔ گر پڑنا۔
افتخار ع۔ فخر کرنا۔ غرور کرنا شیخی کرنا۔
افترا ع۔ جھوٹ بات بنانا بہتان۔
افتقار ع۔ احتیاج افلاس فقیری
افراختن ف۔ کھڑا کرنا بلند کرنا
افراد ع۔ جمع فرد کی۔
افراشتن ف۔ بلند کرنا۔
افراط ع۔ بہت زیادہ کرنا
افروختن ف۔ روشن کرنا
آفریدن ف۔ پیدا کرنا۔
آفریدگار ف۔ پیدا کرنے والا
آفریدگان ف۔ پیدا کیے ہوئے دنیا کے لوگ۔
آفرین ف۔ شاباش تحسین کا کلمہ
آفرینندہ ف۔ پیدا کرنے والا یعنی خدائے تعالیٰ۔
آفرینش ف۔ پیدائش۔
افزا ف۔ بڑھانے والا۔
افزائیدن ف۔ بڑھوانا۔
افزودن ف۔ بڑھنا اور بڑھانا
افزون ف۔ زیادہ اور بڑھا ہوا
افزونی ف۔ زیادتی۔
افسانہ ع۔ کہانی۔ قصہ۔
افسر ف۔ کلاہ۔ ٹوپی۔ حاکم
افسردن ف۔ مرجھانا ٹھٹھرنا
افسردہ ف۔ مرجھایا ہوا۔
افسوس ف۔ افسوس۔
افسون ف۔ منتر۔ جادو
افشا ع۔ ظاہر کرنا۔
افشاندن ف۔ جھاڑنا چھڑکنا
افشان ف۔ بوندیں پڑی ہوئی چھڑکی ہوئی کوئی پانی کی چیز۔
افشردن ف۔ نچوڑنا۔
افصح ع۔ بہت فصیح صاف عبارت بولنے والا۔
افضل ع۔ صاحب فضل سب سے بڑھیا۔
افطار ع۔ روزہ کھولنا۔
افعال ع۔ جمع فعل کی۔
افعی ع۔ کالا سانپ۔
افغان ف۔ فریاد و زاری اور نام ایک قوم مشہور کا ہے جو پشاور کے قریب بستی ہے
افق ع۔ کنارہ آسمان۔

اَفْقَر ع - بہت فقیر - بہت محتاج
اَفْگَن ف - ڈالدے -
اَفْگَنْدَن ف - ڈالنا - گرانا
اِفْلَاح ع - نیکی کرنا بھلائی کرنا
اِفْلَاس ع - احتیاج - غریبی
پیسہ نہ ہونا -
اَفْلَاطُون ع - نام مشہور
حکیم کا جو ارسطو کا استاد تھا
اَفْلَاک ع - جمع فلک یعنی آسمان
اَفْنَان ع - جمع فن کی شاخہا
اور عام صفتیں -
اَفْوَاج ع - جمع فوج کی فوجیں
اَفْوَاہ ع - جمع فوہ کی یعنی منھ
افواہ بہت سے منھ - مجازاً ایسے شہرت
اِفْہَام ع - سمجھانا -
اَفْیَال ع - جمع فیل کی ہاتھی
اَفْیُون ف - افیم - تریاک
آقا ف - صاحب مالک خداوند
اَقَارِب ع - رشتہ دار لوگ
جمع قریب کی -
اَقَاصِی ع - بعید بہت دور
جمع اقصے کی -
اَقَالِیم ع - جمع اقلیم کی یعنی ولایتیں
اَقَامَت ع - قائم ہونا ایک
جگہ رہنا - وطن کرنا -

اِقْبَال ع - قسمت نیک لغوی
اسکے معنی ہیں سامنے آنا -
اِقْبَالمَنْد ف - جسکا اقبال -
اِقْتِبَاس ع - بتی روشن کرنا
مراد روشنی لینا اور کسی کے کلام
کو اپنے کلام میں بدُون ذکر اسکے
نام کے درج کرنا -
اِقْتِدَا ع - پیروی کرنا -
اِقْتِدَار ع - صاحب قدرت
طاقتور ہونا -
اِقْتِرَان ع - نزدیک ہونا -
اِقْتِسَام ع - آپس میں بانٹ لینا
اِقْتِصَار ع - ایک بات پر
ٹھہرنا بس کرنا -
اِقْتِضَا ع - خواہش کرنا -
اَقْدَاح ع - جمع قدح کی پیالے
اِقْدَام ع - قدم رکھنا آگے چلنا
اَقْدَام ع - جمع قدم کی پاؤں
اَقْدَس ع - زیادہ پاک -
اَقْدَم ع - بہت مقدم سب سے اول
اِقْرَار ع - ہاں کرنا -
اَقْرَان ع - جمع قرن کی سو برس
اَقْرَب ع - بہت نزدیک
اَقْرِبَا ع - رشتہ دار -
اَقْرَع ع - گنجا جسکے سر پر بال نہوں

اَقْسَاط ع - جمع ہے قسط کی یعنی حصے
اَقْسَام ع - جمع قسم حصے ڈھنگ
اَقْصٰی ع - بہت دور نہایت بعید
اَقْطَار ع - جمع قطر کی کنارا
اگر کی بتی جو خوشبو کیواسطے جلاتے ہیں
اِقْطَاع ع - جمع قطع کی ٹکڑے
اَقْطَع ع - ہاتھ کٹا ہوا آدمی چور راہزن
اَقَل ع - بہت چھوٹا -
اِقْلِیم ع - ساتواں ٹکڑا ربع
مسکون کا اقالیم جمع -
اَقْمِشَہ ع - جمع قماش کی پونجیاں
اَکَابِر ع - جمع اکبر کی - بہت بڑے
اَکَارِم ع - جمع اکرم کی بہت
بخشنے والے - بہت بزرگ -
آگاہ آگاہی ف - خبردار
واقف - خبرداری -
آگاہیدن ف - خبردار ہونا
جتانا - آگاہ کردینا -
اَکْبَر ع - بہت بڑا -
اِکْتِتَاب ع - لکھنا اور لکھنا
سیکھنا اور کچہری میں نام اپنا لکھنا
اِکْتِسَاب ع - پیدا کرنا - کام
اختیار کرنا - کمانا -
اِکْتِفَا ع - کفایت کرنا بس کرنا
اَکْثَر ع - بہت - سب سے زیادہ

اَگَر ف - جو - اگر -
اِکْرَام ع - بخشش - عطا -
بزرگ کرنا -
اِکْرَاہ ع - نفرت کرنا کسی سے
زبردستی کوئی کام کرانا -
اَگَرچہ ف - اگرچہ -
اَکْرَم ع - بہت بخشنے والا بزرگتر
اِکْسِیر ع - رسائن -
اَکْل ع - کھانا -
اِکْلِیل ع - تاج - عصابہ -
مرصع جواہرات کا -
اَکْمَل ع - بہت کامل -
اَکْنَاف ع - اطراف -
آگَنْدَن ف - بھرنا - پُر کرنا -
اَکْنُون ف - اب ابھی -
آگِین ف - بھرا ہوا - پُر -
آل ع - اولاد اور بیٹی کی
اولاد کو خصوصاً بولتے ہیں - اور پیرو
اِلَّا ع - نہیں تو - اگر نہ - ورنہ
آلَات ع - اوزار ہتھیار
اَلْآن ع - ابھی - اسوقت
اِلٰہ ع - خدائے تعالیٰ -
اَللّٰہ ع - خدائے تعالیٰ -
آلَایِش ف - آلودگی عیب
گناہگاری - خیانت -

اَلائیدَن ف۔ لتھڑنا۔ لیتھڑنا

اَلبَتّہ ف۔ بے شک۔

آلَت ع۔ اوزار ہتھیار چھرا۔

اِلتِباس ع۔ شبہہ پڑنا شک کرنا

اِلتِجا ع۔ آرزو کرنا۔

اِلتِذاذ ع۔ لذت اٹھانا مزہ اٹھانا

اِلتِزام ع۔ لازم پکڑنا۔ گردن پر بار

اِلتِفات ع۔ توجہ کرنا۔ مہربانی کرنا۔ توجہ۔ میلان۔

اِلتِماس ع۔ کچھ ڈھونڈھنا تلاش کرنا۔ عرض کرنا۔

اَلتَمغا ت۔ فرمان بادشاہی مہر بادشاہی۔

اِلتِہاب ع۔ شعلہ بھڑکنا۔ بھڑکنا آگ کا۔

اِلتِیام ع۔ زخم بھرنا بننا گھاؤ کا

اِلحاح ع۔ گڑگڑانا۔ منت کرکے مانگنا۔

اَلحاصِل ع۔ آخر کلام خلاصہ کلام کا۔

اِلحاق ع۔ ملانا۔ ایک کو دوسرے سے لگا دینا۔

اَلحال ع۔ ابھی۔ اسی وقت۔

اِلحان ع۔ گیت آوازیں گانیکی

اِلتِزام ع۔ لازم کرنا کسی بات کا کسی پر لگا دینا۔

اَلسُن اَلسِنہ ع۔ جمع لسان کی بمعنی زبانیں۔

اِلصاق ع۔ لگانا چپکانا

اُلُش ت۔ جھوٹا کھانا۔ بچا ہوا طعام۔

اَلطاف ع۔ مہربانیاں جمع لطف کی۔

اَلغاز ع۔ چیستان اور پہیلیاں جمع لغز کی۔

اَلغَرَض ع۔ القصہ حاصل مطلب

اِلغیاث ع۔ فریاد۔ دہائی

اُلفَت ع۔ دوستی۔

اِلقا ع۔ ڈالنا دل پر ایک بات ڈالنا

اَلقاب ع۔ نام جو بادشاہ یا کسی امیر کبیر کی طرف سے دیا جاوے

اَلقِصّہ ع۔ حاصل کلام مطلب

اَلکَن ع۔ توتلا ہکلا جو صاف نہ بول سکے۔

اَلَم ع۔ غم۔ رنج۔ دکھ۔

اَلماس ع۔ ہیرا مشہور قیمتی پتھر ہے۔

اَلَنگ ت۔ مورچال۔ دیوار جو اپنی حفاظت اور قلعہ کے فتح کرنے کو بناتے ہیں۔

اُولُنگ ت۔ سبزہ زار چمن سبز

اَلواح ع۔ جمع لوح کی تختیاں تختے

اَلوان ت۔ رنگہا جمع لون کی

آلودَن ف۔ لتھڑنا۔ آلودہ ہونا

آلودَگی ف۔ آلائش ناپاکی

اَلوس ع۔ بسبب غصہ اور ناز کے کنکھیوں سے دیکھنا۔

اُلوف ع۔ ہزارہا جمع الف کی

اُلوہِیّت ع۔ خدائی خداوندی

اِلہام ع۔ دل پر خدا کی طرف سے کچھ بات آنی۔

اِلٰہی ع۔ میرا خدا اے میرے خدا

اَلِیم ع۔ دکھ دینے والا رنج دینے والا

اُم ع۔ ماں۔ مادر۔ مائی۔

اَمّا ع۔ لیکن۔ مگر۔

آماج ف۔ نشانہ جہاں پر تیر مارتے ہیں۔

اَماجِد ع۔ بزرگ بڑے رئیس جمع امجد کی۔

آمادَن ف۔ مہیا کرنا آمادہ کرنا

اَمارَت ع۔ امیر ہونا حکومت کرنا

اَمارَت ع۔ د، کی جگہ ا، ور وقت اور نشان۔

آماس ف۔ سوجن۔ ورم۔

آماسِیدَن ف۔ سوجنا۔ ورم سے پھولنا۔

اَماکِن ع۔ مکانات جمع مکان کی۔

آمال ع۔ امیدیں جمع امل کی

اِمام ع۔ پیشوا۔ بادشاہ ہادی

اِمامَت ع۔ پیشوائی۔

اَمان ع۔ پناہ تکلیف نہ دینا

اَمانَت ع۔ دھر دہر۔ کسی کی چیز حفاظت میں رکھنی۔

اَمانی ع۔ امیدیں آرزوہائے جمع اُمنیہ کی۔

اُمَّت ع۔ ایک گروہ جو تابع کسی پیغمبر کا ہو جیسے مسلمان نصاریٰ۔ یہود۔

اِمتِثال ع۔ حکم ماننا داستان کہنا تصور کرنا۔ کسی کی پیروی کرنا بلا خون کا لینا کسی سے مثل بیان کرنا

اِمتِحان ع۔ آزمانا آزمائش مصیبت میں ڈالنا۔

اِمتِداد ع۔ دراز اور کشیدہ ہونا

اِمتِزاج ع۔ ملانا کسی چیز کو ملا دینا

اَمتِعہ ع۔ جمع متاع کی پونجی اسباب فروخت کا۔

اِمتِلا ع۔ برباد ہونا پیٹ بھرنا ایک بیماری شکم کی ہے جو

بدہضمی سے ہوتی ہے۔
اِمتناع ع۔ منع کرنا۔روکنا۔ روک۔
اِمتنان ع۔ احسان رکھنا کسی پر منت رکھنا۔
اِمتیاز ع۔ فرق کرنا۔ تمیز کرنا۔
اَمثال ع۔ جمع مثل کی ہے
اَمجد ع۔ بزرگ ترین۔
آمد ف۔ آیا۔ آمدنی۔
اِمداد ع۔ مدد کرنا۔ مدد۔
آمدن ف۔ آنا۔
آمدنی ف۔ پیداوار آمد۔
آمد و شد ف۔ آنا جانا۔
آمد و رفت ف۔ آنا۔ جانا۔
اُمرا ع۔ جمع امیر کی۔
اِمراۃ ع۔ عورت۔
اَمراض ع۔ جمع مرض کی۔
اَمرد ع۔ جس شخص کی ابھی تک ڈاڑھی مونچھ نہ نکلی ہو۔
آمرزش ف۔ بخشایش گناہ معاف کرنا۔
آمرزگار ف۔ بخشنے والا۔
آمرزیدن ف بخشنا۔ گناہ معاف کرنا۔
اِمساک ع۔ بند کرنا۔ روکنا بخل کرنا۔
اِمروز ف۔ آج کا دن۔
اَمس ع دیروزہ کل کا دن جو گزر گیا۔
اِمساس ع۔ چھونا۔ مس کرنا۔
اَمصار ع۔ جمع مصر کی شہر
اِمسال ف۔ اب کا برس
اِمشب ف۔ آج کی رات
اِمضا ع۔ جاری کرنا حکم اجرا کا دینا۔
اِمعان ع۔ گہری نظر کرنا خوب سوچنا۔
اِمکان ع۔ ہو سکنا۔
اَمکنہ ع۔ جمع مکان کی۔
اَمل ع۔ امید و آرزو۔
اِملا ع۔ پر کرنا یا دیر کوئی چیز لکھنا رسم الخط
اَملاک ع۔ جمع ملک کی۔
اِملاک ع۔ مالک کر دینا۔
اُمم ع۔ جمع امت کی۔
اَمن ع۔ چین۔ آرام بےخوفی۔
اُمنا ع۔ جمع امین کی۔ جو امانت دار ہو۔
اُمنیت ع۔ بےخوف ہونا۔ آرام پانا
آموختن ف سیکھنا اور سکھلانا
آمودن ف۔ بھرنا۔ سنوارنا
اُمور ع۔ جمع امر کی۔
آموزش ف سیکھنا اور سکھلانا
آموزگار ف۔ سکھلانے والا
اِمہال ع۔ نرمی اور آہستگی دیر کرنا۔ تاخیر کرنا۔
اُمّی ع۔ وہ شخص جس نے علم نہ پڑھا ہو۔
آمیختن ف۔ ملنا۔ ملانا۔
اُمید ف۔ آرزو۔ آس۔
اُمیدوار ف۔ امید رکھنے والا
اَمیر ع۔ رئیس۔ سردار۔
آمیز ف۔ ملا۔ باہم ملا دے
آمیزش ف۔ ملانا۔
آمین ع۔ خدا یوں ہی کرے
اَمین ع۔ وہ شخص جو امانت دار ہو
آن ف۔ وہ شخص وہ حرف اشارہ بعید
آن ع۔ وقت۔ لمحہ۔ لحظہ۔
اِن ع۔ اگر جو۔
اَنا ع۔ ہم۔ ہم لوگ۔
اَنابیب ع۔ جمع انبوب کی یعنی پورین درخت کی جیسے لاٹھی میں ہوتی ہیں۔
اَناث ع۔ عورتیں۔ زنان
اَنامل ع۔ انگلیاں۔
اِنابت ع۔ قائم مقامی۔
اَنار ف۔ مشہور درخت ایک میوہ کا ہے
اِنارت۔ روشن کرنا۔
اَنام ع۔ خلق اللہ لوگ دنیا کے
آنان ف۔ وے لوگ۔ وے شخص۔
اَنانیت ع بغرور خودی خود بینی
اَنبار ف۔ ڈھیر۔ تودہ۔
اَنباردن ف۔ پاٹنا۔ ڈھیر کرنا
اَنبارش ف کسی کھوکھلی چیز کو پر کرنا۔ بھرنا۔
اَنباز ف۔ برابر کا شریک
اَنبازی ف۔ شریک پن۔ ساجھی پن۔
اَنباشتن } پاٹنا۔ بھرنا۔
اَنباشتن ف } ڈھیر کرنا۔
اَنبان ف۔ ادھوڑی چمڑا
اِنبساط ع۔ خوشی کھلنا پھیلنا
اِنبعاث ع اٹھنا کھڑا ہونا
اَنبوہ ف۔ ہجوم و گروہ۔
اَنبودن ف۔ ایک دوسرے پر چننا
اَنبہ ف۔ پھل مشہور ہے
اَنبیا ع۔ جمع نبی کی۔
اَنتَ ع۔ تو ایک مرد۔
اَنتِ ع۔ تو ایک عورت۔
اِنتباہ ع۔ مطلع ہونا خبردار ہونا
اِنتخاب ع۔ چننا۔ پسند کرنا۔

اِنتِساب ع. نسبت کرنا. لگاؤ کرنا. لگاؤ.
اِنتِشار ع. پھیلنا. پراگندہ ہونا
اِنتِظار ع. راہ دیکھنا. درنگ کرنا
اِنتِظام ع. بندوبست. سلسلہ دار ہونا. مراد یہ کا اور تمام ہونا کام کا
اِنتِفا ع. نفی ہونا. کھویا جانا. نہ ہونا.
اِنتِفاع ع. فائدہ پانا. نفع پانا
اِنتِقال ع. ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جانا.
اِنتِقام ع. بدلہ لینا. بغض نکالنا. خفگی کرنا.
اِنتِہا ف. انجام. اخیر.
اِنتِہاب ع. لوٹنا. غارت کرنا
اِنجاح ع. مطلب پورا کرنا. مراد پوری کرنا.
انجام ف. آخر. انتہا.
انجامیدن ف. تمام ہونا. پورا ہونا
انجمن ف. مجلس. محفل.
اینچہ ف. جو کچھ.
اِنجیل ع. مژدہ. خوشخبری وہ کتاب جو حضرت عیسیٰ پر اتری
انحاذ ع. برطرف کرنا. ہٹا دینا. پیش آنا. متعرض ہونا.

اِنحِراف ع. پھر جانا. حکم عدولی کرنا
اِنحِصار ع. گھیر لینا. احاطہ کرنا
انداختن ف. ڈالنا. پھینکنا
اندازہ ف. ڈول. وضع.
اندام ف. بدن. جسم.
اندر / **اندرون** ف } درمیان. بیچ
اِندِمال ع. زخم بھرنا.
اندوختن ف. جمع کرنا. جوڑنا. اکٹھا کرنا.
اندودن ف. لیپنا. پوتنا اور ملمع کرنا.
اندوہ ف. غم.
اندوہگیں ف. غمگین. رنجیدہ
اندیش ف. سوچ. فکر کر.
اندیشہ ف. فکر. سوچ.
اندیشیدن ف. سوچنا. بچارنا. فکر کرنا.
اِنزال ع. اتارنا. اترنا.
اِنزِوا ع. گوشہ نشینی. کونے میں بیٹھنا.
اِنس ع. آدمی. انسان.
اُنس ع. محبت. پیار.
اِنسان ع. آدمی.
اِنسانیت ع. آدمیت

اَنسَب ع. بہت مناسب
اِنسِداد ع. بند کر دینا.
اِنشا ع. عبارت لکھنا. کوئی بات دل سے پیدا کرنا.
انصار ع. مددگار لوگ جمع ناصر کی.
اِنصاف ع. نیاؤ چکانا. دو ٹکڑے کرنا.
اِنصِرام ع. انجام کو پہونچانا انتظام کرنا.
اِنطِفا ع. بجھ جانا. افسردہ ہونا
اِنعام ع. نعمت دینا. تحفہ دینا
اِنفِجار ع. پھوٹنا. چشمہ پھوٹ کر بہنا
انفاس ع. سانس. دم. جمع نفس کی.
اِنفِصال ع. جدا کرنا.
اِنفِعال ع. شرمندہ ہونا
اِنقِباض ع. پکڑنا. بھینچنا. تنگی
اِنقِضا ع. گذرنا. پورا ہونا
اِنقِطاع ع. کٹ جانا. منقطع ہونا
اِنقِلاب ع. دور زمانے کا الٹ پلٹ.
اِنقِیاد ع. قید کرنا. بقید کرنا تابع ہونا.
اِنکار ع. نہ ماننا.

انگاردن ف. معلوم کرنا.
انگاشتن ف. اٹکل کرنا. معلوم کرنا.
انگیختن ف. اٹھانا. بھڑکانا. اکسانا.
انگژ ف. آنکس ہاتھی کے ہانکنے کا
اِنکِسار ع. عاجزی.
اِنکِشاف ع. کھلنا. کھولنا
انگشت ف. کوئلہ جسکو جلاتے ہیں
انگشت ف. انگلی.
انگشتانہ ف. درزی لوگ جو انگلی پر چمڑے کا یا دھات کا خول بنا کر پہنتے ہیں.
انگشتری ف. انگوٹھی.
انگور ف. نام میوہ کا ہے
انگوزہ ف. ہینگ.
انگہ ف. اسوقت.
انوار ف. جمع نور کی روشنیاں
انواع ع. جمع نوع کی اقسام
اِنہِدام ع. ڈھا دینا. ڈھ جانا
اِنہِلال ع. زور سے مینھ پڑنا آنسوؤں کا بہنا.
اِنہِزام ع. شکست کھانا. شکستہ ہونا.
انیس ع. دوست. محبت کرنیوالا

اَیقہ ع۔ عجیب۔ نادر۔ انوکھا خوش آیندہ۔
اُو ف۔ وہ چیز۔ وہ شخص ضمیر غائب
اَوارِجہ ف۔ سب بہی۔ دفتر کی کتاب رجسٹر۔
آوارہ ف۔ بیہودہ جس کا کچھ ٹھکانا نہ ہو۔
آوارگی ف۔ بے سروسامانی بیہودگی۔
آواز ف۔ آواز۔ بول منھ کا۔
آوازہ ف۔ شہرت ناموری
اَوامِر ع۔ جمع امر کی احکام
اَوان ع۔ وقت لمحے لحظے
اَوانی ع۔ جمع آینہ کی معنے برتن ظروف۔
اَوائِل ف۔ جمع اول کی۔
اَوباش ع۔ لچا۔ بدمعاش
اَوتاد ع۔ جمع وتد کی میخیں
اَوج ع۔ بلندی۔
اَوجاع ع۔ جمع وجع کی درد دکھ
اَوراد ع۔ جمع وِرد کی۔ وظیفہ ہر روز کی جو تھوڑا قرآن وغیرہ پڑھا جائے
اَوراق ع۔ جمع ورق کی
اَورام ع۔ جمع ورم کی۔
آوردن ف۔ لانا۔

اَورنگ ف۔ تخت بادشاہی عقل و دانش۔ فریب اور حیلہ اور نام ایک کرم کا ہے جسے دیمک کہتے ہیں۔
اَوزار ف۔ ہتھیار کام کرنے کا ہتھیار
اَوزان ع۔ جمع وزن کی معنی بوجھ
اَوسط ع۔ درمیانی الاوسط والا
اَوصاف ع۔ جمع وصف کی
اَوضاع ع۔ جمع وضع کی۔
اُوفتادن ف۔ گر پڑنا۔
اَوفق ع۔ بہت موافق زیادہ موافق
اَوقِیہ ع۔ مقدار درم کی ہے یعنی ایک تولہ سات ماشے۔
اَوّل ع۔ پہلا۔ سرے کا۔
اَولیٰ ع۔ بہتر سب سے اچھا۔
اُولیٰ ع۔ پہلی عورت پہلی چیز
اَولاد ع۔ نسل۔ بیٹا بیٹی
اَولیاء ع۔ جمع ولی کی اور معنی مالکان۔ دوست۔
اَولیاءِ دولت ع۔ صاحبان سلطنت اور رئیس اور امیر۔
اَوّلین ع۔ پہلے آدمی۔
آوند ف۔ باسن۔ برتن اور فریب
آویختن ف۔ لٹکانا اور لٹکنا
آویز ف۔ لٹکا۔

آویزِش ف۔ لٹکاؤ۔ لٹک
آویزہ ف۔ لٹکا ہوا اور ایک قسم کا زیور جو کان میں پہنتے ہیں
آہ ع۔ ہائے۔ افسوس۔
اَہالی ع۔ مالک صاحبان کام والے لوگ۔
اِہانت ع۔ برا جاننا نفرت کرنا۔ ذلیل کرنا۔
اِہتداء ع۔ راہ پر لانا۔ ہدایت کرنا
اِہتزاز ع۔ گھاس کا بڑھنا ہلنا اور خوش ہو کر ہلنا اونٹ کا آواز ساربان سے اور ستارہ چمکنا اور خوشی اور غمخواری
اِہتمام ع۔ غمگین ہونا اور غمخواری کرنا۔
آہیختن ف۔ لٹکانا تلوار کھینچنا
آہستہ ف۔ ہولا۔ دھیما۔
آہک ف۔ چونا۔
اَہل ع۔ گھر کے لوگ لائق صاحب، مالک۔
اَہلیت ع۔ لیاقت۔
اَہلیہ ع۔ جورو گھر کی عورت
اَہم ع۔ جسکی بڑی ضرورت ہو
اِہمال ع۔ بے معنی چھوڑنا بے مطلب چھوڑ دینا۔

آہن ف۔ لوہا۔
آہن رُبا ف۔ مقناطیس۔
آہنگ ف۔ وقت۔ قصد۔ انداز۔ راگ۔
آہنگر ف۔ لوہار۔
آہنی / آہنین ف۔ لوہے کی چیز
آہُو ف۔ ہرن اور معنے عیب
آہوبرّہ ف۔ ہرن کا بچہ۔
اَہوِیہ ع۔ جمع ہوا کی خواہشیں
اَے ع۔ حرف ندا ہے جیسے او میاں یا او بی بی۔
اَیادی ع۔ جمع ید کی ہاتھ نعمتیں
اَیالت ع۔ سرداری۔
اَیّام ع۔ جمع یوم کی معنے دن
آیت ع۔ نشانی فقرہ قرآن یا توریت اور انجیل وغیرہ کا
اِیتلاف ع۔ مجتمع ہونا اور سازداری کرنا۔ الفت کرنا۔
اِیثار ع۔ اختیار کرنا دوسرے کا مطلب مقدم کرنا۔ بزرگی۔
اِیجاب ع۔ ماننا منظور کرنا
اِیجاز ع۔ مختصر کرنا تھوڑا کرنا بہت مضمون کا۔
اِیذاء ع۔ دکھ۔ دکھ دینا

اِیرَاد ع۔ وارد کرنا۔ لانا۔
اِیزَد ف۔ نام خدا تعالےٰ کا
اِیزَدِی ف۔ خدائی۔
اِیستَادَن ف۔ کھڑا ہونا۔
اِیشَان ف۔ یہ لوگ۔
اِیصَال ع۔ پہونچانا۔
مطلب کو پہونچانا۔
اَیضًا ع۔ بھی۔
اِیفَاء ع۔ پورا کرنا۔ وفا کرنا۔
اَیکَہ ع۔ درخت گنجان باہم
پیچیدہ یا جنگل درختوں کا جہاں پر
بہت گنجان درخت ہوں
جنکو کبھ ہندی میں کہتے ہیں
اَیک اسکی جمع آتی ہے۔
اِیل ت۔ ترکی زبان میں
دوست اور تابعدار موافق
آدمی اور جماعت کو بھی کہتے ہیں
اِیلچی ت۔ قاصد۔ نامہ بر۔
تابعدار۔ فرمانبردار۔
اِیلغَار ت۔ ختن تاخت چڑھائی دشمن پر
اِیمَاء ع۔ اشارہ کرنا۔ اشارہ
اِیمَان ع۔ یقین دل سے خدا پر کرنا
اَیمَن ع۔ بے خوف۔ نڈر۔
اِین ف۔ یہ۔ حرف اشارہ قریب
اِینَان ف۔ یہ لوگ۔

آیَندَہ ف۔ آنے والا۔
اِینَک ف۔ یہ کہ۔
اَیوَان ف۔ محل۔ محل شاہی
اَیُّوب ع۔ نام ایک پیغمبر کا ہے
آیِین ف۔ قاعدہ۔ دستور
آیِینَہ ف۔ منھ دیکھنے کا شیشہ

بَابُ الباء

بَا ف۔ ساتھ۔ باوجود۔ سامنے وغیرہ
بَاب ع۔ دروازہ اور حصہ
کتاب کا۔
بَابزَن ف۔ سیخ کباب کی خواہ
لوہے کی ہو۔ خواہ لکڑی کی ہو۔
بَابَا ت۔ باپ۔ دادا۔ نانا۔ سردار
سفید ڈاڑھی۔ فقیر آزاد۔
بَابَت ف۔ لئے۔ واسطے۔
بَابُل ع۔ ایک شہر مشہور درمیان
عراق کے جو دریائے فرات پر شرق
کی طرف واقع تھا۔
بَابَک ف۔ آئین استوار اور
نام بادشاہ عظیم الشان کا جس کا
بھانجا اردشیر تھا۔
بَاج ف۔ کر۔ محصول۔ ٹکس۔
بَاجدَار ف۔ محصول دینے والا کر
بَاج گذَار ف۔ جو کر یعنی محصول ادا کرتا ہے
بَاج گِیر ف۔ جو محصول لیوے
بَاخَبَر ف۔ واقف جاننے والا
بَاختَن ف کھیلنا۔ ہار دینا۔
بَاختَہ ف۔ ہارا ہوا۔
بَاد ف۔ ہوا۔ باؤ۔
بَادَام ف۔ ایک میوہ مشہور ہے
بَادبَان ف۔ جہاز کی پال۔
بَادپَا ف۔ گھوڑا تیزرو۔
بَادبُروت ف غرور شیخی
اور مغرور آدمی۔
بَادِ صَبَا } وہ ہوا جو
بَادِ بَرِین ف } مابین شرق
اور شمال کے چلتی ہے۔
بَادگَرد ف۔ بگولا۔ گردباد۔
بَادکَش ف۔ پنکھا۔
بَادنجَان ف۔ بیگن مشہور
ترکاری ہے۔
بَادَہ ف۔ شراب۔ دارو۔ مد
بَادِی ف۔ ہوائی۔ ہوا کا اور
ہمیشہ رہیو تو۔
بَادِی ع۔ شروع کرنے والا
ابتدا کرنے والا۔
بَادیَان ف۔ سونف نام مشہور
دوا کا ہے۔
بَادِیَہ ع۔ جنگل۔ صحرا۔

بَار ف۔ بوجھ۔ وقت۔ باری
بَاربَردَار ف بوجھ اٹھانیوالا
بَارَان ف۔ مینھ اور بارش۔
بَارَانِی ف۔ لبادہ اون کا جو
بروقت بارش او پر مینھ سے کے
اوڑھتے ہیں۔
بَارِحَہ ع۔ شب گذشتہ پچھلی
رات گذری ہوئی۔
بَارخَانَہ ف۔ اسباب رکھنے
کا مکان۔ گودام۔
بَارِ خدَا ف۔ اے پیدا کرنے
والے خدا۔
بَارِد ع۔ سرد۔ ٹھنڈا۔ خنک۔
بَارِش ف۔ مینھ کا برسنا برکھا۔
بَارِ عَام ف۔ عام کچہری
بادشاہ کی۔
بَارِق ع۔ چمکنے والا۔ روشنی
چمک۔ بجلی۔
بَارِقَہ ع۔ بجلی۔ روشنی چمک بجلی کی
بَارگَہ ف۔ کچہری کی جگہ مجلس
شاہی۔ کسی بزرگ کا مکان۔
بَارکَش ف۔ بوجھ لیجانے والا
بَارگِیر ف۔ جو کسی دوسرے
شخص کے گھوڑے پر نوکر ہو
اور اپنا گھوڑا نہ رکھتا ہو۔

بَارَہ ف۔ مضمون۔ ایک دفعہ، بابت۔
بَارَہا ف۔ اکثر بہت دفعہ کئی بار۔
بَارِے ف۔ ایک دفعہ۔ ایکبار
بَارِی ع۔ خدا پیدا کرنے والا
بَارْیَاب ف۔ کچہری میں آنیوالا کچہری میں داخل ہونے والا۔
بَارِیِ تَعَالیٰ ع۔ خدا برتر۔
بَارِیک ف۔ پتلا۔
بَارِیدَن ف۔ برسنا اور برسانا
بَاز ع۔ نام ایک پرندکا ہے جو چڑیوں کو شکار کرکے کھاتا ہے۔
بَازْپُرس ف۔ پوچھنا۔ تحقیقات ہونی۔
بَازْخواست ف۔ مطالبہ پھر مانگنا۔ واپس کرنا چاہنا۔
بَازْغہ ع۔ چمکتا ہوا۔ روشن
بَازْرگَان ف۔ سوداگر بیوپاری
بَازْرگَانی ف۔ سوداگری۔
بَازْگَشْت ف۔ لوٹنا۔ پھر کر آنا۔ لوٹ کر آنا۔
بَازِنْدَہ ف۔ کھلاڑی کھیلنے والا
بَازُو ف۔ بھجا۔ بازو۔ ڈنڈ۔
بَازِی ف۔ کھیل۔
بَازْیَافْتَن ف۔ پھر پانا۔

بَازِیدَن ف۔ کھیلنا۔
بَاس ع۔ دکھ۔ رنج۔ خوف
بَاسَلِیق ع۔ ایک رگ ہے ہاتھ میں۔
بَاش ف۔ رہ۔ ٹھہر جا۔
بَاشِنْدَہ ف۔ رہنے والا دیسی
بَاشَہ ف۔ نام ایک پرندکا ہے جو چڑیوں کو مارکر گوشت انکا کھاتا ہے
بَاشِیدَن ف۔ رہنا۔ بسنا۔
بَاصِر ع۔ دیکھنے والا۔
بَاصِرَہ ع۔ دیکھنے کی قوت نظر آنکھ۔
بَاطِل ع۔ جھوٹا دروغ۔ جھوٹ بے اصل۔
بَاطِن ع۔ اندرونی بھیتر کا دل
بَاعِث ع۔ سبب۔ وجہ۔
بَاغِسْتَان ف۔ باغ کی جگہ باغ
بَاغِی ع۔ حاکم سے پھرا ہوا دنگئی
بَافْتَن ف۔ بننا کپڑے وغیرہ کا
بَافْتَہ ف۔ بنا ہوا۔ اور نام ایک قسم کے کپڑے کا۔
بَاقِی ع۔ بچا ہوا۔
بَاک ف۔ خوف۔ ڈر۔
بَاکُورَہ ع۔ اول پھل پہلا میوہ
بَاکِی ع۔ رونے والا۔

بَال ع۔ دل۔ بازو۔ جان
بَالا ف۔ اوپر۔
بَالائِی ف۔ بلندی۔ اونچائی اور ملائی دودھ کی۔
بِاللہ ع۔ قسم خدا کی۔
بِالاتِّفَاق ع۔ بسبب اتفاق کے
بِالْجُمْلَہ ع۔ حاصل کلام۔
بَالِش ف۔ تکیہ۔ سرہانا۔
بَالِغ ع۔ گبھرو۔ حد بلوغیت کو پہونچا ہوا جوان۔
بِالْمُشَافَہَہ ع۔ آمنے سامنے دوبدو۔ روبرو۔
بَالِی ع۔ کہنہ۔ پرانا
بَالِیدَگِی ف۔ بڑھنا درخت وغیرہ کا
بَالِیدَن ف۔ جسم کا بڑھنا۔ دن بدن زیادہ ابھرنا درخت یا حیوان کا۔
بَالِین ف۔ سرہانہ۔ تکیہ۔
بَامْدَاد / بَامْگَاہ } ف۔ صبح سویرے
بَام ف۔ گھر کی چھت اٹاری
بَانْگ ف۔ آواز۔
بَانُو ف۔ امیر کی بی بی بیگم۔
بَانَوا ف۔ آواز والا بے پرواہ فقیر
بَانِی ع۔ بنا کرنے والا بنانے والا

بَاوُجُود ع۔ تسپر بھی۔
بَاوَر ف۔ یقین۔
بَاوَرْچِی ع۔ ف۔ رسوئیا روٹی پکانے والا۔
بَاوَصْف ف۔ باوجود ساتھ ہونے اس بات کے۔
بَاوِین ف۔ کتنی یعنی چھوٹی سی ٹوکری جسمیں روئی رکھکر عورتیں سوت کاتتی ہیں۔
بَاہ ع۔ قوت۔ شہوت۔
بَاہِر ع۔ ظاہر۔ روشن کھلا ہوا
بَاہَم ف۔ آپس میں ایک ساتھ
بَایَد / بَایِسْت } ف۔ چاہیے۔
بَایِسْتَن ف۔ چاہنا۔ لائق ہونا
بَایَزِید ف۔ نام ایک ولی مشہور کا ہے جسکو بایزید بسطامی کہتے ہیں
بَائِع ع۔ بیچنے والا فروخت کرنیوالا
بَبَر ف۔ شیر۔ چیتا۔
بَتَر ف۔ اسکی اصل بدتر ہے
بُت ف۔ مورت۔
بُتْکَدَہ ف۔ بتخانہ۔ مندر۔
بَتُول ع۔ کنواری عورت اور لقب صاحبزادی محمد صلعم کا
بَجَا۔ ٹھیک۔ درست

بخنس ف۔ عین میں وسیاہی
بخت ع۔ خالص۔ صرف
بحث ع۔ کھودنا تکرار کرنا، کسی بات کی تحقیق کرنی۔
بحر ع۔ سمندر۔
بحران ع۔ تپ کی بیماری میں جو مزاج میں ایک سخت تغیر ہوتا ہے۔
بحری ع۔ سمندری دریائی
بخار ع۔ بھاپ جو نم جگہ یا پانی کے جوش دینے یا گرمی سے اٹھتی ہے۔
بخت ف۔ بھاگ قسمت نصیب
بختاور ف۔ بھاگوان نصیب ور
بختیار ف۔ قسمت والا۔ نصیبہ والا۔ دولتمند۔
بخردی ف۔ عقل۔ چترائی۔
بخشودن ف۔ بخشنا معاف کرنا
بخشیدن ف۔ بخشنا کسی کو کچھ عطا کرنا۔
بخش ف۔ حصہ بخرہ۔
بخشایش ف۔ عطا بخشش مہربانی۔
بخشی ف۔ تنخواہ تقسیم کرنیوالا۔ ملازم
بخل ع۔ کنجوسی۔

بخور ع۔ خوشبو۔ دھونی
بخیل ع۔ کنجوس۔
بخیہ ف۔ ایک قسم مضبوط سلائی کپڑے کی۔
بدا ع۔ شروع نئی رائے
بدائت ع۔ شروع ہونا ابتدا
بدآموز ف۔ ابتر جسکی تعلیم خراب ہوئی ہو۔
بداندیش ف۔ دشمن۔
بداہت ع۔ شروع چیز کا اور اچانک اور بے سوچ کوئی بات ہوجانی اور سخن بے سوچ۔
بدایع ع۔ نادرات۔ بے مثل
بدتبار ف۔ نالایق کنبے کا آدمی بداصل۔
بدخشان ف نام ایک ملک کا ہے جو درمیان ہندوستان اور خراسان کے واقع ہے ہاں پر کان لعل اور سونے کی ہے
بددل ف۔ ڈرپوک اور بگڑا آدمی
بدر ع۔ چودھویں رات کا چاند۔ پورا چاند۔
بدرستی ف۔ بیشک واقعی۔
بدرقہ ع۔ محافظ۔ نگہبان۔
بدرہ ع۔ ہزار روپیہ کی تھیلی

بدستور ف۔ موافق قاعدہ کے حسب عادت۔
بدسگال ف دشمن بدکردار بدخواہ
بدعت ع دین میں نئی بات اور نئی رسم نکالنی
بدکردار ف۔ بدفعل۔ بدمعاش حرامکار
بدکیش ف۔ بدمذہب۔ ناپاک
بدلا ف۔ بدلہ۔ عوض۔ پلٹا۔
بدمست ف۔ متوالا بست نشہ
بدن ف۔ تن۔ دیہ۔ جسم
بدنام ف جسکا نام برا نکل گیا ہو
بدنژاد ف۔ بداصل جسکی پیدائش میں بدی ہو۔
بدنہاد ف۔ بدذات۔
بدون ف سوا مگر سوائے اسکے
بدو ف۔ اسکو۔ ساتھ دو کے
بدو ع۔ شروع۔ ابتدا۔
بدوی ع۔ جنگلی۔ گنوار۔
بدولت ف۔ آسرا آسرے سے
بدیع ع۔ انوکھا۔ نادر۔ نئی بات
بدیہہ ع۔ بے سوچ کہنا۔ ظاہر
بدیہی ع جسکی دلیل کی حاجت نہو
بذل ع۔ بخشش۔ عطا اور دوڑ گھوڑے کی۔
بذلہ ع۔ لطیفہ۔ ٹھٹکلہ۔
بر ف۔ اوپر۔ پھل۔

بر ع۔ خشک زمین۔
برات ف۔ حصہ بخرہ۔
برادہ ف۔ چورا۔
براری ع جنگل جمع بریہ کی
برار ع۔ کھلا ہوا میدان جہاں درخت نہ ہوں۔
براز ع۔ پخانہ۔ گوہ۔ گندگی
براعت ع۔ فضل فصاحت اور بلاغت اور دانش۔
براق ع۔ چمکتا ہوا۔ چمکیلا۔
براق ع۔ اس چوپایہ کا نام ہے جس پر شب معراج کو محمد رسول اللہ صلعم سوار ہوئے خچر سے کم اور گدھے سے بڑا تھا۔
برآمد ف۔ نکاس۔
برآمدن ف۔ باہر نکلنا باہر آنا
بران ف۔ کاٹنے والا۔ تیز۔
برآورد ف۔ آنکنا۔ جانچنا تنخواہ کا کاغذ۔
برآوردن ف باہر لانا۔ لانا
برآویختن ف۔ ٹنکانا۔
براہمہ ف۔ برہمن لوگ۔
براہین ع۔ دلیلیں جمع برہان کی
برائے ف۔ واسطے لیے۔
برایا ع بعیت دنیا کے لوگ جمع بریہ کی

بربط ع۔ نام ایک ساز کا ہے جس کو عود کہتے ہیں۔

برتافتن ف۔ موڑنا بل دینا

برج ع۔ گمزی گنبد بارھواں حصہ آسمان کا۔

برجستن ف۔ کودنا۔

برجستہ ف۔ ٹھیک۔ چست۔ تحفہ

برچیدن ف۔ چگنا۔ چننا۔

برجیس ف۔ مشتری ستارہ

برحق ف۔ سچ۔ درست۔

برخاستن ف۔ اُٹھنا۔

برخوردار ف۔ خوش۔ پھلا پھولا

برخے ف۔ بہت تھوڑا کچھ ایک

برد ع۔ سردی۔ اولا۔

برداشتن ف۔ اٹھانا۔

بردبار ف۔ سہنے والا۔

بردجرد ف۔ نام ایک قصبہ کا ہے جو ہمدان کے قریب واقع ہے

بردن ف۔ لیجانا۔

بردیمانی ع۔ یمن کی چادر۔

برز ف۔ اونچائی۔

برزن ف۔ کوچہ۔ گلی۔

برشتن ف۔ بھوننا۔

برشگال ف۔ برسات۔

برص ع۔ کوڑھ بدن کا بگڑجانا فساد مزاج سے۔

برطرف ف۔ موقوف کام سے۔ الگ۔

برعکس ف۔ الٹا۔

برق ع۔ بجلی اور چمک بجلی کی

برقرار ف۔ قائم ٹھہرا ہوا۔

برقع ف۔ عورت کے چھپنے کا پردہ جو سر پر ڈال کر باہر نکلتی ہیں

برگ ف۔ پتا درخت کا۔

برکات ع۔ جمع برکت کی۔

برکت ع۔ افزائش و زیادہ و نیک بختی۔

برگردیدن ف۔ پھرجانا۔ ادل بات پر نہ رہنا۔

برگزیدن ف۔ پسند کرنا چھانٹنا

برگستوان ف۔ گھوڑے کی گردنی اور لڑائی کا لباس جو بروقت لڑائی کے آپ بھی پہنتے اور گھوڑے کو بھی پہناتے ہیں۔

برگشتن ف۔ پھرجانا۔ حکم نہ ماننا

برگشتہ ف۔ پھرا ہوا۔

برگ و نوا ف۔ کھانے کا سامان توشہ خوراک کا۔

برملا ف۔ برسر مجلس لوگوں کے سامنے

برنا ف۔ جوان گھبرو ظریف

برنج ف۔ چاول برنج پیتل کانسی

برنجن ف۔ دست بند۔ بازوبند

برنشاندن ف۔ بٹھلانا۔

برنغار ف۔ لڑائی کے وقت بادشاہ کے داہنے طرف کی فوج

بروت ف۔ مونچھ۔

بروج ع۔ جمع برج کی۔

بروجہے ف۔ ایسی وجہ پر۔

بروز ع۔ باہر نکلنا۔ ظاہر ہونا

برون ف۔ باہر۔ باہر کی طرف

برہ ف۔ بکری کا بچہ جلوان

برہان ع۔ دلیل۔ وجہ عقلی

برہیختن ف۔ کھینچنا۔ اختصار کرنا تعلیم کرنا۔

برہم ف۔ الٹ پلٹ۔ خفا۔ ناراض

برہنگی ف۔ ننگاپن۔ لچاپن

برہنہ ف۔ ننگا۔ لچا۔

بری ع۔ پاک۔ الگ بے قصور

بریاں ف۔ بھنا ہوا۔

بریہ ع۔ خلق اللہ۔ مخلوق۔ دنیا کے لوگ۔

بریدن ف۔ کاٹنا۔

بریشم ف۔ ریشم۔

بریق ع۔ درخشندگی۔ روشن چکاچوند لگانے والا۔

برین ف۔ بلند بہت اور برتر

بز ع۔ کپڑا۔ جامہ۔ پونجی۔ گھر کے اسباب کی۔

بزاز ع۔ کپڑا بیچنے والا اسباب بیچنے والا۔

بزاق ع۔ تھوک۔ تف۔

بزر ع۔ بیج۔ تخم۔

بزرقطونا ع۔ اسبغول ایک قسم کا تخم مشہور ہے۔

بزرگ ف۔ بڑا۔

بزرگوار ف۔ مانند بزرگ کے بزرگ

بزغالہ ف۔ بکری کا بچہ۔

بزل ع۔ سختی۔ شدت۔

بزلہ ع۔ باتیں لطیف اور سخن ظریفانہ اور لطیفہ۔

بزمگاہ ف۔ سبھا۔ مجلس شراب کی اور جگہ عیش کی۔

بزور ع۔ جمع بزر کی معنی بیج تخم

بزور ف۔ ساتھ زور کے۔

بزہ ف۔ گناہ۔ خطا۔ بدنصیب ظلم

بزہ کار ف۔ گنہگار خطاکار

بس ف۔ بہت اور بس کباب بنانے کی سیخ کو کہتے ہیں۔

بسا ف۔ بہت اکثر نام ایک شہر فارس میں۔

بسان ف۔ مانند ویسا ہی۔
بست ف۔ بیس یعنی ۲۰ عدد
بستان ف۔ پھلواری باغ۔
بستر ف۔ بچھونا چٹائی وغیرہ
بستم ف۔ بیسواں یعنی (۲۰ واں)
بستن ف۔ باندھنا۔
بسط ع۔ بچھانا۔ پھیلانا۔
بساط ع۔ بچھونا چٹائی وغیرہ
بسمل ع۔ زخمی۔ گھائل۔
بسم اللہ ع۔ خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں۔
بسندہ ف۔ بس کیا ہوا پسند کیا ہوا
بسے / **بسیار** } ف۔ بہت
بسیط ع۔ جو مرکب نہ ہو جیدہ فراخ
بشارت ع۔ خوشخبری۔
بشاشت ع۔ کشادہ روئی اور لطیف کلام سے پیش آنا خوش ہو کر بات کہنا۔
بشر ع۔ آدمی اور انسان اس میں مؤنث اور مذکر برابر ہیں۔
بشرہ ع۔ چہرہ۔ مکھ۔
بشریٰ ع۔ خوشخبری اچھی خبر
بشریت ع۔ آدمیت۔
بشیر ع۔ خوشخبری دینے والا۔

اور خوبصورت۔
بصارت ع۔ نظر بینائی
بصر ع۔ آنکھ اور بینائی۔
بصائر ع۔ جمع بصیرت کی بینائی اور زیرکی دل کی۔
بصرہ ع۔ نام مشہور شہر کا ہے
بصل ع۔ پیاز بصلا ایک گٹھی پیاز کی اور لوہے کا خود۔
بصیر ع۔ دانا اور بینا
بصیرت ع۔ بینائی دانائی یقین بصائر۔ جمع۔
بضاعت ع۔ پونجی اور سامان جس سے سوداگری کیجائے
بط ع۔ بطخ۔
بطال ع۔ ناچیز آدمی اور معطل دروغگو دلاور بیکار
بطالت ع۔ دلیری بیکاری اور ہزل۔
بطانت ع۔ راز پوشیدہ اور رضائی کا استر۔
بطش ع۔ حملہ کرنا جلدی ری
بطل ع۔ بہادر پہلوان جمع ابطال۔
بطلان ع۔ جھوٹ بے اصل
بطن ع۔ پیٹ۔ شکم۔

بعث ع۔ اٹھنا اور لشکر جو کسی طرف روانہ کیا جائے روانہ کرنا اور زندہ کرنا نیند سے جگانا اور پراگندہ کرنا۔
بعثت ع۔ پراگندگی۔ اٹھاؤ بیداری اور پراگندگی۔
بعد ع۔ پیچھے۔ پس۔
بُعد ع۔ دوری۔
بعض / **بعضے** } ع۔ کچھ کوئی ایک
بعید ع۔ دور۔
بعینہ ع۔ عین بعین۔ وہی۔
بغاوت ع۔ دنگا اور پھر جانا
بغتۃً ع۔ اتفاقاً۔ فوراً اچانک دفعتہً
بغچہ ت۔ چھوٹی سی گٹھری کپڑوں وغیرہ کی۔
بغرا ع۔ ایک قسم کا کھانا جو گوشت چاول ڈال کر پکاتے ہیں بانی اس کھانے کا بغرا خان بادشاہ خوارزم کا تھا اسواسطے بغرا کہتے ہیں اور سور نر اور کلنگ کو بھی کہتے ہیں۔
بغض ع۔ کینہ۔ دشمنی۔
بغل ع۔ گلا بازو کے نیچے کا جسم اور خنجر۔

بغی ع۔ جو پھرا ہوا۔
بفت ف۔ بننا۔ کپڑا بننا۔
بقا ع۔ باقی رہنا موجود رہنا
بقاع ع۔ جمع بقعہ کی بمعنے مکان اور جگہ۔
بقایا ع۔ جمع باقی کی۔
بقر ع گائے۔
بقچہ ت۔ گٹھری کپڑوں کی۔
بقعہ ع۔ مکان رہنے کا خانقاہ مندر
بقل ع۔ ساگ پات۔ جو تخم سے اُگے۔
بقیہ ع۔ بچا ہوا۔ بچت۔
بکا ع۔ رونا۔
بکارت ع۔ چہرہ دوشیزگی کنوارپن
بکاول ت۔ بھنڈاری باورچی
بکتر ف۔ ایک قسم کی زرہ جو لڑائی میں پہنتے ہیں۔
بکر ع۔ دوشیزہ۔ کنواری
بکم ع۔ جمع ابکم کی بمعنی گونگے لوگ جو بول نہیں سکتے۔
بل ع۔ بلکہ۔
بلا ع۔ آفت مصیبت۔ دکھ
بلاد ع۔ جمع بلد کی بمعنی شہر
بلاغ ع۔ پہونچانا۔
بلاغت ع۔ حسب موقع گفتگو

کرنی۔ جیسا حال دیکھنا ویسی گفتگو کرنا۔
بَلَاہَت ع۔ احمق پن۔ بیوقوفی۔ سادگی۔
بُلْبُل ع۔ نام ایک پرند خوش الحان کا ہے۔
بَلْبَلَہ ع۔ غم اور وسوسہ اور جو بات سمجھ میں نہ آوے مصیبت پڑنا اور ببلہ پانی کا۔ آبلہ۔
بَلْخ ع۔ نام مشہور شہر کا ہے ملک خراسان میں۔
بُلْدَان ع۔ جمع بلد کی معنی شہر
بَلَد ع۔ } نگر۔ شہر بستی
بَلْدَہ ع۔ }
بَلِشْت ف۔ بالشت یعنی انگلی سے انگوٹھے تک کی ناپ
بُلَغَاء ع۔ جمع بلیغ کی۔
بَل ۔ ف۔ بلکہ۔
بِلْقِیس ع۔ ملکہ قوم سبا کی اس کا نکاح سلیمان نے ملک تبع اصغر سے کر دیا تھا اس سے اولاد بھی ہوئی جو لوگ سلیمان کی بیوی کہتے ہیں غلط ہے۔
بَلَنْد ف۔ اونچا۔
بَلْوٰی ع۔ آزمائش سختی اور دریافت کرنا کسی چیز کا
بَلُّوط ع۔ نام ہے ایک درخت کا جسکی چھال سے چمڑے رنگے جاتے ہیں۔
بُلُوغ ع۔ پہونچنا۔ بالغ ہونا
بُلْہ ع۔ احمق بے وقوف۔
بَلے ف۔ ہاں ہاں جی ہاں صاحب
بَلِید ع۔ کند ذہن آدمی کم سمجھ۔ افسردہ دل۔
بَلِیغ ع۔ جو حسب حال گفتگو کرے۔ جسکی زبان بہت فصیح ہو
بَلِیَات ع۔ جمع بلا کی۔ مصائب اور مصیبتیں۔
بَم ف۔ آواز راگ کی جو اونچی ہو
بَمُجَرَّد ف۔ ترت۔ فوراً جبھی
بِن ع۔ بیٹا۔ ولد۔
بُن ف۔ جڑ اور درخت اور کھیتی
بِنَا ع۔ ساتھ۔ ہمارے۔
بَنَات ع۔ جمع بنت کی بیٹیاں لڑکیاں۔
بِنَابَر ف۔ اسلئے۔ اسی سبب
بَنَادِر ف۔ جمع بندر کی۔ منڈیاں سوداگروں کی۔
بُنَاگوش ف۔ کان کی لو۔
بُنَان ع۔ انگلی کی پوریاں
بِنَائی ف۔ بنیاد۔ دیوار مکان
بِنْت ع۔ بیٹی۔ لڑکی۔
بَنْج ۔ مب۔ بھنگ۔
بَنْدَر ف۔ سوداگری کی جگہ دریا کے کنارے پر۔
بَنْدِگی ف۔ خدمت کرنی۔ تابعداری۔ غلامی۔ سلامی
بَنْدَن ف۔ باندھنا۔
بَنْد ف۔ قید۔ بندھن۔ بن کا جوڑ
بَنْدَہ ف۔ غلام۔ داس۔
بَنْدِی ف۔ قید جیلخانہ۔
بَنْگ ف۔ بھنگ۔
بُنْگَاہ ف۔ مکان اور جگہ جہاں نقد اور جنس رکھیں۔
بَنِی ع۔ جمع بن کی پسران بیٹے
بُنْیَاد ف۔ نیو۔ کسی چیز کی جڑ
بُو ف۔ گندہ بو۔
بَوَّاب ع۔ دربان چوکیدار دروازے کا۔
بَوَاطِن ع۔ جمع باطن کی
بُوالْعَجَب ع۔ انوکھا آدمی جسکو دیکھ کر تعجب آوے
بُوالْفُضُول ع۔ سست آدمی جو بیٹھا ہوا باتیں بنایا کرے
بُوالْہَوَس ع۔ جسکو ہوس زیادہ ہو
بُیُوتَات ع۔ گھر مکانات جمع بیوت کی اور وہ جمع بیت کی ہے
بُوتَہ ف۔ سونا چاندی ڈھالنے کی کٹھالی اونٹ کا بچہ۔ درخت شاخدار کا نکر۔
بُوتِیمَار ف۔ بگلا جو دریا کے کنارے بیٹھا رہتا ہے۔
بُود و بَاش ف۔ رہنا سہنا
بُودَن ف۔ ہونا۔
بُورَہ ف۔ کھانڈ یہ لفظ فارسی ہے۔ معرب اس کا بورق ہے
بُورَہ ف۔ سوراخ۔ گڑھا غار آگ کا۔
بُوزَنَہ ف۔ بندر جانور مشہور ہے
بُوزَہ ف۔ ایک قسم کی ہلکی شراب جسکو انگریزی میں بیر شراب کہتے ہیں
بُوس ف۔ چومنا۔ بوسہ۔
بُوس ع۔ شدت دکھ رنج
بُوسْتَان ف۔ پھلواری باغ
بُوس و کِنَار ف۔ پیار کرنا اور بغل میں لینا۔
بُوسَہ ف۔ چومنا اور پیار
بُوسِیدَن ف۔ چومنا بوسیدہ ہونا
بُوسِیدَہ ف۔ کہنہ۔ پرانا۔ گلا ہوا۔ سڑا ہوا۔

بُوغُرَہ ف۔ ایک قسم کا کھانا ہے جو گوشت اور آٹا ڈالکر پکاتے ہیں
بُوق ع۔ کرنائے سرنائے شکار کے وقت جو سینگ بجاتے ہیں اس سینگ کو بوق کہتے ہیں۔
بُوقلمُون ف۔ زنگارنگ طرح بطرح
بَول ع۔ موت۔ پیشاب۔
بُوم ف۔ اُلّو جانور پرندہ ہے زمین جس میں ہل نہ چلا ہو۔ سرشت۔ طینت۔
بُوئِیدَن ف۔ سونگھنا سونگھانا
بِہ ف۔ اچھا۔
بَہا ف۔ مول۔ قیمت۔
بَہا ع۔ روشنی۔ رونق۔ زیبائی
بَہار ف۔ بسنت۔ فصل ربیع۔
بَہادُر ف۔ بیر۔ سورما۔ شجاع
بَہانَہ ف۔ حوالہ۔ سبب۔ وجہ
بَہائِم ع۔ جمع بہیمہ کی چوپائے جانور۔
بَہبُود۔ بَہبُودِی ف بھلائی کسی کے حق میں اچھی بات ہونی
بُہتَان ع۔ دروغ۔ جھوٹ لگانا۔ افترا۔
بِہتَر ف۔ بہت اچھی چیز۔
بَہجَت ع۔ خوشی تازگی اور زیبائش۔ خوبی۔
بَہر ف۔ واسطے۔ لئے۔ باعث
بَہرَام ف۔ ستارہ مریخ۔ اور نام ایک بادشاہ عراق کا جس کو بہرام گور بھی کہتے ہیں۔
بَہرحَال ف۔ ہر طرح سے ہر ریت سے۔ سب طرح۔
بِہِشت ف۔ جنت۔ باغ۔
بَہَق ع۔ چھیپ منھ پر داغ جو پڑ جاتے ہیں۔
بَہَم بَرآمَدَن ف۔ غصہ ہوگیا۔ خفا ہوگیا۔
بَہَم ف۔ ساتھ۔
بَہمَن ف۔ گیارھواں مہینہ فارسی کا ہندی پھاگن اور نام بادشاہ جو اسفندیار کا بیٹا تھا نام فرشتہ کا۔
بِہی ف۔ بہتری۔ بہبودی اور نام ایک میوہ کا جس کا تخم بہیدانہ ہے
بَہِیّ ع۔ روشن۔ تاباں۔
بَہِیمَہ ع۔ چوپایہ مثل گائے بھینس وغیرہ کے۔
بِہِین ف۔ بہت بہتر سب سے تحفہ
بے ف۔ بدون۔ سوائے
بَیَاض ع۔ سفیدی۔
بَیَاق ف۔ جو کچھ باقی نہ رہے
بَیت ع۔ گھر۔ شعر۔
بَیتُ اللّٰہ ع۔ خدا کا گھر۔ خانۂ کعبہ
بَیتُ العَتِیق ع خانۂ کعبہ۔ پرانا گھر جو آزاد ہوا نہ ہو۔
بَیتُ الحَرَام ع۔ خانۂ کعبہ
بَیتِ اَقصیٰ ع بیت المقدس
بَیتُ المُقَدَّس ع جرو شلم
بَیتُ المَال ع۔ خزانہ سرکاری
بَیتُ الخَلَاء ع۔ پیخانہ جاضرور
بَیتُ الشَّرَف ع۔ بہت اونچا مقام ستیارہ کا۔
بَیِّنَات ع۔ جمع بینہ کی روشن کرنے والیاں اور روشن گواہان صادق دلائل۔
بَیتُوتَت ع۔ شب باشی کرنا کسی جگہ۔
بِیچُوبَہ ف۔ ایک قسم کا خیمہ جس میں چوب نہ ہو۔
بیچُون ف۔ بے مانند جس کا ہمسر کوئی نہ ہو مراد خداوند عالم۔
بے حَمِیَّت ف۔ بیحیا۔ بیشرم
بیخ ف۔ جڑ۔ اصل۔
بیختَن ف۔ چھاننا۔
بید ف۔ بیت کا درخت۔
بَیدَا ع۔ میدان بیوند اور ہلاک ہونا۔ اسکی جمع بیدآئی ہے
بیدَاد ف۔ ظلم۔ ستم۔
بیدَار ف۔ جاگتا ہوا جو سوتا ہوا نہ ہو۔
بیذَق ع۔ ایک نرد شطرنج کی معرب پیادہ کا ہے۔
بِیر ع۔ کنواں۔ چاہ۔
بیرَق ف چھوٹا نیزہ۔ چھوٹا جھنڈا اور رکپڑا جو علم پر لگاتے ہیں۔
بیرُون ف۔ باہر۔ خارج۔
بیش ف۔ زیادہ۔ ادھک۔ بہت
بیشَابِہ ف۔ بیشک۔ بے شبہ بے شک۔
بیشَہ ف۔ جنگل۔ شیر کے رہنے کی جگہ۔ بن۔
بیشِی ف۔ زیادتی۔ ادھکائی
بَیضَا ع۔ روشن۔ سفید۔ سورج نام شہر کا جو فارس میں ہے
بَیضَوِی ع۔ انڈے کی مانند شکل
بَیضَاوِی ع۔ شمسی رہنے والا بیضا شہر کا۔
بَیضَہ ف۔ انڈا۔ تخم مرغ۔
بَیطَار ع۔ جو چارپایوں گھوڑوں وغیرہ کا علاج کرے
بَیع ع۔ بیچنا۔ فروخت کرنا

له اسی شہر میں ہے۔ اقصیٰ کی بنا بیت اقصیٰ جس کو حضرت داؤد و سلیمان نے تیار کیا تھا۔

بیعانہ ع۔ سائی جو فروخت کے واسطے کچھ پہلے دیں۔
بیعت ع۔ مرید ہونا کسی پیر کا شاگرد بننا۔
بیغل وغش ف۔ بے شک وبے شبہ لغوی معنی اسکے بے کھوٹ اور ملاپ کے۔
بیگ ت۔ خداوند۔ امیر۔
بیگم ت۔ امیر کی بی بی۔ لیڈی خاتون۔ بی بی۔
بیگلر بیگ ت۔ امیر الامرا۔ سپہ سالار۔
بیل ف۔ کدال یا پھاوڑا زمین کھودنے کا۔
بیم ف۔ خوف۔ ڈر۔
بیمار ف۔ روگی۔ آزاری۔
بیمہ ف۔ بخوف رہزنی جو کسی ساہوکار کو محصول کسی نقد یا مال کے پہونچانے کا دیا جاوے اور وہ ذمہ دار اُس کا ہو۔
بینش ف۔ دیکھنا دید بینائی۔
بین ع۔ درمیان۔
بیّن ع۔ ظاہر آشکار گواہ
بینوا ف بے توشہ فقیر بے سامان

بینی ف۔ ناک۔
بے نیاز ف بے پرواہ۔
بیوتات ع۔ گھر۔ محل شاہی جس میں بیگمیں رہتی ہیں۔
بیواہ | ف | رانڈ جس کا خصم
بیوہ | | مر گیا ہو۔
بیہودہ ف۔ بے فائدہ جس سے کچھ فائدہ نہ نکلے۔

باب الباء فارسی

پا ف۔ ٹانگ ٹنگری بیخ بنیاد
پاافزار ف۔ جوتی کفش۔
پا انداز ف۔ وہ بچھونا جو آمد و رفت کی جگہ دروازے کے مقام پر بچھاتے ہیں
پا بلند کردن ف بھاگ جانا دوڑ جانا۔
پا برجا ف۔ ثابت۔ قائم ہمیشہ
پا برنجن ف۔ پیروں کا گہنا جسکو گوجری اور پلئے زیب کہتے ہیں
پابند ف۔ رسی اور جال۔
پابوس ف۔ پیر چومنے والا۔ اور پیر چومنا۔
پابوسی ف۔ پیر چومنا۔
پاپوش ف۔ جوتا۔ پیزار۔
پاجامہ ف۔ وہ کپڑا جو انگرکھے کے نیچے ٹانگوں میں پہنتے ہیں یعنی سُتھن۔
پاجی ف۔ نالائق۔ کمینہ۔ نیچ
پاچک ف۔ اوپلا۔ گوہا کنڈا
پاچلہ ف۔ جوتی۔ جراب۔
پاچاہہ ف۔ جولاہے کے پیر لٹکانے کا گڑھا۔ کھڈی۔
پاداش ف۔ بدلا۔ عوض پلٹا
پارچہ ف۔ کپڑا۔ چیتھڑا۔
پارس ف۔ ملک فارس۔
پارسا ف۔ پرہیزگار گناہ سے بچنے والا
پارسال ف۔ گذشتہ سال پچھلا برس۔
پارسان۔ فقیر۔ گدا۔
پارہ ف۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ نام ایک دھات کا اور رشوت یہ پرانی فارسی ہے۔ تحفہ۔ تبرک
پارہ کار ف۔ شوخ۔ لُچا۔
پارہ دوز ف۔ وہ شخص جو خیمے سیتا اور پیوند لگاتا ہے
پاریدن ف۔ ٹکڑے ہونا۔ پھٹ جانا۔
پارینہ ف۔ پُرانا۔ قدیم۔
پاس ف۔ واسطے تین گھنٹے کا پہرا۔ محافظت
پاسبان ف۔ چوکیدار۔ پہرہ دار
پاستان ف۔ اگلا۔ گذرا ہوا
پاسخ ف۔ جواب۔
پاس خاطر ف۔ لئے۔ واسطے کسی کی خاطر رکھنا۔
پاسداری ف۔ طرفداری نگہبانی۔
پاسدار ف۔ طرفدار۔ نگاہبان۔
پاسنگ ف۔ وہ پتھر جو ترازو کے پلڑوں کے برابر کرنیکو رکھتے ہیں
پاش ف۔ پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ اور پراگندہ ہونا۔
پاشنہ ف۔ ایڑی پیر کی اور ککڑی اور خربوزہ اور تربوز کو بھی پاشنہ کہتے ہیں۔
پاشیدن ف۔ چھڑکنا بکھیرنا
پاک ف۔ پوتر جس میں کچھ ناپاکی نہ ہو۔ بے گناہ۔
پاکباز ف۔ نیک آدمی۔
پاکوفتن ف۔ ناچنا گت بھرنا
پاکی ف۔ صفائی۔ پوترتائی۔ اور استرہ بال مونڈنے کا۔
پاکیزہ ف۔ پاک۔ صاف۔ پوتر
پالان ف۔ گدھے کے اوپر کی

کاٹھی چھت گون۔
پالودن ف۔ پاک کرنا صاف کرنا
پالودہ ف۔ پاک و صاف بصفا کیا ہوا
پالوداٹ۔ ایک قسم کی پیچ چاولوں کی جمی ہوئی پکا کر شربت میں ملا کر کھاتے ہیں مشہور شے ہے۔
پالہنگ ف۔ تسکار بند یعنی رسی جو گھوڑے کے لگام میں باندھتے ہیں باگ ڈور۔
پالیدن ف۔ پاک کرنا بلنا جستجو کرنا
پالیز ف۔ خربوزہ۔ تربوز۔ یا ککڑی کا کھیت۔ تباہ۔ اجڑا۔
پامال ف۔ مصیبت زدہ۔
پان ف۔ مشہور پتا ہے جسکو بہت ہندوستانی کھایا کرتے ہیں۔
پانزدہ ف۔ پندرہ یعنی (۱۵) عدد
پائے ف۔ پیر۔ پاؤں۔ پا
پایاب ف۔ تھوڑا پانی دریا کا جسیں کوئی آدمی پیدل نکلجائے
پایان ف۔ انتہا اور آخر۔ انجام
پائے بند ف۔ کسی کام میں پھنسا ہوا۔ بیڑی۔
پائتابہ ف۔ جراب۔ موزہ چمڑے کا
پائے تخت ف۔ وہ شہر جہاں پر بادشاہ رہتا ہو۔ راجدھانی
پائخانہ ف۔ جگہ پاخانہ کی۔
پائیدن ف۔ ٹھہرنا۔ پائدار ہونا نظر میں رکھنا۔
پائیدار ف۔ مضبوط۔ ہمیشہ صاحب قدر اور مرتبے کا۔
پائی کاشت ف۔ وہ کسان جو دوسرے گاؤں سے جوتنے کو آتا ہے۔
پائے زیب ف۔ ایک قسم کا زیور جو پاؤں میں پہنتے ہیں
پابستن ف۔ منتظر رہنا۔ توقع کرنا
پایگاہ ف۔ رتبہ۔ درجہ۔
پایمال ف۔ پامال۔
پامرد ف۔ مددگار۔ مدد دینے والا
پامردی ف۔ مددگاری۔ بل بوتہ
پامزد ف۔ مزدوری جو قاصدوں کو ملتی ہے۔
پایندہ ف۔ قائم۔ استوار۔
پایہ ف۔ پاؤں۔ رتبہ۔ درجہ۔ تخت۔
پائین ف۔ نیچے۔ تحت۔ زیر
پتک ف۔ ہتوڑا۔
پتیل ف۔ بتی چراغ کی۔
پجادہ ف۔ وہ اینٹ پکنے کا آوا
پختن ف۔ پکانا۔
پختہ ف۔ پکا ہوا۔
پدر ف۔ باپ۔
پدرانہ ف۔ باپ کے مانند۔
پدروار ف۔ موافق باپ کے
پدری ف۔ باپ کا۔
پدید ف۔ ظاہر۔ پیدائش۔
پدیدار ف۔ ظاہر۔ نمودار۔
پذیر ف۔ قبول کر۔ مان۔ ماننے والا۔
پذیرائے ف۔ قبولیت۔
پذیرفتن ف۔ قبول کرنا۔ منظور کرنا۔
پر ف۔ بھرا ہوا۔
پر ف۔ جانور کا پر۔
پراگندگی ف۔ تتر بتر ہونا۔
پراگندن ف۔ تتر بتر کرنا۔
پراگندہ ف۔ تتر بتر۔ بکھرا ہوا
پرانیدن ف۔ اڑانا۔
پرتاب ف۔ تیر جو دور جا سکتا ہو اور ڈالنا۔
پرتو ف۔ شعاع۔ روشنی۔ کرن
پرخاش ف۔ لڑائی جھگڑا
پرچم ف۔ کپڑا جو نیزے پر باندھتے ہیں۔
پرچین ف۔ باڑ کھیت کی باغ کی باڑھ جو خاردار درختوں کی شاخوں سے بناتے ہیں۔
پرداختن ف۔ آراستہ کرنا خالی کرنا۔ سنوارنا۔
پردگی ف۔ پوشیدگی۔
پردہ ف۔ چلمن۔ چک۔ کپڑا کا پردہ۔ اوٹ۔
پردہ پوش ف۔ بھید پوشیدہ کرنے والا۔
پردہ نشین ف۔ عورت جو پردہ میں رہتی ہے۔
پرزہ ف۔ ٹکڑا۔ چیتھڑا۔
پرس ف۔ پوچھ۔ دریافت کر
پرستار ف۔ غلام۔ کنیز لونڈی باندی۔ خدمتگار۔
پرستش ف۔ پوجا۔ عبادت
پرسش ف۔ پوچھ پاچھ کرنا
پرستک ف۔ ابابیل۔ ڈولائی ایک پرند مشہور ہے۔
پرستن ف۔ پوجنا۔
پرستیدن ف۔ پوجنا۔
پرسیدن ف۔ پوچھنا۔
پرسان ف۔ پوچھنے والا۔

پُرسِیدَنی ف۔ لائق پوچھنے کے
پُرکَار ف۔ موٹا۔ عفص۔
پُرکَالہ ف۔ ٹکڑا حصہ۔ چیتھڑا
پَرگَنہ ف۔ ایک حصہ ضلع کا۔
پَرنِیَان ف۔ دیبا۔ ایک قسم کا کپڑا
پَرَند ف۔ اُڑنے والی چڑیا۔
پَروَا ف۔ طاقت۔ آرام۔ خبر توجہ۔ رغبت۔ التفات۔ خوف پرورش۔
پَرواری ف۔ موٹا تازہ چربی دار۔
پَرواز۔ ف۔ اُڑنا۔ اور نثار کرنا زر کا۔
پَروانگی ف۔ اجازت۔ اگیا۔
پَروانہ ف۔ تتلی۔ کیڑا اڑنیوالا۔ پتنگا۔ حکم نامہ۔ حکم۔
پَروبال ف۔ پر اور بازو۔ قوت
پَرور ف۔ پالنے والا۔
پَروردگار ف۔ پالنے والا۔ مراد خدائے تعالےٰ۔
پَرورانیدن ف } پالنا۔
پَروردن ف
پَرورده ف۔ پلا ہوا۔
پَرورش ف۔ پالنا اور حکمت اور علم سے بھی مراد ہوتی ہے

پَرویز ف۔ فتحمند۔ پچھلی۔ نام نوشیرواں کے بیٹے کا۔
پَرویزَن ف۔ چھلنی جیس میں آٹا چھانتے ہیں۔
پَروین ف۔ نام چند ستاروں کا ثریا۔ موتی۔
پَرَه پَرَه ف۔ صف۔ دامن طرف۔ کنارہ ہر چیز کا۔
پَرَه بِینی ف۔ نتھنے کا پردہ
پَرہیز ف۔ بچنا۔ گناہ یا کسی چیز سے
پَرہیزگار ف۔ بچنے والا۔
پَرہیزیدن ف۔ گناہ سے بچنا پرہیز کرنا۔
پَری ف۔ پرسوں۔ خوبصورت عورت۔ دیو کی ضد۔
پَری پیکر ف۔ خوبصورت شکل معشوق۔
پَری خوان ف۔ منتر جاننے والا اور وہ شخص جس کے حکم میں کوئی مؤکل ہو۔
پُریدن ف۔ بھرنا۔ پُر کرنا۔
پَریدن ف۔ اُڑنا۔
پَریرُوز ف۔ پرسوں دن گذرا ہوا
پَریزاد ف۔ پری کی اولاد خوبصورت شخص۔

پَریشان ف۔ پراگندہ مصیبت زدہ
پَریشانی ف۔ پراگندگی۔
پَریشَب ف۔ پچھلی رات سے جو آگے ہو گذری۔
پَزانیدن ف۔ پکوانا۔
پَزاوه ف۔ اینٹ پکانیکا آوا
پِزشک ف۔ طبیب۔ جراح۔
پِزشکی ف۔ طبابت۔ بیدک
پَژمان ف۔ مرجھایا ہوا بے رونق۔ غمگین۔
پَژمُردن ف۔ مرجھانا۔ کملانا
پَژمُرده ف۔ مرجھایا ہوا کملایا ہوا
پَژوہش ف۔ تلاش کھوج لگانا
پَژوہیدن ف۔ کھوجنا۔ تلاش کرنا۔ فکر کرنا۔
پَزیدن ف۔ پکانا۔
پَس ف۔ تب۔ تو۔ اسلیئے۔ آخر۔ پیچھے
پَست ف۔ نیچائی۔ نیچ پن۔
پِستان ف۔ چھاتی۔ چوچی۔
پَستی ف۔ نیچائی۔ نیچ پن۔
پَس خورد ف۔ جھوٹا کھانا بعد کھانے کے جو بچ رہے۔
پِسَر ف۔ لڑکا۔ بیٹا۔
پَس رَو ف۔ پیچھے چلنے والا
پَس فَردا ف۔ پرسوں آئندہ

پَسندیدن ف۔ پسند کرنا۔
پَسند ف۔ اپنی خوشی۔ ریجھ
پَس وپیش ف۔ دھکڑ پکڑ سوچ بچار۔
پَسین ف۔ پچھلا
پُشت ف۔ پیٹھ۔
پُشتاره ف۔ بوجھ۔ گٹھری
پُشت دادن ف۔ بھاگ جانا
پُشت پناه ف۔ حمایت کرنے والا اور حمایت۔
پُشته ف۔ تودہ۔ ٹیلا۔
پُشتی ف۔ تائید۔ مدد۔ روش نیکی۔
پُشتیبان ف۔ سہارا دینے والا مددگار۔ معاون۔ لکڑی جو دیوار کے استحکام کیواسطے کھڑی کریں
پَشم ف۔ اون۔
پَشمینه ف۔ اون کا کپڑا۔
پَشیز پَشیزه ف۔ پیسہ۔ زر قلب اور کھوٹا پائی۔
پَشیمان ف۔ پچھتانے والا شرمندہ۔
پَشیمانی ف۔ پچھتاوا۔
پَشه ف۔ مچھر۔
پِگاه ف۔ بھور۔ صبح۔

پُل ف۔ دریا پر راہ بنی ہوئی۔
پلاس ف۔ موٹا کپڑا۔ ڈھاک کا درخت۔ جاجم موٹی۔
پلاؤ ف۔ گوشت اور چاول پکے ہوئے۔ مشہور کھانا ہے پُلاؤ پیش سے غلط ہے۔
پلپل ف۔ مرچ سیاہ۔
پلک ف۔ آنکھ کے پردے کا بال
پلہ ف۔ ترازو کا پلڑا۔ درجہ سیڑھی
پلہ ف۔ ڈھاک کا درخت۔
پلیتہ ف۔ چراغ کی بتی بیٹی ہوئی بتی۔
پلید ف۔ ناپاک۔
پناہ ف۔ بچاؤ بچنے کا ٹھکانا۔
پنبہ ف۔ روئی۔
پنبہ دوز ف۔ اس کو کہتے ہیں جو پرانے پارچے اور چیتھڑے سیوے۔ گوڈریا۔
پنج ف۔ پانچ یعنی (۵) ۵
پنجم ف۔ پانچواں یعنی (۱/۵)
پنجاہ ف۔ پچاس یعنی (۵۰) ۵۰
پنجاہم ف۔ پچاسواں یعنی (۱/۵۰)
پنجرہ ف۔ قفس۔
پنجشنبہ ف۔ جمعرات کا دن
پند ف۔ نصیحت بھلائی کی بات۔

پندار ف۔ غرور سمجھ۔ اٹکل۔
پنداشتن ف۔ پہچاننا۔ معلوم کرنا
پنہاں ف۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا
پوچ ف۔ نالائق و بیہودہ خالی۔ بےمغز۔ پاخانہ آدمی کا
پود ف۔ بانا۔ بننے کا سوت۔
پور ف۔ بیٹا۔ نام ایک راجہ قنوج کا جو لاہور پر سکندر سے لڑا تھا اور تیتر جو ایک پرند ہے اس کو بھی کہتے ہیں اور سادہ کار
پوزش ف۔ عذر و معذرت کرنا
پوست ف چھلکا اور غیبت بدگوئی۔
پوستین ف کھال کے کرتے۔ بدگوئی کرنے کے معنے بھی آتے ہیں۔
پوش ف۔ غلاف۔ زرہ۔ جوشن اور ایک یہ معنی بھی اسکے ہیں کہ الگ ہو جاؤ۔ چنانچہ اکثر گو پوش پوش بولا کرتے ہیں۔
پوشانیدن ف۔ کپڑا پہنانا
پوشاک ف۔ لباس پہننے کے کپڑے۔
پوشش ف۔ لباس۔
پوشیدن ف۔ پہننا چھپانا
پوشیدہ ف۔ چھپا ہوا ڈھکا ہوا

پوطہ دار ف۔ نقد روپیہ رکھنے والا۔ خزانچی۔
پوے ف۔ پویہ جانا یعنی نہ تیز نہ آہستہ۔
پویہ ف۔ ایک قسم کی چال گھوڑے کی جو نہ تیز ہو نہ آہستہ اور اس معنی میں بھی آتا ہے چلو قدم اٹھاؤ۔
پوئیدن ف۔ تلاش کرنا۔ اِدھر اُدھر پھرنا۔ اُڑنا۔
پول ف۔ پیسہ۔ تانبے کا سکہ دریا کا پل۔
پہلوان ف۔ سورما۔ بہادر طاقت ور آدمی۔
پہلو کردن ف }
پہلو تہی کردن ف } انکار کرنا بات سے پھر جانا۔
پہلوی ف۔ ایک پرانی زبان فارسی کی۔
پہن ف۔ فراخ اور چوڑاؤ
پہنا ف۔ چوڑائی۔ چوڑاؤ۔
پے ف۔ پاؤں۔ کھوج۔
پیاپے ف۔ پے درپے۔
پیام ف۔ سندیسہ۔ کچھ بات کہلا بھیجنا۔

پیچش ف۔ پیچ و تاب۔ مروڑا
پیچیدن ف لپٹنا اور لپٹنا
پیداوار ف نفع کی پیدا اور حاصل۔
پیر ف۔ بوڑھا۔ بڑی عمر کا آدمی۔
پیراستن ف۔ زیبائش کرنا۔ کتر کرنا۔ چھانٹنا۔
پیرزال ف۔ بوڑھی عورت
پیرسال ف۔ بوڑھا۔ بوڑھی
پیرمغاں ف۔ آگ کا پجاری معشوق
پیرامون ف۔ آس پاس۔
پیرو ف۔ پچھلگو۔
پیرایہ ف۔ سخاوت۔ آرائش لباس۔ زیور۔
پیروز ف۔ فتحمند۔
پیزار ف۔ جوتی۔
پیزیدن ف چھننا۔ چھاننا۔
پیزنہ }
پیزن } ف چھلنی۔
پیش ف۔ آگے۔ سامنے۔
پیشانی ف۔ ماتھا۔ بےشرمی اور شوخی۔ وسعت۔
پیشکار ف۔ سامنے کام کرنے والا۔ نوکر۔

پیشکش ف۔ نذر۔ تحفہ دینا۔ بھینٹ۔
پیشدست ف۔ سدھ کاریگر آگے کام کرنے والا۔
پیش نہاد ف۔ ارادہ دل کا
پیشرو ف۔ آگے چلنے والا نوکر
پیشوا ف۔ راہنما۔ ہادی۔
پیشواز ف۔ عورت کی گون پشواز مشہور ہے۔
پیشوائی ف۔ کسی کے آگے اس کو لانے کو جانا۔
پیشہ ف۔ ہنر۔ کسب۔
پیشین ف۔ اگلا۔
پیشینہ ف۔ اگلا۔ پہلے والا
پیشینیان ف۔ اگلے زمانے کے لوگ۔
پیغام ف۔ سندیسا۔
پیغمبر ف۔ سندیسا لانے والا۔
پیغار ف۔ کنایہ۔
پیغولہ ف۔ کونا۔ کھترا۔
پیک ف۔ قاصد۔
پیکار ف۔ لڑائی۔ جنگ۔
پیکان ف۔ بھال۔ تیر کی یا برچھی کی۔
پیکر ف۔ شکل۔ جسم۔

مسلمانوں کی اصطلاح میں ۵۰۰ گز مخصوص ... ۱۲

پیل ف۔ ہاتھی۔
پیلبان ف۔ ہاتھی بان۔ ہاتھی ہانکنے والا نوکر۔
پیلپایہ ف۔ کھم۔ ستون۔
پیلہ ف۔ ریشم کا کیڑا جو ریشم بناتا ہے اور کویا ریشم کا بھی۔
پیمانہ ف۔ پیمائش کرنے والا ناپ۔
پیمان ف۔ وعدہ۔ عہد۔ بچن۔
پیمایش ف۔ ناپنا۔ ناپ۔
پیمودن ف۔ ناپنا۔
پیوستن ف۔ ملنا۔ ملانا۔ مضبوط ہونا۔
پیوستہ ف۔ ملا ہوا۔ بیٹھا ہوا۔
پیوند ف۔ جوڑ۔ ٹکڑا۔
پیہ ف۔ چربی۔
پیہم ف۔ برابر۔ لگاتار۔

باب التاء

تا ف۔ اس تک تاکہ اور جیسے گنتی کے جیسے دوتا سہ تختہ کاغذ۔ ہرگز۔
تاب ف۔ گرمی۔ روشنی طاقت۔ پیچیدگی۔
تابان ف۔ چمکدار۔ چمکنے والا۔
تابستان ف۔ گرمی۔ موسم گرما
تابش ف۔ چمک۔ طاقت
تابع ف۔ ماتحت نوکر۔ فرمانبردار
تابعدار ف۔ آدمی حکم ماننے والا
تابعین ع۔ جمع تابع کی۔
تابناک ف۔ روشن۔ چمکدار
تابوت ع۔ صندوق مردہ کا
تابہ ف۔ توا۔
تابیدن ف۔ چمکنا۔
تابندہ ف۔ چمکنے والا۔
تاثر ع۔ اثر قبول کرنا۔
تاثیر ع۔ اثر کرنا۔ اثر۔
تاج ف۔ بادشاہی ٹوپی۔
تاج خروس ف۔ مرغ کی کلغی اور ایک سرخ پھول ہوتا ہے۔
تاجدار ف۔ بادشاہ۔
تاجر ع۔ سوداگر۔
تاجک ع۔ وہ آدمی جو عرب میں پیدا ہو۔
تاجیک ع۔ جو فارس میں پرورش پاکر بڑا ہوا ہو اس طرح کے لوگ اکثر سوداگری کرتے ہیں اس لئے تاجک کے معنے سوداگر کے بھی لوگ سمجھ لیا کرتے ہیں اور تاجیک نام ملک غیر عرب کا ہے۔
تاجور ف۔ بادشاہ۔
تاجوری ف۔ بادشاہت
تاخت ف۔ حملہ سپاہ۔
تاختن ف۔ ہلہ کرنا حملہ کرنا۔ دوڑنا۔ دوڑانا۔
تاخر ع۔ دیر کرنا پیچھے ہونا
تاخیر ع۔ دیر کرنا۔ دیری
تادب ع۔ زباندانی سیکھنا ادب اختیار کرنا۔
تادیب ع۔ ادب دینا علم زبان سکھلانا۔
تار ف۔ ڈورا۔ سوت۔ بانا
تاراج ف۔ لوٹ۔ غارت
تارک ع۔ چھوڑنے والا۔
تارک ف۔ درمیان سر کے جو ایک لکیر ہے ہندی مانگ
تارکش ف۔ وہ شخص جو تار کھینچتا ہے۔
تارپود ف۔ بانا اور تانا۔
تاریخ ع۔ کوئی دن مہینے کا۔ ایک حادثہ عرصہ زمانہ کا علم واقعات اور حادثات کا
تاریک ف۔ سیاہ کالا جسکے

آرپار نظر نہ جاسکے۔
تاریکی ف۔ اندھیرا۔
تاز ف۔ حملہ۔ ہلہ۔
تازگی ف۔ تازہ ہونا۔ تازہ پن۔
تازہ ف۔ نیا۔ ترت۔
تازی ف۔ عربی۔
تازیانہ ف۔ کوڑا۔ چابک۔
تازیدن ف۔ دوڑنا۔
تاسع ع۔ نواں یعنی (۹)
تاسف ع۔ افسوس کرنا افسوس۔
تاسیس ع۔ بنیاد رکھنا۔ جڑ بنانا۔ مضبوط کرنا۔
تاش ف۔ یار۔ صاحب۔ خداوند۔ شریک۔
تاغی ت۔ باغی پھرا ہوا بادشاہ سے۔
تافتن ف۔ بٹنا۔ چمکنا۔
تافتہ ف۔ بٹا ہوا۔ ریشمی کپڑا
تاقی ت۔ ٹوپی۔ کلاہ۔
تاک ف۔ انگور۔ درخت انگور
تاکید ع۔ بار بار کہنا۔ پختہ کرنا محکم کرنا۔
تالاب ف۔ پوکھر جھیل پانی رکا ہوا۔

تالف ع۔ باہم الفت کرنا۔ محبت کرنا۔ دوستی۔
تالیف ع۔ کتاب بنانا جمع کرنا الفت ڈالنا۔
تمام ع۔ پورا۔ کامل۔
تامل ع۔ خیال کرنا۔ سوچنا
تانی ع۔ دیر کرنا۔ تاخیر کرنا۔
تانیث ع۔ عورت۔
تاوہ ف۔ گرمی۔ طاقت۔
تاوان ف۔ جرمانہ۔ عوض
تاویل ع۔ بیان کرنا تعبیر خواب کی کسی چیز کو ظاہر سے پھیرنا اور اسکے اور ہی معنے بیان کرنا۔
تاہل ع۔ شادی کرنا۔ جورو کرنا کنبہ دار ہونا۔
تائب ع۔ توبہ کرنے والا باز آنے والا۔
تائید ع۔ مدد کرنا۔
تب ف۔ تپ۔ بخار۔ تابش
تبادر ع۔ باہم دوڑنا اور کسی کام میں پیشی کرنا۔
تبادل ع۔ بدل کرنا۔ باہم ایک دوسرے کی تبدیلی ہونی
تباہی ف۔ اجڑنا۔
تباین ع۔ مخالف۔ جدا ہونا

دو چیز کا آپس میں۔
تبار ع۔ خاندان نسل۔ اولاد
تبجیل ع۔ بزرگی کرنا عزت کرنا
تبحر ع۔ مثل دریا کے علم میں ہونا۔ بہت عالم ہوجانا۔
تبختر ع۔ مٹک کر چلنا۔ ناز کرکے چلنا۔
تبخیر ع۔ بوکا اٹھنا۔ بخار بنانا دھواں بنا کر اٹھانا۔
تبدل ع۔ عوض کرنا۔ بدلنا
تبدیل ع۔ بدلنا۔ بدل ڈالنا
تبر ت۔ ایک قسم کی کلہاڑی
تبر ع۔ سونا۔ زر۔ طلا۔ کندن
تبرا ع۔ نفرت کرنا۔ بری جی بیزار ہونا۔
تبرک ع۔ برکت لینا۔ اور وہ چیز جس سے برکت لیجاوے برشاد۔
تبرکات ع۔ برکت لینے کی چیزیں۔ جمع تبرک کی ہے۔
تبرید ع۔ سرد کرنا اور ٹھنڈائی
تبسم ع۔ مسکرانا۔ کلی کا کھلنا
تبصر ع۔ دیکھنا۔ نظر کرنا۔
تبعہ ع۔ انجام بد۔ نتیجہ بد عذاب۔

تبعیت ع۔ تابعداری حکم ماننا پیروی کرنا۔
تبعات ع۔ کسی چیز کے لوازم گنہ کے عذاب۔ دکھ۔ سختی خرابیاں۔
تبلیغ ع۔ پہونچانا کسی کے پاس پہونچوا روانہ کرنا۔
تبنی ع۔ بیٹا بنانا۔ گود لینا۔
تبیین ع۔ بیان کرنا۔ جتلانا۔
تبہ / تبہ کار ف } برباد اور اجڑا ہوا۔
تبیان ع۔ خوب بیان کرنا معنی کا روشن آشکارا کرنا
تپ ف۔ کس۔ بخار۔ تجاری
تپاک ف۔ چالاکی گرمجوشی
تپش ف۔ تڑپنا اور گرم ہونا
تپک ف۔ بندوق۔
تپیدن ف۔ تڑپنا اور گرم ہونا
تتبع ع۔ ڈھونڈھنا۔ تلاش کرنا پیروی۔
تتری ع۔ ملک تاتار کا رہنے والا۔ اس ملک کی کوئی چیز۔
تتمہ ع۔ تمامی بقیہ۔ آخر ہر شئے کا۔
تتمیم ع۔ تمام کرنا۔ پورا کرنا

آخر کو پہونچا دینا۔
تثریب ع۔ سرزنش کرنا۔ ملامت کرنا۔
تثنیہ ع۔ دوگنا۔ دو کرنا۔
تثلیث ع۔ تین حصوں میں تقسیم کرنا۔
تجّار ع۔ سوداگر۔ تجارت کرنے والا۔
تجارُب ع۔ باہم ایک دوسرے کو آزمانا۔
تجارِب ع۔ جمع ہے تجربہ کی۔ آزمایشیں۔
تجارت ع۔ سوداگری، بیوپار۔ سوداگرنا۔
تجاوُز ع۔ گذرنا۔ حد سے لانگھ جانا۔
تجاہُد ع۔ کوشش کرنا۔
تجاہُل ع۔ جان بوجھ کر جاہل ہونا۔ انجان ہونا۔
تجدید ع۔ نیا کرنا۔ نئے سرے کوئی کام کرنا۔
تجربہ ع۔ آزمانا۔ آزمایش۔
تجربہ کار ف۔ آزمودہ۔ آزمایش کیا ہوا۔
تجرُّد ع۔ ننگا ہونا۔ تنہائی۔ علیحدگی دنیا سے۔
تجرُّع ع۔ گھونٹ گھونٹ کر کے پینا۔
تجرید ع۔ تنہائی۔ مجرد کرنا ننگا کرنا۔
تجزی ع۔ تقسیم جزو جزو ہونا
تجسُّس ع۔ تلاش کرنا ڈھونڈھنا۔
تجلّی ع۔ روشنی۔ آشکارا ہونا روشن ہونا۔ اور نور الٰہی
تجمّل ع۔ زیبائش شان و شکوہ اور جمال کی آرائش کرنا۔
تجنیس ع۔ ہم جنس کرنا یکساں کرنا
تجویز ع۔ جائز کرنا۔ رائے کرنا کوئی بات نکالنا۔
تجویف ع۔ شکم خالی رکھنا کھوکھلا بنانا۔
تجہیز ع۔ سامان کرنا جہیز شادی کا دینا اور اسباب مردے کا تیار کرنا
تحابُب ع۔ باہم محبت کرنا آپس میں پیار کرنا۔
تحائف ع۔ جمع تحفہ کی۔
تحت ع۔ زیر۔ نیچے۔
تحذیر ع۔ ڈرنا۔ خوف دلانا
تحدّث ع۔ قصہ بنانا۔ کہانی کہنا
تحریر ع۔ لکھنا۔ صاف کرنا۔ حشو زائد سے آزاد کرنا۔
تحرُّک ع۔ حرکت کرنا ہلنا
تحریص ع۔ لالچ دینا حرص دلانا
تحریک ع۔ حرکت دینا۔ ہلانا
تحریف ع۔ بدل ڈالنا حرف بدلنا۔
تحسُّر ع۔ افسوس حسرت کرنا
تحسین ع۔ سراہنا تعریف کرنا
تحصیل ع۔ حاصل کرنا
تحف ع۔ جمع تحفہ کی نادر اشیا
تحفگی ف۔ تحفہ پن۔ خوبی
تحفہ ف۔ نادر۔ انوکھا۔ بہت خوب
تحدید ع۔ حد کرنا۔ ماہیت بیان کرنا
تحقیر ع۔ ذلیل کرنا۔ حقیر سمجھنا
تحقُّق ع۔ ثابت ہونا ہو جانا
تحقیق ع۔ دریافت کرنا۔ کھوج لگانا۔
تحکُّم ع۔ دعوے کرنا حکومت کرنا۔ زبردستی حکومت کرنا
تحلیل ع۔ اجزا کا کھولدینا پچا دینا۔ کسی چیز کو گلا دینا۔
تحمُّل ع۔ برداشت کرنا۔ اٹھانا
تحمید ع۔ تعریف کرنا۔ حمد کرنا سراہنا۔
تحمیل ع۔ لادنا۔ بوجھ لادنا
تحویل ع۔ سپرد کرنا۔ کسی کو کوئی چیز حوالے کرنا۔
تحویلدار ف۔ خزانچی۔ نقد رکھنے والا۔ روکڑیا۔
تحیّہ ع۔ زندگی دینا۔ سلام کرنا۔ مبارکباد کہنا۔
تحیُّر ع۔ حیران ہونا بھوچکا ہو جانا۔
تخالُف ع۔ باہم مخالف ہونا
تخت ف۔ بیٹھنے کی چوکی تخت بادشاہی۔
تختگاہ ف۔ دارالسلطنت حاکم اعلےٰ کے رہنے کا شہر گورنمنٹ کے مقام کا شہر۔
تختہ ف۔ لکڑی کی تراشی ہوئی کا تختہ
تخریب ع۔ خراب کرنا اجاڑ دینا
تخصیص ع۔ خاص کرنا خصوصیت۔
تخفیف ع۔ ہلکا کرنا۔ بوجھ اتارنا۔ کم کرنا۔
تخلُّص ع۔ چھٹکارا۔ بچاؤ۔ مختصر نام جو شاعر لوگ اپنا نام مقرر کرکے شعر میں لکھا کرتے ہیں

تَخَلُّفُ ع۔ پیچھے رہنا۔خلاف وعدہ کرنا۔
تَخَلُّلُ ع۔ بیچ میں آجانا۔ خلل ڈالنا۔خرابی اور تباہی۔
تَخْلِیصُ ع۔ خلاص کرنا، چھوڑ دینا۔
تُخْمُ ف۔ بیج۔ گری۔
تُخْمَہ ع۔ بدہضمی۔
تَخْمِیرُ ع۔ خمیر اٹھانا۔ ادبال اٹھانا۔
تَخْمِینُ ع۔ اندازہ کرنا اٹکل کرنا
تَخْمِینَہ ع۔ حساب سرسری، اٹکل سے حساب کرنا۔
تَخْمِینًا ع۔ اٹکلوں۔ اندازہ سے
تَدَابِیرُ ع۔ تدبیریں۔ تجویزیں بندوبست کرنا۔
تَدَاخُلُ ع۔ ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ کئی چیزیں جو باہم مل کر داخل ہوں۔
تَدَارُکُ ع۔ کوئی چیز فوت شدہ کو پانا۔ بدلہ۔
تَدَاوُلُ ع۔ دست بدست ایک دوسرے سے لے لینا۔
تَدَبُّرُ ع۔ پیچھے پڑنا۔ غور کرنا۔
تَدْرِیجُ ع۔ درجہ بدرجہ ہونا تھوڑا تھوڑا ہونا۔
تَدْرِیسُ ع۔ سبق دینا۔ علم سکھلانا۔ کہنہ کرنا۔
تَدْفِینُ ع۔ زمین میں گاڑ دینا دفن کرنا۔
تَدْقِیقُ ع۔ باریک کرنا خوب کوٹنا۔ باریک بات کا نکالنا۔
تَدْوِینُ ع۔ جمع کرنا تالیف کرنا
تَدَیُّنُ ع۔ دیندار ہونا دینداری
تَذَبْذُبُ ع۔ دھکر پکڑ۔ دبدھا شک وشبہہ۔
تَذْکِرَہ ع۔ یادداشت۔ یاد۔ ذکر
تَذَکُّرُ ع۔ مردانیت۔ مردیت۔
تَذَرْوُ ف۔ کبک مشہور پرندہ ہے
تَذْلِیلُ ف۔ ذلیل کرنا۔ بے عزت کرنا۔
تُرُ ف۔ لتھڑا۔ بھیگا۔
تُرَابُ ع۔ مٹی۔ زمین خاک
تَرَاخِیُ ع۔ دیر۔ کاہلی اور تقصیر کرنا۔
تَرَازُو ف۔ ٹکڑی۔ تلا۔
تَرَاشُ ف۔ کاٹ۔ کٹاؤ۔ افتخار۔ آرایش۔ نفع۔
تَرَاشَہ ف۔ چھلکا۔ تراشا ہوا ایک آلہ لوہے کا ہے جس سے پتھر تراشتے ہیں۔
تَرَاشِیدَنُ ف۔ کاٹنا چھیلنا
تَرَاکُمُ ع۔ انبوہ۔ بھیڑ۔
تَرَاکِیبُ ع۔ جمع ہے ترکیب کی یعنی ترکیبیں۔
تَرَانَہ ف۔ راگ۔ گیت۔
تَرَاوِشُ ف۔ ٹپکنا۔ ٹپکا۔
تَرَاوِیدَنُ ف۔ ٹپکنا۔
تُرُبُ ف۔ مولی ایک قسم کی ترکاری مشہور ہے۔
تُرْبَت ع۔ مٹی۔ زمین۔ قبر
تَرْبُزُ ف۔ تربوز۔ ہندوانہ
تَرْبِیَت ع۔ پرورش کرنا۔ پالنا۔
تَرْجُمَانُ ع۔ وہ شخص جو ایک زبان کو دوسری زبان میں تبلا دے۔ دوبھاشیا۔
تَرْجُمَہ ع۔ ایک زبان کو دوسری زبان میں بدلنا اور لغوی معنے اسکے بیان کرنا۔
تَرْجِیحُ ع۔ غلبہ دینا۔ اور افزوں کرنا۔
تَرَحُّمُ ع۔ رحم کرنا دیا کرنا ترس کرنا۔
تَرْخِیمُ ع۔ جسم کاٹنا مختصر کرنا۔
تَرَدُّدُ ع۔ آمدورفت کشتکاری شک۔
تَرَدُّدَاتُ ع۔ کشتکاریاں شکوک۔
تَرْدَامَنُ ف۔ گناہگار۔
تَرْدِمَاغُ ف۔ عقلمند۔ صاحب شعور۔ مسرور۔ مست۔
تَرْدِیدُ ع۔ رد کرنا۔ کسی بات کا جواب دینا۔
تَرْدِیفُ ع۔ کسی کے پیچھے ایک ہی گھوڑے پر سوار ہونا دو لفظوں کے ایک معنی ہونا۔
تَرْزَبَانُ ف۔ فصیح۔ خوش کلام بولنے والا۔
تَرْسُ ف۔ خوف۔ ڈر۔ دہشت
تُرْسُ ع۔ ڈھال۔ سپر۔
تَرْسَا ف۔ ڈرنے والا۔ آتش پرست۔
تَرْسَانُ ف۔ ڈرنیوالا۔ ڈرتا ہوا
تَرْسَانِیدَنُ ف۔ ڈرانا۔
تَرْسَنَاکُ ف۔ خوفناک۔ ڈرا ہوا۔
تَرْسِنْدَہ ف۔ ڈرنے والا۔
تَرْسِیدَنُ ف۔ ڈرنا۔ خوف کرنا۔

ترسیل ع۔ روانہ کرنا بھیجنا۔ نامہ بھیجنا۔
ترش ف۔ کھٹا۔ چوکا۔
ترشح ع۔ ٹپکنا پانی کا چھلکنا۔
ترشرو ف۔ ناراض۔ خفا۔
ترشی ف۔ کھٹائی۔ ناراضگی خفگی۔
ترصد ع۔ امید گھات لگانا امید رکھنا۔
ترصیص ع۔ مضبوط بنانا۔ پاس پاس ملاکر بنانا۔
ترغیب ع۔ رغبت دلانا۔ لالچ دلانا۔
ترفہ ع۔ آسودگی۔ دولتمندی
ترفیہ ع۔ آسودہ کرنا۔
ترقب ع۔ امید رکھنا۔ امید انتظار۔
ترقی ع۔ بلند ہونا۔ اوپر چڑھنا
ترقیق ع۔ باریک کرنا۔
ترقیدن ف۔ پھٹنا پھوٹنا۔ شگافتہ ہونا۔
ترقیم ع۔ لکھنا۔ رقم لکھنا۔
ترک ع۔ چھوڑنا چھوڑ دینا۔
ترکان ف۔ لقب عورتوں کا ہے جیسا کہ بی بی بیگم کہتے ہیں

ترک ف۔ نام ایک قوم کا ہے جو ترکستان میں بستے ہیں کہتے ہیں کہ یہ لوگ اولاد ترک بن یافث کے ہیں۔ مجازی معنے معشوق کے ہیں۔
ترکتاز ف۔ دوڑ دھوپ حملہ۔ ہلہ۔
ترکش ف۔ تیر رکھنے کا خانہ
ترکمان ف۔ نام ایک قوم کا ہے اور ترک کے مانند یہ بھی ہیں
ترکہ ع۔ مال مردے کا۔
ترکی ف۔ زبان ترک قوم کی جو ترکستان میں بولی جاتی ہے
ترکی تمام شد ف۔ غرور جاتا رہا۔
ترکیب ع۔ مرکب کرنا کئی چیزوں کو ملاکر بنانا۔
ترکیدن ف۔ شق ہونا۔ پھٹ جانا۔
ترمس ع۔ باقلہ مصری جو کھٹا ہوتا ہے۔
ترمیم ع۔ مرمت کرنا۔
ترنج ف۔ لیموں۔ نیبو۔
ترنم ع۔ گیت گانا۔
ترویج ع۔ رائج کرنا چلانا

ترہ ف۔ کینہ۔ باطل ساگ ترکاری۔
ترہات ف۔ خرافات۔ بیہودگیاں۔ مہملات۔
تریاق ع۔ زہر مہرہ۔ زہر کی دوائی۔
تزاحم ع۔ انبوہ اور انبوہ کرنا۔ بھیڑ کرنا۔
تزاید ع۔ زیادہ ہونا افزون ہونا
تزک و توزک ت۔ قانون اور وہ واقعہ جسکو خود بادشاہ نے لکھا ہو۔ شان و شوکت۔
تزکی ع۔ پاک کرنا صاف کرنا
تزکیہ ع۔ پاک کرنا۔
تزلزل ع۔ زلزلہ آنا زمین پیر ڈگمگانا۔ اکھڑ پکھڑ۔
تزویر ع۔ جھوٹ بولنا۔ فریب کرنا۔
تزیین ع۔ زینت کرنا۔ زیبایش کرنا۔
تساوی ع۔ برابری۔ برابر کرنا
تساہل ع۔ آسان کرنا آسان سمجھنا غفلت کرنا۔
تسبیح ع۔ پاکی سے یاد کرنا خدا کا سبحان اللہ کہنا۔

تسخیر ع۔ تابع کرنا اپنی طرف کرلینا۔
تسدید ع۔ درست کرنا۔ مضبوط کرنا۔
تسدیس ع۔ چھ حصوں میں تقسیم کرنا۔
تسرع ع۔ بشتابی کرنا۔ جلدی کرنا۔ پھرتی کرنا۔
تسطیر ع۔ لکھنا سطر بندی کرنا
تسع ع۔ نو یعنی (۹) لعہ
تسعون ع۔ نوے (۹۰) لعہ
تسکین ع۔ تسلی آرام ڈھارس
تسلسل ع۔ سلسلہ بندی لڑی بندھنا۔
تسلط ع۔ حاکم ہوجانا غالب آجانا۔
تسلی ع۔ ڈھارس خاطر جمع
تسلیم ع۔ سلام کرنا۔ ماننا منظور کرنا حکم کو۔
تسمہ ف۔ چمڑے کا لمبا ٹکڑا مشہور ہے۔
تسمین ع۔ موٹا کرنا فربہ کرنا
تسمیہ ع۔ نام رکھنا۔
تسوید ع۔ سیاہ کرنا۔ لکھنا۔
تشابہ ع۔ باہم مشابہت ہونا

تشارک ع۔ ایک دوسرے کے شریک ہونا۔
تشاکل ع۔ باہم ایک شکل ہونا
تشبیہ ع۔ کسی کو دوسرے سے مثال دینا۔ مشابہ کرنا۔
تشتت ع۔ پراگندگی۔ پریشانی۔ ابتری۔
تشخص ع۔ تعین پانا۔ معین ہوجانا
تشخیص ع۔ مقرر کرنا۔ جانچنا
تشدید ع۔ سخت کرنا۔ استوار کرنا
تشریح ع۔ شرح کرنا۔ کھولنا طب میں بدن کا حال بیان کرنا
تشریف ع۔ خلعت لباس قیمتی جو بادشاہ کے دربار سے ملے بزرگ کرنا اور عزت رکھنا۔
تشفی ع۔ تسکین تسلی و شفا پانا
تشکک ع۔ شک میں پڑنا۔ اور شبہہ میں پڑنا۔
تشکیک ع۔ شک میں ڈالنا کسی کو
تشنگی ف۔ پیاس۔
تشنج ع۔ عضو بدن کا اینٹھ جانا
تشنہ ف۔ پیاسا۔
تشنیع ع۔ برا بھلا کہنا لعنت ملامت کرنا۔
تشوش ع۔ متفکر ہونا پریشان ہونا
پریشانی۔
تشویر ع۔ شور کرنا۔
تشویش ع۔ فکر میں ڈالنا و فکر
تشہیر ع۔ مشہور کرنا۔ شہرت دینا
تشیید ع۔ مضبوط کرنا۔ گچ اور چونہ سے عمارت بنانا۔
تشیخ ع۔ شیخی کرنا اپنی تعریف آپ کرنا۔
تشیع ع۔ اپنے تئیں شیعہ کہنا مذہب شیعہ میں ہونا۔
تشییع ع۔ رخصت کرنا مسافر کو راہ تک پہونچانے کو جانا۔
تشین ع۔ شان پانا۔ عزت دار بننا۔
تصاریف ع۔ گردشات۔
تصاعد ع۔ بلند ہونا اور چڑھنا۔ باہم ملکر بلند ہونا۔
تصافح ع۔ باہم ہاتھ ملانا بروقت ملاقات کے۔
تصانیف ع۔ کتابیں تصنیف کی ہوئیں۔
تصاویر ع۔ تصویریں صورتیں کھینچی ہوئیں۔
تصحیح ع۔ صحیح کرنا۔ درست کرنا
تصحیف ع۔ کتاب بنانا لکھنا پڑھنے یا لکھنے میں کچھ غلطی کرنا۔
تصدق ع۔ وسیلہ او صدقہ کرنا
تصدی ع۔ درپیش ہونا۔ سامنے آنا۔
تصدیع ع۔ تکلیف دینا دردسر کر دینا۔
تصدیق ع۔ سچا کرنا۔
تصرف ع۔ دخل کرنا۔ کچھ کا کچھ کر دینا۔
تصریف ع۔ گردان کرنا۔ گردانا
تصریح ع۔ ظاہر کرنا۔
تصغیر ع۔ چھوٹا کرنا۔
تصفیہ ع۔ صفا کرنا صفائی کرنا
تصلیب ع۔ سولی دینا۔ سولی پر کھینچنا۔
تصمیم ع۔ پختہ کرنا خالص کرنا
تصنع ع۔ بناوٹ کاریگری کرنا خوشامد۔ عورت کا اپنا بناؤ اور حسن درست کرکے ظاہر کرنا
تصنیف ع۔ کوئی کتاب بنانا۔ دل سے کچھ مضمون نکالنا قسم قسم علیحدہ کرکے بیان کرنا۔
تصور ع۔ دھیان۔ خیالی۔
تصوف ع۔ نام ہے اس علم کا جو صوفی لوگ پڑھتے ہیں یعنے علم فقیری۔
تصویر ع۔ صورت صورتگری صورت بنانا۔
تضاد ع۔ باہم ضد ہونا آپس میں مخالف ہونا۔
تضاعف ع۔ دوچند دوچند کرنا
تضحیک ع۔ ہنسنا ہنسانا
تضرع ع۔ گڑگڑانا منت کرنا۔ زاری کرنا۔
تضمن ع۔ پیٹ میں لینا۔ بیچ میں ملا لینا۔
تضمین ع۔ کسی کے کلام کو اپنے کلام کے اندر لے لینا۔
تضییع ع۔ ضایع کرنا۔ کھونا۔ بے فائدہ برباد کرنا۔
تطابق ع۔ باہم مطابق ہونا مطابقت۔
تطاول ع۔ ظلم تکبر دراز دستی کرنا
تطبیق ع۔ مطابق کرنا۔
تطوع ع۔ حکم ماننا اور سوائے فرض کے زیادہ خدمت کرنا۔
تطویل ع۔ دراز کرنا۔
تطہیر ع۔ پاک کرنا۔
تظلم ع۔ ظلم سے فریاد کرنا اور رونا بسبب ستم کے۔
تعارض ع۔ کسیکے سامنے آنا

کچھ جھگڑا کرنا۔
تَعَارُف ع۔ جان پہچان۔ آشنا خبت باہم کرنا۔
تَعَاقُب ع۔ پیچھا کرنا۔ باہم پیچھا کرنا۔
تَعَالُ ع۔ اسکے معنی ہیں آؤ۔
تَعَالیٰ ع۔ بلند ہوا یہ صیغہ فعل ماضی کا ہے۔
تَعَاوُن ع۔ باہم ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
تَعَب ع۔ رنج ماندگی۔ تھکاؤ۔
تَعبِیر ع۔ بیان کرنا اور خواب کے معنی بتلانا۔
تَعبِیَہ ع۔ آراستہ کرنا۔ پنہاں کرنا
تَعَجُّب ع۔ اچنبھا۔ انوکھاپن اچنبھا کرنا۔
تَعجِیل ع۔ شتابی کرنا اور جلدی کرنا کسی کام میں۔
تِعدَاد ع۔ گنتا۔ شمار کرنا۔
تَعُدُّ ع۔ شمار کرتا ہے تو۔ گنتا ہے تو
تَعَدِّی ع۔ ظلم و ستم حد سے بڑھ جانا
تَعَذُّر ع۔ عذر کرنا۔ معذور کرنا
تَعذِیب ع۔ دکھ دینا۔ عذاب دینا
تَعذِیر ع۔ عذر کرنا۔ معذور کہنا
تَعَرُّض ع۔ پیش آنا۔ چھیڑنا

تَعرِیض ع۔ چھیڑنا کسی کو کسی کام پر لانا
تَعرِیف ع۔ معنے بیان کرنا سراہنا۔ جتلانا۔
تَعَرُّف ع۔ شناخت کرنا۔ بتانا
تَعرِیَہ ع۔ ننگا کرنا۔
تَعزِیَت / تَعزِیَہ ع۔ ماتم پرسی کرنا ماتم کرنا۔
تَعزِیر ع۔ سیاست کرنا۔ سزا دینا
تَعزِیل ع۔ عہدے سے برطرف کرنا
تَعَسُّر ع۔ دشواری۔ مشکل ہونا
تَعَسُّف ع۔ بے راہ چلنا۔ گمراہ جانا۔
تَعَشُّق ع۔ عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا
تَعَصُّب ع۔ بے جا کرنا۔ طرفداری کرنا
تَعَطُّر ع۔ خوشبو ہونا۔ خوشبو گندہ ہو جانا
تَعَطُّل ع۔ بیکار ہو جانا۔
تَعطِیل ع۔ بیکار کرنا کسی شخص کو
تَعَظُّم ع۔ بزرگی کرنا۔
تَعظِیم ع۔ بزرگی کرنا۔ عزت کرنا
تَعَفُّن ع۔ بدبو ہونا۔ سڑ جانا
تَعَقُّب ع۔ کسی بھاگے ہوئے کے پیچھے جانا۔ پیچھا کرنا۔
تَعَقُّل ع۔ سمجھنا۔ جاننا۔ فکر کرنا
تَعَلُّق ع۔ لگاؤ۔ علاقہ رکھنا

تَعَلُّقَہ ع۔ علاقہ لگاؤ۔
تَعَلُّل ع۔ دوبارہ شراب پلانا
تَعلِیل ع۔ وجہ بیان کرنا۔ دلیل لانا۔
تَعَلُّم ع۔ سیکھنا۔ علم سیکھنا
تَعلِیق ع۔ لٹکانا کسی چیز کو دوسری چیز سے متعلق کرنا۔
تَعلِیقَہ ع۔ ضبط کرنا اسباب کا
تَعَمُّق ع۔ غور کرنا اور کسی چیز یا کی کنہ کو پہونچنا۔
تَعلِیم ع۔ سکھلانا۔ علم پڑھانا
تَعَمُّل ع۔ عمل میں لانا۔ کار کرنا
تَعمِیر ع۔ عمارت بنانا۔ آباد کرنا
تَعوِیذ ع۔ پناہ دینا اور پناہ میں لانا۔ بچاؤ۔
تَعوِیق ع۔ باز رکھنا اور روکنا بند کرنا۔
تَعوِیل ع۔ بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا
تَعَہُّد ع۔ کسی کام کا سرانجام کرنا اپنے ذمہ پر لینا۔ ضامنی کرنا
تَعَیُّن ع۔ معین کرنا۔ خاص کرنا کسی چیز سے ایک شے کو خاص کرنا
تَعَیُّنَات ع۔ تشخصات۔ خصوصیات۔
تَعَیُّر ع۔ سرزنش ظاہر کرنا۔ عار دلانا

تَغَابُن ع۔ باہم نقصان اٹھانا غبن کھانا۔ زیاں کاری۔
تَغَارُ ت۔ تغاری یعنی طشت مٹی کا یا تھال مٹی کا۔
تَغَارِی ت۔ کونڈا مٹی کا۔
تَغَافُل ع۔ غفلت کرنا۔ جان بوجھ کر باہم غفلت کرنا
تَغَایُر ع۔ فرق باہم مغائر ہونا
تَغذِیَہ ع۔ غذا دینا۔ پالنا خورش دینا۔
تَغَلُّب ع۔ غلبہ ہونا غالب ہونا زبردستی کر کے مال کسی کا لینا
تَغمَہ ت۔ یہ لفظ غلط مشہور ہے اصل میں تمغہ ہے۔
تَغَیُّر ع۔ بدلنا پہلی حالت سے دوسری حالت کر دینا۔
تَف ت۔ بخار۔ حرارت۔ روشنی۔ بدبو۔
تُف ت۔ تھوک اور تھوکنا۔
تُفَّاح ع۔ سیب مشہور میوہ ہے
تَفَاخُر ع۔ آپس میں فخر کرنا اور دوں سے آپ کو بڑا سمجھنا۔
تَفَارِیق ع۔ جمع تفریق کی جدائیاں۔ تفریقیں۔
تَفَاسِیر ع۔ جمع تفسیر کی شرح

قرآن شریف کی یا خدا کی کتاب کی شرح ۔
تفاصیل ع ۔ جمع تفصیل کی
تفاوت ع ۔ فرق فاصلہ درمیان دو چیزوں کے ۔
تفاول ع ۔ فال لینا آپس میں شگون لینا ۔
تفت ف ۔ گرم ۔ سوختہ ۔ غضبناک مجازاً بمعنی مفلس
تفتہ ف ۔ سوختہ ۔ جلا ہوا ۔ عاشق
تفتن ف ۔ گرم ہونا خفا ہونا جلنا ۔
تفتیح ع ۔ کھول دینا ۔
تفتیش ع ۔ تلاش کرنا کھودنا ۔ ڈھونڈھنا ۔
تفحص ع ۔ ڈھونڈھنا ۔ کھودنا ۔ تلاش کرنا ۔
تفرج ع ۔ کشایش اور خوشحالی مجازاً سیر و تماشا ۔
تفرد ع ۔ یگانہ ہونا اور خلوت پسند کرنا ۔
تفریس ع ۔ پھاڑنا ۔ درندہ پن
تفرس ع ۔ اول نظر میں دیکھتے ہی پہچان لینا کسی شے کا اسکی علامات اور آثار سے دانائی
تفرقہ ع ۔ فرق ۔ فاصلہ ۔ جدائی
تفریح ع ۔ خوش کرنا فرحت دینا
تفریط ع ۔ ضایع کرنا یا کم کرنا کسی کام میں ۔
تفریق ع ۔ فرق کرنا فاصلہ کرنا علیحدہ کرنا ۔
تفسیدن ف ۔ گرم ہونا ۔ تتا ہونا
تفسیر ع ۔ بیان کرنا ۔ اور کلام خدا کی شرح کرنا اور شرح ۔
تفصیل ع ۔ جدا کرنا فاصلہ کرنا
تفضیل ع بفضیلت دینا ۔ بزرگی کرنا ۔
تفضیح ع ۔ رسوائی کرنا ۔ فضیحت کرنا ۔
تفضل ع ۔ بزرگی ۔ بڑائی فضیلت ۔
تفقد ع ۔ گمشدہ کو ڈھونڈھنا پرستش کرنا ۔ مجازاً مہربانی دلجوئی غمخواری کرنا ۔
تفکر ع ۔ فکر کرنا من میں سوچ پیدا کرنا ۔
تفکہ ع ۔ میوہ کھانا ۔
تفک ۔ تفنگ ف ۔ بندوق
تفنگچی ف ۔ بندوقچی بندوق والا
تفنن ع ۔ شاخ شاخ ہونا ۔ گونہ گونہ ہونا ۔ ایک حال سے دوسرے حال میں ہونا ۔
تفوق ع ۔ برتری کرنا ۔ اوپر ہونا ۔
تفویض ع ۔ سپرد کرنا ۔ اپنا کام دوسرے کو دینا ۔
تفہ ع ۔ بے مزہ جس چیز میں کچھ مزہ نہ ہو جیسا کہ کدو خیار ۔
تفہم ع ۔ خود سمجھ جانا ۔
تفہیم ع ۔ سمجھانا ۔
تفیدن ف ۔ گرم ہونا خفا ہونا ۔ سوختہ ہونا ۔
تقابل ع ۔ باہم مقابل ہونا
تقادیر ع ۔ جمع تقدیر کی ۔
تقارب ع ۔ باہم قریب ہونا پاس پاس ہونا ۔
تقاریر ع ۔ جمع تقریر کی ۔
تقاضا ع ۔ خواہش یا مانگنا
تقاعد ع ۔ کسی کام سے باز رہنا کسی کام کرنے سے کنارے بیٹھنا
تقاطر ع ۔ پے در پے قطرے ٹپکنے
تقالیب ع ۔ گردشات زمانہ جمع ہے تقلیب کی ۔
تقاوی ع ۔ قوت دینا اور اصطلاح میں وہ روپیہ جو سرکار بطور قرضہ کے زمینداروں کو واسطے درستی کار زراعت کے دیوے ۔
تقاویم ع ۔ جمع ہے تقویم کی جنتریاں پترے ۔
تقبل ع ۔ قبول کرنا منظور کرنا
تقبیل ع ۔ بوسہ دینا ۔ چومنا کسی چیز کا ۔
تقدس ع ۔ پاک کرنا اور پاک ہونا ۔
تقدیر ع ۔ اندازہ کرنا اور اندازہ جو خدا نے پہلے ہی سب کا کر دیا ہے ۔
تقدیس ع ۔ پاک کرنا اور پاکی سے منسوب کرنا ۔
تقدیم ع ۔ پیش پہونچانا ۔ مقدم کرنا ۔
تقرب ع ۔ نزدیکی ۔
تقرر ع ۔ مقرر کرنا ۔ ٹھہرانا
تقریب ع ۔ نزدیک کرنا ۔ ایسی طرح پر بات کا کہنا جو مطلب کو لازم ہو جاوے ۔
تقریباً ع ۔ تخمیناً ۔
تقریر ع ۔ مقرر کرنا ۔
تقسیم ع ۔ بانٹنا ۔ حصے کرنا

تقشیر ع۔ چھلکا اتارنا۔
تقصیر ع۔ کمی کرنا۔ کوتاہی کرنا خطا۔ قصور۔
تقصیر وار ف۔ قصوروار آدمی گنہگار۔
تقطیر ع۔ ٹپکانا۔ قطرہ ڈالنا۔
تقطیع ع۔ ٹکڑے کرنا قطع دار بنانا۔
تقلب ع۔ پلٹنا۔ گردش پھرنا
تقلیب ع۔ الٹنا پلٹنا۔ بدلنا۔
تقلید ع۔ گلوبند درمیان گردن کے ڈالنا اپنی گردن پر کام لینا مجازاً پیروی کرنا کسی کی بدون دریافت اس کی حقیقت کے۔
تقلیدی ع۔ وہ شخص جو کسی کا پیرو ہو۔
تقلیل ع۔ کم ہونا اور تھوڑا کرنا
تقوی ع۔ ڈرنا اور پرہیزگاری
تقویت ع۔ قوت دینا طاقت
تقویم ع۔ قیمت کرنا۔ سیدھا کرنا اور جنتری نجومیوں کی۔
تقی ع۔ ڈرنے والا خدا سے پرہیزگار۔
تقیید ع۔ قید کرنا اور بند کرنا
تکاثر ع۔ بہتایت اور کثرت اور زیادہ افزوں ہونا۔
تکارم ع۔ آپس میں گرم ہونا، آپس میں بخشش کرنا۔
تکاسل ع۔ اپنے تئیں سست اور کاہل دکھلانا۔
تکافو۔ آپس میں برابر ہونا۔
تکالیف ع۔ جمع ہے تکلیف کی
تکاور ف۔ تیز رو گھوڑا۔
تکاہل ع۔ اپنے تئیں کاہل کرنا یا کاہل دکھلانا۔
تکبر ع۔ غرور کرنا۔ بڑا سمجھنا اپنے تئیں۔
تکبیر ع۔ بزرگ کرنا۔ بڑا کہنا بڑا کرنا۔
تکثیر ع۔ زیادتی کرنا افزونی کرنا
تکدر ع۔ مکدر ہونا تیرہ ہونا
تکدو ف۔ یہ اصل میں تگ و دو ہے تگ بمعنی دوڑنے کے اور دو دویدن سے مراد دوڑ دھوپ کرنا۔
تکذیب ع۔ جھٹلانا جھوٹا کرنا
تکرار ع۔ بار بار پھرانا۔
تکرر ع۔ بار بار کرنا پھر پھر کر کوئی بات کرنا۔
تکریم ع۔ بزرگی کرنا۔ عزت کرنا
تکسل ع۔ کاہل اور سست ہونا
تکسر ع۔ ٹوٹنا اور شکستہ ہونا
تکفل ع۔ ضامن اور ذمہ دار کسی چیز کا ہونا۔
تکفیر ع۔ کافر کہنا۔ اور کفارہ دینا
تکفیل ع۔ کفالت کرنا۔ ضمانت دینا۔
تکفین ع۔ مردہ کو کفن پہنانا
تکلہ ف۔ نام ایک بادشاہ شیراز کا ہے۔
تکلف ع۔ اپنے پر تکلیف اٹھانا یا وہ بات دکھلانا جو اپنے میں نہ ہو۔
تکلم ع۔ بات کرنا اور رام کا صیغہ بھی ہے اگر تکلم پڑھیں
تکلیف ع۔ دکھ۔ کسی کو رنج میں ڈالنا وہ کام کرانا کسی سے جو اسکی طاقت سے خارج ہو۔
تکمہ ف۔ گریبان کی گھنڈی
تکمید ع۔ ٹکورنا۔ گرم پوٹلی سے بدن سینکنا
تکمیل ع۔ کامل کرنا۔
تکون ع۔ ہوجانا وجود پانا
تکوین ع۔ پیدا کرنا وجود دینا
تکہ ع۔ ازار بند۔
تکیہ ف۔ بھروسہ کرنا۔
تکیہ زدن ف بھروسہ کرنا۔
تگ ف۔ ڈگ۔ قدم۔ دوڑنا
تگاپو ف۔ دوڑ دھوپ۔ یعنی آمد و رفت جلدی کرنا۔
تگرگ ف۔ اولا جسکو ژالہ اور رگچہ بھی کہتے ہیں۔
تگدو ف۔ دوڑ دھوپ اور تلاش۔
تگ و پو ف۔ ایضاً۔
تل ف۔ تودہ۔ ٹیلہ۔
تلازم ع۔ باہم لازم ہونا
تلاش ف۔ جستجو۔ ڈھونڈھنا
تلاطم ع۔ باہم طمانچہ زنی کرنا اور موج زنی باہم کرنا۔
تلافی ع۔ تدارک پانا اور ہاتھ میں لانا۔
تلاقی ع۔ باہم ملاقات کرنا۔
تلامذہ ع۔ جمع تلمیذ کی۔ شاگرد لوگ۔
تلاوت ع۔ پڑھنا۔ قرآن شریف پڑھنا۔
تلبیس ع۔ لباس پہننا مکر و فریب۔
تلخ ف۔ کڑوا۔

تلخہ ف. صفرا۔ اور پتہ۔
تلخیص ع. خلاصہ کرنا۔ پاک و صاف کرنا۔
تلذذ ع. لذت لینا مزہ اٹھانا
تلطف ع. مہربانی لطف کرنا
تلف ع. ضائع کرنا۔ کھو دینا
تلفظ ع. الفاظ کا منھ سے بولنا۔ بولنا۔
تلقی ع. ملاقات کرنا اور قبولنا
تلقین ع. سمجھانا اور تعلیم کرنا
تلمذ ع. شاگرد ہونا۔
تلمیذ ع. شاگرد۔ مرید۔
تلواسہ ع. غم اور اضطراب اور فکر
تلون ع. رنگا رنگ ہونا رنگ برنگ ہونا۔
تلوین ع. طرح بطرح ہونا۔
تلیین ع. نرم کرنا۔ ملائم کرنا
تماثیل ع. تصویریں اور فرمان بادشاہی۔ جمع تمثال کی
تماثل ع. مشابہ ہونا ہمشکل آپس میں ہونا۔
تماچہ ف. تھپڑ۔ دھپہ۔
تمادی ع. کشیدگی۔ درازی
تماشا ع. سیر کرنا۔ پیدل باہم ملکر چلنا۔

تماش بینی ف. رنڈی بازی کنجری بازی۔
تمام ع. پورا۔ کامل۔
تمائم ع. جمع تمیمہ کی تعویذات
تمتع ع. برخورداری پانا فائدہ مندی اٹھانا۔
تمثال ع. صورت۔ پیکر۔ فرمان بادشاہی۔
تمثل ع. سامنے ہونا مثال دینا
تمثیل ع. مثال دینا۔ تشبیہہ دینا۔
تمجید ع. بزرگ کرنا۔
تمدد ع. کشیدگی کھینچنا۔
تمر ع. کھجور۔ سوکھی ہوئی کھجور
تمرد ع. سرکشی کرنا سرکشی۔
تمساح ع. نہنگ۔ ناکہ۔
تمسخر ع. ہنسی کرنا ٹھٹھا کرنا
تمسک ع. کسی چیز میں چنگل مارنا۔ پکڑنا کسی شے کا۔
تمشی ع. ارادہ جاری کرنا رواں کرنا۔
تمشیت ع. جاری کرنا رواں کرنا۔
تمغات ع. محصول اور مہر جو اسباب سوداگری پر سرکار سے لگائی جاتی ہے اور فرمان شاہی جو تمغہ بولتے ہیں وہ غلط ہے
تمکن ع. جگہ پکڑنا اور قائم ہونا
تمکنت ع. غرور۔ ٹیپ ٹاپ
تمکین ع. جگہ دینا اور عین جگہ پر پیر رکھنا۔ قدر۔ مرتبہ
تملق ع. نرم ہونا اور عادت پکڑنا
تملک ع. مالک ہونا۔
تملیک ع. مالک کرنا کسی شخص کو مال یا کسی چیز کا۔
تمن ت. دس ہزار آدمی اور بیس روپیہ۔
تمنا ع. آرزو کرنا خواہش کرنا
تموز ف. بڑی گرمی۔ ساون کا مہینہ۔
تمول ع. مالدار ہونا اور دولتمندی
تمہید ع. بچھونا بچھانا ہموار اور نیک کرنا۔
تمیز ع. جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا
تن ع. بدن۔ پنڈا۔ اور تنخواہ
تنادی ع. ایک دوسرے کو پکارنا مجازاً قیامت۔
تنازع ع. باہم جھگڑا کرنا جھگڑا
تنازل ع. باہم اترنا۔
تناسب ع. باہم نسبت ہونا مناسب ہونا۔
تناسخ ع. ایک صورت سے دوسری صورت میں ہونا۔ روح کا ایک قالب سے نکلکر دوسرے قالب میں آنا۔
تناسل ع. باہم اولاد جننا باہم نسل جننا۔
تنافی ع. ایک دوسرے کی نفی کرنا۔ منافی ہونا۔
تناقض ع. ایک دوسرے کو توڑنا۔
تناور ف. قوی جثہ شخص جسم فربہ۔
تناول ع. لینا پکڑنا کسی چیز کا مجازاً کھانا کھانا۔
تناہی ع. منتہی ہونا انتہا کو پہونچنا اور روکنا کسی چیز سے
تنبول ف. پان۔ کبادہ یعنی چھوٹی کمان۔
تنبان ت. پاجامہ سُتھن شلوار
تنبیہ ع. جتلانا۔ واقف کرنا مجازاً مارنا۔ قید کرنا۔
تنبہ ع. آگاہ ہونا۔
تنجیم ع. ستارہ شناسی ساعت نیک و بد جاننا۔

تُنُد ف تیز اور سخت مزاج غصے والا۔
تُنْدبادْ ف۔ آندھی۔ جھکڑ۔
تَنَخْواہ ف۔ مزدوری۔ روپیہ جو بابت نوکری کے ہو۔
تُنْدخُو ف۔ بدخو آدمی یا بدمزاج
تَنْدُرُسْت ف جسکو بیماری نہ ہو۔ چنگا۔
تُنْدُرْ ف بجلی کی کڑک بیل
تَنْدُوْ ف۔ مکڑی عنکبوت۔
تَنْدِہی ف۔ کوشش۔
تَنْذِیر ع۔ ڈرانا۔ خوف دلانا
تَنَزُّل ع۔ اُترنا۔ درجے سے کم ہونا
تَنْزِیل ع۔ قرآن شریف نازل کرنا
تَنَزُّہ ع۔ دور رہنا عیب سے۔ باغ اور سبزہ کی سیر کرنا۔ اور مجازاً خوشی
تَنْزِیَہ ع۔ دور کرنا اور پاک کرنا بری چیزوں سے۔
تَنَسُّک ع۔ خداپرستی بتصوف
تَنَسُّق ع۔ مرتب ہونا منتظم ہونا
تَنْسِیق ع۔ انتظام کرنا۔ ترتیب دینا۔
تَنَسُّل ع۔ اولاد جاری کرنا نسل ہونا۔
تَنْشِیط ع۔ خوش ہونا۔

اور شاد ماں کرنا۔
تَنَصُّر ع۔ نصاریٰ بننا۔ مذہب عیسوی اختیار کرنا۔ جتلانا۔
تَنْصِیف ع۔ دو حصے کرنا یا آدھوں آدھ کرنا۔
تَنْضِیج ع۔ پکانا۔ پختہ کرنا۔
تَنْظِیر ع۔ مثال لانا۔ نظیر بتانا
تَنْظِیم ع۔ موتی دھاگے میں پرونا۔ مجازاً درستی امور شہر اور دربار وغیرہ کی کرنا۔
تَعْظِیم ع۔ عزت کرنا بزرگی کرنا
تَنْعِیم ع۔ ناز و نعمت دینا۔ ناز و نعمت میں پالنا۔
تَنْعِیش ع۔ عیش دینا۔ عیش میں رہنا۔
تَنَعُّم ع۔ ناز و نعمت دینا۔ ناز و نعمت میں پلنا۔
تَنَفُّر ع۔ نفرت کرنا اور بھاگنا
تَنْفِیذ ع۔ حکم اور فرمان کو جاری کرنا
تَنَفُّس ع۔ سانس لینا اپنے تئیں نفیس سمجھنا۔
تَنَقُّل ع۔ نقل کرنا۔ کھانا۔
تَنَقّی ع۔ پاک کرنا صاف کرنا
تَنْقِیح ع۔ پاک اور صاف کرنا کسی شے کا عیب سے خالص کرنا۔

تَنْقِیَہ ع۔ پاک اور صاف کرنا۔
تُنُک ف۔ باریک اور کم۔ نازک اور لطیف۔
تَنْکِیر ع۔ عام کرنا جیسے [illegible] انجان کرنا۔
تَنگ ف۔ سکڑا ہوا بھنچا ہوا۔
تَنگبار ف۔ جس جگہ ہر ایک شخص کو دخل نہ ہو۔
تَنْکار ف۔ سہاگہ۔
تَنگ چَشم ف۔ بخیل کنجوس نو دولت اور صفت معشوق کی بھی ہے۔
تَنگدَست ف محتاج مفلس
تَنگدِل ف بخیل۔ کم خرچ۔
تَنگری ت۔ خدائے تعالیٰ۔
تَنگنائی ف۔ جائے تنگ۔ تنگ کردن۔
تَنگہ ف۔ ٹکڑا خواہ چاندی کا ہو یا سونے یا تانبے کا۔
تَنگہ ف۔ جانگیا چمڑے کا جو وقت کشتی کے پہنتے ہیں۔
تَنگی ف۔ سکڑاپن ضد فراخی کی۔
تَنْمِیَہ ع۔ بڑھنا درخت یا انسان یا حیوان کا۔

تَنُور ف۔ ت۔ وہ روٹی پکانے کی جگہ۔
تَنَوُّع ع۔ طرح بطرح اور قسم بقسم ہونا۔
تَنومَندی ف۔ قوی جثہ اور فربہ ہونا۔ مٹاپا۔
تَنْوِیر ع۔ روشن کرنا۔ نور دینا
تَنْوِین ع۔ نون پیدا کرنا۔ دو زیر یا دو زبر یا دو پیش کا پڑھنا
تَنَہ ف۔ دھڑ درخت کا جڑ سے لگا کے مقام شاخوں تک جہاں سے اسکی شاخیں اگنی شروع ہوتی ہیں۔
تَنہا ف۔ اکیلا۔
تَنِیدَن ف۔ تننا۔ جولاہے کا کام پسارنا۔
تِنِّین ع۔ اژدہا بڑا سانپ جمع اسکی تنانین ہے۔
تُو ف۔ تو کلمہ مخاطب کا ہے۔
تَوّاب ع۔ توبہ قبول کرنے والا
تَوابِل ع۔ گرم مصالحہ جو کھانے میں ڈالتے ہیں۔
تَواتُر ع۔ پے در پے۔

تَوَارُدُ ع۔ باہم ایک جگہ اترنا ایک مضمون کا دو شخصوں کے ذہن میں آنا۔
تَوَارِیخُ ع۔ علم واقعات اور علم السنون۔ جمع تاریخ۔
تَوَازِیْ ع۔ باہم برابر ہونا اس طرح پر (۱۱)
تَوَاضُعُ ع۔ فروتنی کرنا۔ عاجزی کرنا۔
تَوَاضِعِ سَمَرْقَنْدِیْ ف جھوٹی خاطر داری کرنا۔
تَوَافُقُ ع۔ باہم موافق ہونا۔ آپس میں موافقت کرنا۔
تَوَافُرُ ع۔ بہتایت۔ کثرت وفور
تَوَالُدُ ع۔ باہم ملکر جننا اولاد پیدا کرنا
تَوَالِیْ ع۔ پے درپے۔ متواتر
تَوَاَمُ ع۔ جوڑواں بچہ جو ایک بچہ کے ہمراہ ایک ہی دفعہ دونوں پیدا ہوں اور برج جوزا۔
تَوَاَمَانْ ع۔ دو بچے جو ایک ہی ساتھ ایک ہی عورت سے پیدا ہوں۔
تَوَانْ ف۔ قوت۔ قدرت۔ طاقت
تَوَانَا ف۔ طاقت ور۔ قوت ور
تَوَانِسْتَنْ مص ف۔ سکنا۔ طاقت رکھنا

تَوَانْگَرْ ف۔ صاحب قوت مجازاً مالداری۔
تَوَانْگَرِیْ ف۔ صاحب قوت ہونا۔ مجازاً مالداری۔
تَوَانَائِیْ ف۔ طاقت۔ قوت
تُوْپْ ت۔ فوج لشکر اور توپ مشہور ہے۔
تُوْبَرَهْ ف۔ گھوڑے کو دانہ کھلانے کا تھیلا۔
تُوْپ اَنْدَاخْتَنْ ف۔ توپ مارنا
تُوْپ زَنْ ف توپ چھوڑنیوالا گولنداز۔ توپچی۔
تُوْبَکْ ف۔ گنجینہ مخزن خزانہ
تَوْبَهْ ع۔ گناہ سے پھرنا۔ باز آنا
تَوْبِیْخْ ع۔ ملامت کرنا جھڑکنا
تُوْتْ ع۔ درخت مشہور ہے جسکو شہتوت کہتے ہیں۔
تُوْتِیَا ف۔ سرمہ بعضے طوطیا لکھتے ہیں غلط مشہور ہے۔
تَوْثِیْقْ ع۔ محکم اور استوار کرنا اور مضبوط کرنا۔
تَوَجُّعْ ع۔ درد پیدا کرنا۔
تَوَجُّهْ ع۔ کسی کی طرف منھ پھیرنا
تَوْجِیْهْ ع۔ کسی کی طرف منھ پھیرنا اور بیان اچھا کرنا۔ وجہ بتلانا

دلیل لانا۔
تَوَحُّدْ ع۔ یکتائی۔ ایک ہونا وحدانیت۔
تَوَحُّشْ ع۔ وحشی ہونا۔ وحشت کرنا۔ نفرت کرنا۔
تَوْحِیْدْ ع۔ ایک ماننا ایک جاننا
تَوَدُّدْ ع۔ دوستی۔ محبت۔
تُوْدَهْ ف۔ انبار۔ ڈھیر۔ ٹیلہ
تَوْدِیْعْ ع۔ رخصت کرنا۔ وداع کرنا۔
تَوَرُّعْ ع۔ پرہیزگاری۔
تُوْرْ ف۔ نام ہے فریدون بادشاہ کے بیٹے کا۔
تُوْرَهْ ع ت۔ قانون دستور العمل جاہل سست۔
تَوْرَیْتْ ع۔ نام کتاب حضرت موسیٰ ؑ کا۔
تُوْزِیْدَنْ ف۔ جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔
تُوْزْ ع۔ بھوج پتر مشہور پتہ ہے پہاڑ میں ہوتا ہے۔
تُوْزُکْ ت۔ سامان آرایش انتظام۔
تَوْزِیْعْ ع۔ پراگندہ کرنا بانٹنا
تَوْزِیْنْ ع۔ باہم وزن کرنا دو چیز کا

تَوَسُّطْ ع۔ میانہ روی اور اعتدال اور واسطہ کرنا۔
تَوَسُّلْ ع۔ وسیلہ ڈھونڈھنا بیچ میں کسی کو ڈالنا۔
تَوْسِیْعْ ع۔ فراخ کرنا کشادہ کرنا
تُوْسَنْ ف۔ گھوڑے کا بچہ جو تند خو اور شوخ اور سرکش ہو
تُوْشَدَانْ ف۔ جسمیں خوراک سفر کی رکھیں۔
تُوْشَکْ ف۔ فرش۔ بچھونا۔ راحت۔
تُوْشْمَالْ ت۔ خانساماں خوان سالار۔
تُوْشَهْ ف۔ زاد راہ۔ راہ کا خرچ وخوراک۔
تَوْشِیْحْ ع۔ بدھی گردن میں ڈالنا۔ آرائش کرنا۔
تَوْصِیْفْ ع۔ تعریف کرنا وصف کرنا۔
تَوْضِیْحْ ع۔ روشن اور پیدا کرنا
تَوَطُّنْ ع۔ وطن اختیار کرنا۔
تَوْظِیْفْ ع۔ ہر روز رسد دینا رسد مقرر کرنا۔
تَوَغُّلْ ع۔ مشق کامل کرنا ایک کام میں بہت لگا رہنا

تَوَفُّق ع۔ موافقت۔ یکسانی
تَوَفُّر ع۔ بہت کرنا اور بہت ہونا
اور فائدہ جو اجارہ پر ہو۔
تَوفِیق ع۔ موافق کردینا برابر
کرنا اصطلاحی معنے موافق کرنا
خدا کا اسباب نیکی کے حسب
خواہش بندے کے۔
تَوَق
تَوَقَان ع } آرزومندی
اور غلبہ شہوت کا۔
تَوَقُّد ع۔ آگ بھڑکنا۔ روشن ہونا
تَوَقُّر ع۔ وقر کرنا۔ عزت کرنا۔
تَوقِیر ع۔ عزت وحرمت کا
نگاہ رکھنا۔
تَوَقُّع ع۔ امید۔ بھروسہ۔
تَوَقُّف ع۔ دیر کرنا۔ وقفہ کرنا
تَوَقِّی ع۔ نگہ بانی۔ بچاؤ۔
تَوقِیع ع۔ دستخط کرنا بادشاہ
کا فرمان پر۔ فرمان شاہی۔
تَوَکُّل ع۔ بھروسہ کرنا خدا پر
دل اُٹھانا دنیا سے اور خدا
پر لگانا۔
تَوکِیل ع۔ وکیل کرنا کسی کو
کسی کام پر چھوڑنا۔
تَوَلَّا ع۔ محبت امید بھر جانا
حکومت کرنا۔
تَوَلُّد ع۔ پیدا ہونا۔ زائیدہ ہونا
تَوَلِّی ع۔ بھر جانا۔ حکومت کرنا
حاکم کرنا۔
تَولِید ع۔ جنانا۔ پیدا کرنا
پرورش کرنا۔
تَولِیَت ع۔ حاکم کرنا۔ پے
در پے ہونا۔
تَوَمَان ت۔ گروہ پرگنہ دس
ہزار بیس روپیہ۔
تَوَہُّم ع۔ وہم میں ڈالنا وہم کرنا
تَوہِین ع۔ اہانت کرنا۔
سست کرنا ذلیل کرنا۔
تَہ ف۔ نیچے کا فرش تلے۔
تَہبَند ف۔ ٹانگوں میں جو چادر
باندھتے ہیں۔
تَہَالُک ع۔ باہم ہلاک ہونا
تَہَاوُن ع۔ خوار اور ذلیل
رکھنا حقیر سمجھنا۔
تَہَتُّک ع۔ پردہ دری کرنا
رسوائی۔
تَہَجِّی ع۔ ہجے کرنا۔ حروف
مفردہ کا پڑھنا۔
تَہجِین ع۔ ذلیل کرنا۔
بے عزت کرنا۔
تَہ خَانَہ ف۔ نیچے کا گھر۔
تَہدِید ع۔ ڈرانا۔ دھمکانا
خوف دلانا۔
تَہذِیب ع۔ آراستہ کرنا پاک
کرنا۔ اصلاح دینا۔
تَہلُکَہ ع۔ ہلاک ہونا۔ مرنا۔
نیست ہونا۔
تَہلِیل ع۔ لا الٰہ الا اللہ کہنا
تَہنِیَت ع۔ مبارکبادی
دینا۔ گوارا کرنا۔
تُہمَت ع عیب لگانا برائی کرنا
تَہمتَن ف۔ لقب ہے رستم
پہلوان کا۔ دلاور۔
تَہ نشین ف۔ تہ پر بیٹھنے والا
اور تلچھٹ۔
تَہ و بَالَا ف۔ زیر و زبر۔
تَہَوُّر ع۔ مردانگی زیادتی
قوت غضبی کی۔
تَہَوُّع ع۔ ڈاک لگنا یعنی
قے کی آواز کرنا اور کچھ مادہ
نہ نکلے۔ متلی۔
تَہوِیل ع۔ خوف دلانا ڈرانا
تِہی ف خالی ہاتھ جو بھرا ہو نہ ہو
تِہیدَست ف مفلس خالی ہاتھ
تِہیگَاہ ف۔ کوکھ یعنی سرین کے
اوپر اور پہلو سے نیچے جو جگہ ہے
تِہی مَغز ف۔ بیوقوف جاہل
تَہیِئَہ ع۔ تیاری۔ سامان۔
تَیَّار ع۔ موجزن۔ جلد رفتار
مجازاً موجود قابل کام کے۔
تِیر ف۔ کمان کا تیر۔ ستارۂ عطارد
تِیرمَاہ ف۔ چوتھا مہینہ سال
شمسی کا جب آفتاب برج
سرطان میں ہو۔
تِیرگِی ف۔ اندھیرا۔ دھندلاپن
تِیرَہ ف۔ تاریک سیاہ رنگ
تِیرَہ رُوزگَار ف۔ بدنصیب
بدقسمت۔
تِیز ف۔ چالاک اور دھاردار
جو کاٹ اچھا کرے۔
تِیزَاب ف۔ تیز پانی مشہور شے ہے
تِیشَہ ف۔ بسولا۔
تَیَسُّر ع۔ آسان کرنا اور آسانی
تِیغ ف۔ تلوار شمشیر۔ خنجر۔
تِیغَات۔ خنجر۔ چھوٹی تلوار۔
تَیَقُّن ع یقین کرنا اعتبار کرنا
تِیمَار ف۔ غمخواری اور خدمت
کرنا اور علاج کرنا۔
تَیَمُّم ع۔ بجائے پانی کے مٹی سے
منہ ہاتھ دھونا۔

تیول ت۔ جاگیر جس پر گذارہ ہو
تیمن ع۔ مبارکباد دی لینا برکت لینا۔
تین ع۔ انجیر مشہور میوہ ہے
تیہ ع۔ جنگل صحرا۔ تکبر کرنا۔
تیہوٗ ف۔ لوا۔ نام مشہور پرند کا ہے۔

بابُ الثاء

ثابت ع۔ قائم۔ مضبوط۔
ثاقب ع۔ روشن۔ چمکیلا
ثالث ع۔ تیسرا۔
ثالثہ ع۔ ساٹھواں حصہ دقیقہ کا یعنی لمحہ لحظہ۔
ثامن ع۔ آٹھواں یعنی $\frac{1}{8}$
ثانی ع۔ دوسرا۔
ثانیہ ع۔ سکنڈ انگریزی میں دقیقہ عربی میں یعنی ساٹھواں حصہ گھنٹے کا۔
ثانوی ع۔ دوسرے والا دُنی
ثبات ع۔ پائداری۔ قیام
ثبت ع۔ لکھنا۔ تحریر کرنا۔
ثبوت ع۔ ثابت ہونا۔
ثدی ع۔ چھاتی۔ چوچی۔
ثرا ع۔ دولت۔ مال۔ مٹی

ثروت ع۔ کثرت مال کی تونگری
ثری ع۔ دولت خاک مٹی خاک جو نیچے زمین کے ہے
ثریا ع۔ پروین وے چھ تارے جو باہم متصل واقع ہیں
ثرید ع۔ ٹکڑے روٹی کے شوربے میں بھیگے ہوئے۔
ثعبان ع۔ بڑا سانپ اژدہا ثعابین جمع۔
ثعلب ع۔ لومڑی۔ روباہ حیوان مشہور ہے۔
ثعالب ع۔ جمع ثعلب کی
ثفل ع۔ تلچھٹ۔ تہ نشین۔ پھوک
ثقبہ عنبیہ ع۔ ایک سوراخ ہے طبقہ عنبیہ میں درمیان آنکھ کے اس میں ہوکر روشنی آنکھ کے اندر جاتی ہے۔
ثقبہ ع۔ سوراخ۔ چھید۔
ثقات ع۔ جمع ثقہ کی معتبر آدمی۔
ثقالت ع۔ گرانی۔ بوجھ بھاری پن۔
ثقب ع۔ جمع ثقبہ کی۔ سوراخ اور چھید۔
ثقل ع۔ گرانی۔ بوجھ۔ بھاری

ثقلین ع۔ دو گروہ انسان اور جن۔
ثقہ ع۔ مرد معتمد جس کے قول اور فعل پر اعتماد ہو۔
ثقیل ع۔ گراں۔ بھاری بوجھل۔
ثلاث ع۔ تین منگل کا دن
ثلاثی ع۔ وہ صیغہ ہے جس میں تین حرف ہوں۔
ثلث ع۔ تیسرا حصہ یعنی $\frac{1}{3}$
ثلثون ع۔ ۳۰۔ سہ
ثلج ع۔ برف۔
ثمان ع۔ آٹھ یعنی ۸ (ہشت)
ثمانین ع۔ اسی یعنی ۸۰ (لہ)
ثمر ع۔ پھل۔ درخت کا میوہ نتیجہ
ثمرہ ع۔ نتیجہ۔ پھل۔ انجام
ثمن ع۔ قیمت۔ مول۔ قدر
ثمن ع۔ آٹھواں حصہ یعنی $\frac{1}{8}$
ثمین ع۔ قیمتی گراں بہا۔
ثنا ع۔ تعریف۔ مدح۔ ستایش
ثنایا ع۔ چار دانت سامنے کے کچلیاں۔
ثنائی ع۔ دو حرفی اور دو دانت اگلے۔
ثواب ع۔ مزد۔ بدلا۔ نیک عوض

ثوابت ع۔ وے ستارے جو حرکت نہیں کرتے ہیں۔
ثواقب ع۔ روشنی دینے والی چیزیں۔
ثوب ع۔ کپڑا۔ جامہ۔
ثور ع۔ بیل۔ نرگاؤ۔ دوسرا برج
ثولول ع۔ مسا۔ ثالیل جمع۔
ثوم ع۔ لہسن مشہور ہے۔
ثیاب ع۔ کپڑے جمع ثوب کی

باب الجیم

جا ف۔ جگہ۔
جابجا ف۔ جگہ بجگہ۔ ایک جگہ
جابر ع۔ جبر کرنیوالا زیادتی کرنے والا۔ بھرنے والا۔
جاجم ت۔ فرش کی ایک قسم ہے
جاداد ف۔ مالیت اسباب مکان وغیرہ۔
جادادن ف۔ جگہ دینا۔
جادل ع۔ لڑنے والا۔ بے دلیل بحث کرنے والا۔
جادو ف۔ منتر اور جادوگری اسکے معنی آتے ہیں۔
جادوگر ف۔ جادو کرنیوالا
جادہ ع۔ راہ باریک جو جنگل

میں پیدل آنے کی ہو۔
جَاذِبْ ع کشش کرنے والا
قوت جاذبہ۔
جَارْ ع۔ ہمسایہ۔ پڑوسی۔
جَارُوْبْ ف جھاڑو بوہنی
جَارِیْ ع۔ رواں۔ بہتا ہوا
جَارِیْ مُجْرِیْ ع۔ قائم مقام
جَارِیَہْ ع۔ کشتی آفتاب لونڈی
باندی۔ آب رواں جمع اسکی
جواری آتی ہے۔
جَازِمْ ع۔ قصد مضبوط کرنیوالا
اور ساکن کرنیوالا عامل نحو میں
جَاسُوْسْ ف۔ جو شخص ایک
ملک کی خبر دوسرے ملک میں
بھیجے۔
جَاگِیْرْ ف۔ قطعہ زمین کا جو
سرکار سے ملے۔
جَاگِیْرْ دَارْ ف۔ جسکو جاگیر ملی ہو
جَالِسْ ع۔ بیٹھنے والا۔
جَالِیْ ع۔ جلا کرنے والا۔
صفا کرنے والا کدورت کا۔
جَامْ ف۔ پیالہ شراب پینے کا
اور نام شہر کا۔
جَامِدْ ع۔ پتھر جما ہوا اور وہ
لفظ جس سے کوئی اشتق نہوا ہو
نہ وہ کسی سے مشتق ہو۔
جَامِعْ ع جمع کرنیوالا شامل
جَامِعِیَّتْ ع۔ سب طرح
کی خوبیاں جمع کرنے والا ہونا
جامع ہونا۔
جَامُوْشْ ف۔ بھینسا اور نہ
مشہور جانور ہے۔
جَامَہْ ف۔ کپڑا۔ پیالہ شراب کا
جَانْ ف۔ روح۔ طاقت۔
جَانِ جَانْ ف۔ روح
خدائیتعالیٰ آتش تیز پراٹھا جو
ایک قسم کی روٹی مشہور ہے
جَانْ آزَارِیْ ف دکھ دینا
جَانَانْ ف۔ جان معشوق پیارا
جَانِبْ ع۔ طرف۔
جَانْبَازْ ف۔ بڑا محنتی جان پر
کھیلنے والا۔
جَانْ بَلَبْ ف۔ جو مرتا ہو
اور اسکی جان لب پر آگئی ہو
جَانِبَیْنْ ع دونوں طرف
طرفین۔
جَانْشِیْنْ ف۔ قائم مقام
کسی جگہ پر جو بیٹھے
جَانْفِشَانِیْ ف محنت سعی
جَانْ کَنْدَنْ ف جان اکھڑنا
موت کے وقت۔
جَانْگَاہْ ف۔ جان کا گھٹانیوالا
جَانْگُزَا ف۔ جان پر خطرہ
پہونچانے والا۔
جَانْ نَوَازْ ف۔ جان کا نوازش
کرنے والا۔ معشوق۔
جَانْوَرْ ف۔ حیوان۔ جاندار
جَانِیْ ع۔ گنہگار۔ تقصیروار
جَانِیْ ف جان میری۔ میری جان
جَاوِدَانْ ف۔ ہمیشہ۔
جَاوِدَانِیْ ف۔ ہمیشگی
جَاوَرْسْ ف۔ ایک قسم کا
غلہ باجرا۔
جَاوِیْدْ ف۔ ہمیشہ اور دائم
جَاہْ ف۔ رتبہ۔ مرتبہ۔ عزت
جَاہِلْ ع۔ ان پڑھا بے علم
جَاہِلِیَّتْ ع۔ وہ زمانہ جو
مسلمانوں سے پہلے تھا
جبکہ بت پرستی کرتے تھے
اور جاہل ہونا۔
جَائے ف۔ جگہ۔ مقام
جَائِدَادْ ف۔ اسباب و مال
جَائِرْ ع۔ جور کرنیوالا ستمگار
راہ حق چھوڑ کر جو راہ باطل
پر ہو جاوے۔
جَائِزْ ع۔ درست مطابق شرع
جَائِزَہْ ع۔ انعام صلہ بدلا
نیک اور لکیر صحت کی۔
جَائِعْ ع۔ بھوکھا۔ گرسنہ
جَائِگَاہْ ف۔ مقام۔ جگہ۔
جِبَالْ ع جمع جبل کی پہاڑ
اور کوہسار۔
جِبَایَتْ ع۔ مال جمع کرنا۔
اور خراج جمع کرنا۔
جَبَّارْ ع۔ جبر کرنے والا۔
بھرنے والا۔ ظالم۔
جَبْرْ ع۔ بھرنا۔ پٹی باندھنا پٹی
جَبَرُوْتْ ع۔ عظمت بزرگی
تکبر اصطلاح میں بزرگی اور
جلال خدا کا اور وحدت۔
جَبْرُ و مُقَابَلَہْ ع۔ علم ہے
جس سے مقادیر مجہولہ بوسیلہ
مقادیر معلومہ کے معلوم کیجاتی ہیں
جَبَلْ ع۔ پہاڑ۔ کوہ۔
جِبِلَّتْ ع۔ پیدائش خلقت
طبیعت۔
جِبِلِّیْ ع۔ طبعی۔ ذاتی۔
جَبَلِیْ ع۔ پہاڑی۔ پہاڑ کا
جُبْنْ ع۔ پنیر۔ سفیدی جو دودھ
کو پھاڑ کر نکالتے ہیں نام تری

جَبان ع ۔ نامرد ۔ بزدل ۔ بزدل
جِبَاہ ع ۔ جمع جبہ کی پیشانیاں
جبہہ ع ۔ پیشانی ۔ ماتھا ۔
جَبِین ع ۔ پیشانی ۔ ماتھا ۔
جُثّہ ع ۔ بدن ۔ تن ۔ جسم ۔ لوتھ
جَچّہ ف ۔ جو بچہ جنے ۔ جب عورت بچہ جنے ۔
جَد ع ۔ دادا ۔ باپ کا باپ بخت نصیب بزرگی ۔ توانگری ۔
جِدّ ع ۔ کوشش ۔ سعی ۔
جِدّا ع ۔ از روے سعی کے از روے کوشش کے ۔
جَدِید ع ۔ نیا ۔ نو ۔
جِدار ع ۔ دیوار بھیت دیوال
جَدِیر ع ۔ لائق ۔ موافق سزاوار
جَدَل ع ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔
جِدال ع ۔ جنگ ۔ لڑائی ۔
جَدوَل ع ۔ نہر پانی کی کھائی مجازاً وہ لکیریں گرد کسی ورق کے ۔
جَداوِل ع ۔ جمع جدول کی
جُدائی ف ۔ دوری ۔ جدا ہونا تفرقہ ۔
جُدَری ع ۔ چیچک سیتلا ماتا

جَدی ع ۔ بکرا بزغالہ اور نام ایک برج آسمانی کا جو قطب شمالی کے پاس ہے
جَدّی ع ۔ ایک دادا کی اولاد
جَذوَہ ع ۔ چنگاری آگ کی
جُذام ع ۔ کوڑھ خون کے بگڑنے کی بیماری جس سے بدن گل جاتا ہے ۔
جَذب ع ۔ کھینچنا کشش کرنا
جَذبہ ع ۔ یکبار کھینچنا دل کا جوشش ۔
جَذر ع ۔ اصل اور جڑ سے اکھیڑنا علم حساب میں جس عدد کو فی نفسہ ضرب کریں اسکو جذر اور جو اس سے حاصل ہو اسکو مجذور کہتے ہیں ۔
جُذُوع ع ۔ تنائیں جمع جذع کی
جِذع ع ۔ درخت کا تنہ ۔
جَذَع ع ۔ گائے یا گھوڑا تین برس کا اور اونٹ پانچ برس کا اور بکری دو برس کی ۔
جَر ع ۔ کشش ۔ کھینچنا ۔
جَراب ع ۔ ادھوری پوست گائے کا ۔
جُرأت ع ۔ دلاوری چالاکی جوانمردی ۔

جُرّاح ع ۔ زخم کرنے والا سرجن ۔
جَراحت ع ۔ زخم ۔ گھاؤ ۔
جَراد ع ۔ ملخ ۔ ٹڈی ۔
جَرّار ع ۔ کھینچنے والا اور لشکر بہت انبوہ دار ۔
جَرائد ع ۔ دفتر ہا جمع جریدہ کی
جَرائم ع ۔ جمع جریمہ کی گناہ اور بہت خطائیں ۔
جَرَب ع ۔ کھجلی ۔ خارش ۔
جَرح ع ۔ زخم ۔ گھاؤ ۔
جُرُز ع ۔ زمین بنجر جسمیں گھاس بھی نہ ہوتی ہو ۔
جُرّہ ف ۔ ت ۔ دلیر و شجاع گھوڑا سواری کا باز کا نر ۔ باز جو شکار کرتا ہے وہ مادہ ہوتی ہے اسکے نر کو جرہ کہتے ہیں اور مادہ کو باز بولتے ہیں
جَرَس ع گھنٹہ آواز زنگ کی
جُرعہ ع ۔ گھونٹ ایکبار جو پیا جاوے ۔
جِرم ع ۔ تن ۔ جسم ۔ دھڑ ۔
جُرم ع ۔ گناہ ۔ خطا ۔ قصور
جُرنغار ت ۔ وہ فوج جو وقت لڑائی کے جانب چپ بادشاہ کے ہو ۔

جَری ع ۔ دلیر ۔ دلاور دل چلا آدمی ۔
جَرَیان ع ۔ رواں ہونا پانی کا
جَرِیب ب ۔ ایک پیمانہ زمین کی پیمایش کا گز یک اس کی اصل ہے ۔
جَرِیح ع ۔ زخمی گھائل ۔
جَرِید ع ۔ قاصد ۔ جاسوس نامہ بر ۔
جَرِیدہ ع ۔ تنہا اور شاخ درخت کی دفتر لکھنے والوں کا
جَرِیم ع ۔ گناہگار ۔ مجرم ۔
جُرمانہ ف ۔ جرمانہ ۔
جَرِیمہ ع ۔ گناہ ۔ خطا ۔ جرم ۔
جُز ف ۔ سوائے ۔ بدون ۔
جُزو ع ۔ حصہ یعنی ٹکڑا ۔
جَزا ع ۔ بدلا ۔ عوض ۔
جَزائر ع ۔ جمع جزیرے کی جو چار طرف پانی سے محیط ہو ۔
جَزائل ع ۔ جمع جزیلہ کی چیزیں محکم اور بہت ۔
جَزر و مد ع ۔ گھٹاؤ اور بڑھاؤ پانی کا جو سمندر میں ہوتا ہے ۔

بسبب کشش چاند کے ۔
جَزر ع ۔ جوار جو دریا میں ہوتا ہے گھٹ جانا پانی کا ۔
جَزَع ع ۔ بے صبری ناشکیبائی
جُزر ب ۔ گاجر مشہور ترکاری ہے اصل اسکی گذر ہے ۔
جُزوِی ع ۔ تھوڑا منسوب بجزو ہے ۔
جُزوِیات ع ۔ افراد حصے جو کلیات نہوں ۔
جَزِیرَہ ع ۔ وہ قطعہ زمین کا جس کے چاروں طرف پانی ہو
جَزِیل ع ۔ بڑی اور محکم چیز پُر اور بسیار ۔
جِزیَہ ع ۔ تاوان محصول جو غیر مذہب والوں پر لگایا جاوے
جَسارَت ع ۔ دلیری مردانگی تجاوز اور گذرنا ۔
جَسامَت ع ۔ جسیم ہونا
جُستجو ف ۔ تلاش ۔ ڈھونڈھنا
جَستَن ف ۔ کودنا ۔
جُستَن ف ۔ ڈھونڈھنا ۔ تلاش کرنا ۔
جَسَد ع ۔ تن ۔ بدن ۔
جَسَدِی ع ۔ منسوب بجسد جسمی

جَسر ع ۔ پل جو دریا پر ہوتا ہے
جِسم ع ۔ بدن اور جو شے طول عرض عمق رکھتی ہو ۔
جِسم تعلیمی ع ۔ طول عرض عمق ۔
جِسمانی ع ۔ جسم کا جسم دار
جَشن ف ۔ مجلس خوشی کی اور خوشی وعیش ۔
جَعد ع ۔ گھونگروالے بال مڑے ہوئے بال ۔
جَعدَہ ع ۔ زلف اور بھیڑیا جو حیوان درندہ مشہور ہے ۔
جَعفَر ع ۔ ندی ۔ نالہ پانی کا
جَعفَری ع ۔ ایک قسم کا گیندا پھول ہے زرد رنگ کا اور مجازاً مطلق زرد رنگ
جَعل ع ۔ کرنا ۔ بنانا ۔ اور جعل ایک جانور ہے سیاہ رنگ جو سرگین اور نباتات میں پیدا ہوتا ہے ۔
جَعلی ع ۔ جو اصلی نہو بنایا ہوا
جُغرات ف ۔ دہی ۔
جُغرافیَہ ع ۔ علم ہے صورت زمین کا جسمیں خشکی اور تری اقلیموں کا بیان ہوتا ہے ۔

جَفا ف ۔ ستم اور ظلم ۔
جُفت ف ۔ جوڑا ۔ ضد طاق کی ۔
جُفتَن ف ۔ ڈھونڈھنا ۔
جُفتَہ ف ۔ سرین ۔ چوتڑ ۔
جُفتَہ زَدَن ف ۔ اغلام کرنا
جُفتی ف ۔ جفت ہونا جماع کرنا
جُفت شُدَن ف ۔ جماع کرنا
جُفتِیدَن ف ۔ جفتی کرنا نر کا مادہ پر چڑھنا ۔
جَفن ع ۔ پلک ۔ آنکھ کی پلک تلوار کا میان ۔
جِگَر ف ۔ کلیجہ ۔ جگر ۔
جَلَّ ع ۔ بزرگ ہوا صیغہ ماضی کا ہے ۔
جَل ف ۔ نام ایک جانور خوش آواز کا ہے ۔
جُل ع ۔ جھول گھوڑے یا گدھے کی ۔
جِلا ع ۔ گھر سے نکالدینا دیس سے پردیس نکالدینا ۔
جِلاد ع ۔ روشن کرنا صاف کرنا
جَلّاب ع ۔ کھینچنے والا ایک چیز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانے والا ۔

جَلّاد ع ۔ درّہ مارنے والا یا پوست کھینچنے والا ۔ اور تلوار مارنے والا ۔
جَلادَت ع ۔ چستی اور چالاکی اور جوانمردی ۔
جَلالَت ع ۔ بزرگ ہونا اور بزرگی ۔
جَلالی ف ۔ منسوب جلال الدین بادشاہ سے ۔
جَلاوَطَن ف ۔ پردیس نکالدینا گھر سے بے گھر ہونا ۔
جَلائِل ع ۔ بزرگیاں جمع جلیلہ کی ۔
جَلب ع ۔ کھینچنا مال سوداگری جو ایک ملک سے دوسرے ملک کو لیجاوے ۔ سود ۔ نفع ۔
جَلد ع ۔ تازیانہ ۔ کوڑا مارنا چست وچالاک تیز وشتاب
جِلدگَر ف ۔ کتاب کی جلد بنانیوالا
جِلد ع ۔ پوست چمڑا حیوان کا
جِلدُو ف ۔ انعام صلہ بدلہ نیک
جَلدی ف ۔ شتابی ۔ تیزی چالاکی ۔
جُلَسا ع ۔ مجلس کے لوگ جمع جلیس کی ۔

جَلسہ ع۔ محفل۔ ملاقات نشست
جِلف ع۔ مردار۔ ناپاک۔
ف۔ کینہ خود سر بیخوف آدمی
جُلنار ع۔ معرب گلنار کا۔
جِلوت۔ باگ گھوڑے کی
اور گھوڑا کوتل۔
جُلُود ع۔ چمڑے حیوانات
کے جمع جلد کی۔
جِلوریز ف۔ یعنی سبک عنان
ہلکی باگ گھوڑا دوڑتے ہوئے
جُلُوس ع۔ بیٹھنا۔
جَلوَہ ع۔ ظاہر کرنا اور اپنے
تئیں دکھلانا لوگوں کو۔
جَلی ع۔ روشن۔ ظاہر آشکار
جَلِید ع۔ برف۔ اولہ۔
جَلِیس ع۔ ہمنشین
جَلِیل ع۔ بزرگ۔ بڑا۔
جَم ع۔ تمام۔ بہت۔
جَم ع۔ نام بادشاہ فارس
کا یعنی جمشید۔
جَماد ع۔ جو حیوانات اور نباتات
سے نہ ہو یعنی بیجان ہو جیسے پتھر
معدن مٹی وغیرہ۔
جَمادات ع۔ پتھر مٹی وغیرہ
جو بیجان ہو۔

جَمادی ع۔ بیجان شے مثل پتھر مٹی کے
جَمادی الاوّل ع۔ پانچواں
مہینہ قمری مسلمانوں کا۔
جَمادی الثانی ع۔ چھٹا
مہینہ مسلمانوں کا۔
جَمادی الآخر ع۔ چھٹا مہینہ
جَمازہ ع۔ تیز رفتار اونٹ
تیز چلنے والا۔
جِماع ع۔ صحبت۔ عورت
اور مرد کا صحبت کرنا۔
جَماعت ع۔ گروہ آدمیوں کا گروہ
جَمال ع۔ خوبصورتی۔
جُمان ع۔ موتی۔ گہر۔
جَماہیر ع۔ گروہ آدمیوں کا
جمع جمہور کی ہے۔
جُمجُمہ ع۔ کھوپری سر کی کاسہ
جَمرَہ ع۔ چنگاری آگ کی۔
جَمشید ف۔ نام بادشاہ
فارس کا ہے۔
جَمع ع۔ اکٹھا کرنا۔ جماعت
جَمدَھر ت۔ ہتھیار ہے جس کو
ہندی میں کٹار کہتے ہیں۔
جَمعدار ف۔ اسکی اصل جامہ دار
ہے جو چند سپاہیوں کا افسر ہو۔
جُمعہ ع۔ ساتواں دن مسلمانوں

کی تعطیل کا ہندی سکر۔
جَمعِیَت ع۔ جمع ہونا گروہ
آدمیوں کا۔
جَمَل ع۔ اونٹ۔ شتر نر۔
جُمَّل ع۔ حساب اعداد ابجد کا
جُملگی ف۔ تمام سب
جُملہ ع۔ فقرہ حصہ۔ کلام کا۔
جُمُود ع۔ جمنا۔ جمجانا۔
جُمُوع ع۔ جماعتیں جمع
کی جمع ہے۔
جُمہُور ع۔ گروہ آدمیوں کا
جَمِیع ع۔ تمام سب۔
جَمِیعًا ع۔ سب کے سب۔
جَمِیل ع۔ خوبصورت حسین
جِن ع۔ بھوت۔ دیو۔
جُنبِیدن ف۔ ہلنا اور حرکت کرنا
جُنبِش ف۔ حرکت۔ ہلنا۔
جَناب ع۔ درگاہ۔ آستانہ
گرداگرد گھر کا۔
جَنب ع۔ پہلو۔
جُنُب ع۔ ناپاک آدمی بےغسل آدمی
جَنابت ع۔ ناپاکی جو بسبب
صحبت عورت کے ہو جاتی ہے
اور دوری۔
جِنّات ع۔ جمع جن کی

بھوت اور پلیت۔ دیو۔
جَناح ع۔ بازو پرند کے
اور بازو لشکر کا۔
جَنادِل ع۔ جمع جندل کی
سنگ۔ پتھر۔
جَنازہ ع۔ لاش مردہ کی
جو دفن کرنے کو لیجاویں
جَنان ع۔ دل اور جِنان
بہشت۔
جُنُود ع۔ جمع جند کی۔
جُند ع۔ لشکر۔ فوج۔
جِنس ع۔ جسکے نیچے کئی
نوع مندرج ہوں۔
جِنسِیَت ع۔ ایک جنس ہونا
ایک میل ہونا۔
جَنگ ف۔ لڑائی۔
جَنگ گاہ ف لڑائی کا میدان
جُنُوب ع۔ دکھن۔
جَو ع۔ ہوا جو زمین کے اوپر
بے انتہا گہری ہے۔
جَواب ع۔ بڑا حوض۔
جَوابدِہ ف۔ جس سے مطالبہ
کیا جاوے۔
جَواد ع۔ بہت بخشش کرنیوالا
خدا تعالیٰ۔ گھوڑا تیز رفتار۔

جَوَاذِب ع۔ جمع جاذبہ کی کشش کرنے والی چیز۔
جِوَار ع۔ ہمسایگی۔ پڑوس
جَوَارِح ع۔ اعضا حیوانات کے اور جانوران شکاری۔
جَوَارِی ع۔ جمع جاریہ کی کشتی۔ کنیزک۔
جَوَاز ع۔ درست ہونا موافق شرع کے۔
جَوَاسِیس ع۔ جمع جاسوس کی۔ قاصدہا۔
جَوَال ع۔ اسکی اصل گوال ہے گون کو کہتے ہیں جس میں غلہ بھرتے ہیں۔
جَوَامِع ع۔ جمع جامعہ کی۔ تمام اور سب۔
جَوَان ف۔ گبرو۔ بالغ۔
جَوَانِب ع۔ اطراف طرفین
جَوَاہِر ع۔ جمع جوہر کی۔
جَوَائِز ع۔ انعامات بخشش تحفے۔ جمع جائزہ کی۔
جُود ع۔ بخشش۔ سخاوت
جَوْدَت ع۔ تیزی۔ خوبی تیز رفتاری۔ نیکی۔
جَوْر ع۔ ظلم۔ ستم

جَوْرَب ع۔ موزہ جراب
جَوْزَا ع۔ نام دو پیکر کا اور نام تیسرے برج آسمانی کا۔
جَوْزَق ع۔ ڈوڈہ۔ کپاس
جُوش ف۔ ابھان۔ ابال۔
جُوشِش ف۔ جوش۔
جُوشَانِیدَن ف۔ جوش دینا اور ابالنا۔
جَوْشَن ف۔ زرہ جو لڑائی میں پہنتے ہیں۔
جُوشِیدَن ف۔ ابلنا۔ جوش مارنا۔
جُوع ع۔ بھوک۔
جُوعَان ع۔ بھوکا۔ گرسنہ۔
جَوْف ع۔ شکم پیٹ اندر کی طرف ہر ایک چیز کی جو خالی ہو
جُوق ت۔ فوج۔ گروہ آدمی کا اور پرندوں کا اور جنوں کا گروہ
جَوْلَان ع۔ کودنا۔ محدود ہونا
جُولَاہ ف۔ جولاہا کپڑا بننے والا
جَوْہَر معرب۔ گوہر معرب ہے جو بذات خود قائم ہو۔
جَوْہَرِی ع۔ صاحب جوہر جو جواہر بیچتا ہو۔
جُوہِی ف۔ نام ایک قسم کے پھول کا ہے۔

جُوئی ف۔ نہر۔ دریا کی نہر
جُویَا ف۔ ڈھونڈھنے والا۔
جُوئبَار ف۔ جس جگہ پر نہریں بہتی ہوں۔
جُویَان ف۔ ڈھونڈھنے والا
جُویَائے ف۔ جوئندہ۔ تلاش کرنے والا۔
جُوئِیدَن ف۔ ڈھونڈھنا
جُوئِندَہ ف۔ ڈھونڈھنے والا
جِہَات ع۔ جمع جہت کی اطراف۔
جِہَاد ع۔ کفار سے لڑنا کافروں سے لڑنا۔
جَہَاز ع۔ نہایت بڑی کشتی جو سمندر میں ہوتی ہے۔
جَہَالَت ع۔ نادانی بے علمی
جَہَان ف۔ دنیا۔ عالم۔
جَہَانِیَان ف۔ دنیا کے لوگ۔ خلق اللہ۔
جَہَانِیدَن ف۔ کودانا۔ اوچھالنا۔
جِہَات ع۔ اطراف۔
جُہْد ع۔ کوشش۔ سعی
جَہْر ع۔ کھلا ہوا آواز بلند پڑھنا

جَہْل ع۔ نادانی۔ نہ جاننا
جُہَلَا ع۔ جمع جاہل کی۔
جَہَندَہ ف۔ کودنے والا۔
جَہَنَّم ع۔ گہرا کنواں۔
جُہُودِی ف۔ یہودی کو فارسی بنا لیا ہے۔
جَہُول ع۔ نادان بیوقوف
جَہِیدَن ف۔ کودنا۔ اوچھلنا
جَہِیز ف۔ سامان اور اسباب جو لڑکی کو بروقت شادی کے دیا جاوے۔
جَیْب ع۔ گریبان۔ پیرہن اور سینہ مجازاً بمعنی کیسہ کے جو نیچے گریبان کے سیتے ہیں اب اس کے نیچے جو کیسہ لگاتے ہیں اُس کو بولتے ہیں۔
جَیْحُون ت۔ ایک دریا ہے نزدیک بلخ کے۔
جِید ع۔ گردن۔
جَیِّد ع۔ خوب کھرا نیک۔
جِیرَان ع۔ ہمسائے پڑوسی جمع جارہ کی۔
جَیْش ع۔ لشکر اسکی جمع جیوش
جِیفَہ ع۔ حیوان مردار جیسیں

بدبو ہوگئی ہو۔
جیل ع۔ گروہ آدمیوں کا فوج
جیغہ ت۔ زیور ہے مرصع جسکو پگڑی پر باندھتے ہیں۔
جیوش ع۔ جمع جیش کی۔

باب الجیم فارسی

چابک ف۔ چست چالاک کوڑا۔
چابک خرام ف۔ تیز چلنے والا۔
چابکدست ف۔ چالاک دست جو شخص ہاتھ کے کام میں چالاک ہو۔
چابکی ف۔ چالاکی۔ چستی۔
چاپلوس ف۔ خوشامد کرنیوالا
چاپلوسی ف۔ خوشامد۔
چادر ف۔ چدر۔
چادر کافوری ف۔ صبح۔
چادر کحلی ف۔ آسمان سیاہ و سبز کھیت۔
چادر لاجورد ف۔ آسمان
چار ف۔ منفعت چہار کا۔ علاج بزاوہ۔
چار آئینہ ف۔ نام ایک قسم کی زرہ کا ہے۔
چار بالش ف۔ مسند۔ بادشاہت کا تخت۔
چارپایہ ف۔ چوپایہ۔ ڈنگر۔
چارپائی ف۔ پلنگ منجی۔
چار بند ف۔ دنیا۔
چار بیخ ف۔ چار دوائیں یعنی کاسنی رازیانہ کرفس کبر
چار تار ف۔ اربع عناصر
چار جوہر ف۔ ایضاً۔
چار دہ ف۔ چودہ (۱۴) عدد
چار سو ف۔ چار طرف۔
چار شنبہ ف۔ بدھ کا دن۔
چار طاق ف۔ راوٹی یعنی خیمہ چار گوشے کا۔
چار قب ف۔ ایک طرح کا لباس امرا کا ہے۔
چار گام ف۔ تیز رو گھوڑا
چار گوشہ ف۔ چوکھونٹی چیز تخت شاہی تابوت مردہ کا۔
چار مادر ف۔ اربع عناصر
چار مغز ف۔ اخروٹ۔
چار واں ف۔ چوپایہ۔ ڈنگر
چارہ ف۔ علاج مدد تدبیر۔
چاشت ف۔ پہر دن چڑھا ہوا چوتھائی دن جب گذر چکے
چاشنی ف۔ تھوڑا سا نمونہ کھانے یا شراب کا۔
چاشنی گیر ف۔ باورچی۔ خانساماں۔
چاق ف۔ تندرست طاقتور چالاک۔
چاک ف۔ پھٹا ہوا چرا ہوا قبالہ مکان کا یا باغ کا۔
چاکر ف۔ نوکر خدمتگار۔
چاکو ف۔ چھری۔
چالاک ف۔ چست۔ تیز
چالاکی ف۔ تیزی۔ چالاکی
چالش ف۔ مٹک کی چال گھمنڈ اور غرور کی چال۔
چاوش ف۔ نقیب لشکر اور قافلے کا۔
چاہ ف۔ کنواں اور گڑھا
چاہ زنخ ف۔ ٹھوڑی کا گڑھا
چائے ف۔ چاؤ جو پکا کر پیتے ہیں مشہور ہے۔
چپ ف۔ بایاں بائیں طرف
چپاتی ف۔ پتلی روٹی جو توے پر پکاتے ہیں پھلکا۔
چپقلش ت۔ لڑائی تلوار کی۔ انبوہ۔
چپکن ت۔ انگرکھا۔ انگا
چتر ف۔ چھتری۔ چھوٹے بال سر پر۔
چتر آبگون ف۔ آسمان۔ اکاس۔
چتر روز ف۔ سورج آفتاب
چتر سیمابی ف۔ چاند پورا چودھویں رات کا چاند۔
چتر سیمین ف۔ ایضاً۔
چتر عنبرین ف۔ رات شب
چتر کحلی ف۔ آسمان ابر سیاہ
چتر نور ف۔ سورج۔ آفتاب
چتوک چقوک ف۔ چڑیا۔ کنجشک۔
چخ ف۔ غلاف چھری تلوار وغیرہ کا جھگڑا لڑائی میں پیپ۔ چرک۔
چخاچخ ف۔ آواز تلوار کی وقت لڑائی کے۔
چخیدن ف۔ لڑائی کی خواہش کرنا۔ دم مارنا۔ کوشش کرنا۔
چرا ف۔ کس واسطے کیوں۔ چرنا۔

چَرَاگَاہ ف. چرانے کی جگہ حیوانات کی۔

چَرَاغ ف۔ دیا بتی جلتی ہوئی چرائی کرنا۔ اگلے پیر جو گھوڑا اٹھاتا ہے اسکو بھی چراغ کہتے ہیں۔

چَرَاغ پَا ف۔ اگلے پیر گھوڑا جو اٹھا دے اور جس چیز پر چراغ رکھتے ہیں۔ ناراضگی۔

چَرَانِیدَن ف۔ چرانا۔ حیوانات کو گھاس چرانا۔

چَرب ف۔ غالب ہونا اور غالب اور چکنا۔

چَربِیدَن ف۔ غالب ہونا چرب ہونا۔

چَرب پَہلُو ف۔ فربہ اور جس کے پہلو سے لوگوں کو فائدہ ہو۔

چَرب دَست ف۔ چالاک شیریں دستکار۔ ہنرمند۔

چَرب زَبَان ف۔ اس شخص کو کہتے ہیں جو خوشامد کی باتیں بناکر لوگوں کا دل اپنی طرف مائل کرلیوے چاپلوسی اور فریبیا۔

چَرب قَامَت ف۔ بلند قامت لمبا۔ خوش قد۔

چَرب و خُشک ف۔ بُرا بھلا تھوڑا بہت سخاوت اور بخل داتا اور کنجوس۔

چَربَہ ف۔ وہ کاغذ ہوتا ہے جو پتلا سا ہو اور تصویر کے اوپر بطور پردے کے اس کو رکھا کرتے ہیں اور شیر کے اوپر جو پردہ ڈالتے ہیں اس کو بھی چربہ کہتے ہیں۔

چَرخ ف۔ آسمان۔ چرخی۔ گریبان۔ جامہ کا کمان سخت۔

چَرخ اَندَاز ف۔ کماندار کو کہتے ہیں۔ یعنی جو شخص کمان رکھتا ہو۔

چَرخِ دُولَابِی ف۔ آسمان اکاس۔

چَرخِ زَرّین ف۔ چوتھا آسمان چونکہ آفتاب واں پر ہے اسلئے کہتے ہیں۔

چَرخ زَن ف۔ ناچنے والا پیرنے والا آدمی۔

چَرخِ آبنُوس ف۔ آسمان اوّل۔

چَرخَہ ف۔ سوت کاتنے کا چرخہ نام ایک درخت کا ہے جو بہت پتلا اور سوکھا سا ہوتا ہے اور برابر جو دوڑہ کرتا ہو۔

چَرَخِی ف۔ جو چیز چرخ مارتی رہے چنانچہ کبوتر چرخی وغیرہ اور ایک قسم کا اطلس نفیس بھی ہے۔

چَرغ ف۔ ایک جانور شکاری مشہور ہے اسکو عربی میں صقر[1] کہتے ہیں۔

چَرغِینَہ ف۔ بد آدمی ہیچ آدمی

چِرک ف۔ زخم۔ پیپ۔ ریم۔ میل۔

چَرگَر ف۔ گانے والا۔ عورت ہو یا مرد یعنی خنیاگر رسول پیغمبر۔ مفتی۔ پیش نماز۔

چِرکِین ف۔ میلا میل میں لتھڑا ہوا۔

چَرم ف۔ چمڑا۔

چَرمِینَہ ف۔ چمڑکیا اور چمڑا

چَرَندَہ ف۔ حیوان گھاس چرنے والا۔

چَرَند ف۔ حیوان چوپایہ

چَرِیدَن ف۔ چرنا۔ گھاس کھانا۔

چَسپَانِیدَن ف۔ چپکانا۔

چَسپَان
چَسپِیدَہ } ف۔ چپکا ہوا

چَسپِیدَگی ف۔ چپکنا۔

چَسپِیدَن ف۔ لپٹنا چپکنا

چُست ف۔ چالاک درست ٹھیک۔ محکم۔

چُستَہ ف۔ شیر دان بکری اور بھیڑ کا۔

چُستِی ف۔ چالاکی۔ درستی مضبوطی۔

چَش ف۔ امر ہے چشیدن کا یعنی چکھ اور مخفف ہے چشم کا۔

چَشَانِیدَن ف۔ چکھانا کوئی چیز کا بطور نمونہ کے کھلانا۔

چَشم ف۔ آنکھ۔ نیز مِن اُمید

چَشمِ بَد ف۔ نظر بد۔ بد نظر۔

چَشم پُوشِی ف۔ گناہ ظاہر نہ کرنا آنکھ ڈھانک لینا کسی کی خطا سے۔

چَشمِ بے آب ف۔ بے حیا بے شرم۔ ڈھیٹ۔

چَشم دَاشت ف۔ امید بھروسہ

چَشم زَخم ف۔ دکھ نقصان جو بدنظر سے ہو۔

چَشمَک ف۔ عینک انکھڑی

[1] اس کو ہندی میں کوڑھا کہتے ہیں ۱۲-

چھوٹی آنکھ سے اشارہ کرنا۔
چشم نمائی ف۔ دھمکانا ڈانٹنا
چشمہ ف۔ پانی کا سوتا۔
چشمخانہ ف۔ آنکھ کا گھر۔
چشمۂ ہور ف۔ سورج آفتاب
چشیدن ف۔ چکھنا۔
چغار ف۔ بیحیا عورت۔ جو گالیاں دینے والی ہو قحبہ۔
چغانہ ف۔ نام ایک ساز کا ہے اسکو مطرب لوگ بجاتے ہیں۔
چغد ف۔ الّو پرند منحوس مشہور ہے
چغل ف۔ چغلی کھانیوالا آدمی شکن اور چین اور ایک برتن
چغلی ف۔ برائی کسی کی کرنا۔
چفت ف۔ وہ لکڑی جسپر انگور کی بیل یا کدو وغیرہ کی چڑھاتے ہیں
چغ ف۔ وہ ہانی دودھ بلونی کی رسی۔
چقماق ف۔ وہ پتھر جس سے آگ نکلتی ہے۔
چقندر ف۔ نام ایک ترکاری کا ہے۔
چکان ف۔ ٹپکتا ہوا۔
چکاندن ف۔ ٹپکانا قطرہ قطرہ گرانا۔

چکاوک ف۔ ایک آواز ہے راگ کی اور نام ایک پرند کا ہے چڑیا سے بڑا اسکو چکوا کہتے ہیں بعضے سرخاب کہتے ہیں
چکرہ ف۔ قطرہ ٹپکنا۔ پرگنہ
چکن ف۔ کشیدہ۔ زرکش دوزی۔ خیمہ دوزی۔
چگونگی ف۔ کیفیت حال کہ کس طرح پر ہے۔
چکہ ف۔ قطرہ۔ خرد۔ چھوٹا
چکیدن ف۔ ٹپکنا۔
چل ف۔ جاؤ چلے جاؤ چل آلہ تناسل۔ کم عقل۔ آدمی گوار مخفف چہل کا یعنی (۴۰)
چلپاسہ ف۔ چھپکلی۔
چلتہ ف۔ زرہ۔
چلغوزہ ف۔ پھل درخت صنوبر کا مشہور ہے۔
چلّہ ف۔ چالیس دن جو فقیر لوگ گوشہ میں بیٹھکر عبادت کرتے ہیں اور چالیس دن
چلّہ ف۔ چالیس روز ایک مکان میں بیٹھکر کوئی وظیفہ کرنا
چلیپا ف۔ سولی جو نصارے لوگ رکھتے ہیں اسکی شکل +

چلیدن ف۔ چلنا۔ جانا۔
چماق ف۔ گرز لوہے کا جو شش پہلو کا ہو۔
چمیدن ف۔ لچکنا ناز سے چلنا
چمان ف۔ پیالہ شراب کا اور ناز وغیرہ سے چلنا۔
چمبر ف۔ حلقہ گردن کی ہنسلی گھیرا
چمن ف۔ کیاری سبز۔
چنار ف۔ درخت مشہور ہے اور جو کچھ عورتیں مہندی سے ہاتھ اور پیروں پر لکھدیتی ہیں
چنان ف۔ ایسا مثل اسکے اسکی اصل چون آن ہے۔
چنانچہ ف۔ جیسا کچھ۔
چنبر ف۔ حلقہ۔ گردن کی ہنسلی گھر محیط دور آسمان کا۔
چندان ف۔ اسقدر۔ اتنی دیر لکڑی صندوق کی نام ایک شہر کا ملک چین میں۔
چندانکہ ف۔ جتنا کہ جسقدر
چندال ف۔ چوڑھا حلال خور بھنگی۔ کمینہ۔
چنداول ف۔ فوج کے پچھاڑی۔ وے لوگ جو لشکر کے پیچھے پیچھے چلتے ہیں۔

چندگاہ ف۔ کئی دفعہ کئی بار
چندے ف۔ تھوڑا سا تھوڑی دیر
چندیں ف۔ اتنی۔ اسقدر
چنگ ف۔ مشہور باجہ ہے اور آنکس ہاتھی کا اور نام کتاب مانی کا نگارخانہ مانی اور پنجہ اور چنگل آدمی اور جانور کا

چنگل }
چنگال } ف۔ پنجہ آدمی اور جانور کا۔

چو ف۔ مانند مثل۔ وقت۔
چوب ف۔ لکڑی۔
چوبا ف۔ تھونی۔ بلّی۔ کھم۔
چوبدستی ف۔ ہاتھ کی لکڑی
چوبدار ف۔ نوکر جو آگے دوڑے ایک لکڑی چاندی یا سونے کی لیکر۔
چوب شگاف ف۔ پچر۔ لکڑی چیرنے کی پچر۔
چوبک ف۔ ایک لکڑی ہوتی ہے جو چوکیداروں کا داروغہ اس کو تختہ پر تمام رات مارتا ہے تاکہ چوکیدار لوگ جاگتے رہیں
چوبین ف۔ لکڑی کا منسوب چوب

چوپان ف ۔ گوڑیا۔ بکریوں کا
چرواہا حیوانات کا چرانیوالا۔
چوزہ ف ۔ مرغی کا بچہ۔
چوکی ف ۔ نگاہبانی اور
مقام پاسبانوں کا۔
چوکیدار ف ۔ نگاہبان پاسبان
چوگان ف ۔ گلی ڈنڈا جو ایک
سرے پر سے کج ہو۔ وقت
اور زمان۔
چون ف ۔ جو۔ مانند۔ اگر۔
چون وچرا ف ۔ کیوں اور
کس واسطے۔ تکرار۔ حجت۔
چونی ف ۔ تو کس طرح پر ہے
چہ ف ۔ کیا۔
چگونہ ف ۔ کس طرح۔
چہار ف چار (۴)
چہار دانگ ف ۔ شمال
جنوب۔ مشرق۔ مغرب چار
سمت دنیا کی۔
چار بالش ف ۔ اسکے چار
معنی ہیں اول تخت دوم
عناصر اربعہ خاک۔ آب۔ ہوا
آتش۔ سوم دنیا و عالم
چہار جہات اربعہ یعنے
مشرق۔ مغرب۔ جنوب۔ شمال

چہاردہ ف چودہ (۱۴)
چہاردہم ف چودھواں ۱/۱۴
چہارسو ف ۔ چار طرف۔
شمال۔ جنوب۔ مشرق۔ مغرب
چہارشنبہ ف ۔ بدھ کا دن
چہارگانہ ف ۔ چار اربع۔
چہارم ف ۔ چوتھا ۱/۴
چہار یار ف ۔ ابوبکرؓ۔ عمرؓ
عثمانؓ۔ علیؓ۔
چہار طاق ف ہندی میں
اسکو راوٹی کہتے ہیں ایک
قسم کا خیمہ ہے۔
چہ بچہ ف ۔ کنوئیں کے کنارے
ایک گڑھا جو پانی خراب جمع
ہونے کے واسطے بناتے ہیں
چہرہ ف ۔ صورت۔ منھ
چہل ف ۔ چالیس (۴۰)
چہلم ف ۔ چالیسواں ۱/۴۰
مردہ کا چالیسواں دن۔
چھچلا، چھچلہ ف ۔ کیچڑ کی زمین۔
جہاں پیر رپٹتا ہو اور پہاڑ کا
ٹکڑا نرم جس پر لڑکے پھسل کر
کھیلا کرتے ہیں پھسلنا تھرادوہ
گوشت کا ٹکڑا جو عورت کے
مقام نہانی میں پیدا ہو جاتا ہے

چیچک ف ۔ سیتلا نام بیماری
مشہور کا ہے۔
چیدن ف ۔ چننا۔ چگنا۔
چیرہ ف ۔ غالب ہونا۔ دلاور ہونا
چیرہ دست ف ۔ دستکار
اچھا کاریگر۔ زبردست۔
چیرہ دستی ف ۔ زبردستی غلبہ
چیز ف ۔ شئے۔ کچھ۔
چیست ف ۔ کیا ہے۔
چیستان ف ۔ اسکی اصل
چیست آن ہے ہندی پہیلی
چین ف ۔ شکن۔ بل نام ملک کا
چینہ ف ۔ پرندوں کو جو دانہ
دیتے ہیں اس دانہ کو چینہ
کہتے ہیں۔
چینہ دان ف ۔ پوٹہ جسمیں
جانور دانہ جمع کرلیتا ہے۔
چینی ف ۔ چین کا کھانڈ اور
شکر سفید۔

باب الحاء

حاتم ع ۔ نام سخی مشہور کا ہے
حاتم اصم ع ۔ مشہور ایک
ولی کامل گذرے ہیں۔
حاجب ع ۔ دربان پردہ کرنیوالا
پردہ دار۔ چوبدار۔ ابرو۔
حاجت ع ۔ خواہش ضرورت
حاجر ع ۔ مانع درمیان دو
چیز کے جو حائل ہو نام ایک
منزل کا راہ مکہ میں۔
حاجی / حاج ع ۔ حج کرنیوالا اور
حاجی کی جمع حجاج بھی آتی ہے
حاجیہ ع حج کرنیوالی عورت
حاد ع ۔ تیز۔ تنگ۔
حادثہ ع ۔ واقعہ۔ نوپیدا
مصیبت۔
حاذق ع ۔ زیرک۔ دانا
استاد درمیان کام کے۔
حار ع ۔ گرم اور گرمی کرنیوالا
حارث ع ۔ شیر درندہ زراعت
کرنے والا۔
حارس ع ۔ نگاہبان پاسبان
حارص ع ۔ حرص کرنیوالا
لالچی۔
حازم ع ۔ دانا اور ہوشیار
دور اندیش۔ پیش بین ہوشیار
حاسد ع ۔ حسد کرنے والا
ڈاہ رکھنے والا۔
حاسر ع ۔ رکنے والا جو بات

بولتے بولتے رک جاوے۔
حَاسَّہ ع۔ حس کرنے والا
جیسے قوتِ سامعہ باصرہ
لامسہ وغیرہ ہیں۔
حَاشَا ع۔ دوری پاکی ہرگز سوا
حَاشِیَہ ع۔ کنارہ۔ نوکر۔
خدمتگار۔ شتر جوان۔
حَاصِد ع۔ کھیتی کاٹنے والا۔
حَاصِر ع۔ حصر کرنیوالا روکنے والا
حَاصِل ع۔ نتیجہ۔ مطلب۔
حَائِط ع۔ دیوار۔ گھیر چار دیواری
حَاضِر ع۔ موجود سامنے ہونیوالا
حَاضِرِی ع کھانا۔ موجودگی
حَافِد ع۔ یار دوست خدمتگار
پوتا۔ نواسہ۔ داماد۔ سالا بسرا
حَافِر ع۔ سُم گھوڑیکا۔ کھودنیوالا
حوافر جمع۔
حَافِظ ع۔ حفظ کرنیوالا۔ قرآن
جسکو یاد ہو۔ فارس کے لوگ
حافظ مطرب و قوال کو کہتے ہیں
حَافِظَہ ع۔ قوت یاد رکھنے کی
حَاق ع۔ درمیان کسی چیز کا
بیچ۔ وسط۔
حَاکِم ع۔ حکم کرنے والا۔ والی
ملک کا۔

حَاکِی ع۔ حکایت کرنے والا
بات کرنے والا۔
حَال ع۔ موجودہ زمانہ رقص
اور وجد۔
حَالَا ف۔ ابھی۔ اسی وقت۔
حَالِب ع۔ دودھ دوہنے والا
اور ایک رگ ہے ران میں۔
حَالَات ع۔ جمع حال کی۔
حَالَت ع۔ حال۔ واردات
جو انسان پر گذرے۔
حَالِی ع۔ جلد۔ فی الحال
زیور سے جو آراستہ ہو۔
حَام ع۔ نام ہے نوحؑ کے بیٹے
کا جس سے حبشی پیدا ہوئے ہیں
حَامِد ع۔ تعریف کرنے والا۔
حَامِض ع۔ کھٹا۔
حَامِل ع۔ بوجھ اٹھانے والا
اور نام ایک فلک فرضی کا ہے
حَامِلِ وَحِی ع۔ جبرئیلؑ فرشتہ
حَامِلَہ ع۔ پیٹ والی عورت
جسکے پیٹ میں بچہ ہو۔
حَامِی ع۔ حمایت کرنیوالا
نگاہ رکھنے والا۔
حَانِث ع۔ قسم توڑنے والا
گنہگار۔

حَانُوت ع۔ دوکان۔ ہٹی
حَاوِی ع۔ گھیرنے والا۔
احاطہ کرنے والا۔
حَاوِیَہ ع۔ گھیرنے والی عورت
جو عورت حاوی ہو
حَائِط ع۔ دیوار۔ دیوال۔
حَائِک ع۔ جولاہہ کپڑا بننے والا
حَائِل ع۔ باز رکھنے والا بیچ
میں آنے والا درمیان دو چیز کے
حَب ع۔ گولی۔ دانہ۔
حُب ع۔ محبت۔ دوستی۔
حَبَاب ع۔ بلبلہ پانی کا سانپ
حَبَّات ع۔ جمع حب کی۔
دانہ ہا۔ گولیاں۔
حُبَارِی ع۔ تودری جانور مشہور ہے
حَبَال ع۔ رسیاں پھندے
جال جمع حبالہ کی۔
حُبَالی ع۔ پیٹ والی عورتیں
جمع حبلے کی۔ حاملہ۔
حُبلیٰ ع پیٹ والی عورت حاملہ
حَبَالَہ ع۔ جال پھندا اور رسی
حَبَّذَا ع۔ بہت اچھا خوب ہے
بہتر ہے۔
حَبر ع۔ سیاہی دوات کی۔
عقلمند۔ نیکنام۔

حَبس ع۔ قید۔ بند۔
حَبَش ع۔ حبشیوں کا ملک
ملک حبش۔
حَبَل ع۔ رسی باگ ڈور
اور ایک رگ ہے گردن میں
حمل عورت کا۔
حُبُوب ع۔ جمع حب کی دانہا
مثل گندم جو چنا وغیرہ۔
حُبُور ع۔ خوش ہونا اور خوش کرنا
حَبَّہ ع۔ دانہ گولی۔
حَبط ع۔ ناچیز ہونا معدوم ہونا
باطل ہونا ثواب جاتا رہنا۔
حَبِیب ع۔ دوست یار معشوق
حَتّیٰ ع۔ یہاں تک۔
یہاں تک کہ۔
حَتم ع۔ استوار کرنا کام کا
واجب کرنا اور حکم کرنا۔
حَج ع۔ زیارت کرنا مکہ کی
موسم مقرر پر۔
حِجَاب ع۔ پردہ۔
حُجَّاب ع۔ پردہ داران۔
دربانان۔ جمع حاجب کی۔
حُجَّاج ع۔ جمع حاج کی حج
کرنے والے۔
حِجَاز ع۔ ملک عرب جیسیں

اکہ مدینہ طائف اور وہ زمین
جو درمیان نجد اور غور کے
واقع ہے شامل ہے اور نام
ایک مقام موسیقی کا ۔

حجام ع ۔ پچھنے لگانے والا
شخص حجامت کرنے والا ۔

حجامت ع ۔ پچھنے لگانا ۔

حجب ع ۔ پردے ۔ جمع
حجاب کی ۔

حجت ع ۔ دلیل برہان غلبہ

حجر ع ۔ پتھر سنگ جمع اسکی
احجار آتی ہے ۔

حجر الاسود ع ۔ کالا پتھر ۔
ایک پتھر ہے کعبہ میں اس کا
چھونا باعث دور ہونے
گناہ کا ہے ۔

حجرہ ع ۔ کوٹھڑی ۔

حجرات ع ۔ جمع حجرہ کی
کوٹھڑیاں ۔

حجل ع ۔ کبک چکور مشہور
پرند ہے ۔

حجلہ ع ۔ چھپر کھٹ دلھن کا ۔

حجم ع ۔ جسامت ۔ جثہ ۔

حجی ع ۔ عقل اور کنارہ کسی چیز کا

حدی ع ۔ وہ گیت جو شتربان
اونٹ کو ہانکتے وقت گاتے
ہیں ۔

حد ع ۔ انتہا ۔ کنارہ ۔ فاصلہ
دو چیز کا ۔ گنہگار کو سزا دینا
اور مارنا تاکہ پھر گناہ نہ کرے
تعریف شے کی اسکی ذاتیات
سے کرنا ۔

حداثت ع ۔ نیا پن نوجوان
شروع ہر چیز کا ۔

حداد ع ۔ لوہار ۔ آہنگر ۔

حداد ع ۔ سیاہ کپڑے ماتم کے

حدائق ع ۔ جمع حدیقہ کی باغات

حدب ع ۔ پشت کا باہر
نکل آنا ۔ کبڑا پن ۔ زمین بلند ۔

حدت ع ۔ تیزی ۔

حدث ع ۔ بے وضو ہونا ۔
حدث امرد ۔ لڑکا نوجوان ۔

حدس ع ۔ دانائی اور دریافت
کرنا فراست ۔

حدقہ ع ۔ سیاہی آنکھ کی ۔

حدوث ع ۔ نیا پیدا ہونا ۔
کسی چیز کی نو پیدگی ۔

حدود ع ۔ جمع حد کی ۔

حدیث ع ۔ خبر اور بات
اور نئی چیز اور فعل و سخن رسول کا

حدیقہ ع ۔ باغ جسکے گرداگرد
دیوار یا احاطہ ہو ۔

حذاء ع ۔ برابر ۔ مقابل ۔

حذاق ع ۔ دانا ۔ زیرک عقلمند

حذاقت ع ۔ زیرک ہونا
خوب دریافت کرنا ۔ دانائی ۔

حذر ع ۔ پرہیز کرنا اور حذر
ڈرنے والا ۔ ترسان ۔

حذف ع ۔ گرا دینا ۔ ڈال دینا
ایک حرف کا کسی کلمہ سے ۔

حر ع ۔ گرمی اور گرم ہونا
زمین پتھریلی ۔

حر ع آزاد ۔ جو غلام نہ ہو ۔
برگزیدہ ہر شئے میں ۔ کبوتر کا بچہ

حراثت ع کھیتی کرنا ۔ زراعت کا

حرارت ع ۔ گرمی ۔ آنچ

حراست ع ۔ نگاہبانی ۔
محافظت ۔ چوکسائی ۔

حرام ع ۔ منع کرنا اور روکا
گیا ۔ ناروا ۔ ناشائستہ ۔ ناجائز

حرامی ع ۔ چور ۔ دزد جمع
حرامیان ۔

حرب ع ۔ لڑائی ۔ جنگ ۔

حربا ع ۔ گرگٹ ۔

حربگاہ ع ۔ جنگ کا میدان
لڑائی کا میدان ۔

حربہ ع ۔ لڑائی کا ہتھیار ۔

حرث ع ۔ بونا کھیتی کرنا آگ
جلانا ۔ مال جمع کرنا ۔ قرآن
پڑھنا ۔ لاغر کر دینا چوپایہ کا
بسبب بہت ہانکنے کے ۔

حرج ع ۔ تنگی ۔ اور سختی ۔ گناہ

حرز ع ۔ پناہ کی جگہ ۔ جائے
استوار ۔ مجازاً تعویذ ۔

حرص ع ۔ لالچ ۔ طمع ۔

حرف ع ۔ سخن ۔ طرف ۔
کنارہ ۔ تلوار کی دھار ۔ عیب

حرف گیر ف ۔ نکتہ چین ۔
عیب بیان کرنے والا ۔

حرفہ / **حرفت** ع ۔ پیشہ ۔ کسب

حرق ع ۔ جلنا اور حرق
آگ ۔

حرقت ع ۔ سوزش جلن ۔

حرکات ع ۔ جمع حرکت کی

حرکت ع ۔ جنبش ۔

حرم ع ۔ احاطہ جو گرداگرد
خانہ کعبہ کے ہے منکوحہ عورت
باندی جو گھر میں ڈال لی
جاوے ۔

حِرمان ع۔ محروم رہنا کچھ نہ ملنا۔ نا امیدی۔
حُرمت ع۔ عزت۔ عزیز ہونا۔ حرام ہونا۔
حرم سرا ف۔ زنانہ مکان۔ زنان خانہ۔
حُرمُل ف۔ اسپند۔
حَرَمَین ع۔ مکہ اور مدینہ دونوں کو حرمین کہتے ہیں۔
حُرُوب ع۔ جمع حرب کی لڑائیاں۔
حُرُوق ع۔ بالن۔ ایندھن لکڑیاں جلانے کے واسطے۔
حَرُون ع۔ سرکش۔ بچھیڑا۔ گھوڑا سرکش۔
حَرُور ع۔ حرور گرم ہوا جو رات کو چلتی ہے لو۔ گرمی آفتاب کی آگ۔
حُرُوف ع۔ جمع حرف کی۔
حُرَّہ ع۔ آزاد عورت۔
حُرِّیَّت ع۔ آزادگی۔ اور آزاد ہونا غلامی سے یعنی کسی کا غلام نہ ہونا۔
حریر ع۔ ریشمی کپڑا۔
حریری ع۔ ریشمی کپڑا بیچنے والا

حَرِیرَہ ع۔ نام ایک قسم کے کھانے کا ہے جو ترشی اور شیرینی ڈالکر پکاتے ہیں۔
حَرِیص ع۔ لالچی۔ حرص کرنے والا۔
حَرِیف ع۔ ہم پیشہ ہم کار شریک۔
حَرِیق ع۔ سوزش جلا ہوا آگ کی لپٹ۔
حَرِی ع۔ لائق۔ سزاوار زیبا
حَرِیم ع۔ گھر کے چارطرف کی دیوار۔
حِزب ع۔ گروہ آدمیونکا
حَزم ع۔ استواری ہوشیاری
حِزام ع۔ تنگ۔ ستور۔ دستبند لڑکے کا گہوارہ میں۔
حُزن ع۔ غم اندوہ۔ رنج
حَزِین ع۔ غمگین۔ رنجیدہ
حِس ع۔ معلوم کرنا اندر سے
حِساب ع۔ گنتی۔ شمار علم حساب۔
حَسّاس ع۔ دریافت کرنے والا۔ حس کرنے والا۔
حُسام ع۔ تلوار شمشیر۔ تیغ
حَسَب ع۔ انداز اور شمار کسی چیز کا شرف بزرگی مال و جاہ اور دین کی۔
حَسب ع۔ کفایت کافی ہونا۔ بس ہونا۔
حَسَد ع۔ ڈاہ کسی کی نعمت کا زوال چاہنا۔
حَسرت ع۔ ارمان افسوس کسی چیز کے نہ ملنے کا۔
حِس مشترک ع۔ ایک قوت ہے جسمیں تمام صورتیں محسوسات کی منقش ہوتی ہیں گویا حواس خمسہ ظاہری مانند نہروں کے ہیں اور حس مشترک مثل ایک حوض کے ہے اس میں سب صورتیں جاکر ٹھہرتی ہیں۔
حَسَن ع۔ نیک خوبصورت اچھا
حُسن ع۔ خوبصورتی۔ خوش شکلی
حُسنیٰ ع۔ بہت خوبصورت عورت
حسناء عورت خوبصورت صاحب جمال۔
حَسَنات ع۔ نیکیاں جمع حسنہ کی۔
حَسَنَہ ع۔ نیکی۔ بھلائی۔

حَسُود ع۔ بہت حسد کرنیوالا بدخواہ۔
حِسّی ع۔ وہ جس سے علاقہ رکھے جو محسوس ہو سکے۔
حَسِیب ع۔ شمار۔ حساب
حَسِین ف۔ خوبصورت۔ خوش شکل۔
حَشر ع۔ اٹھانا۔ مجازاً قیامت۔
حَشَرات حشرات الارض ع جمع ہے حشرہ کی وہ جانور موذی جو کہ زمین میں سوراخ کرکے رہتے ہیں اس واسطے اُن کو حشرات الارض کہتے ہیں۔
حَشَم ع۔ نوکر۔ چاکر۔ بھیڑ۔ نوکروں کی۔
حَشمت ع۔ دبدبہ۔ بزرگی فتحہ پڑھنا حا کا خطا ہے۔
حَشو ع۔ بھرنا۔ اور وہ روئی یا اُون جو تکیہ یا لحاف وغیرہ میں بھری جاوے۔
حَشِیش ع۔ سوکھی گھاس اسکی جمع حشایش ہے۔
حُشاشَہ ع۔ باقی جان۔

تھوڑی جان جو زخمی یا بیمار
یں باقی ہو۔
حَصَا ع۔ جمع ہے حصاۃ کی
سنگریزے ٹھیکریاں۔
حَصَاۃ ع۔ ٹھیکری۔ سنگریزہ
حَصَاد }
حَصَد } ع۔ کھیتی کاٹنا۔
زراعت کا کاٹنا۔
حَصَّاد ع۔ کھیتی کاٹنے والا۔
حِصَار ع۔ قلعہ۔ گڑھی۔
حِصَان ع۔ گھوڑا نر۔ بہتر اور
خوب گھوڑا۔ جسکی نسل رکھنے
کے لائق ہو۔
حِصَانَت ع۔ استوارہ۔
پرہیزگاری۔ بچے کا پالنا۔
حَصْر ع۔ گھیرنا۔ گرد کرنا۔ احاطہ
کرنا کسی چیز کا۔
حِصَص ع۔ جمع حصّہ کی۔
حِصْن ع۔ جائے پناہ قلعہ
عفت عورت کی۔
حُصُول ع۔ حاصل ہونا۔
پیدا ہونا۔
حُصُون ع۔ قلعے۔ گڑھیاں
حِصَّہ ع۔ ٹکڑا جزو۔
حَصِیر ع۔ بوریا۔ چٹائی۔

حَصِین ع۔ محکم استوار مضبوط
حُضَّار ع۔ جمع حاضر کی
حاضرین مجلس۔
حَضَر ع۔ اقامت شہر میں
رہنا۔ خانہ باشی۔
حَضْرَت ع۔ نزدیکی حضور
درگاہ۔
حَضَرَات ع۔ جمع حضرت
کی مراد بزرگ۔
حُضُور ع۔ حاضر ہونا۔
سامنے ہونا۔
حَضِیض ع۔ پستی نشیب
حَطَب ع۔ لکڑی۔ چوب
حَظ ع۔ نصیب۔ بہرہ
خوشی۔ خرمی۔ فائدہ۔
حُظُوظ ع۔ جمع حظ کی۔
حَظ ع۔ بہرہ مندی اور
صاحب دولت ہونا۔
حِفَاظَت ع۔ نگہبانی۔
پاسبانی۔
حَفَد ع۔ خدمت۔ شتاب کرنا
حَفْر ع۔ زمین کا کھودنا۔
حُفْرَہ ع۔ گڈھا۔ زمین
کھدی ہوئی۔
حِفْظ ع۔ یاد کرنا۔ یاد رکھنا

حَفِیظ ع۔ نگہبان۔ محافظ۔
حَق ع۔ راست۔ درست
سزاوار۔ واجب۔ لائق
ایک نام خدائے تعالے کا۔
حَقًّا ع۔ درست ہے سچ ہے
قسم خدا کی۔
حِقَارَت ع۔ نفرت کرنا۔
حقیر سمجھنا ذلیل جاننا۔
حَقَّانی ع۔ خدائی وہ شخص جو
خدا کی محبت میں رہے۔
حَقَّانِیَّت ع۔ خدا کا ذکر
خداپن۔ سچائی۔ درستی۔
حَقَائِق ع۔ جمع حقیقت کی
حَق پَرَست ف۔ سچائی۔
آدمی جو تابع حق کے ہو۔
حَقْدَار ف۔ جس کا حق ہو
وارث حصّہ والا۔
حِقْد ع۔ دشمنی۔ کینہ۔ بغض
حُقْنَہ ع۔ بتی دوا کی جو پاخانہ
کی جگہ واسطے دفع بیماری
کے لیجاتی ہے۔
حُقُوق ع۔ جمع حق کی۔
حُقَّہ ع۔ ڈبہ جسمیں جواہرات
وغیرہ رکھتے ہیں۔
حُقَّہ بَاز ف۔ بازیگر۔ مداری

بھان متی۔
حَقِیَّت ع۔ حق۔ حقداری
حَقِیر ع۔ ذلیل۔ ہیچ۔
حَقِیقَت ع۔ اصل ماہیت
کسی شے کی ذات۔
حَقِیقی ع۔ اصل جو بناوٹ
کی نہ ہو۔
حَک ع۔ چھیلنا۔ دور کرنا۔
کھرچنا کسی کو دوسری چیز سے
حَکَّاک ع۔ مہر کن نگینہ ساز
حک کرنے والا۔
حُکَّام ع۔ جمع حاکم کی۔
حِکَایَت ع۔ بات۔ کہانی۔
حِکَم ع۔ جمع حکمت کی دانائی
حُکْم ع۔ فرمان پروانہ۔
حُکَمَاء ع۔ جمع حکیم کی۔
حِکْمَت ع۔ دانائی عقلمندی
حُکْمَرَان ف۔ حاکم۔ بادشاہ
فرمان روا۔
حِکْمَتِ اِلٰہی ع۔ وہ علم
جسمیں بیان الٰہیات کا ہو۔
حُکُومَت ع۔ حکم کرنا
فرمانروائی۔
حُکْمنَامَہ ف۔ پروانہ حکمنامہ
حِکَّہ ع۔ کھجلی۔ خارش

حکیم ع - دانا اور سب علوم کا جاننے والا -
حل ع - کھولنا - مشکل چیز کو آسان کر دینا -
حِل ع - روا ہونا - احرام سے باہر نکلنا - حلال ہو جانا -
حلاج ع - دھنیا - روئی کا دھننے والا - نداف -
حلاحل ع - سردار - مہتر - چودھری -
حلال ع - روا - جائز - درست - موافق شرع -
حلال خور ف - خاکروب - چوہڑا
حلاوت ع - شیرینی - مٹھائی
حلبی ع - حلب کا اکثر آئینہ حلبی مشہور ہوتا ہے -
حلبہ ع - میتھی ایک قسم کی ترکاری مشہور ہے -
حلت ع - حلال ہونا - کشادگی - مباح ہونا -
حلتیت ع - ہینگ - انگوزا
حلف ع - قسم کھانا - سوگند
حلق ع - گلا - گلو - مونڈنا بالوں کا
حلقہ ع - گھیرا - احاطہ - مجلس
حلقہ بگوش ف - غلام فرمانبردار

حلول ع - ایک چیز میں دوسری چیز کا ایسی طرح پر گھس جانا کہ تمیز نہ ہو سکے -
حلم ع - کسی کو سزا دینے میں آہستگی کرنا - بردباری کرنا -
حلمہ ع پستان کا سر بھٹنی
حلو ع - شیرین میٹھا -
حلوان ع - بکری کا بچہ - اصل اسکی حلان ہے -
حلوائے بے دود - سوئے شیر ہیں جو آفتاب کی گرمی سے نکلتے ہیں اور دھواں آگ کا ان کو نہیں پہونچتا اس لیے یہ نام ان کا پڑ گیا -
حلہ ع - جامہ - جبہ - پوشاک
حلوائی ع - شیرینی بیچنے والا
حلی ع - زیور چاندی - یا سونے کا - جمع حلیہ کی ہے -
حلیم ع - بردبار غصہ سہنے والا اور نام ایک قسم کے کھانے کا
حلیہ ع - زیور آرایش - پیدایش
حلیلہ ع - عورت منکوحہ بی بی - جورو -
حم ع سسرا سالہ وغیرہ سسرال کا رشتہ دار

حمار ع - گدھا - خر -
حمامہ ع - مادہ کبوتر - کبوتری
حمی ع - تپ - بخار - بخاری
حماقت ع - بے عقلی بیوقوفی
حمال ع - بوجھ اٹھانیوالا -
حمام ع - نہانے کی جگہ -
حمام زنان ف - وہ جگہ جہاں پر شور اور غل ہو -
حمام ع - کبوتر - فاختہ قمری وغیرہ -
حمایت ع - طرفداری بچاؤ نگہبانی -
حمائد ع - جمع حمیدہ کی - خوبیاں - اچھی خصلتیں -
حمائل ع - تلوار اور جو شے بغل پر لٹکاتے ہیں اور قرآن شریف
حمد ع - تعریف -
حمر ع - جمع حمار کی - گدھے خر - بہت سے -
حمرت ع - سرخی - لال -
حمص ع - نخود - چنا - غلہ مشہور ہے -
حمض ع - گھاس جو تلخ اور شور مزہ ہو -
حمق ع - بیوقوفی - احمق پن

حمقا ع - جمع احمق کی - بیوقوف آدمی -
حمل ع - بوجھ شکم میں عورت کے جو بچہ ہو -
حملہ ع - ہلہ کرنا - دھاوا
حموضت ع - ترشی - کھٹائی -
حمول ع - پارچہ دوا کا بھیگا ہوا - جو دبر یا فرج میں رکھتے ہیں بتی دوا کی -
حمیت ع - پرہیز کرنا - حفاظت - بچ -
حمید ع - خوبی - تعریف کی ہوئی شے -
حمیم ع - دوست - رشتہ دار بخار والا گرم -
حنا ع - مہندی - جو ہاتھوں میں عورتیں لگاتی ہیں -
حنانہ ع - نوحہ کرنیوالی عورت
حنجرہ ع - نرخرہ گلے کا نل
حنطہ ع - گندم - گیہوں -
حنظل ع - اندرائن کا پھل
حنک ع - تالو - کام -
حوا ع - نام اول عورت کا جو آدم ؑ کی بی بی تھیں -
حواجب ع - جمع حاجب کی

ابرو۔ بھوں۔ دربان۔

حَوَادِث ع۔ جمع حادثہ کی مصیبتیں تکلیفات و گردشات زمانہ۔

حَوَارِی ع۔ دھوبی اور سفید چمڑے والا۔ اصحاب حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے۔

حَوَاس ع۔ جمع حاسہ کی وے دس ہیں پانچ ظاہری اور پانچ باطنی۔

حَوَاسِ خَمسۂ ظَاہِری ع۔ پانچ حس ظاہر کے یعنی ذائقہ باصرہ۔ شامہ۔ لامسہ۔ سامعہ

حَوَاسِ خَمسۂ بَاطِنی ع۔ پانچ حس باطن کے یعنی حس مشترک خیال۔ متصرفہ۔ واہمہ حافظہ

حَوَاشِی ع۔ جمع حاشیہ کی کنارے اور نوکر چاکر۔

حَوَاصِل ع۔ جمع حوصلہ کی اور نام ایک جانور آبی کا۔

حَوَافِر ع۔ جمع حافر کی گھوڑے یا گدھے کے سم۔

حَوَالَات ع۔ قید نظر بندی کی سپردگی میں قیدی رکھنا۔

حَوَالَہ حَوَالَت ع۔ سپرد کرنا کسی کی سپردگی میں کوئی چیز دیدینا۔

حَوَالِی ع۔ گرداگرد کسی چیز کا

حَوَالِی شَہر ف۔ شہر کا نواح یعنی شہر کے گرداگرد کی زمین

حَوَائِج ع۔ جمع حاجت کی حاجتیں۔

حُوت ع۔ مچھلی اور نام بارھویں برج کا۔

حُورَا ع۔ وہ عورت جو سفید رنگ کی ہو اور آنکھ بال اسکے نہایت سیاہ ہوں

حُور ع۔ جمع ہے حورا کی سفید رنگ اور سیاہ آنکھ اور کالے بال والیاں۔

حَوزَہ ع۔ کونہ۔ درمیان۔ مملکت کا۔

حَوصِلَہ ع۔ پوٹا۔ معدہ پرند جانور کا جو حلق کے نیچے ہوتا ہے۔ جس میں دانہ جمع کرلیتا ہے اور مجازی مقدور ہمت۔

حَوض ع۔ پانی کا چہ بچہ وہ جگہ جہاں پر پانی ہمیشہ ٹھہرا رہے

حَول ع۔ بازگشت قوت توانائی۔ سال۔ برس۔

حَوِیلی ع۔ اصل میں حوالی تھا یہ فارسیوں کا تصرف ہے وہ مکان جسکے چار طرف دیوار ہو۔

حَیّ ع۔ زندہ۔ جیتا ہوا۔ قوم۔ اور نام خدائے تعالےٰ کا

حَیَا ع۔ شرم اور باران۔

حَیَات ع۔ زندگی جانداری

حَیثِیَّت ع۔ وضع۔ اسلوب طور۔ طریق۔

حَیدَر ع۔ شیر درندہ اور لقب حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ہے۔

حِیرَہ ع۔ گدی۔ گردن کی پیٹھ۔ پشت گردن۔

حَیرَان ع۔ بھوچکا۔ ہکابکا۔

حَیرَت ع۔ بسبب تعجب کے ایک ہی حال پر رہجانا بھوچکاپن۔

حَیِّز ع۔ جگہ مکان اصطلاحی معنی یہ ہیں کہ سطح باطنی جسم حاوی کی جو مماس ہو سطح ظاہری جسم محوی کو۔

ہِیز ع۔ مخنث نامرد۔

حَیص بَیص ع۔ لڑائی و غوغا۔ حیص کے معنے ہیں بیراہ ہونا۔ بیص سختی اور تنگی۔

حَیض ع۔ خون معتاد جو عورتوں کو ہر مہینے میں آتا ہے

حِیطَہ ع۔ احاطہ چاردیواری

حَیف ع۔ افسوس ستم ظلم

حِیَل ع۔ جمع حیلہ کی۔

حِیلَہ ع۔ فریب۔ بہانہ۔

حِین ع۔ وقت۔ ہنگامہ روز قیامت۔

حَین ع۔ موت مرگ ہلاکت

حَیوَان ع۔ زندہ۔ جاندار جانور۔

حَیوَانَات ع۔ جمع حیوان کی

حَیوَانی ع۔ حیوان کا۔ جاندار کا۔

حَیَّہ ع۔ سانپ۔ مار۔

باب الخاء

خَایُوز ع۔ پچڑ۔ وہ کھونٹی جو لکڑی میں ٹھونک کر لکڑی کو چیرتے ہیں۔

خَاتَم ع۔ ختم کرنیوالا۔ خاتم انگشتری۔ انگوٹھی۔ بہر خواتیم جمع

خاتمہ ع۔ انجام۔ آخری۔ کتاب کا آخر حصہ۔
خاتون ع۔ بی بی۔ بیگم۔ گھر کی مالک۔
خاتونِ فلک خاتونِ یغمان سورج۔
خاتونِ عرب ف۔ کعبہ۔
خادع ع۔ فریب دینے والا۔ فریبی۔ مکار۔
خادم ع۔ خدمت کرنے والا۔ نوکر۔
خار ف۔ کانٹا۔ ببول۔
خارا / خارہ } ف۔ سخت پتھر۔ سنگ سخت
خارپشت ف۔ سی۔ ساہی جانور مشہور ہے۔
خارج ع۔ باہر۔ الگ۔ نکلا ہوا
خارش / خارشت } ف۔ کھجلی۔
خارق ع۔ پھاڑنے والا خلاف عادت۔
خارقِ عادت ع۔ معجزے انبیا کے اور کرامتیں اولیا کی
خاریدن ف۔ کھجلانا۔ خارش کرنا
خازن ع۔ جمع کرنیوالا۔ خزانچی
خازنہ ع۔ سالی جورو کی بہن
خاستن ف۔ اٹھنا۔ کھڑا ہونا۔ چاہنا۔
خاسر ع۔ زیانکار۔ نقصان اٹھانے والا جس کو نقصان ہوا ہو
خاشاک ف۔ کوڑا کرکٹ۔
خاشع ع۔ عاجزی اور فروتنی کرنے والا۔
خاشی ع۔ ڈرپوک ڈرنیوالا
خاص ع۔ مخصوص۔ ذاتی
خاصدان ف۔ پان کھنے کا برتن۔
خاصان ع۔ خاص لوگ مخصوص لوگ۔
خاصہ ع۔ جو خاص ہو کسی شے کو خاصیت۔ مجازاً کھانا امیروں کا۔
خاصرہ ع۔ کمر۔ تہی گاہ
خاصیت ع۔ طبیعت اثر
خاضع ع۔ عاجزی اور فروتنی کرنے والا۔
خاطر ع۔ جو دل میں گذرے دھیان دل۔
خاطر جمع ف۔ دل کی تسلی
خاطر نشان ف۔ اسکے معنی خاطر نشیں ہیں یعنے جو دل میں بات بیٹھ سکے یقین ہو سکے۔
خافق ع۔ دھڑکنے والا جس کا سر ہلتا ہے جیسا کہ نیزہ یا درخت
خاقان ف۔ بادشاہ اول میں بادشاہ چین کا خطاب تھا اب ہر بادشاہ کو کہنے لگے ہیں۔
خافقین ع۔ مشرق مغرب۔ پورب پچھم
خاک ف۔ مٹی۔ راکھ۔
خاک بیز ف۔ نیاریہ یعنی وہ شخص جو بطمع زر راکھ دھوتا ہے اور جو اپنے مطلب کے واسطے بڑا مشکل کام کرتا ہے۔ باریک بیں۔
خاک تودہ ف۔ مٹی کا ڈھیر بناتے ہیں جسمیں تیر لگانے کی مشق کرتے ہیں۔
خاکدان ف۔ دنیا۔ عالم کوڑی۔
خاکزاد ف۔ خاک دنیا کا۔ خاک کا بنا ہوا۔
خاکسار ف۔ غریب۔ مانند خاک کے۔
خاکستر ف۔ راکھ۔ خاک۔
خاکروب ف۔ چوہڑا بھنگی
خاکہ ف۔ ڈھانچہ۔ مسودہ تصویر کا۔
خاکی ف۔ خاک کا۔
خاگ ف۔ انڈا۔ بیضہ مرغی کا۔
خاگینہ / خایہ ریز } انڈونکا سالن مشہور کھانا ہے۔
خال ف۔ تل۔ سیاہ نقطہ جو بدن پر ہوتا ہے کالا اونٹ
خال ع۔ ماموں۔ ماں کا بھائی۔
خالد ع۔ ہمیشہ رہنے والا۔
خالص ع۔ جو کسی دوسری شئے سے ملا نہ ہو۔
خالصہ ع۔ خاصہ اور جو کسی سے ملا ہوا نہ ہو اصطلاحی معنے ملک یا زمین بادشاہی جو کسی کی جاگیر نہ ہو۔
خالق ع۔ پیدا کرنے والا۔
خالو ف۔ ماں کی بہن کا خصم
خالہ ع۔ ماں کی بہن۔
خالی ف۔ جسمیں کچھ بھرا ہوا نہ ہو۔

خَامْ ف۔ کچا۔ خالص شراب سقط۔
خَامْ رِیشْ ف۔ بے عقل۔ مسخرہ
خَامُشْ ف۔ چپ۔
خَامِلْ ع۔ گمنام۔ کمینہ اذل جلول۔
خَامُوشْ ف۔ چپ۔ چپکا ہوا
خَامَہْ ف۔ قلم۔ نیزہ لکھنے کا۔
خَامِیْ ف۔ کچاپن۔ کچ پن۔
خَانْ ف۔ سابق میں یہ لقب بادشاہان ترکستان کا تھا اب امیر رئیس کو کہتے ہیں اور سرائے۔
خَامُوشِیدَنْ ف۔ چپکا ہونا۔
خَانْخَانَانْ ف۔ مالک سرائے داروغہ سرائے۔
خَانْدَانْ ف۔ گھرانا۔
خَانْسَامَانْ ف۔ مالک سامان کھانے وغیرہ کا داروغہ۔
خَانْقَاہْ ف۔ فقیروں اور درویشوں کے رہنے کی جگہ۔
خَانُمَانْ ف۔ خان مخفف خانہ کا۔ اور ماں کا اسباب یعنی گھر کا اسباب۔
خَانْوَادَہْ ف۔ خاندان۔

خَانَہْ ف۔ گھر۔ مکان۔
خَانَہ بَدُوشْ ف۔ مسافر پریشان بے ٹھکانا آدمی جس جا چاہے رہ پڑے۔
خَانَہ جَنْگِیْ ف۔ لڑائی۔ فساد دونگہ۔
خَانَہ زَادْ ف۔ جو گھر کا پیدا ہوا ہو غلام
خَاوَرْ ف۔ مشرق۔
خَاوِنْدْ ف۔ مالک صاحب خانہ
خَاوِیْ ع۔ خالی جسمیں کچھ نہو
خَائِبْ ع۔ ناامید محروم۔
خَائِضْ ع۔ غور کرنے والا بڑا فکر کرنے والا۔
خَائِفْ ع۔ ڈرپوک۔ ترساں۔ ڈرنے والا۔
خَائِنْ ع۔ امانت میں خیانت کرنے والا۔
خَایَہْ ف۔ بیضہ مرغ کا۔ انڈا آدمی کا اور حیوان کا۔
خَائِیدَنْ ف۔ چبانا۔
خُبْثْ ع۔ پلیدی۔ میل ناخوش ہونا۔ برائی۔
خَبَرْ ع۔ سندیسا۔ کسی کی بات
خُبْرَتْ ع۔ امتحان آزمایش جاننا۔

خَبَّازْ ع۔ روٹی پکانے والا نان بائی۔
خَبَایَا ع۔ جمع خبیہ کی پوشیدگی
خَبَرْدَارْ ف۔ واقف جاننے والا
خَبَرْگِیرْ ف۔ چوکیدار۔ خبر لینے والا
خُبْزْ ع۔ روٹی۔
خَبْطْ ع۔ جنون کا ملجانا عقل میں جنون۔
خَبِیْثْ ع۔ پلید۔ ناپاک ناخوش۔
خَبِیْرْ ع۔ واقف جاننے والا دانا
خَتْمْ ع۔ پورا کرنا۔ تمام کرنا مہر کرنا۔
خِتَامْ ع۔ ڈاٹ موم یا لاکھ کی لگاکر مہر کر دینا۔
خَتَنْ ع۔ داماد۔
خَتْنَہْ ع۔ سنت کرنا۔
خَجَالَتْ ع۔ شرمندگی حیا
خُجَسْتَہْ ف۔ مبارک۔ ہمایوں
خَجِلْ ع۔ شرمندہ۔
خَجْلَتْ ع۔ شرمندہ ہونا اور شرمندگی۔
خَدّْ ع۔ چہرہ۔ رخسار۔ گال
خُدَا ف۔ مالک صاحب۔ خود

آیندہ۔
خِدَاعْ ع۔ فریب دینا۔
خُدَّامْ ع۔ جمع خادم کی۔ نوکر لوگ۔
خُدَاوَنْدْ ف۔ صاحب مالک
خُدَائِیْ ف۔ صاحبی۔ خدا ہونا
خُدَایَا ف۔ اے خدا۔ یا خدا۔
خَدَائِعْ ع۔ جمع خدیعت کی مکر اور فریب۔
خُدَائِیگَانْ ف۔ بادشاہ خداوند۔
خَدَرْ ع۔ سن ہوجانا۔ بچھونا۔ سست ہوجانا۔ خدر پردہ
خَدْشَہْ ع۔ شک شبہہ خراش۔ خلش۔
خَدْعْ ع۔ فریب دینا دغا کرنا
خَدَمْ ع۔ نوکر چاکر لوگ جمع خادم کی ہے۔
خِدْمَتْ ع۔ چاکری کرنا۔ کام کرنا۔ کام۔
خَدَنْگْ ف۔ تیر اور نام ایک درخت کا ہے جس کے تیر بنتے ہیں۔
خَدِیْعَتْ ع۔ مکر۔ فریب
خَدِیْوْ ف۔ خداوند۔

خر ف. گدھا. کھوٹا کلاں اور بڑا
خر ف. بیٹ جانور کی.
خراب ع. ویران. ضایع
ست. نفیر. ویرانہ.
خرابات ف. شرابخانہ. قمارخانہ
خرابہ ع. ویرانہ. اجڑا مکان
خراج ع. محصول زمین کا.
خراد ف. اصل اسکی خراط ہے
فارسیوں نے خراد کر لیا ہے
خرادی ف. خراد کرنیوالا کاریگر
خراس ف. آٹا پیسنے کی چکی
جس کو بیل گھما کر آٹا پیستے ہیں.
خراش ف. چھیلنا.
خراشیدن ف. چھیلنا.
خراط ع. لکڑی کو چرخ پر
چڑھا کر جو شخص صاف کرتا ہے
خراطت ع. چرخ پر لکڑی
چڑھا کر صاف کرنا.
خراطیم ع. جمع خرطوم کی
ہاتھی کی سونڈ.
خرافات ع. بیہودہ باتیں
جمع ہے خرافت کی.
خرافت ع. کلام بیہودہ اور
نام ہے ایک شخص کا جو عرب
میں بڑا جھوٹا گذرا ہے

خرام ف. نرم. رفتار. ناز کی
چال. ٹھسک کی چال.
خرامان ف. ٹھسک کی چال چلنے
والا. ناز کی چال چلتا ہوا.
خرامیدن ف. ناز سے چلنا
مٹکا کر چلنا. ٹھسک کر چلنا.
خربزہ ف. مشہور پھل ہے
معنے اس لفظ کے بڑا میوہ ہے
خرج ع. باہر نکلنا. خرچ ہونا
خرچنگ ف. کیکڑا مشہور
جانور آبی ہے.
خرجیہ ف. لاگت. صرف خرچ
خرچ ف. زر جو ہاتھ سے
نکل جاوے. آمدنی کی ضد.
خرچی ف. قیمت جماع کی
صحبت کا مول.
خرجین ف. کاٹھی کا تھیلہ
چارجامہ. چارجامہ کا تھیلہ.
خرخشہ ف. بے موقع لڑائی
کرنا. جھگڑا کرنا. خلجان.
خرد ف. چھوٹا. ریزہ.
خرد ف. عقل. دانائی.
خردمند ف. عقلمند. دانا
خرداد ف. اساڑھ کا مہینہ
اور چھٹا دن ہر ماہ شمسی کا

خردل ع. رائی. مشہور غلہ
ہے.
خردہ بینی ف. عیب نکالنا
برائی نکالنا. باریکی دیکھنا.
خرز ع. موزہ کا سینا
درز مشک یا موزے کا سینا
خرزہرہ ف. کنیر کا درخت
مشہور ہے. دو قسم کا ہوتا ہے
سفید اور سرخ.
خرس ف. ریچھ. بھالو.
مشہور درندہ ہے.
خرسند ف. خوش.
خرسنگ ف. بڑا پتھر کیونکہ
خر کے معنی کلاں اور سنگ پتھر
خرسندی ف. خوشی.
خرشید ف. آفتاب. روشن
خرطوم ع. ہاتھی کی سونڈ
اور ٹھوڑی. ناک.
خرف ع. کم عقل آدمی
بیہودہ گو.
خرق ع. پھاڑنا.
خرق عادت ع. کرامت
معجزہ جو خلاف عادت ہو.
خرقہ ع. پرانا جامہ. چیتھڑا
فقیروں کا لباس.

خرک ف. چھوٹا گدھا.
انگور خام.
خرکس ف. احمق آدمی.
بیوقوف.
خرگاہ ف. خوشی کی جگہ.
خیمہ. بڑا خیمہ.
خرگوش ف. سسا. چوگھڑا
خرم ف. خوش. شاد.
خرما ف. چھوہارہ مشہور
میوہ ہے.
خرمست ف. بگڑا جو
بیوقوفی سے کہنا نہ مانے
خرمن ف. کھلیان. تودہ
غلہ کا جس سے ابتک بھس
الگ نہ کیا ہو.
خرمہرہ ف. کوڑی. جو
ہندوستان میں بطور زر کے
رائج ہے.
خرمی ف. خوشی.
خروار ف. تودہ. بوجھ.
جس کو خر اٹھا سکے.
خروج ع. باہر نکلنا. باغی
ہونا. کسی کے حکم سے منحرف ہونا
خروس ع. مرغ گھر کا پلا ہوا.
خروش ف. غل. شور.

خَرُوشِیدَن ف. شور کرنا۔ غل کرنا۔
خَرُوف ع. بکری کا بچہ. برہ
خَرِیدَار ف. خریدنے والا مول لینے والا۔
خَرِیدَن ف. مول لینا۔
خَرِیدَہ ع. لڑکی نابالغ عورت شرمگیں۔ ڈرنا سفتہ۔
خَرِیطَہ ع. تھیلی. لفافہ امیروں کے خط کا۔
خَرِیف ع. موسم خریف جسمیں جوار. مکئی وغیرہ ہوتی ہے یعنی ساونی۔
خَز ع. ریشمی کپڑا. جامہ ریشمی
خِزَان ف. پت جھڑ. باد جسکے چلنے سے پتے درختوں کے جھڑ جاتے ہیں۔
خزانچی ت. خزانہ رکھنے والا فوطہ دار روکڑیا۔
خَزَانہ ع. گودام نقد کا جہاں پر روپیہ نقد رہتا ہو۔
خَزَائِن ع. جمع خزانہ کی۔
خَزعبل ع. بیہودہ بات جس سے ہنسی آوے۔
خَزعبِیل ع. ناحق اور باطل۔
خزعبیلات جمع۔
خَزَف ف. ٹھیکری. سفال
خَزِیدَن ع گھسنا. چھپنا۔
خَزِینَہ ع. خزانہ. گودام روکڑ کا جہاں روپیہ ہو
خَس ف. کوڑا تنکے. گھاس کمینہ آدمی. بخیل آدمی۔
خَسَارَت ع. نقصان زیان
خَسَاسَت ع. نالائقی. زبون ہونا. بخل. کنجوسی۔
خَسَائدَن ف. بھگونا تر کرنا ڈاڑھی کا دانتوں میں دبانا۔
خَسَائیدَن ف. ڈاڑھی کا دانتوں میں دبانا۔
خُسپِیدَن ف. سونا نیند کرنا
خَستہ ف. گھائل زخمی گٹھلی. خربزہ و آلوچہ وغیرہ کی۔
خَستگی ف. زخمی پن دلگیری رنج کی برداشت۔
خَستَن ف. زخمی ہونا اور زخمی کرنا۔
خَستُو ف. دانہ میوہ کا جیسے دانہ خرما و دانہ شفتالو وغیرہ بولتے ہیں۔
خستوانہ ف. نیفروں کا
خرقہ. جو کئی طرح کے ٹکڑوں کا بنا ہوا ہو۔
خُسُر ف. سسرا جورو کا باپ
خُسرَان ع. ٹوٹا. نقصان
خُسرپُورہ ف. سالانہ۔
خُسرُو ف. بادشاہ عادل ہر ایک بادشاہ صاحب شوکت اور نام ایک بادشاہ کا۔
خُسرَوَانہ ف. بادشاہانہ شاہانہ۔
خَسف ع. زمین دھنس جانا اور چاند کا گھٹنا۔
خُسُوف ع. زمین میں دھنس جانا اور چاند کا گھٹنا۔
خَسِیدَن ف. چبانا دانتوں سے چبا کر نرم کرنا۔
خَسِیر ع. زیان کار جو شخص نقصان اٹھاوے۔
خَسِیس ع. بخیل. زبون نالائق۔
خَش ف. ساس خوشدامن اور تیز دوڑنا۔
خَشَب ع. لکڑی. چوب. بالین۔
خِشت ف. اینٹ اور چھوٹا سا نیزہ۔
خَشخَاش ف. مشہور دانہ ہے جو افیم کے ڈوڈو سے نکلتا ہے
خُشک ف. سوکھا ہوا
خُشکَار ف. بدون چھنا ہوا آٹا اور رخا گینہ۔
خُشکہ ف. چاول ابالے ہوئے
خُشکی ف. سوکھا پن تری نہ ہونا۔
خَشم ف. غصہ. خفگی۔
خَشمگِین ف. غصہ ور جو شخص غصہ میں ہو۔
خَشمنَاک ف. غصہ کا بھرا ہوا. غصہ ور۔
خَشِن ع. سخت
خُوشنُود ف. خوش. مسرور
خُوشنُودِی ف. خوشی۔
خَشُو ف. ساس. خوشدامن
خُشُوع ع. عاجزی فروتنی گڑگڑانا. خوف۔
خُشُونَت ع. سختی کھردرا پن درشتی۔
خَشیَت ع. خوف۔
خَشِیج ف. عنصر. ضد. مخالف
خَطَّاف ع. بوچی. چپار

خصال ع۔ جمع خصلت کی خو۔ عادت۔
خصائص ع۔ جمع خصیصہ کی سبھاؤ۔ خصلت۔ خاصیت۔
خصائل ع۔ جمع خصلت کی۔
خصلت ع۔ خو۔ عادت۔ سبھاؤ۔
خصم ع۔ دشمن۔ مالک اور صاحب جھگڑا کرنے والا۔
خصمی ع۔ دشمنی۔ مالکیت
خصوص ع۔ خاص ہونا خصوصیت۔
خصوصیت ع خاص ہونا۔
خصوصیات ع۔ جمع خصوصیت کی۔
خصوم ع جھگڑالو۔ دشمن۔
خصوم ع۔ دشمنی کرنا جھگڑا کرنا
خصومات ع۔ جمع خصومت کی
خصومت ع۔ دشمنی جھگڑا کینہ
خصی ع۔ جس جانور کے خصیے نکال ڈالیں۔ بدھیا۔
خصیہ ع۔ بیضہ۔ انڈا۔
خصیتان ع۔ دو انڈے دو بیضے۔
خصیم ع۔ خصومت کرنیوالا

خضاب ع۔ رنگ اور مجازاً وسمہ و حنا کا رنگ۔
خضب ع۔ رنگ کرنا۔ رنگنا۔
خضر ع۔ نام ہے ایک پیغمبر یا ایک ولی کا جو گمراہوں کو راہ بتاتے ہیں
خضر ع۔ شاخ سبز ہری ٹہنی
خضرا ع۔ سبز۔ ہرا۔ تازہ۔
خضرت ع۔ سبزی ہریالی نباتات کی اور انسان میں گندم گونی۔
خضریات ع۔ ترکاریاں سبزیاں۔
خضوع ع۔ عاجزی کرنا گڑگڑانا۔
خضیب ع۔ رنگین رنگا ہوا
خط ع۔ لکیر جس میں صرف طول ہو عرض اور عمق نہ ہو۔
خطاب ع۔ نام یا مدح یا لقب۔
خط استوا ع۔ وہ خط جو بیچوں بیچ زمین کے فرض کیا گیا ہے
خطایا ع۔ جمع خطیہ کی گناہ اور خطائیں۔

خطب ع۔ جمع خطبہ کی یعنی کتاب کے اور وہ کلام کہ جس سے خطاب کریں اور حمد و ثنا اس میں ہو۔
خطب ع۔ کام دشوار حادثہ
خطابہ ع۔ خطبہ پڑھنا۔ خطبہ خوانی۔
خطبہ ع۔ منگنی کرنا۔ نکاح کرنے کی خواہش کسی عورت سے کرنا۔
خطر ع۔ قدر اور جاہ اور عظمت اور بزرگی اور آفت اور دشواری۔
خطرہ ع۔ جو دل میں اندیشہ ڈالے آفت۔
خطوات ع۔ جمع ہے خطوہ کی قدم اور فاصلہ درمیان دونوں پیروں کے جو بروقت رفتار کے واقع ہو۔
خطوہ ع۔ قدم۔ ڈگ۔
خطہ ع۔ شہر کلاں۔ زمین محدود گھرا ہوا قطعہ زمین کا
خطیب ع۔ خطبہ پڑھنے والا لوگوں کو مخاطب کر کے بولنے والا

خطیر ع۔ بزرگ۔ بڑا کلاں
خف ع۔ موزہ۔
خفا ف۔ ناراض۔ غصے والا۔
خفا ع۔ پوشیدگی۔ پنہانی۔
خفاجہ ف۔ ایک گروہ ہے عرب میں جو راہزن اور چور رہیں۔
خفاش ع۔ چمگادڑ۔ شپرہ
خفایا ع۔ جمع خفیہ کی پوشیدگیاں۔
خفت ع۔ سبکی۔ ہلکا پن
خفتان ف۔ ایک قسم کا جامہ ہے کرتے کے مانند ہوتا ہے لڑائی کے روز پہنتے ہیں اور یوں بھی لوگ پہنتے ہیں۔ (چلتہ)
خفتن ف۔ سونا۔ نیند کرنا
خفر ع۔ شرم اور شرمگین ہونا
خفیرہ ع۔ بدرقہ نگاہبان سپاہی گارد کے۔
خفقان ع۔ دل کا دھڑکاؤ دھڑکنا دل کا۔
خفگی ف۔ ناراضگی خفا ہونا
خفہ ف۔ گلا گھونٹنا۔ ناراض
خفی ع۔ پوشیدہ۔ چھپا ہوا۔

خُفیات ع۔ جمع خفیہ کی
پوشیدگیاں۔
خَفیدن ف۔ خفا ہونا۔
چھینک لینا۔
خفیف ع۔ ہلکا۔
خُفیہ ع۔ پنہانی۔ پوشیدگی چھپا ہوا
خَل ع۔ سرکہ۔
خَل ع۔ دوست
خلاء ع۔ پاخانہ اور خالی جگہ
خلاب ع۔ کیچڑ۔ راہ میں
جو کیچڑ ہوتی ہے۔
خَلاص ع۔ چھٹکارا۔ مخلصی
خُلاصہ ع۔ اصل۔ پاک
صاف۔
خِلاف ع۔ درخت بید کا
برعکس مخالف۔
خِلافت ع۔ جانشینی
کسی کی جگہ پر بیٹھنا۔
خلّاق ع۔ بہت پیدا کرنیوالا
خِلال ع۔ درمیان فاصلہ
درمیان دو چیز کے دانت
کریدنے کا تنکا۔
خِلالہ ع۔ ایک تنکا دانت
کریدنے کا۔
خُلان ع۔ دوستان یاران
جمع ہے خلیل کی۔
خَلانیدن ف۔ چبھانا۔
خلائف ف۔ جمع ہے خلیفہ کی
خلائق ع۔ جمع ہے خلق کی
خُلت ع۔ دوستی۔ محبت۔
خَلج ع۔ باہر کھینچنا۔ چبھنا۔
خلجان ع۔ چبھنا۔ تردد اور
تفکر اور وسواس بھوں سے
اشارہ کرنا۔
خلخال ع۔ پائے زیب
گوجری۔
خُلد ع۔ جنت۔ بہشت۔
دائم اور ہمیشگی۔
خَلش ف۔ زخم کرنا اور
جہاں پر زخم ہو وہاں تک
کوئی چیز کا چبھانا دل میں جو
تکلیف پہونچتی ہے۔ جھگڑا۔
خِلص ع۔ خالص بے کھوٹ
خِلط ع۔ ملی ہوئی شے
اور اخلاط اربعہ سے ایک
خلط یعنے خون۔ یا صفرا
یا بلغم یا سودا۔
خَلع ع۔ کسی جگہ سے نکلنا
کپڑا یا موزہ نکالنا۔ بدن سے
طلاق لینا عورت کا عوض
بخشنے مہر کے یا مال دیکر۔
خِلعت ع۔ لباس یا
پوشاک جو امیر یا بادشاہ
کی طرف سے دیا جاوے۔
خلف ع۔ بیٹا یا جانشین
خُلفاء ع۔ جمع ہے خلیفہ کی
خُلق ع۔ عادت۔ خود سبھاؤ
خَلق ع۔ دنیا کے لوگ
مخلوق پیدا کیا ہوا۔
خِلقت ع۔ پیدائش۔
پیدا کرنا۔
خَلل ع۔ کشادگی۔ رخنہ
تباہی کام کی ہوئی۔ فتور
پڑنا۔
خُلو ع۔ خالی ہونا۔
خَلوت ع۔ تنہائی اور
خالی ہونا مکان کا۔
خلوت صحیح ع۔ تنہا ہونا
خاوند جورو کا واسطے
ہم بستر ہونے کے ایسے
مقام میں جہاں پر کوئی اور
انسان نہ ہو۔
خُلود ع۔ ہمیشہ پن اور ہمیشگی
خُلوص ع۔ سادہ اور پاک
ہونا۔ مجازاً۔ دوستی خالص
خَلی ع۔ بے فکر۔ خالی کاروبار
سے۔ بے فکر۔
خَلیج ع۔ ایک شاخ دریا کی
جو تین طرف خشکی سے محیط اور
ایک طرف سمندر سے ملی
ہو۔
خَلیط ف۔ تھیلا۔
خَلیدن ف۔ چبھنا۔ نیچے
جانا۔ زخم کرنا۔ گھائل کرنا۔
خَلیفہ ع۔ جانشین۔ ولیعہد
کسی جگہ پر بعد اسکی وفات
کے مقرر ہونے والا ہے۔
خَلیق ع۔ صاحب خلق
اچھے سبھاؤ کا آدمی۔
خَلیل ع۔ دوست۔
صادق۔ سچا۔
خَم ع۔ کجی۔ ٹیڑھائی۔
خُم ع۔ مٹکا۔ شراب کا پیپہ
شراب وغیرہ کا۔
خُمار ع۔ نشہ شراب وغیرہ کا
اور بخار اوڑھنی عورتوں کی
خُماسی ع۔ وہ کلمہ جس میں
پانچ حرف ہوں پانچ حرف
والا۔
خَمان ع۔ کمان۔ خم ہونا اور

وہ چیز خم شدہ۔

خمائیدن ف۔ کسی کی حرکات و سکنات کی نقل کرنا بطور تمسخر کے۔

خمخانہ ف۔ شراب خانہ۔

خمر ف۔ شراب برانڈی

خمس ع۔ پانچ یعنی (۵) ؁

خمس ع۔ پانچواں حصہ یعنی (⅕)

خمسون ع۔ پچاس یعنی (۵۰) ؁

خمسہ ع۔ پانچ (۵) ؁

خم و چم ف۔ اترانا۔ ناز و ادا معشوق کی۔

خموش ف۔ چپ چاپ مخفف خاموش کا ہے۔

خموشیدن ف۔ چپ رہنا چپ ہو جانا۔

خمول ع۔ گمنام ہونا۔ گمنامی

خمیازہ ف۔ انگڑائی۔

خمیدن ف۔ ٹیڑھا ہونا۔ خم کھانا۔ کبڑا ہونا۔

خمیدہ ف۔ کبڑا۔ ٹیڑھا۔

خمیر ع۔ خمیر آٹا سڑا ہوا جو اور آٹے کو پھلا دیتا ہے

خمیس ع۔ جمعرات کا دن

خنبیدن ف۔ تال بجانا۔ تال دینا۔

خنادق ع۔ جمع خندق کی۔ کھائیاں۔

خنازیر ع۔ جمع خنزیر کی سور۔ خوک۔

خناس ع۔ دیو۔ شیطان جو دل میں وسوسہ ڈالے۔

خناق ع۔ بیماری حلق کی مشہور ہے۔

خنثی ع۔ جو نہ عورت ہو نہ مرد

خنجر ف۔ مشہور ہتھیار ہے اور بمعنے شمشیر کے بھی آتا ہے۔

خندان ف۔ ہنسوڑ۔ ہنسی کرتا ہوا۔ ہنستا ہو۔

خندانیدن ف۔ ہنسانا۔

خندق ع۔ کھائی جو شہر کے چار طرف بناتے ہیں۔

خندہ ف۔ ہنسی۔

خندیدن ف۔ ہنسنا۔ قہقہہ کرنا۔

خنزیر ع۔ سور۔

خنصر ع۔ چھوٹی انگلی جسکو چھنگلیا کہتے ہیں۔

خنک ف۔ سرد۔ ٹھنڈا۔ اور خوش۔

خنگ ف۔ کونہ۔ زادیہ عاشق زار۔ بیخود۔ اور خنگ بد ذات بدنفس اور خنگ سپید اسپ جس کے بال سپید ہوں۔

خنکا ف۔ خوشا۔ خوشخبری

خنگا ف۔ موٹا۔ ہٹا کٹا۔

خنو ف۔ بدزبان۔ پھوہڑ گفتگو میں بدسلیقہ۔ پوچ۔

خنیا ف۔ راگ۔ ساز

خنیاگر ف۔ گوتیا۔ مطرب ڈوم

خو ف۔ عادت۔ سبھاؤ۔

خواب ف۔ نیند اور نیند میں جو دکھلائی دے۔

خوابیدن ف۔ سونا۔ نیند کرنا

خوابانیدن ف۔ سُلانا۔

خواجہ ف۔ صاحب خانہ مالک گھر کا سردار۔ پیر۔ بالدار حاکم صاحب جمعیت دل رئیس۔ وہ خدمتگار جس کا آلہ تناسل کاٹ ڈالا جائے۔

خواجہ تاش ف۔ ایک مالک کے غلام ایک آقا کے نوکر خداوند صاحب خانہ۔

خواجہ سرا ف۔ وہ غلام جو نامرد ہو۔ اور کام زنانے کا کرتا ہو۔

خواجہ فلک ف۔ آفتاب بعضی جگہ اس سے مراد مشتری ہوتی ہے۔

خوار ف۔ کھانیوالا۔ مثلاً شراب خوار۔ کباب خوار وغیرہ ذلیل اور بے اعتبار آدمی

خوارج ع۔ جمع ہے خارج کی اور خارجی کی بھی یہ وہ لوگ ہیں جو مخالف رافضیوں اور سنیوں کے ہیں۔

خوارزم ع۔ نام مشہور شہر کا ہے

خوارق ع۔ جمع خارق کی خلاف عادت جو بات ہو۔ کرامت۔ معجزہ۔ وغیرہ

خواری ف۔ ذلت۔ بے اعتباری۔ رسوائی۔

خواستگاری ف۔ خواہش چاہنا۔ تمنا۔

خواستار ف۔ مانگنے والا خواہش کرنیوالا۔ طلب کرنیوالا

خواستن ف. چاہنا خواہش کرنا
خواستہ ف. زر. مال سامان
جمعیت ملک جو حسب خواہش
دل کے ہو۔
خواص ع. جمع خاص کی
خواصی ع. خدمتگاری ہر وقت
کی حاضر باشی بطور خواصوں کے
خواطر ع. جمع خاطر کی
طبیعتیں۔ دل۔
خوان ف. دسترخوان
کٹھرا بڑا کھانے کا جو لکڑی
کا بنا ہوا ہو۔
خوانچہ ف. چھوٹا خوان۔
خواندگی ف. پڑھائی پڑھنا
خواندن ف. پڑھنا
خواندہ ف. بلایا ہوا پڑھا ہوا
خانسالار ف. بکاول باورچی
خانساماں۔
خانساماں ف. جو شخص
کھانے کھلانے کے سامان
رکھے
خوان یغما ف. خوان لوٹ
یعنے عام لنگر۔ سدابرت۔
خواہ ف. چاہ یا مانگ۔
خواہش ف. تمنا۔ آرزو

مال۔ اسباب۔
خوب ف. اچھا۔ بہتر۔ نیک
مضبوط۔
خوبان ف. معشوق پری چہرہ
گروہ معشوقوں کا۔
خوبانی ف. زرد آلو خشک
جسکی گٹھلی کا بادام ہوتا ہے
خوجہ ف. مخفف خواجہ کا ہے
خواجہ سرا۔ نامرد۔ غلام۔
خوخ ع. شفتالو۔ آڑو۔
خود ف. تاج۔ ٹوپی لوہے کی
خود ف. آپ
خودکاشت ف. جو شخص
خود ہی مالک زمین کا ہو اور
آپ ہی اس کو بووے۔
خود بخود ف. آپ ہی آپ
خور ف. کھاؤ امر ہے خوردن سے
خوراک ف. خورش کھانا
خورانیدن ف. کھلانا کھلوانا
خورجین ف. چمڑے کا تھیلا
خورد ف. کھایا۔ ریزہ ریزہ
کر دیا سزاوار لائق۔
خوردن ف. کھانا کھانا۔
خوردنی ف. خورش کھانا
طعام لائق کھانے کے۔

خوردی ف. چھوٹاپن۔
چھوٹائی۔
خورسند ف. خوش۔ راضی
خورش ف. طعام خوراک
خورم ف. خوشی راضی شاد
خورہ ف. کوڑھ کی بیماری جذام
خوش ف. راضی۔ چنگا۔
خوشا ف. مبارکباد خوش
باشد۔ طوبیٰ۔
خوشامد ف. ایسی باتیں جو
مخاطب کو خوش آویں۔
خوشدامن ف. ساس۔
جورو کی ماں۔
خوشنود ف. راضی خوش
رضامند۔
خوشہ ف. گچھا۔ بالی اناج
کی۔ بھٹا۔
خوشی ف. شادی۔ سرور
خوشیدن ف. سوکھنا۔
خشک ہونا۔
خوض ف. فکر کرنا۔ سوچنا
خوف ع. ڈرنا۔ ڈر۔
خوفناک ف. ڈرپوک
ڈر کا بھرا ہوا۔
خوک ف. سور جو مشہور حیوان ہے

خوگر ف. عادی جس کو کسی
بات کی خو پڑی ہوئی ہو۔
خول ع. چھلکا اوپر کا غلاف
خون ف. لوہو۔ لہو۔
خونریز ف. خونی۔ خون
ڈالنے والا۔
خونی ف. جو شخص کسی کو
مار ڈالے۔
خونین ف. خون سے لتھڑا
ہوا۔ خونیں۔
خوے ف. پسینہ۔ حیوان کا
عرق بدن کا۔
خوید ف. درخت گندم
یا جو کا جو سبز ہو۔
خویش ف. آپ۔ اپنا۔
ہل۔ تلبہ۔
خویشان ف. اپنے
رشتہ دار اپنے۔
خویشاوند ف. اپنے لوگ۔
خویشتن ف. آپ۔
خویشی ف. اپناپن۔ قرابت
خوئیدن ف. خو۔ پکڑنا۔
خہے ف. کلمہ تحسین کا مرکب
خہ اور ے سے یعنے مرحبا
بارک اللہ آفریں۔

خدنت . خوش . خوشا کلمہ تحسین کا ہے ۔
خی ف . پکھال . پانی کی جو سقوں کے پاس ہوتی ہے
خیابان ف . چمن . کیاری
خیار ع . ایک قسم کی ترکاری جسکو کچا اور پکا کھاتے ہیں کھیرا ۔
خیاشیم ع . پردے ناک کے جمع ہے خیشوم کی ۔
خیاط ع . سوئی اور سوزن
خیاط ع . درزی
خیاطت ع . کپڑا سینا . درزی کا کام کرنا ۔
خیال ع . ایک صورت جو بیداری میں تصور کرے یا خواب میں دیکھے ۔
خیالات ع . جمع خیال کی
خیام ع . جمع خیمہ کی ڈیرے تمبو
خیانت ع . دغل ناراستی امانت میں چوری کرنا ۔
خیبت ع . ناامیدی ہراس بے آس ہونا ۔
خیر ع . نیکی . بھلائی ۔
خیرات ع . جمع خیر کی ۔
خیرباد ف . یہ کلمہ بروقت رخصت کے کہتے ہیں مجازاً بمعنے رخصت سفر کے بولا جاتا ہے ۔
خیرخواہ ف . بھلائی چاہنے والا
خیرگی ف . حیرت . بیحیائی سرکشی دلیری . شوخی تعجب
خیریت ف . نیکی . بھلائی ۔ خیر و عافیت . کسل ۔
خیرہ رائے ف بست رائے پریشان فکر ۔
خیرہ ف . آنکھوں کے سامنے جو غبار ہو جائے شوخ چشم بے شرم بیہودہ . بیحیا . سرکش شجاع . دلیر . حیران . سرگشتہ
خیز ف . اٹھ ۔
خیزیدن ف . آہستہ کسی جگہ داخل ہونا . اٹھنا . کھڑا ہونا .
خیسیدن ف . بھگونا بھیگنا
خیسانیدن ف . ترکرنا بھگونا
خیشوم ع . ناک کے نتھنوں کی ہڈی ۔
خیط ع . دھاگا . ڈورا سوت
خیل ع . سوار اور گروہ آدمیوں کا . گلہ گھوڑوں کا ۔
خیم ع . جمع خیمہ کی عادتیں نیک خوئیں یا بد خوئیں ۔
خیمہ ع . خو طبیعت عادت
خیو ف . تھوک . منہ کا پانی ۔
خیل ع ف . گروہ . افواج گھوڑے ۔
خیول ع . گھوڑے اور سواران
خیلے ف . بہت زیادہ ۔

باب الدال

داء ع . مرض . بیماری
دأب ع . طریقہ . ڈھنگ خو . خصلت ۔
دابہ ع . رینگنے والا زمین پر چلنے والا . چوپایہ وغیرہ جن پر سوار ہوتے ہیں . یا اُن کو لادتے ہیں ۔
دابشلیم (ف و ع) نام ہے راجہ ہند کا جو بہت بڑا راجہ اور عادل تھا ۔
داج ع . تاریک اور تاریکی اور بہت تاریک ۔
داجن ع . پوشیدہ کرنیوالا ابر . گھٹا . گھنگھور ۔
داخل ع . اندر آنیوالا اندرونی ۔
داخلہ ع . اندر آنے والی اندرونی عورت ۔
داد ف . انصاف . عدل عطا . بخشش ۔
داد آر ف . حاکم . عادل منصف مرکب ہے داد اور آر سے جو کلمہ نسبت کا ہے
دادر ف . برادر بھائی دوست
دادک ف مخفف دادبیگ کا ہے بوڑھا غلام ۔
دادگر ف . منصف ۔
ددا ف . بوڑھی . باندی جو مدت سے اس گھر کی کنیزک ہو ۔
دادن ف . دینا ۔
دادنی ف . قرض ۔
دار ع . گھر . خانہ ۔
دار ف . سولی ۔
دارا ف . نام بادشاہ فارس کا جس سے سکندر لڑا تھا ۔ بادشاہ خدائے تعالیٰ یعنے دارندہ . دولتمند ۔
دارائی ف . حکومت بادشاہت خدائی . ایک قسم کا ریشمی کپڑا مشہور ہے ۔
داربست ف . لکڑی اور

تختوں کی پاڑ جس پر راج و مزدور بیٹھ کر کام عمارت کا کیا کرتے ہیں اور انگوریا کسی اور بیل کا ٹھاٹھر۔
دَارُالآخِرَت ع۔ قیامت
دَارُالاَمَان ع۔ امن کا مکان جہاں پر لڑائی اور فساد نہ ہو۔
دَارُالاَمَارَت ع۔ دارالسلطنت گورنمنٹ کا صدر مقام۔
دَارُالبَوَار ع۔ گھر ہلاکت کا یعنے دوزخ۔
دَارُالحَرب ع۔ وہ جگہ جہاں خدا کی عبادت کرنے کی ممانعت کی جاوے ملک کفار۔
دَارُالسَّلَام ع۔ گھر سلامتی کا نام بہشت۔
دَارُالخِلَافَت ع۔ راجدھانی دارالسلطنت۔ بادشاہ کے رہنے کا شہر۔
دَارُالسَّلطَنَت ع۔ گورنمنٹ کا صدر مقام بادشاہ کے رہنے کی جگہ۔
دَارُالشِّفَا ع۔ اسپتال جہاں بیماروں کا علاج ہوتا ہے

دواخانہ۔
دَارُالصَّفَا ع۔ خانہ کعبہ۔
دَارُالضَّرب ع۔ جس جگہ پیسے یا روپیے یا اشرفی پر سکہ لگاتے ہیں۔ ہندی ٹکسال۔
دَارُالفَنَا ع۔ دنیا زمین۔
دَارُالعَدَالَت ع۔ کچہری
دَارُالعِیَار ع۔ وہ مکان جہاں پر کھوٹا اور کھرا زر پرکھا جاوے۔
دَارُالقَضَا ع۔ کچہری جج کی
دَارُالقَرَار ع۔ بہشت جنت
دَارُالمُلک ع۔ حکومت کا صدر مقام جیسے لندن ہے یعنے جہاں پر بادشاہ رہتا ہو
دَارچِینی ت۔ دارچینی
دَارُالنَّعِیم ع۔ ناز و نعمت کا گھر مراد بہشت۔
دَارِع ع۔ زرہ پہنے ہوے زرہ پوش۔
دَارِ فُلفُل ع۔ پیپلی مشہور دوا ہے۔
دَارُوغَہ ت۔ افسر سپاہیوں کا محافظ۔
دَارُو ف۔ دوا۔

دَاروگیر ت۔ مراد حکومت ریاست اور لڑائی جنگ۔
دَارِشِشعَان ف۔ دنیا
دَارِمَدَار ت۔ ٹھہراؤ۔ قرار
دَارَین ع۔ دنیا اور دین دونوں جہان دنیا اور قیامت
دَاس ت۔ درانتی گھاس کاٹنے کا آلہ لوہے کا۔
دَاستَان ت۔ کہانی قصہ۔
دَاشتَن ت۔ رکھنا۔
دَاعِی ع۔ بلانے والا۔ طلب کرنے والا۔
دَاعِیَہ ع۔ بلانیوالی عورت
دَاغ ت۔ دھبہ۔
دَافِق ع۔ کودنیوالا اچھلنے والا
دَال ع۔ دلالت کرنے والا راہ دکھلانے والا۔
دَالَان ت۔ بڑا کمرہ گھر کا۔
دَام ت۔ جال۔ پھندا۔ اور جانور صحرائی جو گھاس کھاتے ہیں جیسے ہرن وغیرہ۔
دَائِم ع۔ ہمیشہ۔ ہوجیو۔
دَامَاء ع۔ دریا۔ سمندر
دَامگاہ دِیو ت۔ دنیا۔
دَامَاد ت۔ جنوائی بیٹی کا خاوند

دَامَان ت۔ دامن۔
دَامِع ع۔ اشک ریز آنسو ڈالنے والا۔
دَامِغ ع۔ سر توڑنے والا
دَامَن ت۔ آنچل انگرکھے کے لٹکے ہوے آنچل۔
دَامَنِ شَب ت۔ آخر شب پچھلی رات۔
دَانَا ت۔ عقلمند۔ دانندہ
دَانَائی ت۔ عقل۔ دانش
دَانِستَہ ت۔ جانکر جان بوجھ کر جانا ہوا۔
دَانِستَن ت۔ جاننا۔
دَانِش ت۔ عقل۔ دانائی۔
دَانِق سب۔ دانگ کا ہے چھ رتی وزن۔
دَانگ ت۔ چھ رتی کا وزن
دَاو ت۔ فریب۔ جیتنا۔ فارسی میں دیوار خواہ پختہ ہو یا کچی
دَاوُد ع۔ نام ہے سلیمان کے باپ کا جنکی کتاب زبور مشہور ہے
دَاوَر ت۔ یہ اصل میں دادور تھا دال ثانی واسطے تخفیف کے حذف ہوئی۔
دَادگَر ت۔ حاکم انصاف کرنیوالا

دَاہ ف ۔ کنیز ۔ لونڈی ۔
دَاہِیۃ ع ۔ سختی زمانے کی بلا ۔ مصیبت ۔ حادثہ ۔
دَائِر ع ۔ پھرنے والا بقیہ چیز اور اصل
دَائِرَہ ع ۔ وہ سطح مستوی گول کہ جو محیط ہو ایک گول خط سے جسکے بیچوں بیچ ایک نقطہ ہو اس سے جو خط نکلیں سب آپس میں برابر ہوں ۔
دَائِم ع ۔ ہمیشہ ۔
دَائِن ع ۔ قرض دینے والا ۔
دَائِمًا ع ۔ ہمیشہ ۔ ہر وقت ۔
دَائِمی ف ۔ ہمیشہ ہر لحظہ ہر وقت ۔
دَایہ ف ۔ وہ عورت جو بچہ کو پرورش کرتی ہے ۔
دَبَاغت ع ۔ چمڑے کو پکانا یا درست کرنا ۔ اور پاک کرنا ۔
دَبدَبہ ف ۔ ٹیپ ٹاپ ڈھول کی آواز ۔
دُبُر ع ۔ پشت پیچھے ہرشے کا مجازاً مقعد ۔
دِبستان ف ۔ مکتب و مدرسہ اصل اسکی ادبستان ہے ۔
دُبقِی ع ۔ کپڑا ۔ دیبا یعنی دبیک جو ایک شہر مصر میں ہے اس کا کپڑا ۔
دَبِیب ع ۔ آہستہ چلنا زمین پر
دَبیرِ فَلک ع ۔ عطارد ستارہ
دَبیر ع ۔ کاتب ۔ منشی ۔ نویسندہ
دَبیز ف ۔ موٹا ۔ دلدار ۔
دِثَار ع ۔ وہ کپڑا جو دوسرے کپڑے کے اوپر پہنا جاتا ہے مثلاً جبہ یا چادر وغیرہ ۔
دَجَّال ع ۔ مخالف حضرت عیسےٰؑ کا ۔
دُجَاجَہ ع ۔ مرغی ۔
دِجلَہ ع ۔ نام ایک ندی کا جو بغداد کے نیچے بہتی ہے ۔
دُخَان ع ۔ دھواں ۔
دُخت ف ۔ مخفف دختر کا لڑکی ۔ بیٹی ۔
دُختَر ف ۔ لڑکی ۔ بیٹی ۔
دُخترَک ف ۔ چھوٹی لڑکی بیٹی
دُخشَند ف ۔ دختر دوسری ماں کے پیٹ کی یا دوسرے باپ کے نسل سے
دَخل ع ۔ آمدنی ۔ اندر آنا کچھ اپنا تصرف کرنا ۔
دُخُول ع ۔ گھسنا ۔ اندر جانا گھسیڑ دینا ۔
دَخِیل ع ۔ دخل دینے والا
دَد ف ۔ درندہ جانور ۔ جیسے شیر بھیڑیا ۔
دَر ف ۔ اندر ۔ بیچ میں ۔
دُرّ ع ۔ موتی ۔ جوہر ۔
دِرَان ۔ گھنٹہ ۔ گھنٹالا ۔ زنگولہ ۔ جرس ۔ اندر ۔
دُرَّاج ع ۔ تیتر پرند مشہور ہے جو اکثر جھاڑیوں میں ملتا ہے
دَرَاز ف ۔ لمبا ۔
دَرَاز شُدَن ف ۔ سونا ۔ لیٹ جانا ۔
دَرَاز دَستی ف ۔ ظلم اور بے انصافی
دَرَاز نَفَسی ف ۔ بہت کہنا کلام کو طول دینا ۔
دَرَاز گوش ف ۔ گدھا ۔
دَراُفتَادَن ف ۔ کسی شخص کے ہمراہ کسی بات میں بحث کرنا ۔ باہم جھگڑا کرنا ۔
دَرَام ف ۔ سیہ ۔ سیاہ خاردار جانور ہوتا ہے ۔
دَرآمَدَن ف ۔ آنا ۔ اندر آنا
دَرآوِیختَن ف ۔ لٹکنا لٹک جانا ۔
دَرَاہِم ع ۔ جمع درہم کی ۔
دِرَایَت ع ۔ دانائی ۔ عقل دانش ۔
دَربَاب ف ۔ بابت ۔
دَربَاختَن ف ۔ ہار دینا
دَربَار ف ۔ کچہری ۔ بادشاہی
دَربَارَہ ف ۔ بابت ۔
دَربَان ف ۔ دروازہ کا چوکیدار
دَربَدَر ف ۔ ایک دروازے سے دوسرے دروازے پر جانا ۔
دَربَند ف ۔ پل دریا کا بند ۔ فاصلہ درمیان دو ولایت کے نام قلعہ اور قلعہ کا دروازہ ۔
دَرپیش ف ۔ سامنے ۔
دَرج ع ۔ داخل کرنا لپیٹنا کاغذ کا ۔
دَرج ۔ دَرَجَات ع ۔ جمع درجہ کی ۔
دُرج ع ۔ ڈبہ جیسں زیور وغیرہ رکھتے ہیں ۔
دَرَجَہ ع ۔ رتبہ ۔ اور تین سو ساٹھواں حصہ کرہ کا ۔
دُرَخش ف ۔ بجلی روشنی

درخشان ف. چمکتا ہوا. جگمگاتا ہوا.
درخشیدن ف. چمکنا اور روشنی دینا
درخور ف. لائق. سزاوار
درخواست ف. خواہش عرضی
درد ف. دکھ.
درد ف. تلچھٹ. گاد.
دردمند ف. دکھ. دکھ والا
دردات. افسوس.
درر ع. جمع ہے در کی یعنی موتی. مروارید. بڑے.
درز ف. نگاف. پھٹن.
درزن ف. سوئی.
درزی ف. سینے والا.
درساعت ف. فی الفور.
درس ع سبق پڑھنا کہنا
درست ف. ٹھیک چست
دراجبی اشرفی. درم اور دینار
درشت ف. سخت. کھردرا
درشتی ف. سختی بدخلقی بھلوانی
درع ع. زرہ جو لڑائی کے وقت پہنتے ہیں.
درفش ف. موچی کا آلہ جھنڈا. بجلی اور کپڑا جو علم پر باندھتے ہیں.

درفشیدن ف. چمکنا. کانپنا
درک ع. پانا. معلوم کرنا
درکہ ع. نشیب بمقابل درجہ کے طبقہ دوزخ کا.
درکات ع. جمع ہے درکہ کی منازل دوزخ. دوزخ کے درجے.
درکار ف. کام میں ضرورت خواہش.
درکل ف. تمام. بالکل.
درگاہ ف. تمام. کچہری مقبرہ
درم ع. پیسہ. درہم.
درما ع. خرگوش مشہور جانور صحرائی ہے.
درمان ف. علاج. دوا دارو. ناچار. درماندہ اور چھوڑ دے.
درماندن ف. عاجز ہونا ناچار ہونا.
درماندہ ف. ناچار عاجز
درماہہ ف. تنخواہ. ماہواری
درمیان ف. بیچ.
درندہ ف پھاڑنے والا
درنگ ف. دیر.
درو ف. اسکے بیچ.

درود ف. تحفہ دعا. رحمت استغفار. تعریف.
درودگر ف. بڑھئی بارھی نجار.
دروازہ ف. گھر کا در.
درودن ف. کاٹنا. کھیتی کاٹنا. لکڑی تراشنا.
درون ف. اندر. بھیتر.
دردش ف. نشتر حجام کا جس سے فصد کھولتے ہیں
دروغ ف. جھوٹ. بہتان
دروغ گو ف. جھوٹا.
درو ع. رواں ہونا پسینہ اور دودھ کا.
درون ف. اندر. بیچ
درودن ف. کاٹنا کھیتی کا اور لکڑی کا تراشنا.
درویزہ ف. گدائی. بھیک مانگنا. بھیک.
دروبست ف. سب تمام بدون کسی دوسرے کے تصرف کے.
درویش ف. فقیر یہ اصل میں درویزہ تھا زا کو شین سے بدل لیا اور دریزہ اصل میں

دریوزہ تھا یعنی آویزندہ اور بھیک مانگنے والا.
درہ ف. کشادگی جو درمیان دو کوہ کے ہو.
درہم ف. ملا جلا گڑبڑ.
درہم ع. ساڑھے تین ماشہ کا وزن.
دری ع. ستارہ بڑا روشن
دری ف. ایک قسم فارسی زبان کی.
دریا ف. بڑا نالہ جاری پانی کا جسمیں کشتی لگائی جائے
دریابار ف. بڑا دریا.
دریافتن ف. پانا تحقیق کرنا
دریافت ف. تحقیق یافت
در یتیم ف. بڑا موتی آبدار جو تنہا صدف میں ہو.
دریچہ ف. کھڑکی.
دریدہ ف. پھٹا ہوا.
دریدن ف. پھاڑنا.
دریغ ف. افسوس حسرت غم
دریغا. افسوس دریغ حسرت.
دراین ف. درمیان اس کے.

دَرْیُوزَگی ف۔ دریوزہ بھیک مانگنا۔ گدائی۔
دُزْد ف۔ چور۔ چوری کرنیوالا
دُزْدِیدَن ف۔ چورانا۔
دُزْدِی ف۔ چوری۔
دُزْدِ حِنَا ف۔ وہ سفیدی جو ہاتھ یا پیر میں بعد لگانے حنا کے باقی رہجاتی ہے۔
دُزْدِژْ ف۔ قلعہ۔ گڑھی اور دُرہ بالاخانہ۔ چوبارہ۔
دُژَم ف۔ غمگین۔ افسردہ۔ بیمار۔ سرست۔
دَژْمَان ف۔ افسوس اور دریغ اور حسرت رکھنا۔
دَسَاتِیر ع۔ جمع ہے دستور کی
دَسْت ف۔ ہاتھ۔ فائدہ۔ مجتمند قوت۔ قدرت۔ طرز۔ روش قاعدہ ایک چیز۔ تمام۔ دفعہ۔ وزیر۔
دَسْت افْزَار ف۔ ہتھیار کاریگر کا
دَسْتَار ف۔ پگڑی۔ رومال۔
دَسْتَار خوَان ف۔ دسترخوان جس پر کھانا رکھکر کھاتے ہیں۔
دَسْت اَنْدَاز ف۔ لٹیرا۔ ظالم
دَسْتَان ف۔ جمع دست کی بہت ہاتھ اور رستم کے باپ کا نام ہے اور فریب مکر اور حیلہ اور گیت اور نغمہ حکایت۔ کہانی۔
دَسْتَانَہ ف۔ غلاف۔ ہاتھ کا۔
دَسْت آوِیز ف۔ سند جس سے اپنا مطلب ثابت کر سکیں۔
دَسْت بُرُد ف۔ مال لوٹ کا۔ بازی۔ قدرت۔ دلیری۔ غلبہ۔ فتح۔
دَسْت بَسَر ف۔ تحیر۔ افسوس کرنے والا۔ سلام کرنا۔
دَسْت بَرَنْجَن ف۔ کڑے کنگن جو ہاتھ میں پہنتے ہیں۔
دَسْت بَسْتَہ ف۔ بخیل کنجوس نماز گزار۔
دَسْت بُقْچَہ ف۔ گٹھری کپڑے کی
دَسْت پَنَاہ ف۔ لوہے کا آلہ جس سے آگ پکڑتے ہیں
دَسْتَخَط ف۔ نشان کرنا اپنے نام کا۔
دَسْتَرَس ف۔ پہونچ۔ قدرت۔ توانگری۔
دَسْتَک ف۔ تالی ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔
دَسْتکَار ف۔ کاریگر۔ ہاتھ کا چالاک۔
دَسْتکَارِی ف۔ کاریگری
دَسْتگَاہ ف۔ قدرت۔ جمعیت۔ سامان
دَسْتَمَال ف۔ وہ رومال جس سے ہاتھ پوچھتے ہیں صافی۔ زبون قیدی؛
دَسْت مُرْد ف۔ یار۔ مددگار
دَسْت مُزْد ف۔ اجرت اور مزدوری بدلا نیکی یا بدی کا
دَسْتَنْبُویَہ ف۔ گلدستہ سونگھنے کا خوشبو یا میوہ جو سونگھا جاوے
دَسْتُور ف۔ وزیر۔ منشی۔ رخصت اجازت صاحب سند قاعدہ
دَسْتَہ ف۔ قبضہ۔ چھری یا تلوار وغیرہ کا۔ یار و مددگار گروہ آدمیوں وغیرہ کا۔
دَسْتیَار ف۔ مددگار۔ مدد کرنیوالا شاگرد۔ زبردست۔
دَسِم ع۔ چربی۔ دسم۔ چرب
دَشْت ف۔ صحرا۔ بیابان
دُشْخوَار ف۔ مشکل۔ کٹھن۔
دُشْمَن ف۔ بیری۔ حریف۔
دُشْمَن کَام ف۔ وہ شخص جو حسب مراد دشمنوں کے خراب اور ذلیل ہو۔
دَشْنَہ ف۔ کٹاری۔ خنجر کی قسم ہے۔
دُشْوَار ف۔ مشکل جو آسان نہو۔
دُعَا ع۔ مانگنا۔ خواہش کرنا۔
دُعَاۃ ع۔ جمع داعی کی چاہنے والے۔
دَعَائِم ع۔ ستون عمارت کے پائے تخت کی جمع دعامہ کی۔ ہے۔
دَعْوٰی ع۔ جو چاہا جاوے خواہش۔
دَعْوَت ع۔ بلانا واسطے کھانا دینے کے۔
دَغَا ف۔ فریب۔
دَغَاباز ف۔ فریبی۔
دَغْدَغَہ ف۔ خوف۔ تشویش خاطر۔ دھکڑ پکڑ۔
دَغَل ع۔ فریب کھوٹ عیب و فساد۔
دَف ع۔ دفلی بجانے کی
دَفَالِی ف۔ سازندہ۔ کلاونت ڈوم۔

دَفَاتِر ع۔ جمع دفتر کی مجموعہ کاغذات کا۔
دَفَائِن ع۔ جمع دفینہ کی مال مدفون کی۔
دَفتَر ع۔ مجموعہ کاغذات کچہری کا۔
دَفتَین ع۔ شانہ جولاہے کا اور پٹھے کتاب کے مقوے
دَفتی ف۔ پٹھ کتاب کا۔
دَفع ع۔ دور کرنا۔ ہٹانا۔
دَفعَتاً ع۔ ایکبارگی۔ ایکدفعہ
دَفعَات ع۔ جمع دفعہ کی
دَفعَہ ع۔ ایکبار۔
دَفق ع۔ ڈالنا پانی کا سٹی ڈالنا۔ اچھلنا۔ پانی کا۔
دَفِینَہ ع۔ گڑا ہوا مال۔
دَق ع۔ کوٹنا۔ آٹا بنا دینا۔
دَق ع۔ باریک اور باریک ہونا
دِقَاق ع۔ جمع ہے دقیقہ کی باریکیاں۔
دَقَائِق ع۔ جمع ہے دقیقہ کی مشکل اور باریک اور لطیف چیزیں۔
دِقت ع۔ باریکی۔ مجازاً تکلف

دَقِیق ع۔ باریک مجازاً مشکل
دَقِیقَہ ع۔ باریک چیز اور اصطلاح میں ساٹھواں حصہ درجہ کا۔
دُکَان ع۔ ہٹی۔ دوکان
دَکَاکِین ع۔ جمع ہے دکان کی
دُکَانچَہ ف۔ چھوٹی دوکان
دُوگَانَہ ف۔ دو رکعت نماز دوہری چیز۔
دِگَر ف۔ اور چیز اور شخص۔
دِگَرگُون ف۔ اور طرح۔ اور ہی طرح۔
دِل ف۔ من۔ دل۔
دِلاسَا ف۔ دل لگی۔ تسلی۔
دَلال ع۔ راہ نمودن اور وہ شخص جو سودا کرائے۔
دَلالَت ع۔ راہ دکھانا۔
دَلالَہ ع۔ راہ دکھانیوالی عورت اور کٹنی اور نکاح کرانے والی۔
دَلالِی حق دلال کا یا حق دلالہ کا۔
دِلاوَر ف۔ دل چلا آدمی بہادر
دِلاوَرِی ف۔ بہادری۔
دِلجَمع ف۔ خاطر جمع ڈھارس
دِلآوِیز ف۔ دلپسند جو دلکو بھاوے

دَلائِل ع۔ جمع ہے دلیل کی
دِلبَازِی ف۔ بے سوچ بیتابی کرنا۔ بے خوف خطرے میں پڑنا۔
دِلپَذِیر ف۔ دلپسند۔
دِلبَر ف۔ معشوق۔
دِلبَرِی ف۔ معشوق پن۔
دِلبَستَہ ف۔ دل لگا ہوا۔
دِلبَستَگِی ف۔ دل کا لگنا۔ علاقہ دل کا۔
دِلبَند ف۔ دل کا ٹکڑا۔ مجازاً فرزند۔
دِلپَسَند ف۔ وہ شئے جو دل کے پسند ہو۔
دِلتَنگ ف۔ بخیل کنجوس
دِلدَار ف۔ معشوق۔ پیاری پیارا۔
دُلدُل ع۔ نام اس مادہ خچر کا ہے جو سفید بہ سیاہی مائل تھی اور حاکم اسکندریہ نے پیغمبر خدا کو دی تھی انھوں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو بخشدی تھی۔
دِلدوز ف۔ دل میں گھس جانے والا
دِلخَستَہ ف۔ رنجیدہ دل چھلا ہوا

دِلرُبَا ف۔ معشوق۔ محبوب
دُلفِین ع۔ ایک قسم کی مچھلی ہوتی ہے۔
دَلق ع۔ گدڑی پشمینہ کا لباس جو فقیر پہنتے ہیں۔
دَلک ع۔ ملنا بدن کا۔ رگڑنا۔
دَلو ع۔ ڈول۔ بوکا۔
دِلیرَانَہ ف۔ دلیر کے مانند۔
دِلیر ف۔ دل چلا۔ چالاک
دَلِیل ع۔ راہ دکھانیوالا وجہ ثبوت۔
دَمادَم ف۔ پے در پے دمبدم۔ ہر ہر پل۔
دِمَار ف۔ مغز۔ ہلاک جس چیز کی آدمیوں کو حاجت ہوا ہے یعنی زندگانی میں دھواں سانس دم۔
دَماغ ف۔ مغز کا گودا تکبر اور غرور۔
دَمان ف۔ وقت اور زمانہ اور غل کرتا ہوا خوشی یا غصہ تند و تیز۔
دَمامَہ ف۔ نقارہ۔ دھونسا اور نفیری۔
دَمامِیل ع۔ جمع ہے دمل کی پھوڑے پھنسیاں۔

دَمبدَم ف۔ ہر دم ہر ساعت ہر لحظہ۔
دَم باز ف۔ فریبی۔ دغاباز
دَندَمہ ف۔ مکرو فریب نقارہ ڈھول۔ شہرت۔ چار دیواری جو قلعہ کے گرد ہوتی ہے اور لڑائی میں جو مورچال بناتے ہیں۔
دَمع ع۔ آنسو آنکھوں سے پانی ڈالنا۔
دُمّل ع۔ پھوڑا۔
دِمنہ ع۔ نام ایک گیدڑ کا ہے جسکا ذکر انوار سہیلی اور کلیلہ دمنہ میں مذکور ہے۔
دُموع ع۔ جمع ہے دمع کی آنکھوں کے آنسو۔
دُم ف۔ پونچھ جانور کی۔
دَم ع۔ خون۔ لہو۔
دَموی ع۔ خونی۔ خون کا منسوب بہ دم۔
دَمیدَن ف۔ اگنا طلوع کرنا۔ پھوٹنا۔
دَنانیر ع۔ جمع ہے دینار کی
دُنبال ف۔ پیچھا اور دم جانور کی۔

دُنبالہ ف۔ پیچھا
دُنبل ف۔ پھوڑا۔
دُنبہ ف۔ مینڈھا۔ دُنبہ۔
دَندان ف۔ دانت۔
دَندانہ ف۔ دندانہ۔ دانت۔
دَنگ ف۔ حیران۔
دَنگل ف۔ کشتی کرنیکی جگہ لڑائی کا مقام۔
دَنی ع۔ ناکس۔ نالائق
دُنیا ع۔ جہان۔ یہ جہان۔
دُنیوی ع۔ دنیا کا۔
دُو ف۔ دو یعنی (۲)
دَوا ف۔ دارو۔
دَواب ع۔ چوپائے مثل گھوڑے گدھے اونٹ وغیرہ کے
دَوات ف۔ وہ برتن جسمیں سیاہی لکھنے کی رکھ کر لکھا کرتے ہیں۔
دَوادَو ف۔ ہر طرف دوڑنا پے درپے۔
دَوّار ع۔ بہت پھرنے والا دورہ کرنے والا۔
دَوازدَہ ف۔ بارہ یعنی ۱۲
دَوازدَہم ف۔ بارھواں ۱۲
دَواعی ع۔ جمع داعی کی

خواہندے بلانے والے باعث۔ موجب۔
دُوال ع۔ تسمہ چمڑے کا
دَوام ع۔ ہمیشگی
دَوان ف۔ دوڑتا ہوا۔ دوڑتا
دَوانیدَن ف۔ دوڑنا۔
دَواوین ع۔ جمع دیوان کی کتابیں۔ دفتر۔
دَوائر ع۔ جمع ہے دائرہ کی
دُوبارہ ف۔ دو دفعہ
دُوبالا ف۔ دوگنا۔
دُوپیازہ ف۔ وہ گوشت جسمیں پیاز ڈالکر پکاتے ہیں
دُوتا ف۔ کبڑا۔
دُوتاہ ف۔ دگنا۔
دُوچار ف۔ ملاقات۔ مقابل
دُوچند ف۔ دگنا۔ مضاعف
دُوجہان ف۔ دنیا اور دین
دَوحہ ع۔ ف۔ درخت۔
دُخت ف۔ کنواری دوشیزہ لڑکی۔
دُوخت ف۔ سلائی۔ سینا۔
دُوختن ف۔ سینا۔
دُود ف۔ دھواں۔ غم۔ رنج۔ سانس۔

دُودَن ف۔ کیڑا مکوڑا۔
دُودُالحَرِیر ع۔ ریشم کا کیڑا ریشم۔
دُودکش ف۔ چمنی۔ جس سوئی میں ہوکر دھواں نکلے
دُودمان ف۔ خاندان قبیلہ کنبہ۔
دُودِلہ ف۔ جو شخص مذبذب ہو دو دچتا ہو۔ دھکر پکڑ میں ہو
دُودہ ف۔ کاجل۔
دَور ع۔ گردش گول ہونا ایک شئے کا اسی کے نقش پر ٹھہرنا۔
دُور ف۔ بعید۔
دُورباش ف۔ نام ایک نیزہ دوشاخہ کا ہے جس کو دیکھ کر لوگ ہٹ جاتے ہیں اور بادشاہ کی سواری کے آگے اس کو لے کر چلتے ہیں۔
دَوران ع۔ گردش دوران پھراؤ۔
دُوراندیش ف۔ جو شخص دور کی بات سوچتا ہو۔
دُوربین ف۔ ایک آلہ ہے

جس سے دور کی چیز نزدیک دکھلائی دیوے ۔

دَوْرَہ ع ۔ گردش دورہ پھراؤ ۔ گشت گرداگرد پھرنا

دُوزَخ ف ۔ جہنم ۔ نرک ۔

دُوسْت ف ۔ یار پیارا محب

دُوسْتی ف ۔ یاری ۔ پیاری ۔

دُوسْت کَام ف ۔ وہ شخص ہے جس کا مطلب حسب مراد دوستوں کے حاصل ہو ۔

دُوسِہ ف ۔ دو تین ۔

دُوش ف ۔ مونڈھا اور رات گذری ہوئی ۔

دُوشَہ ف ۔ وہ برتن جسمیں دودھ دوہتے ہیں ۔

دُوشَان ۔ وہ چوپایہ جس کا دودھ دوہتے ہیں ۔ مثلاً گائے بھینس وغیرہ ۔

دُوشَاب ف ۔ رس انگور کا یا چھوارے کا رس جس پر دو رات گذر جاویں ۔ یہی وجہ تسمیہ ہے ۔

دُوشَاخَہ ف ۔ اُس لکڑی کو کہتے ہیں جس میں دو شاخ ہوں اس کو مجرموں اور گناہگاروں کی گردن پر رکھا کرتے ہیں ۔

دُوشَنبَہ ف ۔ پیر کا دن ۔

دُوشِیدَہ ف ۔ دوھنے والا دودھ کا ۔

دُوشِیدَن ف ۔ دوہنا ۔

دُوشِیزَگی ف ۔ گنوارپن چیرا بندھا ہوا ۔

دُوشِیزَہ ف ۔ چیرہ بند کنواری ۔

دُوغ ف ۔ چھاچھ ۔ مسکہ نکلا ہوا دودھ ۔

دُوک ف ۔ تکلہ کاتنے کا

دُوکدَان ف ۔ چرخہ ۔

دُوگَان ف ۔ دگنا ۔

دُوگَانَہ ف ۔ دو رکعت نماز کی

دُوَل ع ۔ جمع دولت کی ۔

دُولَاب ع ۔ چرخ ۔ رہٹ

دَولَت ف ۔ زر ۔

دَولَت ف ۔ سلطنت حکومت گردش زمانہ کی ۔ نوبت ۔ غنیمت غلبہ ۔

دَولَتمَند ف ۔ صاحب حکم روپیہ والا آدمی ۔

دُوم ف ۔ دوسرا ۔

دُومَغز ع ۔ بادام ۔

دُون ع ۔ سوائے اور غیر تھوڑا ۔ سفلہ ۔ کمینہ ۔

دُونَان ع ۔ کمین لوگ اور خسیس لوگ ۔

دُونِیم ف ۔ دو حصے برابر ایک شے کے ۔

دَوِی ع ۔ ہوا کے چلنے کی آواز ۔

دَوِیدَن ف ۔ دوڑنا ۔

دَوِیسْت ف ۔ دو سو ۲

دَہ ف ۔ دس یعنی (۱۰) عدد

دِہ ف ۔ دے ۔ اور گانوں ۔

دِہَات ف ۔ جمع ہے دِہ کی یعنی گاؤں ۔

دَہَاقِین ف ۔ جمع ہے دہقان کی یعنے گنوار لوگ ۔

دَہَان ف ۔ منھ ۔

دَہَانَہ ف ۔ موہانہ دریا وغیرہ کا

دِہَانِیدَن ف ۔ دلوا دینا

دَہَایی ف ۔ دسواں رتبہ عدد کا

دَہر ع ۔ زمانہ

دَہرِیَہ ع ۔ وہ شخص جو زمانہ کو خدا تصور کرتا ہے ۔

دِہِش ف ۔ انعام دینا بخشش ۔

دَہشَت ف ۔ خوف ۔ حیرت پریشانی ۔

دِہقَان ع ۔ گنوار ۔

دِہقَانِیَت ع ۔ گنوارپن ۔

دُہُل ف ۔ ڈھول ۔

دَہلِیز ف ۔ سرا گھر کا شروع مکان کا ۔

دَہُم ف ۔ دسواں حصہ (۱/۱۰)

دُہمَت ع ۔ سیاہی ۔

دَہَن ف ۔ منھ ۔

دُہن ع ۔ تیل ۔ روغن ۔

دُہُور ع ۔ جمع دہر کی زمانے

دَہیز ف ۔ وہ اسباب و نقد جو لڑکی کو بروقت شادی کے باپ اس کا دیتا ہے ۔

دَی ف پچھلا دن گذرا ہوا دن

دِیَار ع ۔ جمع دار کی گھر اور مجازاً ملک اور شہر ۔

دَیَّان ع ۔ بدلہ دینے والا نام ہے خدا کا ۔

دِیَانَت ع ۔ دینداری اور راستی ۔

دِیبَا ع ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا

دِیبَاچَہ ف ۔ چہرہ ۔ شروع آغاز کتاب کا ۔

دیت ع۔ خونبہا۔ عوض خون کے روپیہ۔
دیجور ت۔ اندھیری رات اور اندھیری تاریک۔
دیدار ت۔ منہ۔ چہرہ۔ بینائی دیکھنا۔
دیدان ع۔ جمع دود کی کیڑے
دیدبان ت۔ وہ سوراخ جس سے نشانہ کو دیکھیں۔
دیدن ت۔ دیکھنا۔
دیر ت۔ بتخانہ۔ مندر۔
دیروز ت۔ کل کا روز گذشتہ
دیرینہ ت۔ پرانا۔
دی شب ت۔ کل کی رات جو گذر گئی۔
دیک ع۔ مرغ۔ خروس۔
دیگ ت۔ ہنڈیہ۔ دیگچی۔
دیگچہ ت۔ ہنڈا۔ چھوٹی ہنڈیا
دیگدان ت۔ چوکھا۔
دیگر ت۔ اور۔ دوسرا
دیمک ت۔ مشہور کرم ہے
دین ع۔ مذہب۔ پنتھ۔
دین ع۔ قرض۔ دام۔ اودھار کا روپیہ۔
دینار ع۔ نام ہے ایک سکہ کا ڈھائی روپیہ کا۔
دینار رخ ت۔ سکہ سونے کا
دیو ع۔ بھوت۔ جن۔
دیوار ت۔ دیوال۔ بھیت
دیوان ت۔ کچہری۔ دار العدالت کتاب غزلوں کی۔
دیوانگی ت۔ پاگل پن۔ بولاپن
دیوانہ ت۔ پاگل۔
دیوانی ت وہ کچہری جسمیں نالش قرض و داد ستد کی کیجائے
دیوث ع بے غیرت۔ بےشرم اور بھڑوا جسکی جورو کسب کرے
دیودار ت۔ ایک پہاڑی درخت ہے جس کا مستول جہاز کا بنایا جاتا ہے
دیون ع۔ جمع ہے دین کی قرض
دیوہ ت۔ ریشم کا کیڑا کرم ریشم
دیہ ت۔ گانوں۔
دیہیم ت۔ تاج شاہی۔

باب الذال

ذا ع۔ وہ مرد۔ اسم اشارہ مفرد مذکر قریب کے واسطے۔
ذابح ع۔ ذبح کرنے والا حلال کرنے والا۔
ذات ع۔ صاحب۔ مالک حقیقت ہر شے کی۔
ذاکر ع۔ ذکر کرنیوالا۔ یاد کرنیوالا
ذاہل ع۔ بھولنے والا۔ بھولکر
ذائب ع گلنے والا۔ پگھلنے والا
ذائق ع۔ چکھنے والا۔
ذائقہ ع۔ مزہ چکھنے کی قوت جو زبان میں ہے۔
ذب ع۔ ہنکا دینا۔
ذبح ع۔ گلا کاٹنا جانور کا شرعی طور پر۔
ذبول ع۔ لاغری۔ پژمردگی
ذبیح ع وہ جانور جو ذبح کیا جاوے۔
ذخائر ع۔ جمع ہے ذخیرہ کی۔ خزانے۔ گودام۔
ذرات ع۔ جمع ہے ذرہ کی
ذراع ع۔ ہاتھ کے حساب سے پیمایش کرنا۔
ذروہ ع۔ کنگرہ۔ کنگورہ
ذریت ع۔ اولاد۔ نسل۔
ذریعہ ع۔ وسیلہ۔ واسطہ دست آویز۔
ذقن ع۔ ٹھوڑی
ذکا ع۔ ذہانت اور نام سورج کا
ذکر ع۔ یاد۔ یاد داشت۔
ذکر ع۔ آلہ تناسل مرد۔
ذکور ع۔ جمع ذکر کی بہت سے مرد نر
ذکی ع۔ ذہین۔ تیز فہم۔
ذلالت ع۔ ذلیل ہونا۔
ذلق ع۔ تیز زبانی اور بے آرام ہونا۔
ذلیل ع۔ خوار بے عزت
ذم ع۔ ہجو کرنا۔ برائی کرنا ہجو
مذمت ع۔ برائی۔
ذمائم ع۔ جمع ہے ذمیمہ کی برائی۔ شرارت۔ بدی۔ بدچیز
ذمہ ع۔ ضمانت۔ عہد و پیمان
ذمی ع۔ اہل کتاب جس کو مسلمانوں کے ملک میں پناہ دی گئی ہو۔ اور وہ جزیہ گزار ہو
ذمیم ع۔ بد اور خراب چیز زشت۔
ذنب ع۔ دم۔ پونچھ۔
ذنب ع۔ گناہ۔
ذنوب ع۔ جمع ہے ذنب کی
ذوات ع۔ جمع ہے ذات کی
ذوبان ع۔ گلنا۔ پگھلنا۔
ذوالجلال ع۔ صاحب شکوہ اور صاحب عزت۔ دبدبہ والا

ذُوالحِجّہ ع۔ بارھواں مہینہ قمری مسلمانوں کا۔
ذُوفُنُون ع۔ وہ شخص جو کئی فن جانتا ہو جس کو کئی طرح کے علم آتے ہوں۔
ذُوالفَقَار ع۔ نام ہے اُس تلوار کا جو حضرت علی کی تھی۔
ذُوالنُّونِ مِصرِی ع۔ ایک فقیر کامل کا نام ہے۔
ذُوالقُربیٰ ع۔ رشتہ دار لوگ۔
ذُوالقَعدَہ ع۔ گیارھوں مہینہ قمری مسلمانوں کا۔
ذَوق ع۔ چکھنا۔ قوت چکھنے کی۔ مزہ چکھنے کا۔
ذَہَاب ع۔ جانا۔ گذرنا۔
ذَہَب ع۔ سونا۔ زر۔
ذِہن ع۔ فہمیدگی۔ زیرکی
ذُہُول ع۔ بھول جانا۔
ذَہِین ع۔ وہ شخص جس کا ذہن تیز ہو۔
ذِی الحِجّہ ع۔ بارھواں مہینہ قمری مسلمانوں کا۔
ذِئب ع۔ بھیڑیا۔ گرگ۔
ذَیل ع۔ دامن۔
ذُیُول ع۔ جمع ہے ذیل کی

باب الراء المہملہ

را ف۔ یہ حرف علامت مفعول کی ہے اور کبھی واسطے کے معنی میں آتا ہے مفصل حال گرامر میں دیکھنا چاہئے۔
رَابِح ع۔ فائدہ اٹھانیوالا سودمند۔ فائدہ کش۔
رَابِطہ ع۔ ربط دینے والا لانے والا۔
رَابِع ع۔ چوتھا۔
رَابِعہ ع۔ چوتھی عورت اور نام ایک پارسا عورت کا ہے بسبب اس کے کہ وہ چوتھی لڑکی اپنے باپ کی تھی اس لیے یہ نام اس کا ہو گیا تھا۔
رَاتِب ف۔ ہر روز کا معمول خوراک روزانہ۔
رَاجِح ع۔ افزون۔ غالب فائق۔ بہتر۔
رَاجِع ع۔ رجوع کرنے والا واپس ہونے والا۔
رَاجِی ع۔ امیدوار۔
رَاح ع۔ شراب۔ شاد ہونا خوشی۔
رَاحَت ع۔ آسایش اور آرام ہاتھ کی ہتھیلی۔
رَاحِل ع۔ کوچ کرنے والا
رَاحِلَہ ع۔ سواری کا جانور ستور۔ بارکش۔
رَاحِم ع۔ مہربانی کرنیوالا۔
رَادِع ع۔ ہٹا دینے والا روکنے والا۔
رَادِف ع۔ ایک سوار کے پیچھے جو دوسرا سوار ہو اس کو کہتے ہیں۔
رَاز ف۔ بھید۔ پوشیدہ بات
رَازدان ف۔ بھید کا جاننے والا۔
رَازِق ع۔ رزق دینے والا
رَازِیانج مب۔ بادیان سونف۔
رَاس ع۔ سربلندی کسی چیز کی۔
رَاسُ الجَدِی ع۔ وہ نقطہ جس پر سورج کے پہونچنے سے جاڑا شروع ہو جاتا ہے
رَاسُ السَّرطَان ع۔ وہ نقطہ جب اس پر سورج پہونچتا ہے تو گرمی شروع ہو جاتی ہے
رَاسُ المَال ع۔ سرمایہ تجارت کا مول جس پر بیع کیا جاوے۔
رَاست ف۔ درست دہنا ہاتھ وغیرہ۔ یہ نام ایک مقام موسیقی کا ۱۲ مقام سے۔
رَاستباز ف۔ سچا۔
رَاستاد ف۔ تنخواہ۔
رَاستی ف۔ درستی۔ صدق سچائی۔
رَاسِخ ع۔ استوار۔ مضبوط۔
رَاسُو ف۔ نیولا۔ نیول مشہور جانور ہے جو سانپ کا دشمن ہے
رَاشِد ع۔ ہدایت یافتہ رشد یافتہ۔
رَاضِی ع۔ خوشی شاد۔
رَاعِی ع۔ نگہبان والی حاکم چرواہا۔
رَاغِب ع۔ رغبت کرنیوالا
رَافَت ع۔ مہربانی۔
رَافِضِی ع۔ منسوب برافضہ
رَافِضَہ ع۔ اس گروہ کو

کہتے ہیں جو اپنے سردار کو چھوڑ دے۔
رَافِع ع ۔ بلند کرنے والا۔
رَاقِب ع ۔ منتظر۔ انتظار کرنے والا۔
رَاقِم ع ۔ لکھنے والا۔
رَاقِی ع ۔ منتر باز۔ جادوگر
رَاقِص ع ۔ ناچنے والا۔ اور نام ایک ستارہ کا ہے جو اژدہائے فلک کے منھ میں ہے۔
رَاکِب ع ۔ سوار۔
رَاکِع ع ۔ جھکنے والا۔ خدا کے سامنے گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کر جھکنے والا۔
رَام ف ۔ تابعدار۔ فرمانبردار
رَامِح ع ۔ نیزہ دار۔ نیزہ مارنے والا۔
رَامِش ف ۔ نغمہ۔ سرود۔ راگ۔
رَامِی ع ۔ تیرانداز۔
رَان ف ۔ جانگھ۔
رَاندَن ف ۔ ہانکنا۔
رَاوِی ع ۔ کہانی کہنے والا روایت کرنیوالا۔ سیراب ہونیوالا
رَاہ ف ۔ راستہ۔

رَاہِب ع ۔ زاہد گوشہ نشین ترسائیوں کا پادری۔
رَاہبَر ف ۔ راہ بتلانے والا۔
رَاہ بُریدَن ف ۔ سفر کرنا۔
رَاہ دَادَن ف ۔ اجازت دینا منظور کرنا۔
رَاہ دَار ف ۔ نگہبان راہ کا چوکیدار۔ سڑک کے چور کو بھی کہتے ہیں۔
رَاہدَارِی ف ۔ چوکیداری راہ یا سڑک کی۔
رَاہِن ع ۔ گرد رکھنے والا کسی چیز کا۔
رَاہنُمَا ف ۔ راہ دکھلانیوالا
رَاہوَار ف ۔ رفتار گھوڑے کی ہے اور گھوڑے کو بھی بولتے ہیں۔
رَاہِی ف ۔ مسافر راہ چلنے والا۔
رَای ف ۔ عقل۔ تجویز۔ خیال۔ دانائی۔
رَایَات ع ۔ جمع رایت کی۔
رَایَت ع ۔ نیزہ علم لشکر کا
رَائِج ع ۔ جاری جو شے پھیلی ہوئی ہو۔

رَائِحَہ ع ۔ بو۔ خوشبو۔ بگندھ
رَائِق ع ۔ پانی جاری اور صاف ولطیف شے۔
رَائِگَان ف ۔ مفت بے عوض ضائع۔
رَبّ ع ۔ پروردگار پالنے والا خدائے تعالےٰ۔
رُبَا ف ۔ لیجانے والا۔
رِبوا ع ۔ بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔ سود
رَبَاب ع ۔ نام ایک ساز مشہور کا۔
رِبَاط ع ۔ سرائے مسافرخانہ
رُبَاعِی ع ۔ چار مصرع جو اوزان مخصوص پر ہوں۔
رَبَّنَا ع ۔ اے ہمارے پروردگار
رَبَّانِی ع ۔ منسوب بہ رب۔
رُبَایِیدَن ف ۔ اچک کر لیجانا
رِبح ع ۔ نفع۔ سود۔ فائدہ جو تجارت میں ہوتا ہے۔
رَبط ع ۔ لگاؤ۔ علاقہ۔
رُبع ع ۔ چوتھائی ($\frac{1}{4}$)
رُبعِ مَسکُون ع ۔ چوتھائی زمین جو انسان سے آباد ہے
رِبقَہ ع ۔ حلقہ رسّی کا۔ رسّی
رُبُوبِیَّت ع ۔ پروردگاری خداوندی۔ خدائی۔

رُبُودَن ف ۔ اچک لینا۔ بزور لیجانا۔
رَبوَہ ع ۔ تودہ۔ اونچی زمین ٹیلہ
رَبِیب ع ۔ پلا ہوا لڑکا پہلے خصم کے تخم کا لڑکا۔
رَبِیبَہ ع ۔ وہ لڑکی جو اگلے خاوند کے تخم کی ہو اور دوسرے خصم کے گھر میں ہمراہ اپنے جو کوئی عورت لے آوے
رَبِیع ع ۔ موسم بہار۔ جیٹھ وبیساکھ۔
رَبِیعُ الاَوَّل ع ۔ تیسرا مہینہ قمری مسلمانوں کا۔
رُتبَہ ع ۔ درجہ۔ مرتبہ۔
رَتق ع ۔ باندھنا۔
رِجَا ع ۔ امید۔ بھروسہ۔ امید رکھنا۔
رِجَال ع ۔ جمع ہے رجل کی مردمان۔
رَجَب ع ۔ ساتواں مہینہ قمری مسلمانوں کا۔
رَجَز ع ۔ نام ایک بحر کا ہے ان بحروں شعر سے اس کا وزن چھ دفعہ مستفعلن ہے
رَجع ع ۔ لوٹنا پھرنا۔ واپس ہونا

رُجعت ع۔ بازگشت و بازگشت مرد کی طرف عورت مطلقہ کے۔
رَجُل ع۔ مرد۔
رَحیٰ ع۔ چکّی۔ آسیا۔
رِحلت ع۔ کوچ۔ کوچ کرنا۔
رَحم ع۔ مہربانی کرنا۔
رَحمان ع۔ مہربانی کرنے والا
رَحمت ع۔ مہربانی۔ دَیا۔
رَحیل ع۔ کوچ۔
رَحیم ع۔ مہربانی کرنے والا۔
رُخ ف۔ منھ۔ رو۔ چہرہ۔
رُحام ع۔ مہربانی کرنے والا
جو سنگ مرمر سے اول قسم ہوتا ہے اس کو انگریزی میں الیباسٹر کہتے ہیں۔
رِحم ع۔ بچّہ دان۔
رَخت ف۔ اسباب۔ سامان
رُخسار ف۔ گال۔ کلّہ۔
رَخشان ف۔ چمکتا ہوا روشن
رَخشیدن ف۔ چمکنا۔
رُخصت ع۔ چھٹی۔
رَخنہ ف۔ سوراخ دیوار کا سوراخ۔
رَدع ع۔ نہ ماننا۔
رِدا ع۔ چادر۔ چدر۔

رَداءَت ع۔ زبون ہونا۔ فاسد ہونا۔ ردی ہونا۔
رَدی ع۔ بگڑا ہوا ناقص ہونا
رَدیف ع۔ وہ شخص جو ایک گھوڑے پر کسی سوار کے پیچھے سوار ہو اور وہ لفظ جو مکرر مصرعا کے اخیر میں آوے
رَذل ع۔ فرومایہ۔ کمینہ
رَذیلہ ع۔ نالائقی فرومایہ پن کمینگی۔
رَز ف۔ درخت انگور کا۔ انگور
رَزّاق ع۔ رزق دینے والا خدائے تعالیٰ۔
رَزانت ع۔ گرانباری بھاری اور بھاری بھرکم ہونا۔
رَزایا ع۔ مصیبتیں جمع ہے رزیہ کی۔
رِزق ع۔ خوراک کھانا روزی
رَزم ف۔ جنگ۔ لڑائی بالن ایندھن۔
رَزمگاہ ف۔ لڑائی کا میدان جنگ کی جگہ۔
رَزین ع۔ محکم استوار آرام کیا ہوا سنگین۔ گران قیمت۔
رَزیدن ف۔ رنگنا۔

رَس ف۔ پہونچ۔ پہونچنے والا
رَسا ف۔ پہونچنے والا۔
رِسالہ ع۔ چھوٹی کتاب نامہ
رَسالہ ع۔ دستہ سواروں کا
رَسان ف۔ پہونچنے والا۔
رَساندن ف۔ پہونچانا۔
رَسائی ف۔ پہونچ۔
رَسائل ع۔ جمع ہے رسالہ کی
رُست ف۔ اُگا۔ اور درخت کا اُگنا۔
رُستخیز ف۔ قیامت۔
رُستگار ف۔ خلاصی پانیوالا
رُستن ف۔ چھوٹنا۔
رُستن ف۔ اُگنا۔
رُستنی ف۔ گھاس پات درخت وغیرہ۔
رَسد ف۔ سزاوار۔ غور کرنا متوجہ ہونا۔
رُسغ ع۔ پہونچا ہاتھ کا۔
رُسُل ع۔ جمع ہے رسول کی
رَسم ع۔ ریت۔ دنیا کی ریت
رسم الخط ع۔ لکھنے کی ریت
رَسمی ع۔ ریت والی چیز دستور کی بات۔
رَسمیات ع۔ جمع ہے رسمی کی۔

رَسَن ف۔ رسّی۔
رُسوا ف۔ ذلیل۔ خوار۔
رُسوائی ف۔ ذلت۔ خواری
رُسوخ ع۔ مضبوطی۔ محکمی۔
رَسول ع۔ نبی جو نئی کتاب لیکر خدا کی طرف سے آوے
رُسوم ع۔ جمع ہے رسم کی۔
رَسیدن ف۔ پہونچنا۔
رَسیدگی ف۔ بلوغت جوان ہونا۔ پہونچ۔
رَشادت ع۔ ہدایت۔
رِشتن ف۔ کاتنا۔
رِشتہ ف۔ دھاگا۔ تاگا۔
رِشتہ دار ف۔ ناتے والا۔
رُشد ع۔ ہدایت۔
رَشک ف۔ حسد۔ ڈاہ۔
رِشوت ع۔ گھوس لینا۔ کسی مقدمہ میں کچھ نقد یا جنس کا لینا
رَشید ع۔ ہدایت کیا ہوا ہدایت یافتہ۔
رَصاص ع۔ قلعی رانگ اور سیسہ۔
رَصد ع۔ جنتر منتر۔ مقام تاروں کے دیکھنے کا چبوترہ بارگاہ

رِضَا ع۔ خوشنودی۔ خوشی خوش ہونا۔
رِضَاعَت ع۔ بچوں کو دودھ پلانا شیرخوار بچوں کو دودھ پلانا
رَضِیع ع۔ ہمشیر یعنی دو بچے جنھوں نے ایک ماں کا دودھ پیا ہوے دونوں آپس میں ایک دوسرے کے رضیع کہلاتے ہیں۔
رَضِیَّہ ع۔ راضی کی گئی۔ راضی شدہ
رُطَب ع۔ تر۔ اور خرما تازہ
رُطُوبَت ع۔ تری۔ نمی۔
رُعَاف ع۔ نکسیر وہ خون جو ناک سے جاری ہوتا ہے
رِعَایَا ع۔ جمع رعیت کی پرجا
رِعَایَت ع۔ نگہبانی کسی چیز کی کرنا۔ لحاظ کرنا طرفداری کرنا۔ طرفداری۔
رُعْب ع۔ خوف۔ ڈر۔
رَعْد ع۔ کڑک بجلی کی۔
رَعْشَہ ع۔ کپکپی۔ وہ بیماری جس سے ہاتھ پانوں بے ارادہ لرزتے ہوں۔
رَعْنَا ف۔ رنگ۔ برنگ۔

زیبا۔ خود آرا۔
رُعُونَت ع۔ غرور نادانی۔ سرکشی اور خود آرائی۔
رَعِیَّت ع۔ پرجا۔ دنیا کے لوگ جو ماتحت کسی حاکم کے ہوں۔
رَغْبَت ع۔ خواہش توجہ دلی
رَغِیف ع۔ روٹی۔
رُفَادَہ ع۔ پٹی زخم کی فصد کے بعد جو پٹی باندھتے ہیں۔
رِفَاقَت ع۔ ہمراہی رفیق ہونا
رَفَاہ ع۔ آرام فراخی عیش کی آسانیت۔
رَفْت ف۔ گیا۔ رفتار۔
رَفْتَار ف۔ چال۔
رَفْتَن ف۔ جانا۔ چلنا۔
رُفْتَن ف۔ بہارنا جھاڑو دینا
رَفْرَف ع۔ باز وپھڑپھڑانا جانور کا اترنے کے واسطے طاق جامہ سبز تکیہ۔ خیمہ۔ نام مقام اسرافیلؑ فرشتہ کا۔
رَفْض ع۔ چھوڑنا۔ ترک کرنا
رَفْع ع۔ بلند کرنا۔ اٹھانا۔
رِفْعَت ع۔ بلندی۔
رِفْق ع۔ نرمی۔ ملاطفت

رُفَقَا ع۔ جمع ہے رفیق کی ساتھی راہ کا ہمسفر دوست۔
رَفُو ع۔ درست کرنا کپڑا پھٹا ہوا جوڑ کر درست کرنا سوت سے۔
رَفِیع ع۔ بلندی۔ بڑے مرتبہ کا رتبہ والا۔
رَفِیق ع۔ ساتھی۔ ہمسفر۔ دوست
رِق ع۔ بندگی۔ غلامی۔
رِقَاب ع۔ جمع ہے رقبہ کی گردن
رِقَابَت ع۔ رقیب ہونا۔ نگہبانی کرنا۔
رَقَّاص ع۔ ناچنے والا۔
رُقَاع ع۔ جمع ہے رقعہ کی پیوند چیتھڑے۔
رَقَائِم ع۔ جمع رقیمہ کی۔
رُقَبَا ع۔ جمع رقیب کی
رَقَبَہ ع۔ گردن۔
رِقَّت ع۔ باریکی۔ پتلاپن
رَقْص ع۔ ناچنا۔
رَقْصِیدَن ف۔ ناچنا۔
رُقْعَہ ع۔ پیوند چیتھڑا خط چٹھی
رَقَم ع۔ لکھنا۔ ہندسہ روپیہ کا
رُقُوم ع۔ جمع ہے رقم کی۔
رَقِیب ع۔ نگہبان پاسبان وہ شخص جو ایک معشوق پر

عاشق ہوں ایک دوسرے کا رقیب کہلاتا ہے۔
رَقِیق ع۔ پتلا۔ باریک۔
رَقِیمَہ ع۔ لکھت۔ خط۔
رِکَاب ع۔ لوہے کا حلقہ جو کاٹھی میں گھوڑے پر باندھتے ہیں۔ پیالہ دراز۔ ہشت پہلو اور مجازاً پیالہ دراز۔
رِکَابدَار ف۔ باورچی۔
رِکَابِی ف۔ برتن۔ دراز منسوب رکاب سے تھالی چھوٹا طباق۔
رَکَاکَت ع۔ سستی ضعیفی باریکی بے عزتی۔
رُکْبَہ ع۔ زانو۔ گھٹنا۔
رُکْن ع۔ ستون کھمبا۔
رُکُوب ع۔ سوار ہونا۔
رَکِیدَن ف۔ غصے میں چپکے چپکے بڑبڑانا۔
رَکِیک ع۔ سست ضعیف۔
رَکِین ع۔ محکم۔ استوار۔ مراد آہستہ۔ آسودہ۔
رَگ ف۔ ناری نس۔
رَم ف۔ بھاگنا۔
رَمَہ ف۔ ریوڑ بکریوں کا۔

گھوڑوں کا گلہ۔
رِماح ع۔ جمع رمح کی نیزہ
رَماد ع۔ راکھ۔ خاک۔
رِمال ع۔ جمع رمل کی ریت جنگل کی۔
رُمّان ع۔ انار میوہ مشہور ہے
رَمانیدَن ف۔ بھگانا۔
رَمائم ع۔ جمع رمیمہ کی بوسیدہ۔ کہنہ۔
رُمح ع۔ نیزہ۔ بھالا۔
رَمَد ع۔ بیماری آنکھ کی ہے سرخ ہو جانا سفیدی چشم کا۔
رَمز ع۔ اشارہ۔ پوشیدگی۔
رَمَضان ع۔ جلانے والا۔ نام نویں مہینے قمری کا جسمیں مسلمان روزے رکھتے ہیں۔
رَمَق ع۔ بقیہ جان تھوڑی سی جان۔
رَمَل ع۔ ریت نام ایک بحر کا ہے ۱۹ بحروں عروض سے
رَمنہ ف۔ چراگاہ وہ مقام جہاں ہرن چرتے پھرتے ہیں
رُموز ع۔ جمع ہے رمز کی۔
رَمیدَن ف۔ بھاگنا۔ وحشت کرکے بھاگ جانا۔

رَمیم ع۔ بوسیدہ۔ کہنہ
رَنج ف۔ تکلیف۔ دکھ۔
رَنجانیدَن ف۔ دکھ دینا رنجیدہ کرنا خفا کرنا۔
رَنجِش ف۔ رنج۔ دکھ۔
رَنجور ف۔ بیمار اسکی اصل رنج ور ہے
رَنجہ ف۔ تکلیف دیکھ۔ رنج
رَنجیدَن ف۔ آزردہ ہونا۔
رِند ف۔ منکر دانا جو شخص عقل کے سبب منکر ہو نہ جہل سے آزاد۔ شرع سے بے قید آدمی بیباک دانا۔
رَندِش ف۔ وے ریزے لکڑی یا تانبے وغیرہ دھات کے جو بسبب چھیلنے کے گرتے ہیں۔
رَندہ ف۔ اوزار ہے جس سے بڑھئی تختہ وغیرہ لکڑی کا صاف کرتا ہے۔
رَنگ ف۔ اس لفظ کے بہت معنے ہیں برہان قاطع میں مفصل لکھے ہیں۔ اور عام معنے سب جانتے ہیں۔
رَنگریز ف۔ رنگنے والا کپڑوں کا۔

رَنگین ف۔ رنگ کیا ہوا۔
رُو ف۔ منھ۔ رُخ۔ چہرہ وجہ۔ سبب۔
رَوابِط ع۔ جمع رابطہ کی باندھنے والی چیزیں اسباب۔
رَواج ع۔ عام۔ دستور
رَواحِل ع۔ جمع راحلہ کی سواریاں۔
رَواداشتن ف۔ جائز رکھنا
رَوافِض ع۔ جمع رافضی کی ہے
رَواق ع۔ چھجہ مکان کا۔
رَوان ف۔ جاری۔ بہتا ہوا
رَوان ف۔ جان۔
رِوایت ع۔ کسی بات کی نقل کرنا۔ کسی کی بات کہنا۔
رَوائح ع۔ جمع ہے رائحہ کی خوشبوئیں۔
رُوبان ف۔ جھاڑو دینے والا جھاڑتا ہوا۔
رُوباہ ف۔ لومڑی مشہور جانور ہے۔
رُوباہ بازی ف۔ فریب مکر۔
رُوبرُو ف۔ سامنے۔
رُوبکار ف۔ سامنا وہ کاغذ جس میں فیصلہ لکھا جاوے

رو برو حاکم کے۔
رُوبکاری ف۔ روبکار
رُوپوش ف چھپا ہوا جو شخص چھپ جاوے۔
رُوبہ ف۔ لومڑی۔
رُوبیدن ف۔ جھاڑو دینا۔ جھاڑنا۔ بہارنا۔
رُوح ع۔ جان۔ بولنا۔
رُوحانی ع۔ روح کا۔
رُوحُ الاَمین ع۔ نام ہے جبرئیل فرشتہ کا۔
رُوحُ القُدُس ع۔ وہ روح جو حضرت عیسیٰؑ پر نازل ہوئی۔
رُوحُ اللہ ع۔ حضرت عیسیٰؑ
رُوحِ حیوانی ع۔ حیوانات کی روح۔
روحِ نباتی ع۔ نباتات کی روح۔
رُود ف۔ ندی۔ نہر۔ نالہ۔
رُوداد ف کیفیت حال۔
رُودادَن ف۔ واقع ہونا ہو جانا۔ ایک بات کا ظا
رُودبار ف۔ نہریں جہاں پر

بہت جاری ہوں۔
رودہ ف۔ تانت۔ انتڑی
روز ف۔ دن۔
روزمرہ ف۔ ہمیشہ ہر روز
روزنامہ ف۔ وہ کتاب جسمیں ہر روز کا حال لکھا جاوے۔ اور روزنامچہ۔
روزہ ف۔ بھوکا۔ پیاسا تمام دن رہنا اور رواہیات نہ کرنا۔ برت۔
روزی ف۔ رزق۔
روزینہ ف۔ ہر روز کا خرچ جو روز روز ملتا رہے
رؤس ع۔ جمع ہے راس کی بہت سے سردار۔
رؤسا ع۔ جمع رئیس کی سردار لوگ۔
روستا / **روستائی** ف۔ دہقان گنوار
روسیاہ ف۔ کالا منھ۔ وہ شخص جو گنہگار ہو۔
روش ف۔ طور طریقہ ڈھنگ پٹری۔
روشن ف۔ چمکتا
روشنی ف۔ چمکنا۔ چمک۔

روضہ ع۔ باغ۔ باغیچہ
روغن ف۔ تیل۔
روگردانیدن ف۔ نہ ماننا منھ پھیرنا۔
رومال ف۔ وہ کپڑا جس سے منھ پونچھتے ہیں۔
رونق ع۔ چمک۔ زیبایش
روئیدن ف۔ اُگنا درخت کا جمنا۔
روئین ف۔ دھات کا کانسے یا پیتل کی شے۔
روے ف۔ منھ۔ چہرہ
رؤیا ع۔ خواب۔ سپنا۔
رؤیت ع۔ دیکھنا نظر آنا
روداد ف۔ حال حقیقت
رہ ف۔ راستہ۔ راہ
رہا ف۔ چھوٹا ہوا آزاد۔
رہاندن ف۔ چھوڑانا رہائی دلانا۔
رہائی ف۔ چھٹکارا۔
رہبان ع۔ جمع ہے راہب کی زاہد نصارئے یا ترسا کا۔
رہبانیت ع۔ جتی ہونا جو رو نہ کرنا بسبب زہد کے
رہبر ف۔ راہنما۔ ہادی

رہزن ف۔ لٹیرا۔ چور۔ جو راہ میں لوٹتا ہو۔
رہگذر ف۔ راہ عام سڑک
رہن ع۔ گرو۔ مال یا زمین کا گرو رکھنا۔
راہ نما ف۔ راہ دکھلانیوالا پیر
راہوار ف۔ گھوڑا۔ فراخ قدم۔ تیز رفتار۔
رہیدن ف۔ چھوٹنا رہائی پانا
رہین ع۔ وہ شے جو گرو رکھی ہو۔
ریا ع۔ ظاہرداری دلمیں جو بات ہو اسکے برخلاف کرکے دکھلانا۔
ریاح ع۔ جمع ہے ریح کی ہوا آندھی۔
ریاحین ع۔ پھول خوشبودار نباتات جمع ہے ریحان کی
ریاست ع۔ سرداری۔
ریاض ع۔ باغ۔ جمع ہے روضہ کی
ریاضت ع محنت کرنا مشقت کرنا۔
ریاضی ع۔ وہ علوم عقلی جو وجود خارجی میں محتاج مادہ کے ہیں چنانچہ مقدار وعدد کہ مادیت میں پائے جاتے ہیں۔

ریاکار ف۔ فریبی۔ ریا کرنے والا۔ منافق۔
ریان ع۔ سیراب۔ تروتازہ
ریب ع۔ شک۔
ریحان ع۔ پھول۔ نباتات سبزہ نازبو۔ ہر گھاس خوشبودار
ریختن ف۔ ڈالنا۔ بکھیرنا
ریدن ف۔ ہگنا۔
ریزان ف۔ ڈالتا ہوا گراتا ہوا
ریزش ف۔ ڈالنا۔ گرانا۔
ریزہ ف۔ ٹکڑا۔ قطعہ۔
ریستن ف۔ حوض یا کنوئیں کے اندر اترنا بل دنیا توبہ کرنا۔ ہگنا۔ بیجانہ پھرنا۔
ریسمان ف۔ سوت۔ ڈورا
ریسیدن ف۔ کاتنا۔
ریش ف۔ پر مرغوں کے داڑھی ریش یائے مجہول سے گھاؤ۔ زخم۔
ریشخند ف۔ تمسخر۔ ہنسی تمسخر۔
ریشہ ف۔ تار سوت کے

درخت کا سوت ۔
رَیعان ع ۔ شروع ۔ ہر چیز کا ۔ جوانی ۔
رِیق ع ۔ بھوک ۔ نہار ۔
رِیگ ف ۔ ریت ۔
رِیم ف ۔ پیپ ۔
رِیو ف ۔ مکر ۔ حیلہ ۔ فریب
ریہ ف ۔ پھیپھڑا جس سے حیوان سانس لیتا ہے ۔
رَئِیس ع ۔ سردار ۔

باب الزاء

زَاج ع ۔ پھٹکری ۔
زَاجِ اَبیَض ع ۔ پھٹکری سفید ۔
زَاحِف ع ۔ دشمن پر چڑھائی کرنے والا ۔ لشکر یا سردار ۔
زَاخِر ع ۔ دریا جو زور کرکے چڑھتا ہے ۔ موج زن ۔
زَاد ف ۔ جنا ۔ پیدا کیا ۔ توشہ راہ کا خرچ ۔
زَادبُوم ف ۔ وہ جگہ جہاں آدمی پیدا ہوا جنم بھوم وطن
زَادہ ف ۔ جنا ہوا ۔
زَادِ رَاہ ف ۔ راہ کا خرچ
توشہ راہ کا ۔
زَادَن ف ۔ جننا ۔
زَار ف ۔ جگہ اُگنے کی ۔ نہایت ضعیف ۔ خوار ۔
زَاری ف ۔ رونا ۔ عاجز کرنا ضعیفی ۔
زَارِیدَن ف ۔ رونا ۔
ژَاژ ف ۔ خار دار گھاس جو اونٹ کھاتا ہے ۔ بیہودہ بات واہیات ۔
زَاغ ف ۔ کوّا ۔ کاگ مشہور جانور ہے ۔
زَاک ف ۔ پھٹکری ۔
زَال ف ۔ بوڑھا ۔ سفید بالوں والا ۔ نام رستم پہلوان کے باپ
ژَالہ ف ۔ اولہ جو آسمان سے برستا ہے ۔
زَانُو ف ۔ گھٹنا ۔
زَانی ع ۔ زنا کرنے والا مرد
زَانِیہ ع ۔ زنا کرنے والی عورت ۔
زَاوِیہ ع ۔ کونا ۔ وہ خط مستقیم جو ایک نقطہ پر ملیں انکے ملنے سے جو کونا پیدا ہوا اسکو زاویہ
کہتے ہیں جیسے کونا ہ ج کا ۔
زَاہِد ع ۔ محنت کرنے والا خدا کی راہ پر عابد ۔
زَاہِر ع ۔ کھلا ہوا پھول روشن بلند ۔
زَاہِل ع ۔ بھولنے والا ۔
زَایِدگی ف ۔ پیدایش پیدا کرنا ۔
زَائِیدَن ف ۔ جننا بچہ کا ۔
زَائِچہ ف ۔ جنم پترہ اور قرعہ ڈالکر جو رمل کی شکلیں رمال لکھتے ہیں ۔
زَائِد ع ۔ بڑھا ہوا حساب سے افزون ۔
زَائِر ع ۔ ملنے والا ۔ زیارت کرنے والا ۔
زَائِل ع ۔ دور ہونیوالا جاتا رہنے والا ۔
زَبَان ف ۔ بولی اور منھ میں جو زبان ہے ۔
زَبَان دَراز ف ۔ وہ شخص جو بیہودہ بکے ۔
زَبَان دَادَن ف ۔ اقرار کرنا
زَبَان زَدہ ف ۔ مشہور ۔
زَبَانہ ف ۔ لپٹ آگ کی شعلہ
زَبَد ع ۔ مسکہ ۔ جھاگ ۔
زُبدَہ ع ۔ چیدہ ۔ چنا ہوا منتخب ۔
زَبَر ف ۔ طاقت ور ۔ اوپر والا زور آور ۔
زَبَرجَد ف ۔ ایک قسم کا جواہر ہے ۔ سبز رنگ زردی مائل
زَبَردَست ف ۔ غالب طاقت ور ۔
زَبَردَستی ف ۔ زور کرنا دھینگا دھینگی کرنا ۔
زَبُور ع ۔ نام اس کتاب کا جو حضرت داؤد علیہ السلام کی ہے راگ ۔ گیت ۔
زَبُون ع ۔ بد تر ۔ بیوقوف عاجز بیچارہ ۔
زَبِیب ع ۔ داکھ ۔ منقے کشمش ۔
زُجَاج ع ۔ شیشہ گلاس کانچ
زُجَاجَہ ع ۔ کانچ ۔ شیشہ نام ایک گاؤں کا ہے مصر میں ۔
زَچَہ ف ۔ وہ عورت جس نے ابھی بچہ جنا ہو ۔
زَجر ع ۔ جھڑکنا ۔ روکنا

بازرکھنا۔ منع کرنا۔
زُحَل ع۔ نام ستارہ مشہور کا ہے ہندی میں اسکو سنی اور سنیچر کہتے ہیں۔
زَحمَت ع۔ تکلیف دکھ۔ رنج۔
زَحِیر ع۔ بیماری شکم کی ہے مروڑ آنون لہو کے دست آتے ہیں۔
زَخَارِف ع۔ جمع ہے زخرفہ کی جھوٹی باتیں جس کا ظاہر اچھا باطن غلط۔
زُخرُف ع۔ مزخرفات واہیات بات ظاہر کچھ باطن کچھ۔ ظاہر آراستہ باطن خراب۔
زَخم ف۔ گھاؤ ریش۔
زَخمَہ ف۔ ساز بجانے کی چیز۔ مضراب۔
زَد ف۔ چوٹ مارا ہوا پٹیا ہوا چوٹ کھایا ہوا۔
زَدَہ ف۔ صاف کرنیوالا پاک کرنے والا پاک گر۔
زَد و کُوب ف۔ مارپیٹ مارکوٹائی۔
زَدَن ف۔ مارنا۔
زِدُودَن ف۔ صیقل کرنا۔

زَر ف۔ سونا۔ روپیہ اشرفی پیسہ وغیرہ۔
زَرَاعَت ع۔ کھیتی کھیتی کرنا
زُرَاف ف۔ شتر گاؤ پلنگ کو کہتے ہیں زرافہ بھی بولتے ہیں
زَراَندُودَن ف۔ طلا کرنا چڑھانا سونے کا کسی چیز پر
زَرباف ف۔ سنہری۔
زَربَفت ف۔ کپڑا چاندی اور سونے کے سوت کا بنا ہوا
زَرِجَعفَری ف۔ خالص سونا منسوب ہے جعفر برمکی وزیر سے جس کے حکم سے صاف کرنے کا استعمال جاری ہوا تھا۔
زَرد ف۔ پیلا۔
زَردُشت ف۔ نام ایک حکیم کا ہے جو نسل منوچہر سے اور شاگرد فیثاغورث کا تھا اس نے دعوائے نبوت کا کیا تھا اور اس نے ایک کتاب ژند بنا کر اپنی امت کو دی تھی۔
زَرداب ف۔ پیپ و زرد پانی صفرا۔
زَرد آلُو ف۔ خوبانی۔

زَردچُوب ف۔ ہلدی
زَردَک ف۔ گاجر۔
زَردُوزِی ف۔ چاندی یا سونے کے تاروں کا کام
زَرِسُرخ ف۔ سونا۔
زَرَع ع۔ کھیتی اور کھیتی کرنا
زُرف ف۔ گہرا۔ ڈونگا۔
زَرقَا ع۔ وہ عورت جسکی آنکھ میں سبزی اور نیلاپن ہو اور نام ایک عورت عرب کا ہے جو بہت تیز نظر تھی۔
زَرق ع۔ جھوٹ۔ مکر نفاق بیٹ کرنا جانور کا۔
زرِ قلب ف۔ کھوٹا سونا۔
زَرگَر ف۔ سنار۔
زَرگَرِی ف۔ سنار کا پیشہ
زَرِمَغرِبی ف۔ خالص سونا مجازاً آفتاب
زَرنِگار ف۔ سونے کے نقش جس پر بنے ہوئے ہوں
زَرنِیخ ف۔ ہرتال۔
زِرَہ ف۔ جلتہ
زَرّین ف۔ سونے کا کام کیا ہوا
زِشت ف۔ برا بھونڈا بدشکل

زَعفَرَان ع۔ کیسر۔
زُعم ع۔ گمان۔
زُغَال ف۔ کوئلہ۔
زَغَن ف۔ چیل مشہور پرندہ ہے
زَغَند ف جست کود پھاند کر چھال۔
زِفَاف ع۔ دولھن کو دولھا کے گھر روانہ کرنا۔ ہم بستر کرنا دولھا کا دلھن سے
زِق ع۔ مشک مشکیزہ پانی وغیرہ کا۔
زُقُوم ع۔ درخت تھوہڑ کا
زَک ف۔ ہرا دینا۔ الزام دینا
زُکَام ف۔ سردی کی بیماری جس میں ناک بہتی ہے۔
زَکَاوَت ع۔ ذہانت تیزی ذہن کی۔ بھڑکنا آگ کا۔
زَکوٰۃ ع۔ چالیسواں حصّہ مال نامی کا خدا کی راہ پر جو سالانہ دیا جاتا ہے۔
زَکِی ع۔ پاک اور صاف اور ذہین عقلمند۔
زَکِیدَن ف۔ آپ ہی آپ قہر سے بولنا۔
زَلَالَت ع لغزشیں غلطیاں

زلازل ع۔ زلزلے بھونچال
جمع زلزلہ کی۔
زلزال ع۔ ہلانا۔ لرزہ کرنا۔
زلزلہ ع۔ بھونچال زمین کا
لرزہ آنا۔ ہالا ڈولا۔
زلف ف۔ لٹ بال کی۔
جو معشوق چہرے پر لٹکاتے ہیں
زلل ع۔ لغزش۔ نقصان
کجی ترازو کی جائے لغزش
زلو۔ زلوک ف۔ جونک۔
زمام ع۔ باگ گھوڑے
کی۔ نکیل اونٹ۔
زمان ع۔ وقت۔ عرصہ زمانہ
زمانہ ع۔ وقت۔
زمانیان ف۔ زمانہ کے
لوگ جو قدیم نہیں ہیں۔
زمانی ف۔ زمانہ کا نو پیدا
جو قدیم نہ ہو۔
زمخت ف۔ بے مزہ۔ کسیلا۔
زمرد ف۔ ایک جواہر ہے
سبز رنگ۔
زمردین ف۔ وہ شے جیسی
رنگ زمرد کا سا پایا جاوے۔
زمرہ ف۔ جماعت گروہ
آدمیوں کا۔

زمزمہ ف۔ راگ۔ گیت۔
زمزم ع۔ ایک کنواں ہے
کعبہ کے پاس۔
زمستان ف۔ جاڑا سیال
زمم ع۔ استوار اور ارادہ
زمن ع۔ زمانہ۔ وقت۔
زمہریر ع۔ سخت جاڑا۔
کرہ ہوا کا ایک طبقہ جو بہت
سرد ہے۔
زمین ف۔ وہ کرہ جس پر
ہم رہتے ہیں۔
زمیندار ف۔ کسان مالک
زمین کا۔
زن ف۔ عورت۔ جورو۔
زنا ع۔ حرام کاری کسی کی
جورو یا کسی غیر محرم عورت
سے صحبت کرنا۔
زنار ف۔ جنیو۔ دھاگا جو
ہندو لوگ گلے میں رکھتے ہیں۔
زنبور ف۔ بھڑ۔ شہد کی ڈنک
مارنیوالی مکھی ہے۔ سنڈاسی
آگ پکڑنے کا اوزار۔
زنبورک ف چھوٹی توپ
زنبیل ف۔ ٹوکرا۔ جھولی
بھیک کا کاسہ۔

زنجار ع۔ زنگار۔
زنجبیل ع۔ سونٹھ۔ سوکھی
ہوئی ادرک
زنجیر ف۔ کنڈی۔ کڑی کا سلسلہ
لوہے کا۔
زنخ ف۔ ٹھوڑی اور طعنہ بیہودہ
زنخدان ف۔ ٹھوڑی۔
زن خواستن ف۔ عورت
کرنا نسبت یا منگنی کرنا۔
ژند ف۔ نام اس کتاب کا ہے
جو زردشت نے لوگوں کو
بنا کر دی تھی اور دعوے کیا تھا
کہ خدا کی طرف سے نازل ہوئی
ہے بزرگ۔
زندان ف۔ قید خانہ بندیخانہ
زندانیان ف۔ قیدی لوگ
مقید آدمی جو بند ہوے
جیلخانہ کے ہیں۔
زندگانی
زندگی } ف۔ جینا زندگی
زندست ف۔ بازو کی ہڈی
زندہ ف۔ جیتا ہوا۔ جاندار
ژندہ ف۔ خرقہ۔ پارہ۔ کہنہ
ہر شے بڑی اور عظیم اور
خوفناک چنانچہ ژندفیل بڑا ہاتھی

زندیق مب۔ معرب زندیک کا
ہے اور یہ لفظ مرکب ہے۔ زند کا نام
کتاب زردشت اور یائے
نسبت اور کاف تصغیر سے
جو حقیر کے معنی دیتا ہے مراد
بے دین۔ کافر بے ایمان۔
زنگ ف۔ گھنٹا۔ گھنٹالا۔
ناقوس اور نام ملک کا ہے
اور میل لوہے وغیرہ کا۔
زنگولہ ف۔ جھانجھ۔ گھنٹا۔
نام ایک مقام کا موسیقی
میں ایک طرح کا گھونگرو ہوتا ہے
جو ناچتے وقت پہنتے ہیں۔
زنگی ف۔ ملک زنگ کا حبشی
زنہار ف۔ امان۔ بچاؤ۔ پناہ
زو ف۔ اس سے اصل اس کی
ازو ہے۔
زواجر ع۔ موانع۔ روکنے
والیاں۔
زوال ع۔ جاتا رہنا۔
زواہر ع۔ جمع ہے زاہر کی
بمعنے روشن اور کھلا ہوا پھول
زوایا ع جمع ہے زاویہ کی گوشے
کونے۔
زوائد ع۔ جمع ہے زائد کی

وہ اشیا جو مطلب سے بڑھتی ہوں۔
زَوج ع۔ جوڑا جفت۔ خواہ مرد ہو یا عورت۔
زَوجہ ع۔ جورو۔ عورت نکاحی جس سے شادی ہوئی ہو۔
زُود ف۔ جلد بشتاب
زُودی ف بشتابی۔ جلدی پھرتی۔ پھرتی پن۔
زُور ع۔ جھوٹ۔ فریب۔
زَورَق ع۔ چھوٹی کشتی۔
زُورمَند ف۔ طاقت ور زور والا۔
ژَدَرہ ف۔ ریزہ کی ہوئی۔
ژُولیدن ف۔ الجھنا۔
ژُولیدہ ف۔ الجھا ہوا۔
زِہ ف۔ شاباش۔ کلمۂ تحسین چلہ کمان کا۔ کنارہ۔ نطفہ بچہ۔
زُہّاد ع۔ زاہد لوگ۔ عابد لوگ۔ تپسّی
زَہادت ع۔ زہد کرنا۔ تقویٰ اور پرہیزگاری کرنا۔
زُہد ع۔ پرہیزگاری کرنا۔ تقوے کرنا۔ تپسیا کرنا۔
زَہدان ف۔ بچہ دان۔ رحم عورت کا جسمیں بچہ رہتا ہے۔

زُہر ع۔ شگوفے کلیاں۔
زُہر ف۔ بس
زُہرہ ع۔ نام ہے ایک ستارہ کا۔ جسکو سوک کہتے ہیں
زَہرہ ف۔ پتہ۔
زِہے ف۔ آفرین۔ شاباش کلمہ تحسین
زِہیدن ف۔ جوش کرنا باہر آنا۔
زَہیر ع۔ کھلا ہوا تاباں روشن ہونا۔
زِی ف۔ اندازہ۔ طرف نزدیک
زِندگی ف۔ جیتا رہنا۔
زِیادت ع۔ زیادتی فزونی نہایت۔
زِیادہ ع۔ بہت افزون۔
زِیادہ سری ف۔ غرور سرکشی۔ مکڑاپن۔
زِیارت ع۔ ملاقات۔ کسی بزرگ سے یا آدمی وغیرہ کو دیکھنا
زِیان ف۔ نقصان۔ حرج
ژِیان ف۔ غصہ کا بھرا ہوا نہاتند خو۔
زِیب ع۔ زینت زیبایش
زِیبا ف۔ لائق۔ آراستہ۔ زیب دینے والا۔
زَیت ع۔ روغن زیتون تیل
زِیبایش ف۔ زیبائی خوبصورتی۔ آرایش۔
زِیبَق ع۔ پارہ۔
زِینت ف۔ زیبایش آراستگی سجیلاپن۔
زِیبیدن ف۔ زیبا ہونا آراستہ ہونا۔
زِیج ف۔ نجومیوں کی کتاب جسمیں حرکت افلاک کواکب کی لکھی جاتی ہے۔
زِیر ف۔ نیچے۔ کمزور۔
زِیربند ف۔ ایک تسمہ جو گھوڑے کے نیچے باندھا جاتا ہے
زِیراکہ ف۔ اسواسطے۔
زِیربار ف۔ بوجھ کے نیچے تھکا ہوا جس پر بوجھ پڑا ہوئے
زِیرک ف۔ عقلمند دانا۔
زِیرکی ف دانائی عقلمندی
زِیروزبر ف۔ اوپر نیچے۔ الٹ پلٹ۔
زِیرین ف۔ نیچے کا۔
زِیرہ ف۔ نام ایک قسم کے مصالحہ کا ہے۔

زِیست ف۔ زندگی جینا
زِیستن ف۔ جینا۔
زَین ع۔ آراستگی۔ خوبی۔
زِین ف۔ گھوڑے کا زین۔
زِینہار ف۔ پناہ۔ امان۔ ترک کرنا۔ عہدوپیمان ہرگز
زِینہ ف۔ سیڑھی۔
زِیور ف۔ جوشن۔ گہنا جو عورتیں پہنتی ہیں

بابُ السّین

سَار ف۔ مانند و مشابہ موافق۔
سَابِع ع۔ حصہ ساتواں ۱/۷
سَابِغ ع۔ پورا کامل وسیع
سَابِق ع۔ اگلا۔ بڑھا ہوا سبقت لیجانے والا۔
سَابِقًا ع۔ پہلے اوّل دفعہ
سَابِقہ ع۔ اگلی پہلی عورت
سَابِقِین ع۔ اگلے زمانے کے لوگ پرانے وقت میں
سَاتِر ع۔ ڈھکنے والا پردہ کرنے والا۔
سَاج ع۔ سال کا درخت۔ توا روٹی پکانے کا۔ ایک پرند کا نام ہے

ساجد ع۔ سر جھکانے والا۔ سجدہ کرنے والا۔
ساجع ع۔ گانے والا پرند بلبل۔ قافیہ دار بولنے والا۔
ساچق ت۔ ایک روز اول شادی کے کچھ ٹھلیان میوہ اور شیرینی اور لباس دلھن کا اور نقل وغیرہ کا دُلھا کے گھر سے دلھن کے گھر لیجاتے ہیں اسکو ساچق کہتے ہیں۔
ساحت ع۔ میدان۔ ڈگر آنگن صحن مکان کا۔
ساحر ع۔ جادوگر۔
ساحق ع۔ پیسنے والا۔ رگڑنے والا۔
ساحل ع۔ کنارہ دریا کا۔
ساختن ف۔ موافق کرنا بنانا۔
ساخت ف۔ بناوٹ بناؤ بنانا۔
ساخر ع۔ تابع کرنے والا لوگوں کو اپنی طرف مائل کرنے والا۔
سادات ع۔ جمع ہے سید کی
سادس ع۔ چھٹا حصہ ۱/۶

سادگی ف۔ صفائی ٹیپ ٹاپ۔
ساذج سب۔ معرب ہے سادہ کا۔
سار ف۔ سرائندہ۔ خوش آواز۔ شتر۔ اونٹ۔ انبوہ
ساربان ف۔ نگہبان شتر۔ صاحب شتر۔
سارق ع۔ چور۔ دزد۔
ساری ع۔ سریان کرنیوالا گھسنے والا۔
ساز ف۔ بناؤ۔ باجا۔ سامان سفر استعداد۔ رونق کام کی۔ تجمل۔
سازش ف۔ لگاؤ۔ میل اتفاق۔
سازگار ف۔ مبارک۔ لائق۔
سازیدن ف۔ سازش کرنا موافقت کرنا۔ راست کرنا۔
ساس ف۔ کھٹمل۔ مشہور بودار کیڑا ہے جو چارپائی میں ہوجاتا ہے۔
ساطع ع۔ بلند۔ چمکتا ہوا
ساطور ع۔ چھرا بغدا قصاب کا

ساعات ع۔ جمع ہے ساعت کی۔
ساعت ع۔ ڈھائی گھڑی ۲ ۱/۲ گھڑی گھنٹہ۔
ساعد ع۔ بازو۔
ساعی ع۔ کوشش کرنیوالا چغل خور
ساغر ف۔ پیالہ شراب کا گلاس شراب کا۔
سافر ع۔ سفر کرنیوالا مسافر ظاہرا۔
سافل ع۔ نیچے والا۔ زیر
ساق ع۔ پنڈلی۔
ساقط ع۔ گرنیوالا۔ گرا ہوا نکما۔
ساقی ع۔ شراب پلانیوالا
ساکب ع۔ ڈالنے والا پانی یا خون کا
ساکت ع۔ خاموش چپکا
ساکن ع۔ ٹھہرا ہوا بے حرکت
سال ف۔ برس۔ سمت۔
سالار ف۔ سردار۔
سالانہ ف۔ برسی برس بھر کا
سالب ع۔ نفی کرنے والا
سالخوردہ ف۔ بوڑھا۔ کہنہ

سال شمسی ف وہ برس جو سورج کی چال پر حساب کیا جاتا ہے۔
سالف ع۔ اگلا۔ قدیم جو پہلے گذر گیا۔
سال قمری ف۔ چاند کی چال پر جو برس شمار کیا جاتا ہے۔
سالک ع۔ راہ چلنے والا خدا دوست۔
سالکان ف۔ جمع سالک کی
سالم ع۔ ثابت۔ تندرست پورا۔
سالوس ف۔ فریبی۔ زبان دراز۔ مکار۔
سالوسی ف۔ چرب زبانی فریب کرنا۔ مکر کرنا۔
سام ع۔ نام ہے حضرت نوحؑ کے بیٹے کا۔
سامان ف۔ اسباب تیاری کی چیزیں۔
سامح ع۔ چشم پوشی کرنیوالا
ساماچہ / ساماکچہ ف۔ سینہ بند۔ عورتوں کی انگیا۔

سامع ع۔ سننے والا۔
سامعہ ع۔ کان میں طاقت جو سننے کی ہے۔
سامی ع۔ بلند۔ اونچا۔
سان ف طرز۔ روش رسم۔ عادت۔
سانح ع۔ ظاہر ہونے والا پیش آنیوالا۔ بائیں طرف جو شکار آجاوے۔
سائے ف۔ گھس۔ رگڑ۔
سائبان ف چیز اکثر آبگیر جو دھوپ سے بچاوے
سائر ع۔ تمام سیر کرنیوالا۔
سایہ ف۔ چھاؤں۔ بو او جھول
سائیدن ف۔ پیسنا۔
سائیس ف۔ نگاہبان گھوڑے کا۔
سب ع۔ گالی۔ برا کہنا۔
سبابہ ع۔ پہلی انگلی ہاتھ کی انگوٹھے کے پاس۔
سپارش ف۔ کسی کے حق میں سعی کرنا۔
سپاس ف۔ تعریف کرنا حمد کرنا۔ سراہنا۔
سباسب ع۔ ریت کا جنگل

سباع ع۔ درندے شیر بھیڑیا وغیرہ کی قسم۔
سباک ع۔ سکہ ڈھالنے والا روپیہ اشرفی بنانے والا۔
سپاہ ف۔ فوج۔
سبب ع۔ وجہ باعث رسی
سبت ع۔ ہفتہ کا دن سنیچر کا دن۔
سبحان ع۔ پاک۔
سبحان اللہ ع۔ پاک ہے اللہ پاکی سے یاد کرتا ہوں خدا کو۔
سبحہ ع۔ سمرن۔ تسبیح۔
سبد ع۔ ٹوکرا ٹوکری۔
سپر ف۔ ڈھال۔
سپر انداختن ف۔ تابع ہو جانا رعایا کا حکم ماننا۔
سپرد ف۔ کسی کے قبضے میں دینا یا ہونا۔
سپردن ف۔ سونپنا سپرد کرنا
سپردنی ف۔ لائق سپرد کرنے کے۔
سپری شدن ف۔ پورا ہونا۔
سبز ف۔ ہرا۔

سبزہ / سبزی } ف۔ ہریالی سبزی گھاس وغیرہ کی۔
سبط ع۔ قوم۔ قبیلہ۔ بیٹی کی اولاد۔
سبع ع۔ سات، (معہ)
سبعین ع۔ ستر، (معہ)
سبق ع۔ پڑھنا۔ بڑھوتری
سبقت ع۔ بڑھوتری آگے جانا۔
سبک ع۔ ڈھالنا سکہ کا۔
سبک ف۔ ہلکاپن۔
سبکی ف۔ ہلکاپن۔
سبکتگین ف۔ نام ہے بادشاہ خراسان کا۔
سبل ع۔ سرخی جو آنکھ میں پیدا ہو جاتی ہے یا ٹیڑھا بال جو آنکھ کے اندر پیدا ہو جاتا ہے اور چبھتا رہتا ہے۔
سبلت ف۔ مونچھ۔
سپس ف۔ بعد۔ پیچھے۔
سپنج ف۔ مہمان۔ عاریت چراگاہ۔ جانوران۔
سپنجی سرائے ف۔ جھونپڑا چرواہوں اور گھوالوں کا۔ جو کھیت میں بنا لیتے ہیں اصل معنے سہ پنج کے تین و پانچ ہیں یعنے وہ مقام جس کو قیام نہ ہو مراد دینا۔

سبو ف۔ ٹھلیا۔ گھڑا۔
سپوختن / سپوزیدن } ف۔ چبھونا۔
سبوس ف۔ چھان گندم وغیرہ کی۔ آٹے کی بھوسی۔
سبوسہ ع۔ بفا۔ جو سر میں ہو جاتی ہے۔
سپاہ / سپہ } ف۔ فوج۔
سپہر ف۔ آسمان۔
سپید ف۔ بگلا۔ چٹا۔ سفید
سپیدہ دم ف۔ صبح تڑکا۔
سیپارہ ف۔ تیسواں حصہ کلام
سبیل ع۔ راہ۔ راستہ۔ سڑک
ست ع۔ چھ ۶ (ے)
ستا ف۔ ستایش۔ تعریف۔ شکر نعمت کا۔
ستار ف۔ ایک باجا مشہور ہے
ستارہ ف تارہ جو آسمان پر چمکتا ہے۔
ستارہ مدار ف پوچھنا الاستاذ

دم دار ستارہ ۔
ستان ف ۔ چت لیٹا ہوا
جس جگہ بہت انبوہ کسی چیز کا ہو ۔
ستاندن ف ۔ لینا ۔
ستائیدن ف ۔ سراہنا ۔
ستائش ف ۔ سراہنا تعریف کرنا ۔ حمد کرنا ۔ شکر ۔
ستبر ف ۔ موٹا ۔ غفص دل دار
ستبری ف ۔ موٹائی گاڑھاپن
ستدن ف ۔ لینا ۔
ستر ف ۔ مخفف استر کا خچر ۔
ستر ع ۔ پردہ چھپانا ۔
ستردن ف ۔ صاف کرنا ۔ مونڈنا
سترگ ف ۔ بڑے جثے کا آدمی ۔ قوی ہیکل ۔ سخت غصہ ور تند مزاج ۔ لڑاکا بڑا ۔
ستم ف ۔ ظلم ۔ بے انصافی
ستم دیدہ ف ۔ مظلوم جس پر ظلم ہوا ہو ۔
ستمگار ف ۔ ظالم ظلم کرنیوالا
ستوقہ ف ۔ زر رفت کھوٹی چاندی یا کھوٹا پن ۔
ستودن ف ۔ تعریف کرنا ۔
ستودہ ف ۔ سراہا ہوا ۔
تعریف کیا ہوا ۔
ستور ف ۔ چوپایہ ۔ گھوڑا ۔ خچر ۔ گدھا مجازاً ۔
ستون ف ۔ پیلپایہ کھم مکان کا ۔
ستوہ ف ۔ عاجز تھکا ہوا ملول
ستون ع ۔ ساٹھ ۶۰ س
ستوقہ ب ۔ کھوٹی چاندی یا کھوٹا سونا ۔ زر قلب ۔
ستہ ع ۔ چھ ۶ (س)
ستیدن ف ۔ لینا لے لینا
ستیزندہ ف ۔ لڑنے والا ۔
ستیز / ستیزہ } ف ۔ لڑائی جنگ جھگڑا
ستیزیدن ف ۔ لڑنا ۔
سجاد ع ۔ سجدہ کرنا ۔
سجادہ ف ۔ مصلیٰ نماز پڑھنے کا بچھونا ۔
سجایا ع ۔ جمع ہے سجیہ کی عادت ۔ خو ۔
سجدات ع ۔ جمع ہے سجدہ کی ۔
سجدہ ع ۔ سر زمین پر رکھنا سامنے خدا کے سر جھکانا
اور نام ایک سورۂ قرآن کا ہے ۔
سجع ع ۔ خوش آواز پرند ۔ مثلاً ۔ بلبل یا قمری کی آواز اور لفظ آخر فقرہ کا جو مطابق دوسرے فقرۂ اخیر کے ہو لغوی معنی سجع کے آواز قمری کے ہیں ۔
سجف ع ۔ پردہ اور پردہ ڈالنا ۔
سجل ع ۔ قبالہ چک حکم نامہ قاضی کا ۔
سجن ع ۔ قید خانہ ۔ جیل خانہ
سجنجل ع ۔ آئینہ یہ لفظ رومی ہے ۔
سجود ع ۔ سجدہ کرنا ۔
سجیہ ع ۔ خصلت ۔ خو ۔ عادت سبھاؤ ۔
سحاب ع ۔ ابر ۔ بادل
سحج ع ۔ بیماری شکم کی ہے جو خراش روده سے پیدا ہوتی ہے ۔
سحر ع ۔ وقت آخر شب کا صبح کے پہلے کا وقت ۔
سحر حلال ع ۔ شعر و سخن فصیح جو بجائے جادو کے ہو
اور نام ایک مثنوی کا ہے ۔
سحرگاہ ف ۔ وقت صبح کا
سحر ع ۔ جادو ۔ افسون ۔
سخاوت ع ۔ سخی ہونا داناپن بخشش کرنا ۔
سخت ف ۔ کڑا جو نرم نہو
سختی ف ۔ برخلاف نرمی کے کڑاپن ۔
سخرہ ف ۔ ہنسی ۔ ٹھٹھا خوش طبعی ۔ تمسخر ۔ بیگار ۔
سخن ف ۔ بات ۔ شعر عبارت ۔ لفظ ۔
سخی ع ۔ دانا ۔ دینے والا خدا کے نام پر ۔
سخیف ع ۔ کم سمجھ ۔ تنگ ظرف بیہودہ ۔
سد ع ۔ دیوار ۔ روک ۔ حائل دو چیزوں میں ۔
سداد ع ۔ مضبوطی ۔ راستی گفتار اور کردار کی ۔
سدس ع ۔ چھٹا حصہ ۱/۶
سدہ ع ۔ گرہ جو انتڑیوں یا رگوں میں مواد غلیظ کی ہو جاوے ۔
سدید ع ۔ محکم ۔ استوار

راست درست۔

سَرَف۔ سر خیال ارادہ شروع

سِتر ع۔ بھید۔ راز۔

سَرَا ف۔ مکان خانہ گھر سافرخانہ

سُراب ع۔ دھوکا جو دور سے ریت دکھلائی دے کہ پانی ہے اور وہاں جاکر جب دیکھیں تو ریت ہو۔ پانی نہ نکلے ایسے مقام کو سراب کہتے ہیں۔

سَرَاپَردَہ ف۔ بارگاہ شاہی بڑا پردہ جو بطور دیوار کے خیمہ کے آگے کھینچتے ہیں گھر کا پردہ۔

سَرَابُستَان ف۔ وہ باغ جو گھر میں ہو۔

سِرَاج ع۔ چراغ۔ دیوار

سَرَاچَہ ف۔ چھوٹا۔ خیمہ۔ چھوٹا مکان۔

سُرَادِق ع۔ سراپردہ خیمہ

سُرَادِقَات ع۔ سراپردہ اور خیمے

سَرَارِی ع۔ لونڈیاں مدخولہ حرمین۔ جمع سریّہ کی۔

سَرَاپَرز ف۔ ڈھلاؤ سلامی کی جگہ۔

سَرَاسَر ف۔ سربسر اس سرے سے اس سرے تک۔

سَرَاسِیمَہ ف۔ حیران پریشان

سُرَاغ ف۔ کھوج تلاش۔

سَرَافَراز ف۔ سربلند۔

سَرَافگَندَن ف۔ سر نیچے کرنا گردن نیچے ڈالنا۔

سَرَافگَندَہ ف۔ شرمندہ سر نیچے ڈالے ہوئے۔

سَرَآمَد ف۔ سردار برگزیدہ

سَرَآمَدَن ف۔ پورا ہونا۔

سَرَان ف۔ سردار لوگ۔

سَرَانجَام ف۔ آخرکار سامان کام کا۔

سَرَاوِیل ع۔ پائجامہ سُتھن

سَرَائِیدَن ف۔ گانا۔ الاپنا

سَرَائے ف۔ مکان گھر سافرخانہ

سِرَایَت ع۔ گھس جانا اس طرح پر جیسے شکر کا سرایت کرنا پانی میں۔

سَرَائِر ع۔ جمع سریرہ کی پوشیدہ بھید اور تخت۔

سَرَایچَہ ف۔ چھوٹی سرائے چھوٹا مکان۔

سَرَب ع۔ جست۔ سیسہ جسکی گولیاں ڈھالتے ہیں

سَرباختَن ف۔ لڑائی کرنا۔ لڑنا

سَرِبَار ف۔ سر کا بوجھ۔

سَربَاز ف۔ بہادر جنگ میں بے خوف لڑنے والا۔

سَربَازِی ف۔ لڑائی بیخوف کام بہادری کا کرنا۔

سَربَالا ف۔ سربلند

سَربَراہ کَردَن ف۔ راہ پر لانا۔ پورا کرنا۔ انتظام۔

سَربَرَاہ ف۔ منتظم۔ مہتم

سَربَرَاہِی ف۔ اہتمام انتظام

سَربَرداشتَن ف۔ سربلند کرنا سر اٹھانا۔ حاکم سے پھر جانا بغی ہونا۔

سَربَرزَدَن ف۔ ایک بات کا واقع ہونا۔ ہو جانا۔

سَربَرَست ف۔ خانہ زاد گھر کا نوکر۔

سَربَست ف۔ آزاد بے قید

سَربَستَن ف۔ بندھنا۔

سَربَستَہ ف۔ بندھا ہوا۔ پوشیدہ راز۔

سَربَسَر ف۔ تمام۔ بالکل۔

سَربُلَند ف۔ اونچا۔

سَرپنجِی ف۔ زور۔ شدت

سَرپَنجَہ ف۔ ہاتھ کا پنجہ اور مجازاً طاقتور۔ زبردست آدمی

سَرپُوش ف۔ ہنڈیا کا ڈھکنا طباق کا ڈھکنا جو اوپر ڈھکا رہتا ہے۔

سَرپیچ ف۔ جوہر ہوتا ہے جو عمامہ یا پگڑی پر لٹکایا جاتا ہے

سَرپیچِیدَن ف۔ سرکشی اور نافرمانی کرنا۔

سَرتَابِی ف۔ حکم نہ ماننا بغاوت کرنا۔

سَرتَاسَر ف۔ تمام بالکل سب کا سب۔

سَرج ع۔ زین گھوڑے کا۔

سَرجُوش ف۔ شوربا جو اوّل جوش کھا چکا ہو مجازاً خلاصہ زبدہ۔

سَرچَشمَہ ف۔ چشمہ سوتا پانی کا

سَرحَد ف۔ حد۔

سَرحَلقَہ ف۔ سردار حاکم کسی حلقہ کا۔

سُرخ ف۔ لال۔

سَرخَارِیدَن ف۔ ناامید ہونا تسلی کرنا۔ راغب ہونا

سُرخرُو ف۔ خوش جس کا

دعوے ثابت ہوجاوے۔

سرخط ف۔ کرایہ نامہ مکان کا نوکری نامہ کاغذ۔

سرخوش ف۔ مست شراب سے اور خوشحال آدمی۔

سرخود ف۔ جو کسی کے تابع نہو

سرخی ف۔ لالی۔

سرخیل ف۔ سردار۔ امیر

سرد ف۔ ٹھنڈا۔

سردابہ ف۔ بھنورا۔ جو زمین میں بناتے ہیں۔ خانہ جو زمین میں بناتے ہیں۔

سردادن ف۔ کھولدینا۔ بیوقوف کرنا۔

سردار ف۔ امیر۔

سردردی ف۔ محنت۔ تکلیف دردسر۔

سردرکشیدن ف۔ تابع نہونا۔ خودسر ہونا۔ بغی ہونا۔

سردست ف۔ فی الحال ابھی

سردسیر ف۔ وہ زمین جہاں پانی زراعت کیلئے خودبخود جاری ہو۔ سرد ملک

سردفتر ف۔ افسر دفتر کا۔

سردی ف۔ ٹھنڈک۔

سرراہ ف۔ راہ کے سرے پر۔

سررشتہ ف۔ مجازاً مدعا مقصود معاملہ۔

سرزدن ف۔ گردن مارنا ملامت اچانک کسی مجلس میں کسی شخص کا آنا۔

سرزنش ف۔ ملامت بُرا بھلا کہنا۔

سرزمین ف۔ زمین ملک

سرسام ع۔ ایک بیماری ہے دماغ کی جس میں آدمی بیہوش ہوجاتا ہے دماغ میں آماس ہونے کے سبب ہوتی ہے۔

سرسال ف۔ شروع سال

سرسبز ف۔ لہلہاتا ہوا ہرا بھرا

سرسری ف۔ کمینہ بدون تامل کافی کے کوئی کام کرنا۔

سرشار ف۔ لبریز۔ لبالب

سرشت ف۔ پیدائش طبیعت خو آدمی کی۔

سرشتن ف۔ گوندھنا۔ ملانا۔

سرشدن ف۔ ہونا۔ جاری ہونا۔ چھوٹنا توپ وغیرہ کا۔

سرشف ف۔ بسرو غلط مشہور ہے

سرشک ف۔ آنسو آنکھ کا چنگاری۔

سرطان ع۔ کیکڑا۔

سرعت ع۔ شتابی جلدی

سرغنہ ف۔ بڑا ایے مانند عظیم

سرف ع۔ بیہودہ خرچ کرنا ضروری خرچ سے زائد۔

سرفرازی ف۔ سربلندی غرور

سرفرود آوردن ف۔ سر نیچے کرنا ماننا۔

سرفروبردن ف۔ شرمندہ ہونا۔

سرفہ ف۔ کھانسی۔

سرقہ ع۔ چوری۔

سرکار ف۔ بادشاہی کچہری مجازاً حاکم۔

سرگذشت ف۔ واقعہ۔ حادثہ ماجرا۔

سرگران ف۔ خفا غصہ ور تکبر۔

سرگردان ف۔ پریشان

سرگردگی ف۔ سرداری وافسری۔

سرگرم ف۔ چالاک محنتی گرمجوش۔

سرگروہ ف۔ ایک گروہ کا سردار۔

سرکش ف۔ مغرور باغی بپھرا ہوا۔

سرگشتہ ف۔ حیران بھٹکا ہوا

سرکشی ف۔ بغاوت بغرور بپھر جانا حاکم سے۔

سرکشیدن ف۔ نافرمانی حکم نہ ماننا۔

سرکوب ف۔ افسر۔ فائق انتظام کرنے والا۔

سرگین ف۔ گوبر۔ بیٹ جانور کا بیخانہ۔

سرما ف۔ جاڑا۔

سرمایہ ف۔ پونجی۔

سرمد ع۔ جسکی ابتدا اور انتہا نہ ہو یعنی خدائے تعالےٰ لغوی معنے پیوستہ اور ہمیشہ

سرمدی ف۔ وہ شے جو منسوب ہو طرف ہمیشگی کے۔

سرمست ف۔ متوالا انتہائی جو شخص مدہوش نشے میں ہو۔

سرنا ف۔ نفیری مشہور باجہ ہے۔

سَرنامَہ ف. خط کے لفافہ پر جو پتہ اور نشان مکتوب الیہ کا لکھتے ہیں
سَرنگُون ف. سر کے بل افسردہ - اوندھے منھ -
سَرنَو ف. نئے سر سے -
سَرنَوِشت ف. تقدیر نصیب حکم ازلی -
سَروال ف. بجائے سُتھن شلوار -
سَروبُن ف. تمام پورا -
سَروپا ف. تمام پورا
سُرُوج ع. جمع سراج کی چراغ -
سُرُود ف. نغمہ راگ سخن گیت -
سُرُودَن ف. گانا -
سُرُور ف. خوشی -
سَرور ف. سردار -
سَروَری ف. سروری صاحبی -
سَرو ف. نام ایک درخت کا جو سیدھا اگا ہوا باغوں میں ہوتا ہے -
سَروسامان ف. اسباب سامان

سَروش ف. فرشتہ جبرئیل فرشتہ
سَروکار ف. علاقہ - لگاؤ
سَرَہ ف. رواجی زر - زر رائج کھرا جو کھوٹا نہ ہو -
سَرہَنگ ف. سردار جو شخص پیشرو لشکر و سپاہ کا ہو کیونکہ ہنگ کے معنی سپاہ کے ہیں سرہنگ سردار سپاہ کا -
سَری ف. سرداری سپہ سالاری -
سَرِیر ع. تخت -
سَرِیرَت ع. خو - عادت خصلت -
سَریشُم ف. ایک قسم کا چیپ ہے جو چمڑے کو پکا کر نکالتے ہیں پھر اس سے اور چیزیں جوڑتے ہیں -
سَرِیع ع. جلدی کرنیوالا تیزی کرنے والا -
سُرِین ف. چوتڑ نشستگاہ آدمی کی -
سَرِیّہ ع. لشکر پانچ آدمی سے زیادہ چار سو تک -
سُرِّیَّہ ع. وہ کنیزک یا باندی جو جماع اور صحبت کے واسطے مقرر کی ہوئی ہو -

سَزا ف. بدلا - لائق موافق -
سَزاوار ف. لائق مناسب
سَزاوَل ف. حاصل کرنیوالا
سَزِیدَن ف. لائق ہونا مناسب ہونا -
سُست ف. ڈھیلا جو چالاک نہ ہو - اہدی -
سِطبر ع. موٹا - گندا - بھدا
سَطح ع. وہ ہے جسمیں فقط طول اور عرض ہو جہت
سَطر ع. لکیر - پنگتی - لکھنا -
سَطوَت ع. دبدبہ - قہر سختی کرنا -
سُطُوح ع. جمع ہے سطح کی
سُطُور ع. جمع ہے سطر کی
سُطُوع ع. بلند کرنا -
سَعادَت ع. نیکی برخلاف نحوست کے نیکبخت ہونا -
سُعال ع. کھانسی -
سِعایَت ع. چغلی کرنا - غمازی - بدگوئی -
سِعَت ع. وسعت فراخی گنجائش -

سَعتَر ع. ایک گھاس ہے جسکو معشوقوں کی زلف سے تشبیہ دیتے ہیں -
سَعد ع. نیک بختی -
سَعدَین ع. زہرہ اور مشتری دونوں کو ملا کر کہتے ہیں -
سُعُود ع. مبارک ہونا نیک ہونا -
سَعفَہ ع. گنج کی بیماری جو سر پر ہو جاتی ہے -
سُعُوط ع. ناک میں دوا ڈالنا -
سَعی ع. دوڑنا - کوشش کرنا - جلدی کرنا -
سَعِید ع. نیک - مبارک نیک بخت -
سِفارَت ع. ایلچی گری کرنا - صلح کرنا -
سِفارِش ف. سہایتا کسی کے واسطے بھلائی کا کلمہ کہنا -
سَفّاک ع. خونریز - قتل کرنے والا -
سُفال ع. ٹھیکری ٹھیکرا
سُفال گر ف. کمہار برتن بنانیوالا

سَفَاہَت ع - احمق پن
بے وقوفی -
سَفَائِن ع - جمع ہے سفینہ
کی کشتیاں -
سُفتن ف - بیدھنا -
سِفت ف - گاڑھا عفص
سُفتہ ف - پرویا ہوا -
گڑھا کیا ہوا -
سَفَر ع - مسافرت شہر سے باہر جانا
سَفرجل ع - بہی مشہور میوہ ہے
سُفرہ ع - دسترخوان -
سِفل ع - پستی - نیچائی -
سِفلہ ع - کمینہ - نالایق -
سُفُوف ع - پھیکی آٹا یا پسا ہوا
سُفَہا ع - جمع سفیہ کی کمینے
لوگ نیچ -
سُفید ف - چٹا - بگا -
سَفِیر ع - ایلچی - بیانجی -
سَفِینہ ع کشتی - ناؤ -
سَفِیہ ع - کمینہ - ناکس نیچ
سَقّا ع - بھشتی - پانی دینے کا
جو پیشہ کرتا ہے -
سِقَام ع - جمع ہے سقم
کی بیماریاں -
سِقَایَت ع - پانی دینا -

سیراب کرنا -
سَقَر ع - دوزخ -
سَقط ع - بیہودہ - کم قدر
بچہ ناتمام جو ماں کے پیٹ
سے گر پڑے -
سَقط شُدن ف - جل گرنا
کم قدر ہونا - بیہودہ ہونا -
سَقف ع - مکان کی چھت
سُقم ع - بیماری - دکھ - برائی
سَقمونیا ع - ایک قسم کا
گوند ہے کسی درخت کا مائل
بسبزی و زردی تلخ مزہ اسکو
محمودہ کہتے ہیں -
سَقنقور ع - ایک قسم کی
مچھلی ہے خشکی کی ریت میں
پائی جاتی ہے -
سُقُوط ع - گر پڑنا خطا کرنا -
سُقُوف ع - جمع ہے سقف
کی -
سَقِیم ع - بیمار عیب دار
سَگ ف - کتا -
سِکّہ ع - کوچہ - گلی - جمع اسکی
سکک آتی ہے -
سَکَاکِین ع - چاقو چھریاں
جمع ہے سکین کی -

سِگَال ف - اندیشہ فکر
مانگنے والا - گوئندہ - امر بھی
سگالیدن سے آتا ہے -
سُگالیدن ف - اندیشہ کرنا
سُکّان ع - جمع ہے ساکن
کی رہنے والا -
سَکتہ ع - ایک بیماری
جس میں حس و حرکت آدمی
کی زائل ہو جاتی ہے اور
بیمار مانند مردہ کے دکھلائی
دیتا ہے اصطلاح شعرا میں
وزن کا پورا نہ ہونا -
سُکر ع - نشہ - بیہوشی -
سُکّر ع - شکر - مشہور مٹھائی
سَکَرات ع - جمع ہے سکرہ
کی شدت اور سختی موت کی
سَکَن ع - جس سے آرام
حاصل ہو مثلاً بیوی - بیٹا
دوست -
سِکنجیدن ف - کھانسنا
تراشنا - کاٹنا دانتوں سے
گلے میں آواز کرنا -
سَکَنہ ع - جمع ہے ساکن
کی باشندے رہنے والے -
سُکُوت ع - چپکا رہنا -

خاموش رہنا سکوت کرنا -
سُکُون ع - ٹھہرنا آرام کرنا -
سُکُونت ع - رہنا آرام -
سِکّہ ع - ڈھلا ہوا زر
اشرفی روپیہ پیسہ وغیرہ -
سِکیزیدن ف - کودنا جست مارنا
سِکّین ع - چاقو - چھری -
سَکِینہ ع - آسایش آرام
آہستگی نام دختر حضرت امام حسین
علیہ السلام کا -
سِل ع - نام ایک مرض کا
جس میں خون منھ سے آتا ہے
اور تپ ہوتی ہے -
سِلَاح ف - ہتھیار لڑائی کا
سِلاح شور / سلحشور ف - ہتھیار
یا وہ شخص جو ہتھیار رکھے
سپاہی -
سَلَاسَت ع - روانگی
ہمواری -
سَلَاسِل ع - جمع ہے سلسلہ
کی زنجیریں -
سَلَاطِین ع - جمع ہے
سلطان کی بادشاہ -
سَلَام ع - آشرباد دعا نام خدا کا

سلامت ع۔ جیتے رہنا
سلالہ ع۔ نطفہ۔ بچہ۔ باہر نکلتا ہوا کا کسی چیز سے۔
سلب ع۔ نفی۔ نفی کرنا۔
سلخ ع۔ پوست اتارنا۔ کھال اتارنی۔ وہ روز جس دن نیا چاند دیکھا جاوے۔
سلسال ع۔ آب شیریں خوش مزہ پانی جو صاف ہو۔
سلس البول ع۔ ایک بیماری ہے جس میں پیشاب قطرہ قطرہ ہو کر نکلتا ہے بسبب پتھری کے یہ بیماری ہوتی ہے۔
سلسبیل ع۔ نام ایک چشمہ کا ہے جو بہشت میں ہے اور شراب۔
سلسلہ ع۔ زنجیر۔
سلطان ع۔ بادشاہ۔
سلطنت ع۔ بادشاہت حکومت۔
سلف ع۔ گذشتہ۔ گذرنا۔
سلق ع۔ چقندر جو مشہور ترکاری ہے۔
سلک ع۔ لڑی۔ رشتہ۔ مروارید وغیرہ ایک چیز کو دوسری کے ساتھ پرونا۔
سلم ع۔ کسی چیز کی قیمت پہلے ہی کے دینا جبکہ وہ تیار نہ ہو جیسا کہ اکثر زمینداروں کو غلہ کی قیمت دیدیتے ہیں۔
سلّم ع۔ سیڑھی۔
سلوت ع۔ بے غمی بفکر ہونا
سلوک ع۔ راہ چلنا۔ نیک روی کرنا۔
سلیب ع۔ لوٹا ہوا اسباب۔ چھینا گیا۔
سلیس ع۔ روان۔ ہموار
سلیقہ ع۔ شعور طبیعت ہنر
سم ع۔ زہر۔
سم ف۔ کھر چوپایہ کا۔
سما ع۔ آسمان۔
سمات ع۔ جمع ہے سمت کی اطراف جہات اچھی روش نیک صورتیں۔
سماجت ع بنت خوشامد
سماحت ع۔ جوانمردی بہادری۔
سماخ ع۔ کان کا سوراخ
سماع ع۔ سننا۔ راگ۔ سننا۔ رقص و سرود۔
سماعت ع۔ سننا۔
سماعی ع۔ سنا ہوا۔
سم الفار ع۔ سنکھیا۔
سمانی ع۔ بتائیسواں دن ہر مہینہ کا نام ایک دن کا ہے
سمانی ع۔ ایک پرندہ ہے جس کو بٹیر کہتے ہیں اور اس کا گوشت کھاتے ہیں۔
سماوات ع۔ جمع ہے سما کی آسمان۔
سماوی ع۔ آسمانی آسمان کا
سمت ع۔ ہر طرف جہت صورت۔ راہ راست۔
سمت الراس ع۔ جانب سر
سمر ع۔ کہانی۔ مجازاً بمعنے سخن کے بھی آیا ہے
سمسام ع چالاک بیبک
سمسم ع۔ تل۔ کنجد مشہور غلہ ہے۔
سمط ع۔ دھاگا مروارید کا
سمع ع۔ سننا کان کا۔
سمع ع۔ گرگ کا بچہ۔ بھیڑیے کا بچہ۔
سمک ع۔ مچھلی۔
سمن ع۔ روغن زرد گھی موٹاپا۔
سمندر ف۔ دریا۔ ایک جانور بشکل موش کے ہوتا ہے جو آتشکدہ میں پیدا ہو جاتا ہے اگر آگ سے باہر نکلے تو فوراً مرجاتا ہے۔
سمو ع۔ بلند ہونا۔ اونچا ہونا
سموت ع۔ جمع ہے سمت کی داغہا و نشانہا اور راہہا
سمور ع۔ نام ہے ایک جانور کا قسم لومڑی کی ہے جس کی کھال کی پوستین بناتے ہیں۔
سموک ع۔ جمع ہے سمک کی مچھلیاں۔
سمین ع۔ فربہ۔ موٹا چربی۔
سن ع۔ سال۔ برس اور سن۔ دانت۔
سنا ع۔ روشنی
سنان ع۔ بھالا۔ نیزہ
سنانیر ع۔ جمع ہے سنور کی بلیاں۔
سنبل ع۔ ایک گھاس ہے خوشبو جس کو بالچھڑ کہتے ہیں۔
سنبلہ ع۔ خوشہ گندم

گیہوں کی بالی۔
سنبوسہ ف۔ جو بشکل
مثلث ہو اس کو سنبوسہ
کہتے ہیں۔ ترکونے نام ایک
قسم کی خوراک کا ہے۔
سنبیدن ف۔ سوراخ کرنا
پرونا۔ پاؤں کے نیچے لانا۔
سنجاب ع۔ نام ایک
جانور کا ہے جو چوہے سے بڑا
ہوتا ہے اسکی کھال کی پوستین
بناتے ہیں۔
سنجیدگی ف۔ وزن دار
ہونا اور بھاری بھرکم ہونا۔
سنجیدن ف۔ تولنا۔ وزن کرنا۔
سند ع۔ وثیقہ۔ سارٹیفکٹ
سفارش۔ سفارش نامہ۔
سندان ف۔ نہائی جسپر
لوہا کوٹتے ہیں۔
سنگ پشت ف۔ کچھوا۔
سنگ ف۔ پتھر۔
سنگین ف۔ پتھر بھاری سی
سنگدان ف۔ جسمیں پرندہ
غذا کو رکھتا ہے۔ پوٹہ۔
سنگدل ف۔ بیرحم۔ سخت دل
سنگستان ف۔ پہاڑ جہاں پر

پتھر ہوں۔
سنن ع۔ جمع ہے سنت
کی طریقے۔ اور راہ۔
سنوات ع۔ جمع ہے سنہ
کی مراد برسہا و سالہا۔
سنور ع۔ بلی۔
سنون ع۔ وہ دوا ہے
جس کو دانتوں پر ملتے ہیں
یعنی منجن۔
سنہ ع۔ برس۔ سال۔ بلند
سنی ع۔ وے لوگ جو طریقہ
رسول پر قائم ہیں جو رافضی نہیں
سنین ع۔ جمع ہے سن کی
برس۔ سال۔
سو ع۔ بدی۔ برائی۔
سو ف۔ طرف۔ جہت۔
سوا ع۔ برابر۔ محاذی۔
سوابق ع۔ جمع ہے سابق
کی اگلے۔
سواحل ع۔ کنارے دریا کے
سواد ع۔ سیاہی رنگ
کی اطراف شہر کے نواحی۔
سوار ع۔ کنگن ایک قسم کا
زیور ہے جو ہاتھ میں پہنتے
ہیں۔

سوال ع۔ پوچھنا دریافت کرنا
سوالف ع۔ گذرے ہوئے
جمع ہے سالفہ کی۔
سوانح ع۔ جمع ہے سانحہ
کی پیش آنے والے واردات
سوحش اور ناپسند۔
سوائے ف۔ سوا اس سے
الگ۔
سوختہ ف۔ جلا ہوا۔
سوختن ف۔ جلنا اور جلانا
سوختگی ف۔ جلن۔
سود ف۔ فائدہ۔ نفع۔
بیاج۔
سودا ف۔ سیاہ پت۔ پاگل پن
سیاہ۔
سوداگری ف۔ تجارت
بنج۔ بیوپار۔
سودائی ف۔ پاگل۔ احمق
سودن ف۔ گھسنا۔ رگڑنا۔
سور ع۔ جھوٹا پس ماندہ
طعام یا پانی۔ فصیل شہر کی
سوراخ ف۔ چھید۔
سورت ع۔ تیزی تندی
ظلم۔ غصہ۔
سورہ ع۔ ٹکڑا قرآن کا

سوز ف۔ سوزش۔ جلن۔
سوزان ف۔ جلتا ہوا۔
سوزانیدن ف۔ جلانا۔
جھلسنا۔
سوزش ف۔ جلن۔
سوزن ف۔ سوئی۔
سوزنی ف۔ وہ کپڑا جس پر
سوئی سے کام کیا ہوا ہو۔
مشہور بچھونا ہے۔
سوزیدن ف۔ جلنا۔
سوسن ف۔ نام ایک قسم
کے پھول کا ہے۔
سوسمار ف۔ وہ جانور
ہے جس کو گوہ کہتے ہیں۔
سوط ع۔ کوڑا۔ تازیانہ
چابک۔
سوغات ف۔ تحفہ۔ ہدیہ
بخشش۔
سوفار ف۔ تیر کا منہ۔
سوفسطا ع۔ نام اس
حکمت کا ہے جس کی بنیاد
وہم پر ہے۔
سوفسطائی ع۔ ایک قوم ہے
حکما کی جنکی بنیاد وہم پر ہے اور
حقائق کو نہیں مانتے ہیں۔

سُوق ع۔ بازار۔
سُوگ ف۔ مصیبت ماتم غم
سُوگَنْد ف۔ قسم۔ سوتھ۔
سُوگَوار ف۔ مصیبت زدہ ماتم والا۔
سُوہَان ف۔ ریتی وہ اوزار ہے کا جس سے لوہا گھستے ہیں
سَوے ع۔ برابر۔ ہموار
سَوِیَّت ع۔ برابری اعتدال
سُوَیدا ع۔ ایک نقطہ سیاہ ہے جو دل پر ہوتا ہے۔
سَوِیق ع۔ ستو۔
سِہ ف۔ تین (۳) سے
سُہا ع۔ نام ایک ستارہ باریک کا ہے جو بنات النعش ہے
سِہَام ع۔ جمع ہے سہم کی تیر اور حصے۔
سَہَر ع۔ بیداری۔ جاگنا۔
سَہْران ع۔ وہ شخص جو بیدار رہا ہو جاگنے والا۔
سِہ شَنبہ ف۔ منگل کا دن۔
سَہْل ع۔ آسان اور زمین نرم و ہموار۔
سَہْم ع۔ ف۔ تیر حصہ فارسی میں خوف۔ ڈر۔

سَہمگین ف۔ خوفناک ڈرپوک۔
سَہمیدَن ف۔ ڈر جانا خوف کرنا۔
سَہو ع۔ بھول چوک فراموشی۔ بھول جانا۔
سَہواً ع۔ بھول کر۔
سُہُولت ع۔ آسانی۔
سَہی ف۔ راست۔ سیدھا
سُہَیل ع۔ نام ستارہ کا ہے
سَہِیم ع۔ شریک۔ حصہ دار
سِی ف۔ تیس (۳۰) سے
سَیِّ ع۔ بدی۔ برائی۔ گناہ
سَیِّآت ع۔ گناہ۔ برائیاں
سَیَّاح ع۔ بہت سیر کرنے والا مسافر۔ پھرنے والا۔
سِیَاحت ع۔ سیر کرنا سفر کرنا
سَیَّار ع۔ سیر کرنیوالا تیز چلنے والا۔
سَیَّارہ ع۔ وہ ستارہ جو حرکت کیا کرتا ہو۔
سِیَاست ع۔ حکومت کرنا رعیت پر تنبیہ کرنا اور روکنا لوگوں کو گناہ کرنے سے بوسیلہ خوف سزا و مار کے

سَیَّاف ع۔ تلوار مارنیوالا قاتل جلاد۔ خونریز۔
سِیَاق ع۔ روان کرنا چلانا۔ علم حساب۔
سَیَّال ع۔ لچک دار۔ بہتی ہوئی چیز۔ جاری۔ پتلا۔
سِیَادت ع۔ بزرگی سرداری
سِیَاہ ف۔ کالا۔ سیاہ رنگ۔ حبشی۔
سِیَامہ ف۔ حساب سرکاری
سِیَاہ گُوش ف۔ نام ایک درندہ کا ہے جو کتے سے چھوٹا بلی سے بڑا گلابی رنگ مائل بسیاہی۔ بہت تیز جانور ہے
سِیب ع بخشش۔ عطا و سیب مشہور میوہ ہے۔
سِیپَارہ ف۔ تیسواں حصہ قرآن کا حصہ۔
سِیخ ف۔ لوہے کی سلاخ جس پر پرند وغیرہ کو کباب کرتے ہیں۔
سَیِّد ع۔ سردار۔ رئیس بزرگ
سِیر ف۔ پُر۔ چھکا ہوا۔
سَیر ع۔ عادت۔ خصلت خو علم تواریخ جسمیں ایک شخص کی زندگی کا حال لکھا جائے
سِیرَاب ف۔ جو پانی سے سیر ہو جو تشنہ نہ ہو۔
سِیرت ع۔ خصلت خو عادت۔
سِیری ف۔ سیر ہونا شکم پر ہونا۔
سِیزْدَہ ف۔ تیرہ ۱۳ عدد
سَیف ع۔ تلوار۔ شمشیر
سَیلاب ف۔ پانی کا رو سیل۔ لہر۔
سَیلان ع۔ روانگی اور نام ہے جزیرہ لنکا کا۔
سَیل ف۔ پانی کی لہر
سَیلی ف۔ طمانچہ تھپڑ مکا
سِیم ف۔ چاندی۔
سی اُم ف۔ تیسواں حصہ
سِیما ع۔ ماتھا۔ پیشانی نشان
سِیماب ف۔ پارہ۔
سِیمرغ ف۔ نام ایک جانور کا ہے
سِیمیا ع۔ علم طلسم جس کے سبب انتقال کرنا روح کا دوسرے بدن میں ہو سکے اور اشیائے موہوم جن کا

حقیقت میں وجود نہ ہو لوگوں
کو دکھلا سکیں۔
سینہ ف۔ چھاتی۔
سینا ع۔ نام ہے بوعلی حکیم
کے دادا کا۔ اور نام ہے
ایک پہاڑ کا جس کو طور سینا
کہتے ہیں۔
سیورغال ف۔ انعام
مدد۔ معاش۔
سیوف ع۔ جمع سیف کی
سوم
سومین | ف۔ تیسرا حصہ ⅓
سیاہ ف۔ کالا۔ سیاہ
سیاہ کار ف۔ بدکار
گنہگار۔ فاسق۔
سیہ جردہ ف۔ سیاہ رنگ
سیہنک ف۔ تیز ہوا جھکڑ
ہوا کا جو بہت تیز ہو۔

باب الشین

شباب ع۔ جوان۔ گبرو۔
شاباش ف۔ آفرین کلمہ
تحسین کا ہے۔
شاۃ ع۔ بکری۔
شاخ ف۔ ٹہنی ڈالی۔
سینگ۔ ٹکڑا۔ پیالہ شراب کا۔
شاخچہ ف۔ چھوٹی شاخ
شاخچہ بندی۔ تہمت لگانا
بہتان لگانا۔
شاخدار ف۔ خود بین مغرور
دیوث۔
شاخسار ف۔ جہاں پر بہت
درخت ہوں اس کو شاخسار
کہتے ہیں۔
شاد ف۔ خوش۔ خرم
شاداب ف۔ سیراب۔
تروتازہ۔ پرآب۔
شادان ف۔ خوش حال۔
شادباش ف۔ خوش رہو
کلمہ دعا کا ہے چھبیسواں دن
فارسی مہینہ کا
شادکام ف۔ خوش اور
نام ہے برادر فریدون کا
شادگونہ ف۔ توشک بچھونا
جس پر سوتے ہیں۔
شادمان ف۔ خوش
وخرم آدمی۔
شادن ع۔ ہرن کا بچہ۔
شادی ف۔ خوشی۔
شاذ ع۔ کم نادر۔ جو خلاف
قاعدہ ہو۔
شارب ع۔ پینے والا۔
شارح ع۔ شرح کرنے والا
کھول کر بیان کرنے والا۔
شارع ع۔ عالم۔ حکم شرع
دینے والا۔ راہ راست شروع
کرنے والا۔
شارق ع۔ روشن
تابان۔ چمکنے والا۔
شارک ف۔ ایک جانور
سیاہ مانند طوطے کے ہے
بعضے مینا بعضے ہزار داستان
کہتے ہیں۔
شاریدن ف۔ پانی ڈالنا
یا شراب ڈالنا۔ ابر کا ٹپکنا
شاشدان ف۔ پیشاب
کرنے کا برتن۔
شاشیدن ف۔ پیشاب کرنا
شاطر ع۔ چالاک و رقاصد
اور شطرنج باز شوخ۔
شاعر ع۔ جاننے والا شعور مند
شعر بنانے والا۔
شاغل ع۔ مشغول ہونیوالا
کسی کام میں مصروف۔
شافع ع۔ شفاعت کرنیوالا
بخشوا دینے والا۔
شافعی ع۔ نام ہے ایک
امام اہل سنت کا منسوب شافع
سے جو اس کا دادا تھا۔
شافی ع۔ شفا دینے والا
تسکین دینے والا۔
شامخ ع۔ بلند۔ اونچا۔
شاہق ف۔ بلند۔
شاق ع۔ اونچا مکان
دشوار مشکل کام۔
شایستن ف۔ لائق ہونا
شایستگی ف۔ لیاقت
شایستہ ہونا۔ لائق ہونا۔
شایع ع۔ عام
شایق ع۔ مشتاق۔ شوقین
شایگان ف۔ فراخ کشادہ
لائق خوب اصل اس کی
شاہگان ہے یعنے لائق
بادشاہ کے خسرو پرویز
کے خزانہ کا نام بھی گنج
شایگان ہے۔
شب ف۔ رات۔
شب ع۔ پھٹکری۔
شباب ف۔ جوانی۔
گبرو پن۔

شُبَان ف۔ چرواہا پن گڈریا پن
شَب چراغ ف۔ ایک گوہر ہے جو رات کو مانند چراغ کے روشن ہوتا ہے۔
شبخون ف۔ رات کو دھاوا کر کے قتل کرنا دشمنوں کا۔
شب خیز ف۔ رات کو اُٹھنے والا۔ شب بیدار۔
شب دیجور ف۔ اندھیری رات۔
شب برات ف۔ پندرھوین شب ماہ شعبان کی۔
شبپر
شب پرہ } ف چمگادڑ مشہور پرندہ ہے۔
شبستان ف۔ خلوت خانہ سونے کی جگہ بادشاہان اور ملوک کی اور مساجد میں شبستان وہ جگہ کہلاتی ہے جہان پر رات کو عبادت کرتے ہیں۔
شب قدر ف۔ ستائیسوین تاریخ ماہ رمضان کی اور تئیسوین شب۔
شب گرد ف۔ رات کا پھرنے والا۔

شَبَکہ ع۔ جال سوراخ دار لوہے وغیرہ کا جال لوہے کی جالی۔
شبگیر ف۔ صبح پہلے ہی صبح ہونے سے چلا جانا آدھی رات اخیر کو بھی شبگیر کہتے ہیں۔
شبنم ف۔ اوس جو رات کو پڑتی ہے۔
شبع ع۔ پیٹ بھرا شکم پر۔
شبو ف۔ ایک قسم کا پھول ہے جس کی رات کو خوشبو نکلتی ہے
شبہ ع۔ مثل۔ مانند ڈھانچ۔
شبہہ شک۔
شبیہ ف۔ تصویر۔ صورت۔
شپلیدن ف۔ نچوڑنا۔ سیٹی بجانا۔
شتّی ع۔ متفرق الگ الگ۔ بھانت بھانت کا۔
شتا ع۔ جاڑا موسم سرما۔
شتاب ف۔ جلد۔ تیز۔
شتابان ف۔ تیزی کرتا ہوا جلد باز۔
شتابانیدن ف۔ جلدی کرانا

شتابیدن ف۔ جلدی کرنا۔
شتالنگ ف۔ ٹخنہ۔ ہڈی جو پیر اور پنڈلی کے جوڑ پر ہے۔
شتافتن ف۔ دوڑنا۔
شتر ف۔ اونٹ۔
شترمار ف۔ سورج مکھی۔ ایک درخت پھول کا ہے۔
شتربان ف۔ اونٹ کا نگاہبان اونٹ والا۔
شترنجی ف۔ بچھونا مشہور ہے
شترمرغ ف۔ مشہور جانور ہے مانند اونٹ کے عربی میں اس کو نعامہ کہتے ہیں۔
شتلم ت۔ ظلم کرنا۔ زبردستی کرنا۔ تعدی کرنا لوگوں پر۔
شتم گالی۔ اور گالی دینا۔
شجاع ع۔ بہادر۔ جوانمرد
شجاعت ع۔ بہادری جوانمردی۔
شجر ع۔ درخت۔ روکھ۔
شجو ع۔ غم۔ اندوہ۔
شحم ع۔ چربی۔ موٹاپا۔
شحنہ ع۔ کوتوال۔
شحنگی ف۔ کوتوال گری
شخص ع۔ لوگ جاندار۔ خواہ عورت ہو یا مرد۔
شخصی ع۔ منسوب شخص سے شخص کا۔
شدائد ع۔ تکلیفین سختیاں جمع ہے شدیدہ کی۔
شدت ع۔ سختی تکلیف
شدن ف۔ ہونا۔ جانا۔
شدید ع۔ سخت محکم استوار
شر بدی۔ برائی۔
شرا ع۔ خریدنا۔ خرید کرنا
شراب ع۔ پینے کی شے خواہ پانی ہو یا کچھ اور شربت وغیرہ اور شراب مشہور۔
شرار ع۔ چنگاریاں آگ کی جمع شرارہ کی
شرار ع۔ جمع شریر کی۔ بدلوگ شریر آدمی
شرارہ ع۔ چنگاری آگ کی
شرافت ع۔ بزرگی۔ بھلمنساہٹ۔ شرافت۔
شرائط ع۔ جمع ہے شرط کی شرطین۔
شرائع ع۔ جمع ہے شریعت کی یعنی شریعتیں اور مذاہب۔
شرائف ع۔ بھلائیان بزرگیان جمع ہے شریف کی۔

شُرب ع۔ پینا۔
شَرْبَت ع۔ پینے کی شے کچھ ہی کیوں نہ ہو۔
شَرْح ع۔ تفسیر کسی کتاب کی کھول کر بیان کرنا مطلب کا
شَرَر ع۔ چنگاریاں آگ کی کہ جمع ہے شرارہ کی۔
شُرط ع۔ ہوا۔ موافق نشانی
شَرَط ع۔ بدنا جیسے کسی بات کا ہونا۔ منحصر ہو۔ لازم کرنا لازم ہونا۔ ایک کام کا دوسرے کام پر متعلق کرنا۔ نشتر مارنا عہد پیمان اور نشان۔
شَرِیعَت ع۔ ندی بڑی راہ خدا کا بنایا ہوا طریقہ۔
شَرِیف ع۔ بڑے رتبہ کی شے۔ بزرگ۔ قدر۔ نجیب اصیل حاکم مکہ کا۔
شَرق ع۔ آفتاب کے نکلنے کی جگہ۔ روشن ہونا طلوع ہونا۔
شُرُوق ع۔ آفتاب کا نکلنا بکری وغیرہ کا کان چیرنا مجازاً روشنی
شِرَاک ع۔ تسمہ جوتے کا۔ جو اکثر انگریزی بوٹ پر ہوتا ہے
شِرِّ گشاف خواندن ف۔ کنایہ زیادہ گوئی سے اور بیہودہ گفتگو سے۔
شِریان ع۔ رگ متحرک جو چھوٹی چھوٹی رگیں ہر ایک رگ کے نیچے ہیں ان میں بہ نسبت خون کے روح زیادہ ہے اور وہ قلب سے اُگی ہیں۔
شَرطِیَّہ ع۔ وہ جملہ ہے جسمیں شرط ہو۔
شَرزَہ ف۔ غصّہ ور۔ خوفناک۔
شَرذِمَہ ع۔ تھوڑے آدمیوں کی جماعت۔
شَرَاب زدگی ف۔ بسبب نشہ شراب کے بہت بیہوش ہو جانا۔
شُستَن ف۔ دھونا۔
شَش جہت ف۔ مشرق و مغرب جنوب و شمال تحت و فوق۔
شَش ارکان ف۔ ہوا کھانا۔ پینا۔ حرکت و سکون بدنی و نفسانی سونا اور بیداری استفراغ۔
شَطحِیَات ع۔ کلمات خلاف شریعت فتنہ و فساد کے زبان پر لانا۔
شَطر ع۔ جز و جانب طرف حصّہ۔
شِعَاب ع۔ پہاڑ کی راہیں تنگ افین درزین جمع ہے شعبہ کی۔
شِعر ع۔ بالفتح بال و بالکسر جاننا دریافت کرنا اصطلاحی یعنی بیت موزون با قافیہ
شِعَار ع۔ انگرکھے کے نیچے جو کپڑا پہنتے ہیں یعنے وہ کپڑا جو بدن سے لگا ہوا ہو۔
شُعُور ع۔ جاننا دریافت کرنا
شَعَائِر ع۔ عبادات اور قربانیاں جمع ہے شعیرہ کی
شَعِیر ع۔ مشہور غلہ ہے جسکو جَو کہتے ہیں۔
شُعبَدَہ باز ف۔ بازیگر بھان متی۔
شَعبَان ع۔ آٹھواں مہینا قمری مسلمانوں کا چونکہ جمیع امورات مقدرہ خلائق اس مہینے میں حسب اعتقاد اہل اسلام کے شعب اور پراگندہ ہوتے ہیں اسلیئے اس کو شعبان کہتے ہیں۔
شُعبَہ ع۔ ٹکڑا ہے شے کا شاخ ہے درخت کی اور نغمہ جو کسی اور نغمہ سے نکلا ہو۔
شَعشَعَہ ع۔ روشنی آفتاب کی اور پانی ملانا شراب میں۔ شراب۔
شُعلَہ ع۔ روشنی۔ لپٹ آگ کی۔
شُعلَہ جَوّالَہ ع۔ شعلہ گرداگرد بہت پھرنے والا جیسا کہ بنیٹھی کا شعلہ ہوتا ہے۔
شُعلَہ زادہ ف۔ شیطان ابلیس۔
شَغَب ع۔ شور و خروش فتنہ و فساد۔
شَغَاف ع۔ قلب دل پردہ دل کا اور سیاہ نقطہ دل کا۔
شَغَف ع۔ شدت محبت
شِغَال ف۔ گیدڑ مشہور

جانور ہے۔

شُغل ع۔ کام بے فرصتی رو[زگار] کنا[یہ]

شِفا ع۔ صحت۔ تندرستی۔

شَفقَت ع۔ مہربانی۔

شَفت ع۔ ہونٹھ۔ لب۔

شَفّاف ع۔ وہ صاف شے جسکے آرپار نظر گذر سکے جیساکہ شیشہ بلّور وغیرہ ہوتے ہیں۔

شَفَق ع۔ سرخی جو صبح اور شام کو آسمان کے کناروں پر دکھلائی دیتی ہے۔

شَفتالُو ع۔ مشہور میوہ ہے اور بوسۂ معشوق کو بھی کہتے ہیں

شَفاہ ع۔ جمع ہے شفت کی لب۔ ہونٹھ۔

شَفرہ ع۔ رانپی چمڑہ کاٹنے کا اوزار چھری۔

شِفوی ع۔ وے حروف جو ہونٹھ سے نکلتے ہیں جیسا م۔ ب۔ و۔ وغیرہ۔

شُقرُت ع۔ رنگ زردی مائل جسمیں تھوڑی سرخی ہو۔

شَقاوَت ع۔ بدبختی۔

شِقدار ف۔ حاکم دیہات کا پرگنات کا حاکم۔

شَقایِق ع۔ لالہ کے پھول اس کا مفرد اور جمع بھی یہی ہے۔ فرش گل ددز۔

شِق ع۔ شگاف اور چیرنا۔

شَقیق ع۔ برادر۔ بھائی۔

شِکوے ع۔ گلا اور گلہ کرنا

شِکیبا ف۔ صبر کرنے والا۔

شَکَرلب ف۔ معشوق۔

شِکستن ف۔ توڑنا۔ ٹوٹنا

شِکیبیدن ف۔ صبر کرنا۔

شِکوخیدن ف۔ ٹھوکر کھانا

شِکیب ف۔ صبر و آرام۔

شِگفت ف۔ تعجب۔ عجیب و غریب۔

شِکایَت ف۔ گلہ کرنا۔

شِکنج ف۔ پیچ تاب۔ شکن۔

شِگفتن ف۔ کھلنا کلیوں کا

شَکل ع۔ صورت۔

شَکیل ع۔ وضعدار شکلدار

شِکوہیدن ف۔ غرور کرنا اپنی بڑائی کا اظہار کرنا۔

شِکولیدن ف۔ پراگندہ کرنا

شِکوہ ف۔ بزرگی شان و شوکت

شِکنجہ ف۔ عذاب اور ایک قسم کا اوزار ہے جسمیں مجرم کو عذاب اور دکھ دیتے ہیں۔

شِکم بندہ ف۔ حریص لالچی

شَکر تری ف۔ کھانڈ سفید بورہ سفید۔

شِگرف ف۔ زیبا۔ نیک عجیب بزرگ۔

شِگال ف۔ گیدڑ۔ مشہور جانور صحرائی ہے۔

شِگُن ف۔ شگون۔ ساز فال۔

شَلّاق ف۔ تھپڑ مارنا۔ کے مارنا۔ لکڑی سے مارنا۔ کوٹنا مجازا شوخ و فتنہ انگیز۔

شَلَنگ ف۔ کسی جگہ سے کودنا۔ بھلانگ مارنا۔

شِلِک ت۔ چند بندوق کی آواز کا ایکبارگی سر ہونا۔

شَلَل ع۔ جس کے ہاتھ پاؤں دونوں حرکت نہ کرسکیں سست۔

شُلّہ ت۔ ایک قسم کا کھانا۔ ہے چاول کو شوربہ میں بطور ہریسہ کے بہت گلا کر پکاتے ہیں اور ناواقف لوگ اس کو شولہ کہتے ہیں۔

شُلہ ع۔ فرج کس۔ لتہ حیض کا

شَماتَت ع۔ برائی پر خوش ہونا

شَمشاد ع۔ نام ایک درخت کا ہے جسکی لکڑی نہایت محکم اور خوشنما ہوتی ہے۔

شَمشیر ف۔ تلوار۔ لغوی معنے ناخن شیر کے ہیں چونکہ تلوار مشابہ ہے شیر کے ناخن سے اسی لئے شمشیر نام ہوا

شَمس ع۔ سورج۔

شَمُوس ع۔ سرکش بدخو شموس جمع ہے شمس کی۔

شَمّاس ع۔ سورج کا پوجاری آفتاب پرست اور نام اُس شخص کا ہے جس نے آتش پرستی کا طریقہ ایجاد کیا تھا۔

شَمع ع۔ موم۔ مجازاً چراغ

شُمُوع ع۔ جمع ہے شمع کی

شُمُول ع۔ شامل ہونا محیط ہونا کسی چیز کا۔

شَمال ع۔ وہ ہوا جو قطب شمالی سے چلتی ہے۔

شِمال ع۔ بایاں ہاتھ

دست چپ ۔ عادت ۔ قطب
شمالی کی سمت چونکہ عرب
لوگ کعبہ کو ایک شخص قرار دیکر
یہ تصور کرتے ہیں کہ منھ اس کا
جانب مشرق کے ہے اور
پشت اسکی مغرب کی طرف
ہے تو اسی سبب سے چونکہ قطب
شمالی بائیں ہاتھ پر واقع ہوا
اور شمال کے معنی بائیں ہاتھ
کے ہیں اسلئے اس کا نام شمال
رکھا اور دبور اس ہوا کو کہنے لگے
جو اسکی دبر یعنی پشت سے آتی ہے
شمائل ع ۔ خصلتیں عادتیں
خوئیں ۔
شمیم ع ۔ خوشبودار ہوا
بو سونگھنا ۔
شمائم ع ۔ خوشبوئیں جو
سونگھی جاویں ۔
شماسیان ف ۔ آتش پرست
لوگ ۔
شمیدن ف ۔ سونگھنا بو سونگھنا
شمیدہ ف ۔ بیہوش ۔ پریشان
شمتہ ع ۔ تھوڑا ۔
شمردن ف ۔ گننا ۔ شمار کرنا ۔
شنوا ف ۔ سننے والا اور سن

شنا ف ۔ تیرنا ۔ ورزش
کرنا ۔ ڈنڈ پیلنا ۔
شناعت ع ۔ بدی ۔ طعنہ
برائی ۔
شنیع ع ۔ بد ۔ زبون ۔
شنایع ع ۔ بدیان ۔ برائیاں
شنیدن ف بسنا بو سونگھنا
شناختن ف ۔ پہچاننا ۔
شنفتن / **شنیدن** } ف ۔ سننا ۔
شوا ع ۔ بھنا ہوا ۔ بریان
گوشت ۔
شوریٰ ع ۔ مشورہ ۔ مشورت
صلاح ۔ کمیٹی ۔
شوائب ع ۔ جمع ہے
شائبہ کی ۔ ریزش آلودگی ۔
شوربخت ف ۔ بدبخت
بدنصیب ۔
شوکت ع ۔ قوت ۔ تیزی
شدت
شوامخ ع ۔ بلندیاں جمع
ہے شامخہ کی ۔
شواہد ع ۔ جمع ہے شاہد کی
گواہ ۔
شور ف فتنہ ۔ غل ۔ شہرت ۔ آواز

شونیز ف ۔ کلونجی مشہور دوا ہے
شوارع ع ۔ راہہا ۔ راستے
بڑے ۔ راستے ۔
شواہق ع ۔ بلندیان ۔
بلندیہا ۔ جمع ہے شاہقہ کی ۔
شہوق ع ۔ بلند ہونا ۔
اونچا ہونا ۔ ابھرنا ۔
شوارق ع ۔ روشن چیزیں
روشنیہا ۔
شوال ع ۔ دسواں مہینا
مسلمانوں کا ۔
شورغال ت ۔ روزینہ ۔
مدد ۔ معاش ۔ انعام ۔
شوم ف منحوس ۔ بدفال ۔ بد
شورچشم ف ۔ جسکی نظر سے
ضرر پہونچے اور آدمی
بیمار ہو جاوے ۔
شومی ف ۔ نحوست ۔
شہر خدا ف ۔ ماہ رجب
ساتواں مہینا قمری مسلمانوں کا
شہلا ع ۔ وہ عورت
جسکی آنکھیں بھیڑی کے مانند ہوں
میش چشم عورت اور ایک قسم
نرگس کے پھول کی ہے جسکا
پھول بجائے زرد ہونے کے

سیاہ ہوتا ہے اسی سے تشبیہ
انسان کی آنکھ کو دیتے ہیں
اور شہلا سیاہ چشم جو مائل
بسرخی ہو ۔
شہاب ع ۔ رنگ سرخ
ستارہ روشن جو آسمان سے
بطور آتشبازی کے چھوٹتا ہے
ہوتا ہے اور شعلہ آگ کا
جو بلند ہو ۔
شہوت ع ۔ خواہش آرزو
شوق ۔ لذت ۔ نفع ۔ بھوک
خواہش ۔ جماع ۔
شہامت ع ۔ بزرگی ۔ بڑائی
توانائی ۔ چستی ۔ دلیری ۔
شہادت ع ۔ گواہی ۔
خدا کے نام پر کشتہ ہونا
شہربند ف ۔ فصیل ۔ حصار
قلعہ ۔ قیدخانہ ۔
شہید ع ۔ گواہ ۔ کشتہ شدہ
مارا ہوا خدا کی راہ پر ۔
شہود ع ۔ حاضر ہونا اور
جمع شاہد کی بھی ہے ۔
شہر ع ۔ مہینا ۔ ماہ ۔
شہریور ف ۔ ماہ کنوار کنوار کا مہینا
یعنی جب آفتاب برج سنبلہ میں ہو

شہریار ف۔ بادشاہ۔
شہور ع۔ جمع ہے شہر کی بمعنے
شہیر ع۔ مشہور۔
شہرتاش ف۔ ایک شہر کا
باشندہ۔ ہم شہر۔ ہمسایہ۔
شہیق ع۔ گدھے کی آواز
اور روتے وقت گلے کی آواز
کا بند ہوکر نکلنا۔
شہ ف۔ بادشاہ۔
شہنشاہ ف۔ بڑا بادشاہ
مخفف ہے شاہان شاہ کا
شہنائی ف۔ نام ایک ساز
کا ہے جسکو سرنا کہتے ہیں نفیری
شہی ف۔ بادشاہی۔
شہوی / شہوانی ع۔ منسوب بشہوت
خواہش کا۔
شیدا ف۔ دیوانہ۔ آشفتہ۔
شیخوخت ع۔ بڑھاپا پیری
پچاس برس سے آخر عمر تک
شیخوخت کہلاتا ہے۔
شیب / شیبت ع۔ بڑھاپا پیری
شیث ع۔ نام بیٹے آدم کا
شیخ ع۔ بوڑھا۔ صاحب عالم

شید ع۔ مکر۔ فریب۔
شیخ نجدی ع۔ لقب ہے
شیطان کا۔
شیرزہ ف۔ قوت۔ قدرت
طاقت۔
شیرژیان ف۔ شیر درندہ
شیرہ ف۔ چیپ۔ لیس۔
شیرینی۔ پتلی۔
شیرین ف۔ میٹھا۔ اور نام
معشوقہ فرہاد کا۔ ع۔ بیزنا یاب
شیشہ ف۔ کانچ۔
شیطان ع۔ دشمن خدا کا۔
شیعہ ع۔ قوم۔ گروہ۔ جو
پیرو حضرت علیؑ کے جو صحابہ
کو نہیں مانتے۔
شیفتن ف۔ عاشق ہونا مدہوش ہونا
شیفتہ ف۔ عاشق و مدہوش
شیمہ ع۔ طبیعت۔ خو۔ عادت
شیوخ ع۔ جمع ہے شیخ کی۔
شیوع ع۔ ظاہر اور آشکار
ہونا۔ رواج پانا عام ہونا۔
شیون ع۔ جمع ہے شان
کی طرح۔ طور۔ شانیں۔
شیوہ ف۔ طریق۔ طور دستور
شئے ع۔ چیز۔

باب الصاد

صابر ع۔ صبر کرنیوالا۔ ستوکھا
صابون ع۔ صابن جس سے
کپڑے دھوتے ہیں۔
صاحب ع۔ مالک۔ یار۔
خداوند۔
صاحب قران ع۔ وہ
شخص جس کی ولادت کے
وقت زحل اور مشتری کو قران
ہوا ہو یعنے یہ دونوں
ستارے ایک برج میں
ہوں یہ بہت دنوں میں
ہوتی ہے امیر تیمور کا لقب صاحب قران تھا
صاحبہ ع۔ سہیلی۔ جورو۔
عورت جو ہم صحبت ہو۔
صادر ع۔ نکلنے والا ایک
جگہ سے باہر نکلنے والا۔
صادق ع۔ سچا اور درست
آجانا معنے کا کسی شے پر۔
صارخ ع۔ چیخنے والا۔
چلانے والا۔
صاع ع۔ ایک وزن ہے
دوسو چونتیس (۲۳۴)
تولے کا۔

صاعقہ ع۔ بجلی جو ابر سے
زمین پر گرے۔
صاف ع۔ بے غش۔
بے ملا۔
صافن ع۔ ایک رگ
کا نام ہے جو پنڈلی میں
ہوتی ہے۔
صافی ع۔ صاف۔ بے غش
بے کھوٹ۔ کپڑا اچھاننے کا۔
صالح ع۔ نیک جو گنہگار نہو
صامت ع۔ خاموش
چپکا مراد چاندی سونے سے ہے
صانع ع۔ کاریگر۔ بنانیوالا
صائب ع۔ رسا پہنچنے والا
راست اور رسا جو ہو۔
صائم الدہر ع۔ وہ شخص
جو ہمیشہ روزہ رکھے۔
صائم ع۔ روزہ دار۔
روزہ رکھنے والا۔
صب ع۔ ڈالنا۔ کرنا۔
عاشق۔
صبا ع۔ وہ ہوا جو مشرق
سے چلتی ہے پروائی ہوا۔
صباح ع۔ صبح۔ تڑکا
خوب۔

صَبَّاح ع۔ حسین خوبصورت
صَبَاحَت ع۔ خوبروئی سفید رنگ ہونا۔
صَبَّاغ ع۔ رنگریز۔ رنگنے والا
صُبح ع۔ فجر۔
صَید ع۔ شکار شکار کرنا۔
صِبر ع۔ ایلوا۔ مشہور تلخ گوند ہے۔
صَبغ ع۔ رنگنا۔ رنگ کرنا
صَبُور ع۔ وہ شخص جو صبر کرے
صَبی ع۔ لڑکا جو دودھ پیتا ہو
صَبُوری ع۔ شتابی نہ کرنا
صِبیان ع۔ جمع ہے صبی کی۔ لڑکے۔
صَبیح ع۔ خوبصورت۔ سفید رنگ۔
صَبِیّہ ع۔ لڑکی۔ دختر۔
صَحَاب ع۔ جمع ہے صاحب کی یار لوگ۔
صَحَابَت ع۔ یار ہونا۔ یاری کرنا صحبت میں رہنا۔
صَحَاری ع۔ جمع ہے صحرا کی۔
صِحَاف ع۔ بڑے بڑے پیالے برتن۔

صَحَّاف ف۔ کتاب کی جلد بنانے والا۔
صَحَائِف ع۔ جمع ہے صحیفہ کی کتابیں۔ رسالے۔
صَحب ع۔ جمع ہے صاحب کی یار۔
صُحبت ع۔ یاری پاس رہنا۔
صِحت ع۔ تندرستی۔
صَحرا ع۔ وہ جنگل جس میں درخت نہ ہو۔ میدان ریگستان۔
صَحن ع۔ بڑے تھال طباق کلان گھر کا آنگن۔
صَحو ع۔ ہوشیاری اور ہوشیار ہونا مستی سے آسمان میں ابر غبار کا نہ ہونا۔
صَحیح ع۔ تندرست چنگا۔ پاک عیب سے۔
صَحیفہ ع۔ کتاب رسالہ۔
صَخرہ ع۔ پتھر۔ سنگ بڑا نام اس پتھر کا ہے جو بیت المقدس میں ہے اور نام ایک دیو کا ہے جو سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی لے گیا تھا۔
صَد ف۔ سو۔ ایک سو اصل اسکی سد ہے۔

صَدا ع۔ آواز اور گونج۔
صَدارت ع۔ بالانشینی نام ایک عہدے کا شروع کرنا۔
صُداع ع۔ دردسر۔
صِداق ع۔ مہر عورت کا۔ کابین۔
صَداقت ع۔ دوستی سچاپن۔
صَدبار ف۔ کھنکھجورا۔
صَدبرگ ف۔ گیندا مشہور درخت پھول کا ہے
صَدد ع۔ مقابلہ۔ نزدیکی قصد کرنا۔ درپے ہونا۔
صَدر ع۔ سینہ ہر شے کے اوپر کا۔ بالانشین۔
صَدف ع۔ سیپی۔ اور چھوٹا پیالہ شراب کا۔
صِدق ع۔ سچائی۔ سچ۔
صَدقہ ع۔ خدا کے نام پر جو فقیروں کو دیا جاوے۔
صُدور ع۔ سینے چھاتیاں بالانشینان۔ کسی جگہ سے نکالنا۔
صِدِّیق ع۔ بہت سچا لقب ہے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ خلیفۂ اول کا بمعنے تصدیق کرنے والا۔

صَدیق ع۔ دوست دوستان۔ مفرد اور جمع اسکی یکساں آتی ہے۔
صَراحت ع۔ آشکارا ہونا ظہوری۔
صُراحی ع۔ شراب یا پانی رکھنے کا برتن۔ بوتل۔
صُراخ ع۔ چیخنا چنگھاڑنا۔
صِراط ع۔ راہ راست رستہ۔ سیدھی راہ۔
صَرّاف ع۔ وہ شخص جو نقدی کی تجارت کرتا ہے۔
صَرصَر ع۔ باد تند آندھی
صَرع ع۔ مرگی کی بیماری مشہور ہے اور پچھاڑنا۔
صِرف ع۔ ہر شے خالص شراب خالص جس میں پانی نہ ملا ہو۔
صَرف ع۔ خرچ کرنا۔ توبہ گردش زمانہ کی۔
صَرفہ ع۔ تنگی خرچ میں کرنا فائدہ افزونی۔

صَرفی ع۔ وہ شخص جو علم صرف جانتا ہو۔
صُرّہ ع۔ تھیلی۔ ہمیان۔
صَرِیح ع۔ ظاہر۔ آشکارا۔
صِعاب ع۔ جمع ہے صعب کی دشواریاں۔
صَعب ع۔ دشوار سرکش
صُعلُوک ع۔ فقیر و درویش
صُعُوبَت ع۔ دشواری مشکل پن۔
صُعُود ع۔ بلند چڑھنا اوپر چڑھنا۔
صَعوَہ ع۔ ممولا پرند مشہور ہے
صَعِید ع۔ خاک روئے زمین مٹی۔
صِغار ع۔ جمع ہے صغیر کی چھوٹے۔ خورد۔ کوچک خوار لوگ۔
صِغارَت ع۔ چھوٹائی۔ خوردی۔ چھوٹاپن۔
صِغَر ع۔ خوردی چھوٹائی۔
صُغریٰ ع۔ چھوٹی جو شے ہو چھوٹی عورت اصطلاح منطق میں پہلا قضیہ شکل کا
صَغِیر ع۔ چھوٹا۔ خورد۔
صَف ع۔ قطار برابر آدمیوں کی لین

صَفا ع۔ صفائی۔ دوستی نام ایک پہاڑی کا ہے مکۂ معظمہ میں۔
صِفات ع۔ جمع ہے صفت کی۔
صَفار ع۔ جمع ہے صفر کی
صِفَت ع۔ بیان حال کا علامت۔ نشان۔ گن۔ تعریف
صَفحہ ع۔ ایک رخ ورق کا
صَفدَر ع۔ صف لشکر کو پھاڑنے والا۔
صِفر ع۔ خالی ہونا۔ خالی۔ نقطہ
صَفرا ع۔ زردیت۔
صَفراوِی ع۔ منسوب ہے صفرا سے یعنی صفرا کا۔
صُفرَت ع۔ زردی۔
صُفُوف ع۔ جمع ہے صف کی قطاریں۔
صَفِی ع۔ برگزیدہ دوست خالص لقب آدم علیہ السلام کا
صَفِیر ع۔ آواز پرندوں کی
صَلا ع۔ دعوت عام کرنا آواز دینا۔ واسطے ضیافت کے۔
صَلابَت ع۔ سختی۔

صِلات ع۔ نماز۔ درود۔ دعا
صِلات ع بخشش عطا۔ انعام۔ جمع ہے صلہ کی۔
صَلاح ع۔ نیکی۔ مصالحہ باہم صلاح ہونا۔
صَلاحیَت ع۔ نیکی۔ پارسائی۔
صُلب ع۔ سخت۔ کڑا۔
صُلب ع۔ فقرے پیٹھ کے پشت کے استخوان۔
صُلبی ع۔ پشتی۔ نسلی۔
صُلح ع۔ آشتی ضد فساد کی
صُلَحا ع۔ جمع ہے صالح کی نیک آدمی۔
صَلَوات ع۔ جمع ہے صلوٰۃ کی۔ نمازیں۔ درود۔ دعائیں۔
صِلۂ رَحم ع۔ محبت رکھنی اپنے رشتہ داروں سے۔
صِلَہ ع بخشش عطا انعام
صَلِیب ع۔ سولی چلیپا
صَمت ع۔ خاموشی چپ چاپ۔
صَمصام ع۔ شمشیر بران اور تیز تلوار۔
صَمغ ع۔ گوند۔

صَمَم ع۔ بہراپن۔ شنوائی گرانی کان کی۔
صَنج ف۔ چنگ ایک باجہ مشہور ہے۔
صِناعَت ع۔ کاریگری
صَنایِع ع۔ جمع ہے صنعت کی کاریگریاں۔
صَندَل ع۔ مشہور خوشبودار لکڑی ہے۔
صَندُوقچہ ف۔ چھوٹا صندوق
صُنع ع۔ کاریگری۔
صَنعَت ع۔ قسم۔ نوع۔
صِنف ع۔ قسم۔ نوع۔ مقید بصفات۔
صَنَم ع۔ بت۔ مجازاً معشوق۔
صَنَوبَر ع۔ چیڑ کا درخت
صُنُوف ع۔ جمع صنف کی
صَواب ع۔ راست درست برخلاف خطا کے۔
صَوابدِید ف۔ صلاح و تجویز درست۔
صَوارِف ع۔ حادثے گردشات زمانہ کی جمع ہے صارفہ کی۔

صَوَارِم ع۔ جمع ہے صارم کی تلواریں کاٹنے والیاں۔
صَوَاعِق ع۔ جمع ہے صاعقہ کی بجلیاں۔
صَوَامِع ع۔ جمع ہے صومعہ کی تجانے عبادتخانے۔
صَوب ع۔ طرف۔ جانب
صُوبہ ع۔ بادشاہت کا ایک حصہ۔
صُوبہ دار ف۔ حاکم صوبے کا
صَوت ع۔ آواز۔ آواز کرنا
صُوَر ع۔ جمع ہے صورت کی۔ صورتیں۔
صُورَت ع۔ تصویر۔ شکل۔
صُورتگری ف۔ صورت بنانا
صُورِی ع۔ ظاہری۔
صُوف ع۔ پشم۔ اون۔
صُوفی ع۔ پشم پوش۔ اون کا کپڑا پہننے والا فقیر۔
صَول ع۔ حملہ کرنا۔ بلہ کرنا کسی پر بھیک کرجانا۔
صَولَت ع۔ دبدبہ۔ رعب ہیبت۔
صَولَجان ع۔ گلی چوگان سرکج کیا ہوا ڈنڈا۔
صَوم ع۔ روزہ۔
صَومَعہ ع۔ عبادت خانہ۔
صَہبا ع۔ شراب انگوری برانڈی۔ شراب۔
صَیّاد ع۔ شکاری شکار کرنیوالا امراد معشوق سے ہے
صِیَانَت ع۔ بچانا بچاؤ حفاظت۔ نگہبانی۔
صِیت ع۔ آوازہ شہرت ذکرخیر۔
صَید ع۔ وہ جانور جس کا شکار کریں۔ اور شکار کرنا۔
صِیغہ ع۔ ڈھالنا زر کا لفظ بنا ہوا۔
صَیف ع۔ موسم گرمی کا گرما
صَیقَل ع۔ زنگ دور کرنا صاف کرنا۔

باب الضاد

ضَابِط ع۔ انتظام کرنیوالا۔
ضَابِطہ ع۔ قاعدہ۔ دستور
ضَاحِک ع۔ ہنسنے والا۔
ضَار ع۔ مضر۔ ضرر پہونچانے والا۔
ضَارِب ع۔ مارنے والا۔
ضَارِی ع۔ شکاری پیچھے دوڑنے والا کتا وغیرہ۔
ضَال ع۔ گمراہ۔ راہ بھٹکا ہوا
ضَامِن ع۔ خاطر جمع کرنیوالا اور گیرندہ وہ شخص جو کسی کا طرفدار ہو۔
ضَان ع۔ بھیڑی۔ میش
ضَائِع ع۔ کھویا ہوا بے فائدہ کھویا گیا۔ برباد ہوا۔
ضَبط ع۔ نگاہ رکھنا ہر شے کا اسکی حد پر انتظام۔
ضُبع ع۔ کفتار۔ بجو۔
ضُحیٰ ع۔ دوپہر دن چڑھے کا وقت۔
ضُحّاک ع۔ نام ایک بادشاہ کا ہے۔
ضَخَامَت ع۔ موٹا ہونا جسامت موٹاپا۔
ضِد ف۔ برخلاف۔ برعکس فرق۔
ضَرب ع۔ مارنا۔
ضَرب المَثَل ع۔ کہاوت۔
ضَربہ ع۔ چوٹ۔
ضَرَر ع۔ تکلیف۔ دکھ۔
ضِرس ع۔ ڈاڑھ۔ بڑے دانت اندر کے جبڑے میں۔
ضَرُور ع۔ احتیاج جس کو ہونا چاہیئے۔
ضَرُورَت ع۔ جس کے بدون کام نہ چلے۔ حاجت
ضُعف ع۔ ناتوانی۔ ناطاقتی۔
ضُعَفا ع۔ جمع ہے ضعیف کی۔
ضَعِیف ع۔ ناتوان۔ ناطاقت۔ بوڑھا۔
ضَغط ع۔ بھینچنا۔
ضَفَادِع ع۔ جمع ضفدع کی۔ مینڈک۔
ضِفدَع ع۔ مینڈک۔
ضُلّل ع۔ گمراہ۔ نامعلوم شخص۔
ضَلَالَت ع۔ گمراہی۔
ضِلَع ع۔ پسلی کی ہڈی۔ سلطنت کی ایک شاخ۔
ضُلُوع ع۔ جمع ہے ضلع کی۔
ضَلِیل ع۔ گمراہ راہ بھولا ہوا۔ بھٹکا ہوا۔

ضِمَاد ع۔ لیپ۔ دوا کو پانی وغیرہ میں ملا کر بدن پر لگانا
ضَمَائِر ع۔ جمع ہے ضمیر کی۔
ضِمْن ع۔ اندرون۔ اندر
ضَمَّہ ع۔ پیش جیسے عو کے عین پر ہے۔
ضَمِیر ع۔ دل۔ وہ اسم جو قائم مقام اسم ظاہر کے ہو اسم غیر مظہر۔
ضَمِیم ع۔ ملا ہوا شامل کیا ہوا
ضَمِیمَہ ع۔ وہ شے جو کسی اور شے پر بڑھا کر لگا دیں۔
ضَمِین ع۔ ضامن۔
ضَوَابِط ع۔ جمع ہے ضابطہ کی۔ قواعد۔
ضَوَاحِک ع۔ چار دانت ہیں جو درمیان کچلیوں اور داڑھوں کے واقع ہیں۔
ضِیَا ع۔ روشنی آفتاب کی
ضِیَافَت ع۔ مہمانی۔ کھانا کھلانا۔
ضَیف ع۔ مہمان اور مہمانان جمع اور مفرد بھی ہے
ضِیق ع۔ تنگی۔
ضِیق النفس ع۔ تنگی۔ سانس کی مشہور مرض ہے ہندی میں اسکو دمہ کہتے ہیں۔
ضَیغَم ع۔ شیر درندہ پھاڑنے والا۔ شیر۔
ضَیمُرَان ع۔ ایک قسم کی گھاس خوشبودار کا نام ہے

باب الطاء

طَاب ع۔ بوے خوش اور فعل ماضی ہے طیب کا۔
طَاجِن ع۔ کڑاہی۔ توا۔ جس پر کچھ چیز بریان کریں۔
طَارُم معرب۔ خانۂ چوبین بالا خانہ معرب ہے تارم کا۔
طَارِی ع۔ ظاہر ہونیوالا ناگاہ عارض ہونیوالا نیچے اترنے والا کسی جگہ سے۔
طَاس معرب۔ معرب تاس کا ہے طشت بڑا۔
طَاعَات ع۔ جمع طاعت کی۔
طَاعَت ع۔ بندگی۔ عبادت۔
طَاعِن ع۔ نیزہ مارنیوالا طعنہ دینے والا۔
طَاعُون ع۔ وبا مشہور ہے ایک پھوڑا خصیہ یا پستان یا بغل کے نیچے نکلا کرتا ہے۔
طَاغِی ع۔ پھرا ہوا باغی مفسد۔
طَاف ع۔ گشت کرنیوالا۔ طواف کرنیوالا۔
طَاق ع۔ محراب دیوار میں جگہ خمدار بنائی ہوئی روئی دار جبہ۔ تنہا۔ مفرد۔
طَاقَت ع۔ قوت۔ زور۔ توانائی۔
طَاقچَہ ف۔ چھوٹا طاق۔
طَال ع۔ دراز ہوا۔ بڑھ گیا
طَالِب ع۔ طلب کرنیوالا ڈھونڈھنے والا۔
طَالِح ع۔ بدفعل آدمی بد آدمی
طَالِع ع۔ نصیب۔ طلوع کرنے والا۔
طَالِعَہ ع۔ طلوع کنندہ روشنی
طَامِع ع۔ طمع کرنے والا لالچی۔
طَاؤُس ع۔ مور مشہور پرندہ ہے
طَاہِر ع۔ پاک جو ناپاک نہو
طَائِر ع۔ اڑنے والا پرند
طَائِف ع۔ طواف کرنے والا خیال جو نیند میں دکھلائی دے سپنا نام ایک ناحیہ کا ہے قریب مکہ معظمہ کے۔
طَائِفَہ ع۔ گروہ آدمیوں کا جماعت کا ٹکڑا۔
طِب ع۔ علم بیدک بیماریوں کے علاج کرنے کا علم۔
طَبَّاخ ع۔ باورچی۔
طَپَانچَہ ف۔ تھپیڑ۔ طمانچہ۔
طَبَائِع ع۔ جمع ہے طبیعت کی۔
طَبِیخ ع۔ کسی چیز کا پانی جوش کیا ہوا مطبوخ پکایا ہوا۔
طَبَرزَد ع۔ مصری۔ نبات
طَبع ع۔ سرشت آدمی کی خو پیدائشی۔ چھاپنا نقش کرنا۔ خارج از ذہن موجودات
طَبعِی ع۔ منسوب بہ طبع۔
طَبَق ع۔ موافق۔ برابر نام ایک بیماری گھوڑے کا۔
طَبَقَات ع۔ جمع ہے طبقہ کی۔

طَبَقَہ ع۔ درجہ جہاں آدمیوں کے رہتے۔
طَبل ع۔ ڈھول۔
طَبلَہ ع۔ چھوٹا ڈھول مشہور باجہ ہے۔
طِبّی ع۔ طب کی وہ شے ہے جو منسوب ہے طب سے
طَبِیب ع۔ علاج کرنیوالا۔ بید۔ حکیم۔
طَپِیدَن ف۔ بیقرار ہونا۔
طَبِیعَت ع۔ مزاج خو۔ عادت۔ پیدایش۔
طَبِیعی ع۔ منسوب طبیعت
طِحَال ع۔ تلی مشہور ٹکڑا بدن کا ہے۔
طَرّار ع۔ تیز زبان۔ چور۔ گرہ کاٹنے والا۔
طِراز ع۔ نقش ونگار ہر چیز کا چھینٹ۔
طِرازِیدَن ف۔ نقش کرنا۔
طَراوَت ع۔ تازگی۔
طَرَب ع۔ خوشی۔
طَرح ع۔ وضع۔ ڈھنگ۔ طور
طَرز ع۔ طرح۔ ڈھنگ۔
طَرَف ع۔ سمت۔ جہت۔

طَرفَا ع۔ جھاؤ کا درخت۔
طُرفَۃُ العَین ع۔ آنکھ کا جھپکنا ایک دفعہ۔
طُرفَہ ع۔ عجیب۔ تحفہ۔
طَرَفَین ع۔ دونوں طرف دونوں جانب۔
طُرُق ع۔ جمع ہے طریق کی رستے۔ راہہا۔
طُرَّہ ع۔ زلف۔ پیشانی کے بال۔ چھجا مکان کا۔
طَرِی ع۔ تازہ۔ نیا۔
طَرِیفَہ ع۔ نادر۔ نوزاد عجیب۔
طَرِیقَت ع۔ راہ۔ صفائی باطن۔
طَرِیقَہ ع۔ راہ۔ طور۔ رستہ ڈھنگ۔
طَسُّوج مب۔ کنارہ۔ کونہ چوتھائی۔ دانگ یعنی دو حبہ کے برابر معرب ہے۔ تسو کا اور چوبیسواں حصہ ہر چیز کا۔
طَشت مب۔ معرب ہے تشت کا مشہور تھال ہے۔
طَعام ع۔ خورش۔ کھانا۔
طَعم ع۔ مزہ۔ لذت۔

طُعم ع۔ طعام۔ خورش۔
طُعمَہ ع۔ خورش۔ خوردنی کھانا۔
طَعن ع۔ نیزہ مارنا۔ عیب گیری کرنا۔
طُغرا ع۔ خط پیچیدہ جس میں القاب ورنام بادشاہوں کا فرمان لکھا جاتا ہے۔
طُغیان ع۔ حد سے گذر جانا مجازاً زیادتی۔ کثرت۔
طِفل ع۔ لڑکا۔ بچہ۔
طُفُولِیَّت ع۔ لڑکپن۔
طُفَیل ع۔ نام ایک شاعر کوفی کا ہے جو بدون بلائے شراب کی مجلس میں ہر ایک شخص کے گھر جایا کرتا تھا پھر اب اس کو کہتے ہیں جو کسی کے سبب دعوت میں چلا جاوے متاخرین ایک یا اس پر زائد لگا کر طفیلی کہتے ہیں مجازاً معنے اسکے سبب اور وسیلہ کے۔
طَلّ ع۔ شبنم۔
طِلا ع۔ زرخالص۔ سونا بعضے کہتے ہیں کہ طلا معرب تلا ہندی لفظ کا ہے جسکے معنے سونے کے ہیں۔
طَلاق ع۔ چھوٹ جانا عورت کا نکاح سے کشادگی آزادگی۔
طَلاقَت ع۔ کشادہ ہونا تیزی زبان۔ تیز زبان۔
طَلاوَت ع۔ تروتازگی خوبصورتی۔ رونق۔
طِلائی ع۔ سونے کا منسوب طلا سے۔
طِلایَہ ع۔ سپاہ جو شہر اور لشکر کی محافظت کرتی ہے
طَلَب ع۔ مانگنا۔ خواہش کرنا۔ خواہش۔ تنخواہ۔
طَلَبا ع۔ جمع طالب کی ہے طلب کرنے والے۔
طَلَبَہ ع۔ یہ جمع بھی طالب کی ہے
طَلَبی ع۔ بلاوا۔ بلوانا۔
طُلّاب ع۔ جمع ہے طالب کی
طَلَبِیدَن ف۔ بلانا۔ چاہنا
طِلِسم ع۔ تماشا جو بشکل عجیب وغریب نظر میں آوے یہ لفظ یونانی ہے۔
طِلِسمات ع۔ جمع ہے طلسم کی

طلعت ع - دیدار منہ دیکھنا رُخ۔
طلق ع - دردزہ جننے کا درد - ابرک - یا ابرق۔
طلوع ع - آفتاب کا نکلنا ہر ایک ستارہ کا ظاہر ہونا باہر آنا۔
طلیعہ ع - وہ لشکر جو فوج سے آگے آگے دریافت جگہ اترنے اور پانے دشمن کے جایا کرتا ہے اور سپاہ محافظ شہر او رلشکر کی۔
طمانینت ع - اطمینان تسلی۔
طمطراق ع - کروفر شان وتجمل۔
طمع ع - لالچ - حرص۔
طمغات ت - یہ لفظ ترکی ہے - دیکھو - تمغا۔
طناب ع - رسی خیمہ کی ڈور۔
طنبور ع - طنبورہ مشہور باجہ ہے۔
طنز ع - ناز - تحریہ رمز کی بات کہنا۔
طنطنہ ع - آواز طنبورہ اور باجہ وغیرہ - کروفر آواز نقارہ کی جو زیر ہوتی ہے اسکو طنطنہ کہتے ہیں - اور آواز بم کو دمدمہ کہتے ہیں۔
طنین ع - آواز مکھی پشہ وغیرہ چھوٹی مکھیوں کی۔
طواف ع - گرداگرد پھرنا خانہ کعبہ کی گردش کرنا۔
طوالت ع - درازگی۔
طوالع ع - جمع ہے طالعہ کی اور نام ایک کتاب کا ہے منطق میں۔
طوائف ع - جمع ہے طائفہ کی۔
طوبیٰ ع - مؤنث ہے اطیب کی بمعنی خوشبودار - پاک تر بشارت اور خوشخبری اور نام درخت بہشتی کا ہے۔
طور ع - نام ایک پہاڑ کا ہے شام میں حضرت موسیٰ کو جسپر تجلی ہوئی تھی۔
طور ع - وضع - ڈھنگ۔
طوطی ع - طوطا - توتا۔
طوع ع - رغبت اور اطاعت
طوعاً ع - از روے اطاعت اور فرمان برداری کے۔
طوعاً وکرہاً ع - فرمانبرداری دھینگا دھینگی سے
طوفان ع - رو پانی کی جو ڈوبا دیوے باد تند آندھی جو بہت تیز ہو۔
طوق ع - طاقت - توانائی گردن بند گول پٹہ۔
طول ع بخشش - عطا۔
طول ع - درازی - لمبائی۔
طویت ع - پیچیدگی - نیت اندیشہ - ع - ت۔
طویل ع - لمبا - دراز۔
طویلہ ع - لمبی رسی جو گھوڑوں کے پیر میں باندھتے ہیں پچھاڑی - مجازاً وہ مکان جسمیں گھوڑے باندھتے ہیں
طہارت ع - پاکی پاکیزگی
طے ع - لپیٹنا - بھوک۔
طیار ع - اڑنے والا پرندہ جو خوب اڑ سکے - مجازاً مہیا
طیاش ع - سبک عقلی جسکی عقل جاتی رہی ہو ہلکا بیہودہ آدمی۔
طیب ع - خوشبو۔
طیب ع - تحفہ - اچھا خوش مزاج۔
طیر ع - پرندہ - اڑنیوالا جانور
طیران ع - اڑنا۔
طیش ع خفگی غصہ - جوش سبکی عقل کا خطا کرنا عقل کا جانا۔
طے کردن ف - لپیٹنا - فیصل کرنا۔
طین ع - مٹی - خاک - نمناک۔
طینت ع - سرشت - پیدائش - اصلی خو۔
طینی ع - گلی - مٹی کی چیز۔
طیور ع - جمع ہے طیر کی۔
طیوری ع - پرندونکی چیز منسوب طیور سے۔
طیہوج ع - لوا - شہو - پرندہ ہے تیتر کی قسم سے ہوتا ہے

باب الظاء

ظافر ع - فتح کرنیوالا فتحمند۔
ظالم ع - ظلم کرنیوالا ایذائی
ظامی ع - پیاسا - تشنہ۔
ظاہر ع - کھلا ہوا۔
ظاہری ع - باہر والا کھلا ہوا۔

ظَبی ع - ہرن -
ظَرافت ع - خوش طبعی - عقلمندی - زیرکی -
ظَرف ع - برتن - آوند -
ظُروف ع - جمع ہے ظرف کی
ظَریف ع - خوش طبع آدمی وہ شخص جو زیرک ہو -
ظَفر ع - فتح -
ظُفرہ ع - ناخونہ جو آنکھ میں پڑجاتا ہے - بیماری آنکھ کی -
ظِل ع - سایہ چھاؤں -
ظُلم ع - بے انصافی -
ظُلمات ع - جمع ہے ظلمت کی تاریکیاں -
ظُلمانی ع - وہ شے جو شفاف نہ ہو - تاریک -
ظُلمانیت ع - تیرہ ہونا تیرگی پیدا ہونا -
ظُلمت ع - اندھیری تیرگی -
ظَن ع - گمان وہم - تہمت
ظُنون ع - جمع ہے ظن کی
ظَنیہ ع - جو بات کہ منسوب ظن سے ہو وہ مقدمہ جو قریب یقین کے ہو -
ظَنی ع - اغلبی قریب العقل کے

ظِئر ع - دایہ - دائی دودھ پلائی
ظَواہر ع - جمع ہے ظاہر کی
ظَہر ع - کمر - پشت -
ظُہور ع - ظاہر ہونا - کھلنا
ظَہیر ع - مددگار -

باب العین

عَابِد ع - عبادت کرنیوالا پوجاری -
عَابِر ع - راہ پر گذرنیوالا پل سے اترنیوالا پار لگنے والا
عَاج ع - ہاتھی دانت -
عَاجِز ع - ناچار جس سے کچھ نہ ہو سکے -
عَاجِل ع - جلد باز جلدی کرنے والا -
عَادات ع - جمع ہے عادت کی -
عَادت ع - خو سبھاؤ -
عَادِل ع - منصف انصاف کرنے والا -
عَادی ع - خو یافتہ جسکو عادت پڑی ہوئی ہو -
عَار ع - شرم - عیب -
عَارِض ع - بخشی فوج کا - ملنے والا - لاحق ہونے والا

عَارِضی ع - لاحقی جو اصلی نہو
عَارِف ع - پہچاننے والا جاننے والا - ولی خدا -
عَاری ع - ننگا - خالی -
عَارِیت ع - مانگنا - مانگ کر کوئی چیز لینی -
عَازِم ع - قصد کرنیوالا - قاصد
عَاشِر ع - دسواں حصہ لے
عَاشِق ع - عشق رکھنے والا چاہنے والا -
عَاشورا ع - دسویں تاریخ ماہ محرم کی
عَاصِم ع - باز رکھنے والا نگاہ رکھنے والا - نام ایک قاری کا ہے -
عَاصی ع - گنہگار - مجرم خطاکار -
عَاطِر ع - خوشبودار -
عَاطِف ع - مڑنے والا - مہربانی کرنے والا -
عَاطِفت ع - مہربانی شفقت -
عَافی ع - معاف کرنیوالا - خطا بخشنے والا -
عَافِیت ع - آرام -

عَافِین ع - معاف کرنیوالے جمع ہے عافی کی -
عَاقِبت ع - آخر - انجام
عَاقِل ع - عقلمند زیرک
عَاکِف ع - گوشہ نشین مسجد میں ایک گوشہ کے اندر واسطے عبادت کے بیٹھنا -
عَاکِفان ع - جمع ہے عاکف کی
عَالَم ع - جو چیز سوائے خدا تعالیٰ کے ہے وہ عالم ہے -
عَالِم ع - علم والا پڑھا ہوا جاننے والا -
عَالَمِ اسباب ع - دنیا -
عَالَمِ لاہُوت ع - عالم ذات خدا کا یعنی خدا -
عَالَمِ مَلکُوت ع - مرتبہ اسماء الٰہی کا -
عَالَمِ مَعقُول ع - عالم عقلی ذہنی عالم -
عَالَمِ مَعنیٰ ع - وہ عالم جو محسوس نہ ہو سکے -
عَالَمِ جَبَرُوت ع - مرتبہ صفات خدا کا -
عَالَمِ نَاسُوت ع - دنیا فانی
عَالَمِ ہَیُولانی ع - عالم اجسام کا

عَالَمِی ع ۔ دنیاوی عالم کا رہنے والا۔
عَالَمِیَان ف ۔ جمع ہے عالمی کی
عَالِیجَنَاب ع ۔ بلند درگاہ بلند مرتبہ۔
عَالِیحَضرَت ع ۔ بلند مرتبہ کا آدمی۔
عَام ع ۔ پھیلا ہوا۔ مشہور
عَامِر ع ۔ آباد۔ آباد کرنیوالا۔
عَامِل ع ۔ حاکم عمل کرنیوالا کاریگر۔
عَامَّہ ع ۔ مشہور عام۔
عَانِد ع ۔ دشمن عناد رکھنے والا
عَائِد ع ۔ اُلٹ کر آنے والا عود کرنے والا۔
عَائِق ع ۔ روکنے والا حائل مانع۔
عُبَّاد ع ۔ جمع عابد کی۔
عِبَادَت ع ۔ پوجا۔ بندگی۔
عِبَارَت ع ۔ بیان بات بیان کرنا۔
عَبَّاس ع ۔ شیر درندہ نام ہے پیغمبر خدا کے چچا کا۔
عَبَث ع ۔ بے فائدہ بیہودہ
عَبد ع ۔ بندہ۔ غلام۔
عِبرَت ع ۔ اندیشہ نصیحت پکڑنا
عُبُودِیَّت ع ۔ بندگی۔ غلامی۔
عُبُور ع ۔ راہ پر گذرنا پل کے پار جانا۔ دریا پر کو اتر جانا۔
عَبُوس ع ۔ ترشرو۔
عَبِید ع ۔ بہت سے غلام یا اسم جمع ہے اور عبد کی جمع نہیں ہے۔
عَبِیر ع ۔ نام ایک خوشبو کا ہے جو صندل اگر گلاب اور مشک سے ملا کر بناتے ہیں۔
عِتَاب ع ۔ خفگی۔ غصہ۔
عَتَبَہ ع ۔ دہلیز۔ آستانہ۔
عِتق ع ۔ آزادی اور آزاد ہونا
عَتِیق ع ۔ پرانا۔ بزرگ۔ برگزیدہ۔ آزاد۔
عَجَائِب ع ۔ جمع ہے عجیب کی
عَجَائِز ع ۔ جمع ہے عجوز کی بڑھیا عورتیں۔
عَجَب ع ۔ تعجب۔ انوکھاپن
عُجب ع ۔ غرور۔
عَجز ع ۔ ناچاری۔ عاجزی
عَجَزَہ ع ۔ جمع ہے عاجز کی ناچار آدمی۔
عِجل ع ۔ بچھڑا گائے کا بچہ نام ایک قبیلہ کا ہے عرب میں
عَجَم ع ۔ وہ ملک جو عرب میں نہیں ہے خصوصاً ملک ایران و توران۔
عَجَمِی ع ۔ جو شخص باشندہ عرب کا نہ ہو اکثر مراد ایرانی و فارسی سے ہوتی ہے۔
عَجُوز ع ۔ بڑھیا۔ بوڑھی عورت
عَجِیب ع ۔ انوکھا۔ وہ شے جس سے تعجب پیدا ہو
عَدّ ع ۔ شمار کرنا۔ گننا۔ شمار
عَدَالَت ع ۔ کچہری انصاف کی۔ برابری۔
عَدَاوَت ع ۔ دشمنی۔ بیر۔
عَدَد ع ۔ گنتی شمار۔ ہندسہ
عَدَس ع ۔ مسور مسور کی دال مشہور غلہ ہے۔
عَدل ع ۔ برابر کرنا انصاف
عَدَم ع ۔ نہیں۔ نفی۔ نہ ہونا
عَدُو ع ۔ دشمن۔ بیری۔
عُدوَا ع ۔ تجاوز کرنا حد سے
عُدُول ع ۔ پھر جانا راہ سے روگردانی۔
عَدِیل ع ۔ برابر رتبہ اور قد میں مساوی۔
عَدِیم ع ۔ ناپید اگم نایاب
عَذَاب ع ۔ دکھ۔
عِذَار ع ۔ رخسارہ چہرہ۔
عَذب ع ۔ شیریں۔ میٹھا۔ خوش مزہ۔ خوشگوار۔
عُذر ع ۔ بہانہ اور سبب کسی بات کا۔
عَرَابَہ ع ۔ گاڑی چھکڑا۔
عِرَاق ع ۔ نام ملک کا ہے لغت میں عراق کے معنے کنارے کے ہیں اور عراق دو ہیں ایک عراق عجم دوسرا عراق عرب عراق عجم میں خراسان و اصفہان داخل ہے اور عراق عرب میں وہ ملک جو آن روئے دریائے دجلہ کے واقع ہیں بغداد بھی اس میں شامل ہے یہ دونوں ملک چونکہ کنارہ دریا پر واقع ہیں اسواسطے انکو عراق کہتے ہیں چنانچہ عراق عجم دریائے جیحون کے کنارے پر ہے اور عراق عرب کنارہ دجلہ و فرات پر ہے

اور عراق نام ایک مقام کا موسیقی میں سے بھی ہے جسکو وقت چاشت گاتے ہیں۔

عَرائِس ع۔ جمع ہے عُرس کی عورت یا مرد جسکی ابھی شادی ہوئی ہو مگر اکثر اطلاق اسکا عورت پر کرتے ہیں۔

عَرَب ع۔ ملک مشہور ہے

عَرَبان ف۔ جمع فارسی عرب کی ہے۔

عَرَبدَہ ع۔ لڑائی۔ جنگ بدخوئی۔ جنگ جوئی۔

عَرَبی ع۔ منسوب عرب سے یعنی عرب کا۔

عَرَبِستان ف۔ عرب کا ملک

عِرس ع۔ خاوند والی عورت زن با شوہر۔

عُرس ع۔ کھانا شادی یا نکاح کا مجازاً مجلس طعام اور فاتحہ کسی بزرگ کا اسی دن جس روز کہ فوت ہوا تھا۔

عَرش ع۔ تخت۔ چھت۔

عَرصَہ ع۔ وقفہ۔ میدان۔ فاصلہ۔

عَرض ع۔ ظاہر کرنا۔ کسی چیز کا کسی شخص پر۔ چوڑان متاع اسباب گھر کا۔ اور جو چیز قائم نہو۔ جیسا کہ رنگ ہے

عَرَضی ع۔ جو اصلی نہو جو عارض ہوا ہو۔

عُرف ع۔ مشہور نام عام نام پہچان۔ نکوئی۔ احسان۔

عِرفان ع۔ شناخت۔ پہچاننا۔ پہچاننا خدا کا۔

عُرفی ع۔ نام شاعر مشہور کا ہے اور مشہور اصفہانی۔

عِرق ع۔ درخت کی جڑ رگ۔ نس۔

عَرَق ع۔ پسینا اور وہ پانی جسکو دواؤں کا بخار بناکر بناتے ہیں۔

عُرُوج ع۔ چڑھنا۔ بلند ہونا

عَرُوس ع۔ دولھا دلھن۔

عُرُوض ع۔ ظہور۔ عارض ہونا۔ نام علم شعر کا۔

عُرُوق ع۔ جمع عرق کی۔ پانی جو ابلا ہوا رس اور جمع عرق کی بھی ہے یعنی رنگین نسلین جڑیں نباتات کی۔

عُریان ع۔ ننگا۔ برہنہ

عَرِیض ع۔ چوڑا۔ عرض دار

عَرِیضَہ ع۔ عریضہ عرضی عرض۔

عَزّ ع۔ عزیز ہوا۔ معزز ہو گیا

عَزا ع۔ مصیبت پر صبر کرنا نسبت کرنا کسی چیز سے۔ مجازاً ماتم پرسی۔

عَزازِیل ع۔ شیطان۔

عَزَب ع۔ مجرد آدمی۔ وہ آدمی جسکی جورو نہ ہو۔

عِزَّت ع۔ حرمت۔ بزرگی

عِزرائِیل ع۔ نام ایک فرشتے کا جو روح قبض کرتا ہے۔

عَزل ع۔ بیکاری اور بیکار کرنا

عُزلت ع۔ گوشہ نشینی۔ زن و فرزند سے جدا ہو بیٹھنا واسطے عبادت کے۔

عَزم ع۔ ارادہ۔ قصد۔

عَزِیز ع۔ ارجمند۔ کمیاب پیارا۔ اب لقب بادشاہ مصر کا ہے اور زمانۂ قدیم میں یہ لقب وزیروں کو ملا کرتا تھا۔

عَزِیمت ع۔ قصد دلی۔ منتر افسون۔

عَساکِر ع۔ جمع ہے عسکر کی لشکرہا۔

عُسرَت ع۔ تنگی۔ مفلسی دشواری۔

عَسَس ع۔ کوتوال محافظ شہر

عَسکَر ع۔ لشکر۔ فوج۔

عَسَل ع۔ شہد۔

عُسر ع۔ دشواری اور دشوار ہونا کام کا۔

عَسِیر ع۔ دشواری۔ مشکل۔

عُش ع۔ آشیانہ۔ گھونسلا

عِشا ع۔ رات کا کھانا بیالو۔ طعام شب۔

عَشا ع۔ شب کوری۔ رتوندھا رات کو نہ دکھائی دینا۔

عُشّاق ع۔ جمع ہے عاشق کی اور نام ہے ایک مقام راگ کا جو دو گھڑی دن رہے گاتے ہیں۔

عَشائر ع۔ جمع ہے عشیرہ کی کنبے۔ قبیلے۔

عُشر ع۔ دسواں حصہ ۱/۱۰

عَشر ع۔ دس عدد (۱۰)

عِشرَت ع۔ خوش دلی خوشی

زندگانی۔
عَشَرَہ ع۔ دسواں دن مہینے کا۔
عِشرِین ع۔ بیس عدد (۲۰)
عِشق ع۔ بہت محبت کرنا کسی شے سے ایک قسم کا جنون۔
عِشقبَاز ف عاشق چاہنے والا
عِشوَہ ف۔ ناز اور ایسی حرکت و ناز معشوق کا جو عاشق کو فریفتہ کرے۔
عِشی ع۔ اول شام شروع شب کا۔ شام کا وقت۔
عُشر عَشِیر ع۔ دسواں حصہ ۱/۱۰
عَشِیر ع۔ کنبے کا آدمی ہمسایہ کسی کے ساتھ رہنے والا۔
عَشِیرَہ ع۔ دسواں حصہ کنبہ قبیلہ۔
عَصَا ع۔ لاٹھی۔ چوب دستی
عَصَّار ع۔ روغن گر تیلی
عُصَارَہ ع۔ شیرہ۔ رس نچوڑا ہوا پانی۔
عَصَافِیر ع۔ جمع ہے عصفور کی۔ کنجشک چڑیاں۔
عَصَب ع۔ پٹھ وپے
عَصر ع۔ زمانہ۔ روزگار

عُصفُر ع۔ کسنبھ۔ سرخ جامہ۔
عُصفُور ع۔ چڑیا کنجشک
عِصمَت ع۔ گناہ سے باز رہنا
عَصِیب ع۔ طرفدار استوار خویشاوند۔ رشتہ دار۔
عَضُد ع۔ بازو۔ شانہ
عَضُد ع۔ مدد کرنا یاری کرنا
عُضو ع۔ ٹکڑا بدن کا۔
عُضُوب ع۔ عضب کی جمع تلواریں۔
عَطَا ع۔ بخشش دینا۔
عَطَّار ع۔ عطر بیچنے والا گندھی۔
عُطَارِد ع۔ بدھ ستارہ
عُطَاس ع۔ وہ مرض جس سے چھینک پیدا ہو۔ چھینک
عَطَایَا ع۔ جمع عطیہ کی۔ بخششیں۔
عَطَب ع۔ ہلاکت۔ ہلاکی
عِطر ع۔ خوشبو و خوشبو ہونا
عِطرِیَات ع۔ جمع ہے عطر کی یعنی وہ اشیاء جو خوشبو دیویں
عَطَس ع۔ چھینکنا۔ چھینک۔
عَطَش ع۔ پیاس تشنگی۔

عَطَف ع۔ پھر جانا پلٹنا۔
عَطَل ع۔ عورت بدون زیبایش کے بے زیور بے نقطہ حرف۔
عُطُوف ع۔ مہربان شفیق
عُطُوفَت ع۔ مہربانی۔
عَطِیَات ع۔ جمع ہے عطیہ کی
عَطِیَّہ ع۔ بخشش انعام دی ہوئی چیز۔
عِظَام ع۔ بزرگان۔ بزرگ لوگ اس صورت میں جمع ہے عظیم کی ہڈیاں استخوانہا اب جمع ہے عظم کی۔
عَظم ع۔ ہڈی۔ استخوان
عِظَم ع۔ بزرگی۔ بڑائی۔
عُظَمَا ع۔ جمع ہے عظیم کی بزرگ لوگ۔
عُظمیٰ ع۔ بزرگ عورت بڑا مقدمہ۔
عَظَمَت ع۔ بزرگی قدر۔
عَظِیم ع۔ بزرگ۔ بڑا۔
عِفَّت ع۔ پرہیزگاری پارسائی۔
عِفرِیت ع۔ دیو بھوت
عَفص ع۔ مازو۔ ماجو دوا مشہور ہے۔
عِفِص ع۔ کسیلا بے مزہ تلخی اور ترشی اور گرفتگی زبان کی جیسیں مزہ نہ ہو۔
عَفو ع۔ معاف کرنا خطا بخشنا۔
عُفُوصَت ع۔ بے مزہ کسیلا پن۔
عُفُونَت ع۔ سڑ جانا بدبو سڑاہند۔
عَفِیف ع۔ پارسا پرہیزگار جو شخص حرامکاری نہ کرتا ہو۔
عُقَاب ع۔ گدھ۔ ایک پرند چیل کی قسم مشہور ہے۔
عِقَاب ع۔ عذاب۔ دکھ
عَقَارِب ع۔ جمع ہے عقرب کی۔ بچھو۔
عَقَائِد ع۔ جمع ہے عقیدہ
عَقِب ع۔ ایڑی پیر کی۔
عُقبیٰ ع۔ آخرت دوسرا جہان۔
عَقد ع۔ گرہ لگانا۔ عہد بیع۔ نکاح۔
عُقدَہ ع۔ گرہ مشکل بات
عَقر ع۔ بانجھ ہونا عقیم ہونا

پیر باندھنا ۔ ستور کا ۔
عقرب ع ۔ بچھو ۔
عقل ع ۔ خرد ۔ دانائی ۔
عقلا ع ۔ جمع ہے عقیل کی عقلمند لوگ ۔ آدمی ۔
عقلی ع ۔ جو بات صرف ذہن میں آوے خارج میں نہو
عقوبت ع ۔ عذاب ۔ دکھ سزا ۔
عقود ع ۔ جمع ہے عقد کی
عقول ع ۔ جمع عقل کی ۔ دانائیاں ۔ فرشتے ۔
عقیدہ ع ۔ بھروسہ دل کا مذہب کے اصول ۔
عقیدت ع ۔ جن پر یقین کرنے سے اس مذہب میں شامل ہو سکے ۔
عقیق ع ۔ نام ایک سرخ پتھر کا ہے ۔
عقیم ع ۔ بانجھ عورت جسکے بچہ نہ ہو ۔
عکس ع ۔ الٹنا لوٹنا ۔
علا ع ۔ سربلندی ۔ بزرگی ۔
علی ع ۔ اوپر ۔
علاج ع ۔ چارہ ۔ تدبیر ۔

علی الخصوص ع ۔ خاص کر کے خصوصاً ۔
علی الدوام ع ۔ ہمیشہ ۔
علی الصباح ع صبح کے وقت ۔
علی الاطلاق ع ۔ بے قید
علاقہ ع ۔ لگاؤ ۔ تعلق ۔ آمیزش ۔
علامات ع ۔ جمع ہے علامت کی ۔
علامت ع ۔ نشانی ۔ پتہ ۔
علامہ ع ۔ عورت بہت جاننے والی مرد بڑا عالم ۔
علامی ع ۔ بہت جاننے والا
علانیہ ع ۔ ظاہر کھلم کھلا ۔
علاوہ ع ۔ سوائے ماسوا اسکے سوا ۔
علائق ع جمع علاقہ کی ہے
علات ع ۔ سندان اہرن جس پر لوہا کوٹا جاوے ۔
علت ع ۔ سبب بیماری وجہ
علت فاعلی ع ۔ جس نے کوئی شے بنائی ہو ۔
علت مادی ع ۔ وہ مادہ جس سے وہ شے بنی ہو ۔

علت صوری ع ۔ صورت جو بعد بننے اس چیز کے ہوگئی ہو ۔
علت غائی ع ۔ فائدہ اس شے کا ۔
علی حدہ
علیحدہ } ع ۔ اپنی حد پر جدا الگ ۔
علف ع ۔ گھاس ۔ چارہ ۔
علق ع ۔ جونک مشہور کیڑا ہے
علم ع ۔ نیزہ ۔ نام خاص پہاڑ ۔ جھنڈا ۔
علما ع ۔ جمع ہے عالم کی ۔
علو ع ۔ بلندی ۔ اونچائی ۔
علوفہ ع ۔ خورش ۔ خوراک خوردنی ۔
علوم ع ۔ جمع ہے علم کی ۔
علوی ع ۔ وہ سید جو اولاد حضرت علی سے ہو ۔
علوی ع ۔ آسمانی جیسے فرشتے ستارے وغیرہ
علیا ع ۔ بہت بلند ۔
علیم ع ۔ جاننے والا دانندہ علم والا ۔
علیہ ع ۔ جمع ہے علی کی بلند مرتبہ اور شریف چیزیں

علیین ع ۔ نام بہشت کا اور کتاب اعمال بندگان صالح کی ۔
عم ع ۔ چچا ۔ باپ کا بھائی ۔
عماد ع ۔ ستون ۔ کھنب ۔
عمارت ع ۔ مکان آبادی آباد کرنا ۔
عمال ع ۔ جمع ہے عامل کی حاکم ۔ کارگزار سرکار کا ۔
عمامہ ع ۔ دستار ۔ پگڑی ۔
عمد ع ۔ قصد ۔ ارادہ ۔
عمداً ع ۔ قصداً ارادہ سے
عمدہ ع ۔ نفیس ۔ تحفہ ۔
عمر ع ۔ زندگی ۔
عمق ع ۔ گہراؤ ۔ دل ۔
عمل ع ۔ کام ۔ کار ۔
عملی ع ۔ جو منسوب عمل سے ہو
عمو ع ۔ چچا ۔ باپ کا بھائی ۔
عمود ع ۔ سیدھا خط جو سیدھے خط پر واقع ہو اور زاویہ قائمہ پیدا ہو ۔
عموم ع ۔ عام ہونا سب جگہ ہونا ۔ بے قید ہونا ۔
عموی ع ۔ چچا ۔ کاکا ۔
عمہ ع ۔ پھوپھی ۔ باپ کی بہن

عمی ع ۔ اندھاپن ۔
عمیق ع ۔ گہراؤ ۔ دونگھا ۔
عمیم ع ۔ عام ۔ شامل ۔
عن ع ۔ سے ۔
عنا ع ۔ تکلیف ۔ دکھ ۔ رنج ۔ مشقت ۔
عناد ع ۔ دشمنی ۔ بیر ۔
عنادل ع ۔ بلبلیں جمع ہے عندلیب کی ۔
عناصر ع ۔ جمع ہے عنصر کی اصلی جزو ۔
عناق ع ۔ بکری کا بچہ ۔ جو مادہ ہو ۔
عنایت ع ۔ مہربانی ۔
عنب ع ۔ انگور خوشبو میوہ ہے ۔
عنبر ع ۔ نام ایک خوشبو کا ہے
عنبرین ف ۔ عنبر کی خوشبو دینے والی شے ۔
عند ع ۔ نزدیک ۔
عندلیب ع ۔ بلبل ہزار داستان ۔
عنصر ع ۔ اصلی جزو ۔
عنصری ع ۔ منسوب بعنصر اصلی جزو کا ۔ تخلص ایک شاعر کا ۔

عنف ع ۔ بختی یا درشتی کرنا ۔ تندی ۔
عنفوان ع ۔ اول ہر شے کا ۔ آغاز جوانی کا ۔
عنق ع ۔ گردن ۔
عنقا ع ۔ ایک جانور فرضی ہے ۔ شاعر لوگوں نے فرض کیا ہے ۔
عنقریب ع ۔ نزدیک ابھی ۔
عنکبوت ع ۔ مکڑی ۔
عنوان ع ۔ سرنامہ سرخی مطلب ۔ دیباچہ ۔ اوّل ہر چیز کا ۔
عنید ع ۔ لڑاکا ۔ سرکش ۔
عنیف ع ۔ تند ۔ سخت خو لڑاک ۔
عنّین ع ۔ نامرد جو مرد عورت کے کام کا نہ ہو ۔
عوارض ع ۔ جمع ہے عارضہ کی
عواطف ع ۔ جمع ہے عاطفہ کی
عوام ۔ عوام النّاس ع عام لوگ رعایا کے لوگ ۔
عوامل ع جمع ہے عامل کی عمل کرنے والے اور حاکم لوگ کارکن ۔

عوان ع ۔ خصم والی عورت میانہ سال ۔
عوائق ع ۔ جمع ہے عائقہ کی روکنے والیاں ۔
عوج ع ۔ ٹیڑھاپن ۔ کجراپن
عود ع ۔ لکڑی ۔ اور سیاہ رنگ کی لکڑی ۔
عود ع ۔ لوٹنا پھرنا ۔ باز گشت کرنا ۔ بوڑھا اونٹ ۔
عور ع ۔ کانا ۔ یک چشم عور بدباطن ۔
عور ع ۔ ننگا ۔ برہنہ ۔
عورت ع ۔ وہ بدن آدمی کا جس کا کھولنا موجب شرم ہے مجازاً زن ۔
عوض ع ۔ بدلا ۔ قائم مقام
عوق ع ۔ باز رکھنا پھرا دینا بازنع آنا ۔
عون ع ۔ مدد ۔ مدد کرنا ۔
عہد ع ۔ زمانہ ۔ پیمان سوگند
عہدہ ع ۔ منصب ۔ رتبہ ۔ سرکاری ذمہ ۔
عہود ع ۔ جمع ہے عہد کی پیمان ۔ وعدہ اور قسمیں ۔
عیاذاً باللّٰہ ع ۔ پناہ خدا کی

عیار ع ۔ کسوٹی لگانا آزمانا چاندی یا سونے کا ۔
عیار ع ۔ تولنا ۔ جانچنا ۔
عیّار ع ۔ مرد چالاک بہت آمد و رفت کرنے والا ۔
عیّاری ع ۔ چالاکی ۔
عیّاش ع ۔ بہت عیش کرنیوالا
عیال ع ۔ زن فرزند ۔ جورو لڑکے ۔
عیان ع ۔ آنکھ سے دیکھنا مجازاً ظاہر ۔
عیب ع ۔ برائی ۔ نقصان کمی ۔
عید ع ۔ خوشی ۔
عیسٰی ع ۔ نام حضرت عیسٰی پیغمبر کا ۔
عیش ع ۔ زندگانی کرنا ۔ اچھی طرح زندگی کرنا ۔
عین ع ۔ آنکھ ۔ چشم ۔ چشمہ پانی کا ۔
عین ع ۔ جمع ہے عینا کی زنان خوش چشم ۔
عینین ع ۔ دونوں آنکھیں
عیوب ع ۔ جمع ہے عیب کی
عیون ع ۔ آنکھیں ۔ چشمے

جمع ہے عین کی ۔

باب الغین

غادر ع ۔ بے وفا جو شخص عہد کو پورا نہ کرے ۔
غار ع ۔ گڑھا ۔
غارت ع ۔ لوٹ مال لوٹنا
غارتیدن ف ۔ لوٹنا ۔ غارت کرنا ۔
غازہ ف ۔ گلگونہ ایک قسم کی سرخی ہوتی ہے جو عورتیں اپنے منھ پر ملتی ہیں
غازی ع ۔ قتل کرنے والا کفار کا جنگ میں ۔
غاشیہ ع ۔ زین پوش گھوڑے کا پالان ۔ قیامت ۔ بیماری اندھی بیہوش کرنے والی ۔
غاصب ع ۔ غیر کا حق بجبر لینے والا ۔
غافل ع ۔ بے خبر غفلت والا
غاق ع ۔ آواز ہے کوے کی
غالب ع ۔ زبردست اکثر غلبہ والا ۔
غالی ع ۔ گران ۔ مہنگا ۔
غالیچہ ف ۔ اونی بچھونا ۔
گلکاری کیا ہوا ۔
غالیہ ع ۔ خوشبو مشہور ہے اور عنبر کافور وغیرہ سے مرکب کرکے بناتے ہیں
غامض ع ۔ گہرائی ڈوبنگی
غائب ع ۔ جو موجود نہ ہو
غایت ع ۔ غرض مطلب ۔ انتہا ۔ آخر ۔
غائط ع ۔ پیخانہ ۔ جا ضرور
غبار ع ۔ مٹی ملی ہوئی ہوا ۔ گرد ۔
غباوت ع ۔ کند ذہنی کم فہمی ۔
غبرا ع ۔ زمین گرد آلودہ ۔
غبطہ ع ۔ رشک کرنا کسی کے مال پر بدون اس کا کہ اس کا زوال چاہے ۔
غبغب ع ۔ گوشت لٹکا ہوا نیچے ٹھوڑی کے اور یہ گوشت آدمی کی خوبصورتی میں دخل ہے ۔
غبن ع ۔ خرید میں نقصان اٹھانا ۔ مکر کرنا ۔
غبن ع ۔ عقل میں نقصان ہونا
غبی ع ۔ کم عقل جسکی عقل صائب نہ ہو ۔
غث ع ۔ لاغر ۔ فاسد ۔ دبلا
غد ع ۔ صبح آئندہ ۔
غدا ع ۔ کل کا روز جو ہوگا فردا روز ۔
غدار ع ۔ بہت غدر کرنیوالا بہت بے وفا ۔
غدر ع ۔ بیوفائی کرنا بیوفائی
غدیر ع ۔ تالاب جسمیں پانی بارش اور سیل کا جمع ہو جائے ۔
غذا ع ۔ خوراک جس سے بدن کی پرورش ہو ۔
غراب ع ۔ کوا ۔ کاگ مشہور پرندہ ہے ۔
غرائب ع ۔ جمع ہے غریبہ کی عجیب اشیاء ۔
غرامت ع ۔ تاوان ۔ تاوان زیادہ ہونا پشیمانی عذاب ۔
غرب ع ۔ نیچے بیٹھنا چھپ جانا ڈول پانی نکالنے کا ۔
غربا ع ۔ جمع غریب کی ہے ۔
غربت ع ۔ مسافرت ۔
غربال ع ۔ چھلنی ۔ آٹا چھاننے کی چھلنی ۔
غربی ع ۔ غرب کا ۔ غرب کا رہنے والا ۔ منسوب بغرب ۔
غرض ع ۔ نشانہ ۔ مجازاً مطلب ومقصود اور حاجت ۔
غرغرہ ع ۔ کلی پانی منھ میں لے کر تھوک دینا ۔
غرفہ ع ۔ کھڑکی ۔
غرق ع ۔ ڈوب جانا ۔
غرقی ف ۔ پانی کی دھرتی جو زمین پانی میں ڈوب جائے
غرقاب ف ۔ جو چیز پانی میں ڈوب جائے ۔
غرندہ ف ۔ آواز کرنے والا مثل کتے یا شیر وغیرہ درندہ جانور کے ۔
غروب ع ۔ چھپنا آفتاب کا شام کے وقت ۔
غرور ع ۔ گھمنڈ ۔
غرہ ع ۔ سپیدی پیشانی اسپ کی جو ایک درم سے زیادہ ہو سردار بہتر ہر چیز سے اول روز چاند کا ۔
غریب ع ۔ مسافر ۔ بیکس وبے مال ۔
غریدن ع ۔ غرانا ۔ گرّانا ۔

غریزی ع۔ اصلی طبعی خلقی

غریق ع۔ ڈوبا ہوا۔

غریو ف۔ شور فریاد آواز غوغا

غزا ع۔ جہاد۔ لڑائی کفار سے

غزال ع۔ ہرن کا بچہ ہرنوٹا آفتاب

غزل ع۔ باتیں عشق عورتونکی اور صحبت جوانی کی کرنا۔ کاتنا رسی بٹنا۔ ریسمان۔

غزلیات ع۔ جمع ہے غزل کی

غزو ع۔ جہاد۔ لڑنا مسلمانونکا کفار سے واسطے مذہب کے۔

غسل ع۔ نہانا تمام بدن کا دھونا۔ اور غَسل ۔ دھونا۔

غش ف۔ بیہوش ہوجانا۔ ناطاقت ہوکر بیہوش ہوجانا مخفف غشی کا

غشاوہ ع۔ جھلّی۔ پردہ۔

غِش ع۔ کھوٹاپن۔ عیب۔

غشی ع۔ بیہوش کرنا بیہوش خیانت کرنا۔

غشیان ع۔ جماع کرنا اور غشیان بیہوش ہوجانا۔

غصب ع۔ بظلم چھین لینا کسی کا حق جبر سے لینا۔

غصص ع۔ جمع ہے غصّے کی

غصّہ ع۔ وہ رنج جس سے گلا گھٹ جاوے مجازاً خفگی۔

غضاریف ع۔ جمع ہے غضروف کی۔ کرسی چپنی۔

غضب ع۔ غصہ خفگی رنج

غضبان ع۔ وہ شخص جو غصّے میں ہو۔ خفا آدمی۔

غضروف ع۔ چپنی ہڈی نرم ہڈی جیسے کان کی ہوتی ہے

غضنفر ع۔ شیر درندہ شیر ببر

غفّار ع۔ بہت بخشنے والا۔ صفت خدا کی ہے۔

غفران ع۔ بخشش گناہ کا معاف کرنا۔

غفلت ع۔ بھول چوک۔ چوک جانا۔

غفور ع۔ بخشنے والا۔ گناہوں کا صفت خدا کی۔

غفیر ع۔ بہت اتنی بڑی جماعت یا انبوہ کہ ان سے زیادہ نہ دیکھ سکے۔

غلّ ع۔ طوق لوہے کا بند تشنگی۔

غِل ع۔ کینہ۔ خیانت۔ کدورت۔ کھوٹاپن۔

غلّات ع۔ جمع ہے غلہ کی اناج۔

غلات ع۔ جمع ہے غالی کی وہ شخص جو حد سے گذر گئے ہوں تشدد کرنے میں۔

غلاف ع۔ اوپر کا پردہ خول

غلام ع۔ لڑکا۔ مجازاً نوکر بندہ

غلبہ ع۔ جمع ہے غالب کی۔

غلباء ع۔ ایسا موضع کہ وہاں کے درخت باہم پیوستہ اور انبوہ دار ہوں۔ گچھ۔

غلط ع۔ جو صحیح نہ ہو۔

غلطان ف۔ لڑھکتا ہوا

غلطیدن ف لوٹنا لیٹنا۔

غلغلہ ع۔ شور اور غل۔

غلک ف۔ غلہ ایک برتن گھڑا وغیرہ کا منھ اوپر سے چمڑے سے مڑھ کر ایک سوراخ اس میں کرکے پیسے اور روپیہ پھول والے ڈالتے رہتے ہیں اس کو فارسی میں غلک کہتے ہیں۔ ہندی گولک۔

غلمان ع۔ جمع ہے غلام کی یعنی امرد لڑکے۔

غلولہ ع۔ گولی

غلّہ ع۔ اناج۔

غلیظ ع۔ موٹا۔ دلدار مجازاً ناپاک۔

غلیواز ف چیل۔ مشہور پرند ہے۔

غم ع۔ رنج۔ دکھ۔

غمّاز ع۔ اشارہ کرنے والا سخن چین۔ طعنہ کرنے والا۔

غمخوار ف۔ دوست جو اپنا غم کھاوے۔ دوست یار۔

غم خوردن ف۔ غم کھانا۔

غمز ع۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔

غمزدگی ف۔ غم زدہ ہونا۔

غمکدہ ف۔ غم کا گھر مصیبت کا گھر۔

غمگسار ف۔ دکھ دور کرنیوالا غم کا دور کرنے والا۔

غموم ع۔ جمع ہے غم کی۔

غِناء ع۔ گانا نغمہ۔ سرود۔

غَناء ع۔ توانگری دولتمندی

غنائم ع۔ جمع ہے غنیمت کی لوٹ کے مال۔

غنج ف۔ کرشمہ۔ ناز۔ آنکھ جھپکنا۔ جھانولی۔

غُنچہ ف ۔ کلی ۔ بدون کھلا ہوا پھول ۔
غَنَم ع ۔ بکری ۔
غُنُودَن ف ۔ اونگھنا ۔
غَنی ع ۔ بے پرواہ ۔ دولتمند
غَنِیم ع ۔ لوٹنے والا ۔ بیرا دشمن
غَنِیمَت ع ۔ مال لوٹ کا لوٹ ۔
غَوّاص ع ۔ غوطہ مارنیوالا ڈبکیا ۔
غَوائِت ع ۔ جمع ہے غائت کی انتہائیں ۔ غوائت ۔ گمراہی
غَوث ع ۔ فریادرس ۔ فریاد
غُوچ ع ۔ مینڈھا ۔ میش نر شاخدار ۔
غُوچہ ت ۔ مرغ کی کلغی ۔
غَور ع ۔ گہراؤ ۔ عمق ۔ زمین پست نیچے جانا ۔
غُورَہ ع ۔ انگور خام ۔ ترش
غُوطَہ ع ڈبکی ۔
غَوغا ف ۔ شوروغل ۔
غُوک ف ۔ مینڈک ۔
غُول ع ۔ دیو ۔ جن ۔ بھوت
غَوی ع ۔ کجرو ۔ گمراہ ۔ جسکی سمجھ ٹیڑھی ہو ۔

غِیاث ع ۔ فریادرسی فریاد
غَیب ع ۔ پوشیدگی ناپدیدگی
غَیبَت ع ۔ پوشیدگی ۔ پوشیدہ ہونا ۔
غَیث ع ۔ باران ۔ مینھ ۔
غَیر ع ۔ سوائے ۔ جو وہی نہو علیحدہ شئے ۔
غَیرَت ع ۔ شرم اجنبیت منغرکا
غَیر مُتَناہی ع ۔ جسکی انتہا نہو
غَیر وَاقِع ع ۔ جھوٹ خلاف دستور ناشائستہ ۔
غُیُوب ع ۔ جمع غیب کی ۔
غَیہَب ع ۔ اندھیرا بیوقوف گدھا ۔

باب الفاء

فاتِح ع ۔ شروع کرنے والا کھولنے والا ۔
فاتِحہ ع ۔ دیباچہ شروع نام اول سورہ قرآن کا
فاتِر ع ۔ آب نیم گرم نیم گرم پانی سست ۔
فاتِک ع ۔ دلیر و شجاع و قاتل ۔
فاتِن ع ۔ مفتون کرنے والا فریفتہ کرنے والا ۔
فاجِر ع ۔ گنہگار ۔ زانی ۔
فاحِش ع ۔ بدی میں حد سے گذرنے والا ۔ بد ۔ برا ۔
فاحِشہ ع ۔ بدعورت زن بدکار ۔
فاختہ ف ۔ قمری ۔
فاخِر ع ۔ فخر کرنے والا تحفہ معزز ۔
فار ع ۔ چوہا ۔ موش ۔
فارِس ع ۔ سوار ۔ نام ملک فارس کا ۔
فارَہ ع ۔ چوہیا ۔
فارِغ ع ۔ خالی ۔ بے کام ۔
فارِغ البال ع ۔ فارغ دل جسکو کچھ کام نہ ہو بے اندیشہ اور بے فکر آدمی ۔
فارِغخطی ف ۔ لادعوے آزادی نامہ ۔
فارِق ع ۔ فرق کرنے والا فاصل ۔
فاسِد ع ۔ بد ۔ بگڑا ہوا ۔
فاسِق ع ۔ گنہگار ۔ بدکار ۔
فاش ع ۔ ظاہر ۔ آشکار
فاصِل ع ۔ جدا کرنے والا

فاصِلہ ع دوری فرق عرصہ میدان ۔
فاضِل ع ۔ خوب ۔ صاحب فضل ۔
فاطِر ع ۔ پیدا کرنے والا ۔ خالق ۔
فاعِل ع ۔ فعل کرنے والا کام کرنے والا ۔
فاق ع ۔ صیغہ ماضی کا ہے یعنی فوقیت لے گیا ۔ فائق ہوگیا ۔
فاقہ ع ۔ بھوکا رہنا افلاس ۔
فاکِہ ع ۔ میوہ ۔
فال ع ۔ شگون ۔ غیب کی بات ۔
فالِج ع ۔ ڈھیلا پڑجانا آدھے بدن کا یا سستی نیم بدن کی ۔
فالِق ع ۔ چیر کر نکالنے والا ۔
فالُودَہ ف ۔ پیچ چاولوں کی جمی ہوئی ۔
فام ف ۔ رنگ ۔
فانُوس ع ۔ چراغدان جسپر باریک کپڑا لگا ہوا ہوتا ہے

فَانِی ع - مرنیوالا - فنا ہونیوالا

فَانِیذ ع - کھانڈ مصری -

فَائِدَہ ع - نفع -

فَائِز ع - پہونچنے والا -

فَائِض ع - فیض دینے والا

فَائِق ع - بلند ہونے والا - فوقیت رکھنے والا -

فَبِہَا ع - لغوی معنی پس ساتھ اسکے مجازًا - بہتر - بہت خوب

فِتَادَن ف - گر پڑنا -

فَتح ع - کھولنا - مجازًا جیتنا ملک کا -

فَتحہ ع - زبر جیسے حد کی ح پر ہے -

فِترَاک ع - تسمہ جو پس و پیش زین کے لٹکاتے ہیں شکار بند -

فَترَت ع - ضعف - سستی وہ زمانہ جو درمیان دو پیغمبروں کے واقع ہو -

فِتق ع - کشادگی اور چیرنا نام اُس بیماری کا ہے کہ جس سے خصیہ کلان ہو جاتا ہے -

فِتَن ع - جمع فتنہ کی -

فَتوٰی ع - حکم شرع کا فیصلہ

فُتُوّت ع - جوانمردی - مروّت

فُتُوح ع - کشائشین جمع ہے فتح کی اور مصدر بھی ہے بمعنی کشائش کے -

فُتُوحَات ع جمع ہے فتوح کی

فُتُوحِی ع - ایک قسم کی کرتی یا جاکٹ ہے -

فُتُور ع - سستی اور سست ہونا - مجازًا خرابی -

فَتِیلَہ ع - بتی لپٹی ہوئی چیز -

فَتِی ع - جوان گبرو -

فَجّ ع - خام - کچا - راہ کشاد درمیان دو کوہ کے -

فَجر ع - صبح - تڑکا -

فُجل ع - مولی - ایک مشہور ترکاری ہے -

فُجُور ع - گنہگاری - گنہ کرنا

فَحَاوِی ع - جمع ہے فحوی کی سخنہا اور مضامین -

فُحش ع - حد سے گذرنا بدی کا

فَحوَای ع - مطلب - مضمون

فَخذ ع - ران - جانگھ -

فَخر ع - گھمنڈ - غرور - پندار -

فِدَا ع - کسی کے عوض جان دینا - جو چیز فدا کیجائے خرید

فِدوِی ع - قربان ہونیوالا کسی کے عوض جان دینے والا سر بہا ہونے والا -

فِدیَہ ع - وہ مال جو عوض کسی قیدی کے دے کر اس کو سرکار سے خرید لین سر بہا - صدقہ -

فَر ف - شان و شوکت دبدبہ ٹیپ ٹاپ -

فَرَا ف - آگے - پہلے - نزدیک اور بلند -

فُرَات ع - آب شیرین نام ایک ندی عرب کا جو نزدیک کوفہ کے جاری ہے -

فَرَاخ ف - وسیع - کشادہ چوڑا -

فَرَاختن ف بلند کرنا اونچا لیجانا

فَرَاخُوری ف - شائستگی لیاقت - سزاوری -

فَرَاخُور ف - شائستہ لائق سزاوار -

فَرَاخِی ف - کشادگی - وسعت

فُرَادیٰ ع - ایک ایک - الگ الگ

فِرَار ع - بھاگنا - بھاگ جانا -

فَرَارَسِیدَن ف - پہونچنا -

فَرَارَفتَن ف - آگے بڑھنا -

فَرَارِی ف - بھاگا ہوا بھگوڑا -

فَرَاز ف - پھیلا ہوا - پیٹھا ہوا کشادہ - نزدیک آگے حضور جمع اکٹھا ہوا بعد اسکے - پھر بلند - نشیب - بلندی سرکش آلت تناسل - وصل - زیادہ آنا - آگے جانا - خون -

فَرَازِی ف - بلندی اونچائی

فَرَازدَن ف - ظاہر کرنا - معلوم کرنا کسی بات کا -

فَرَازِندَہ ف - بلند کرنے والا

فَرَازِیدَن ف - کھڑا کرنا -

فِرَاسَت ع - دانائی - عقلمندی تیزی فہم کی قیافہ

فِرَاستُوک ف - ابابیل دیو دلائی -

فَرش ع - فرش - بچھونا -

فَرَّاش ع - فرش بچھانیوالا مکان صاف کرنیوالا - نوکر -

فَرَاخ بَال ف - فرصت بیکاری -

فَرَاغَت ع - خالی ہونا - فرصت -

فِرَاق ع - جدائی -

فرامُوش ف۔ بھول چوک

فرامُوشِیدن ف۔ بھولنا بھول جانا۔

فرامِن / **فرامِین** } ف۔ جمع ہے فرمان کی بادشاہی پروانہ۔

فرانمُودن ف۔ ظاہر کرنا دکھلانا۔

فراوان ف۔ بہت کثیر۔ زیادہ۔

فراہم ف۔ اکٹھا۔

فرائد ع۔ جمع ہے فریدہ کی مفرد۔ تنہا۔ یگانہ۔

فرایض ع۔ جمع ہے فریضہ کی وہ کام جس کا کرنا ضروری ہو فرمودہ خدا کا اور نام علم میراث کا۔

فربہ ف۔ موٹا۔

فربہی ف۔ موٹاپن۔ مٹاپا۔

فرتوت ف۔ بوڑھا۔ بہت بڑی عمر کا۔

فرج ع۔ آسایش۔ کشاد

فرج ع۔ کھولنا۔ چیرنا۔ کشادگی دو چیزوں میں۔ عورت کا جسم نہانی۔

فرجہ ع۔ شگاف۔ ٹیڑھا رخ۔

فرجام ف۔ انجام۔ انتہا۔ آخر

فرح ع۔ خوشی۔

فرخ / **فرخندہ** } ف۔ مبارک بھ۔ زیبا رو۔

فرد ع۔ طاق۔ تنہا۔ یگانہ۔

فردا ف۔ کل کا دن جو آویگا

فردوس ع۔ بہشت۔

فرزان ف۔ حکمت دانش استواری۔

فرزانگی ف۔ دانائی۔ عقلمندی

فرزانہ ف۔ حکیم۔ دانا۔ عقلمند۔

فرزند ف۔ بیٹا۔ پسر۔ پوت

فرزین ف۔ نام مہرہ شطرنج کا ہے وزیر۔

فرس ع۔ گھوڑا۔

فرستادن ف۔ بھیجنا۔

فرسنگ ف۔ تین میل کی مقدار اور ہر میل چار ہزار گز کا ہوتا ہے۔

فرسودن ف۔ گھسنا۔

فرش ع۔ بچھونا۔ بچھانیکی چیز

فرشتہ ف۔ بھیجا ہوا خدا کا۔ مشہور معنی خدا کا قاصد نورانی۔

فرص ع۔ جمع ہے فرصت کی

فرصت ع۔ آرام پانا۔ مہلت۔

فرض ع۔ معین کرنا کسی چیز کا وقت شخص کرنا بخشش دینا اندازہ کرنا۔ حکم خدا کا۔

فرط ع۔ زیادتی۔ نہایت غلبہ۔

فرع ع۔ شاخ۔ ٹہنی۔

فرعون ع۔ لقب ہے ایک بادشاہ مصر کا۔ جو حضرت موسیٰ ع کے وقت میں تھا۔ مجازاً۔ سرکش۔ مغرور۔

فرعی ع۔ جو اصلی نہو شاخ کا منسوب فرع سے۔

فرغل مب۔ یہ معرب ہے فرگل لفظ فارسی کا۔ روئی بھرا ہوا لبادہ۔

فرفر ف۔ جلد۔ شتاب اور جلدی

فرقان ع۔ فرق کرنے والا درمیان حق و باطل کے نام قرآن شریف کا۔

فرقت ع۔ جدائی۔

فرقدان۔ فرقدین ع۔ نام ان دو ستاروں کا ہے جو قطب کے پاس ہیں اور شام سے صبح تک ظاہر رہتے ہیں چھپتے نہیں۔

فرقہ ع۔ قوم۔ گروہ۔ ٹولی۔

فرکندن ف۔ زمین کا خراب ہونا۔ رو سے سیلاب کے بگڑنا زمین کا۔

فرکندہ ف۔ وہ زمین جسمیں بسبب پانی سیل یا رو کے گڑھے پڑگئے ہوں اور جا بجا پانی بھرا ہوا ہو۔

فرمان ف۔ حکم بادشاہی حکم

فرمایش ف۔ بطور حکم سفارش کرنا۔ بطور حکم کچھ کام کروانا۔ یا مانگنا۔

فرمودن ف۔ فرمانا۔ حکم دینا

فرنگ ف۔ یورپ نصارائے کا ملک۔ نصاریٰ۔

فرو ف۔ کم۔ نیچے۔ کم رتبہ۔

فروتر ف۔ بہت کم۔ بہت نیچا

فروترین ف۔ عاجز۔ تواضع کرنیوالا

فروتن ف۔ بہت ہی نیچا۔

فروتنی ف۔ تواضع کرنا۔ کم تر سمجھنا اپنے تئیں۔

فروخت ف۔ بیچنا۔ بیچا۔

فروختن ف ۔ بیچنا ۔
فرود ف ۔ زیر پائیں نیچے ۔
فریبندہ ف ۔ فریب دینے والا
زبون ۔ بد ۔ مغرور ۔
فرودست ف ۔ زیر حکم
کم رتبہ ۔ ناطاقت ۔ ماتحت
چند شخص جو مل کر گاتے ہیں ۔
فرودگاہ ف ۔ جگہ اترنے کی
جہاں پر سفر میں قیام کیا جاوے
فروردین ف ۔ پہلا فارسی
مہینہ ۔ انگریزی ماہ مارچ ۔
فروز ف ۔ تابش ۔ روشنی
چمک آفتاب کی ۔
فروش ف ۔ بیچنا ۔ بیچنے والا ۔
فروشندہ ف ۔ بیچنے والا ۔
فروغ ف ۔ روشنی ۔ شعاع
تابش آفتاب اور آگ کی ۔
فروگذاشت ف ۔ چھوڑنا ۔
معاف کرنا ۔ بھول جانا ۔
فروکوفتن ف ۔ ٹھوکنا ۔ دے مارنا
فروماندگی ف ۔ عاجزی ناچاری
فروماندن ف ۔ ناچار ہونا عاجز ہونا
فرومائگان ف ۔ کمینے لوگ نالائق
فرومایہ ف ۔ کمینہ نالائق بد اصل بے ہنر
فرہنگ ف ۔ عقل علم لغت کی
کتاب نام ہے مادر کیکاؤس کا
فرہاد ف ۔ نام ہے ایک سنگتراش
مشہور عاشق کا جو شیریں پر عاشق ہوا
تھا اس کا قصہ مشہور ہے ۔
فریاد ف ۔ غل واسطے مدد
مانگنے کے دہائی دینا ۔
فریادی ف ۔ دہائی دینے والا
فریب ف ۔ مکر ۔ دغا عشوہ ناز
فرید ع ۔ بے مثل ۔ بے مانند یگانہ
فریدون ف ۔ نام ہے ایک بادشاہ
فارس کا جس نے ضحاک پر فتح پائی تھی
فریسہ ع ۔ وہ جانور جس کو شکار کریں
فریضہ ع ۔ حکم خدا کا جیسے
روزہ رکھنا نماز پڑھنا ۔
فریفتن ف ۔ فریب کھانا فریب دینا
فریق ع ۔ جدا کرنیوالا ٹولی فرقہ
فزاد ف ۔ افزایش زیادہ کرنا انگڑائی
فزع ع ۔ گھبراہٹ ۔ خوف ۔
فزودن ف ۔ زیادہ ہونا زیادہ کرنا
فزون ف ۔ زیادہ بڑھا ہوا
فزونی ف ۔ زیادتی ۔ بڑھوتی ۔
فساد ع ۔ بگاڑ ۔ بگڑنا اصل
صورت کا چھوڑ دینا ۔
فسان ف ۔ ایک پتھر ہے جس پر
چاقو چھری تیز کرتے ہیں ۔
فسانہ ف ۔ کہانی ۔ قصہ ۔
فستق مب ۔ معرب ہے
پستہ کا میوہ مشہور ہے ۔
فسحت ع ۔ فراخی جگہ کی
کشادگی جگہ کی ۔
فسخ ع ۔ قصد کا پھیر دینا ۔
رائے کا توڑ دینا ۔
فسر ع ۔ بیان کرنا مطلب کھولنا
فسردگی ف ۔ جم جانا منجمد ہونا
فسردن ف ۔ ٹھٹھرنا منجمد ہونا
فسق ع ۔ خدا کا حکم ترک کرنا
بدکام کرنا ۔ گنہ کرنا ۔
فسقا ع ۔ جمع فاسق کی ۔
گنہگار لوگ بدکار لوگ ۔
فسون ف ۔ منتر ۔ جادو ۔
فسیح ع ۔ وسیع ۔ فراخ مکان
فشان ف ۔ جھاڑتا ہوا ۔
فشاندن ف ۔ جھاڑنا ۔
فشردن ف ۔ نچوڑنا ۔
فص ع ۔ نگینہ جو انگوٹھی وغیرہ
پر جڑتے ہیں ۔
فصاحت ع ۔ خوش گوئی
خالی ہونا کلام کا الفاظ ثقیل اور
ترکیب غیر مانوس اور تعقید سے
فصاد ع ۔ فصد کھولنے والا
فصد ع ۔ خون نکالنا رگ سے
فصل ع ۔ جدا کرنا جو نوع کو تمیز
دے اسکے مشارکات جنس سے موسم
فصول ع ۔ جمع ہے فصل کی
فصیح ع ۔ خوشگو صحیح کلام کرنیوالا
فصیل ع ۔ شہر پناہ چار دیواری
شہر کی بچہ اونٹ کا جس کا دودھ
پینا چھوڑایا جاوے یعنی اسکی
ماں سے جدا کر دیا گیا ہو ۔
فضا ع ۔ فراخی زمین کی کشادگی
صحن خانہ اور میدان کھلا ہوا میدان
فضاحت ع ۔ رسوائی ۔
فضائح ع ۔ جمع فضیحت کی رسوائیاں
فضائل ع ۔ زیادتیاں اور بہتر
درجات بلند جمع فضیلت کی ۔
فضل ع ۔ افزونی بخشش ۔
فضلا ع ۔ جمع ہے فاضل کی
فضلات ع ۔ جمع ہے فضلہ کی
فضلہ ع ۔ وہ پھوک ہے جو بعد غذا
کے بدن سے براہ معدہ یا مثانہ یا
دماغ وغیرہ کے خارج ہوتا ہے ۔
فضول ع ۔ فزونی زیادتی
بزرگی ۔ بزرگ ہونا ۔
فضولی ع ۔ بیہودہ آدمی زیادہ گو
فضہ ع ۔ چاندی ۔ نقرہ ۔

فضیحت ع ۔ رسوائی بدنامی
فضیلت ع ۔ بزرگی و بڑائی
فطر ع ۔ چیرنا ۔ پیدا کرنا ۔
فطر ع ۔ روزہ کھولنا ۔
فطرت ع ۔ پیدائش دانائی ۔
فطنت ع ۔ زیرکی ۔ دانائی
فطن ع ۔ زیرک ۔ دانا ۔
فطیر ع ۔ تازہ گوندھا ہوا آٹا خمیر کی ضد فطیر ہے ۔
فظیع ع ۔ بد ۔ قبیح ۔
فعال ع ۔ بہت کام کرنیوالا
فغان ف ۔ نالہ ۔ فریاد ۔
فغم ع ۔ خوشبو کا سونگھنا ۔
فقد ع ۔ گم کرنا ۔ گم ہونا ۔
فقدان ع ۔ گم ہونا کھو یا جانا
فقر ع ۔ افلاس ۔ فقیری ۔
فقرا ع ۔ جمع ہے فقیر کی ۔
فقرہ ع ۔ جملہ استخوان پیٹھ کی منکا کمر کا ۔
فقط ع ۔ بس ۔
فقہ ع ۔ دریافت کرنا جاننا علم ۔ معرفت احکام شریعت ۔
فقہا ع ۔ جمع ہے فقیہ کی ۔
فقیر ع ۔ مفلس ۔ درویش ۔
فقیہ ع ۔ عالم دانا علم فقہ جاننے والا

فک اعلی ع ۔ اوپر کا جبڑا
فک اسفل ع ۔ نیچے کا جبڑا ۔
فکاک ع ۔ جدا کرنا خلاص کرنا ۔
فکر ع ۔ سوچ ۔ اندیشہ ۔
فگندن ف ۔ ڈالنا ۔
فکیف ع ۔ پس کیونکر استفہام کے واسطے بھی بولتے ہیں ۔
فگار ف ۔ زخمی ۔ زخم اسواسطے عاشق کو دلفگار کہتے ہیں ۔ جو لوگ دلفگار کے معنی معشوق تصور کرتے ہیں بڑی غلطی کرتے ہیں ۔
فلاح ع ۔ رستگاری ۔ فیروزی ۔ نیکی ۔
فلاحت ع ۔ نیکی بھلائی کھیتی کرنا ۔ زراعت ۔
فلاخن ف ۔ گوپھنا جیسیں ڈھیلا رکھ کر اور گھما کر زمیندار کھیت میں جانوروں کو مارتے ہیں ۔
فلاسفہ ع ۔ جمع فلسفی کی حکما دانشمند لوگ ۔
فلاکت ع ۔ مفلسی ناداری گردش زدگی زمانہ کی ۔

فلان ع ۔ شخص ۔ فرضی
فلز ع ۔ وہ جوہر کانی جو آگ میں پگھل سکے یہ معنے شامل ہیں چاندی سونے تانبے وغیرہ سب معدنیات کو ۔
فلزی ع ۔ معدنی ۔ کانی ۔
فلس ع ۔ پیسہ ۔
فلس ع ۔ مچھلی کا کھپرا ۔
فلسفہ ع ۔ علم موجودات کا ۔
فلفل ع ۔ سیاہ مرچ ۔
فلک ع ۔ آسمان ۔
فلکی ع ۔ آسمانی ۔
فلوس ع ۔ جمع ہے فلس کی
فلہ ف ۔ پیوسی جو بعد بچہ پیدا ہونے کے حیوان کا دودھ دو تین دن نکلتا ہے اس کو پیوسی کہتے ہیں ۔
فلہذا ع ۔ پس اسی واسطے
فم ع ۔ منھ ۔
فم معدہ ع ۔ معدہ کا منھ کوڑی ۔
فن ع ۔ شاخ درخت کی علم کی شاخ ۔
فنا ع ۔ مرنا ۔ ہلاک ہونا ۔
فندق ع ۔ میوہ مشہور ۔ ولایت کا ہے سرخ رنگ بیر کے برابر ہوتا ہے اور مشابہ ہوتا ہے سر انگشتان کو اور کبھی اس سے کنایہ لب معشوق سے ہوتا ہے اور کبھی سرانگشت حنابستہ سے تشبیہ دیتے ہیں ۔

فنون ع ۔ جمع ہے فن کی ۔
فوہ ع ۔ منھ ۔
فوات ع ۔ گذرنا کھویا جانا مرجانا ۔
فواحش ع ۔ جمع ہے فاحشہ کی بدکار عورتیں اور بدیاں ۔
فوارہ ع ۔ چشمہ جھرنا یا پانی کا بہت جوش مارنے والا ۔
فواضل ع ۔ بخششیں بڑی عطیات نیکو جمع ہے فاضلہ کی ۔
فواق ع ۔ ہچکی ۔ وہ ہوا جو سینے سے نکلتی ہے ۔
فواکہ ع ۔ جمع ہے فاکہ کی میوہ جات ۔
فوائح ع ۔ جمع ہے فائحہ کی خوشبو دینے والی چیزیں ۔ خوشبوئیں ۔
فوائد ع ۔ جمع ہے فائدہ کی ۔

فوت ع۔ مرنا۔ کم ہونا۔ گذرنا
فوج ع۔ لشکر۔ سپاہ جنگی۔ گروہ
فور ع۔ جوش مارنا۔ جلدی
فوز ع۔ مطلب کو پہونچنا۔
فوطہ ع۔ کمر بند۔ جامۂ نادوختہ
لنگی نہانیکی۔ خصیہ۔ تھیلی۔ پھول
فوفل ع۔ سپیاری۔
فوق ع۔ اوپر۔
فوقانی ع۔ اوپر۔ اوپر والا
فولاد ع۔ لوہا جوہر دار جسکی
تلواریں چھری وغیرہ بناتے ہیں
فہام ع۔ بہت سمجھنے والا۔
فہد ع۔ چیتا۔ پلنگ۔ درندہ
جانور قسم شیر کی مشہور ہے۔
فہرست ف۔ تفصیل اشیاء
کی اسکو عربی میں فہرس کہتے ہیں
فہم ع۔ سمجھ۔ عقل۔ دانائی۔
فہمائیدن ف۔ سمجھانا۔
فہمیدن ف۔ سمجھنا۔
فہوم ع۔ جمع ہے فہم کی۔
فہیم ع۔ سمجھنے والا۔
فی ع۔ بیچ۔ درمیان۔
فیاض ع۔ فیض پہونچانیوالا
فیض کرنیوالا۔
فی الجملہ ع۔ حاصل کلام۔
مختصر کلام۔
فی الحال ع۔ فوراً۔ ابھی
فی المثل ع۔ کہاوت میں۔
فی الواقع ع۔ حقیقت میں۔
فیروز ف۔ فتح جیت کامیاب
فیروزہ ف۔ نام ایک پتھر
مشہور کا ہے۔
فیروزی ف۔ فتحمندی۔
فیصل ع۔ جھگڑا چکانا۔
نباؤ کرنا۔ انفصال۔
فیصلہ ع۔ جھگڑا چکانا۔
فیض ع۔ ڈالنا۔ مجازاً
فائدہ بخشش
فیل ع۔ ہاتھی مشہور حیوان ہے
فیلبان ف۔ ہاتھی کا ہانکنے
والا۔
فیلسوف ع۔ عقلمند۔ حکیم
دوستدار علم کا۔
فیل مرغ ف۔ نام ایک
مشہور پرند کا ہے۔
فیمابین ع۔ میان بیچ میں۔
فی نفسہ ع۔ اپنی اصل میں
اپنی ذات میں خود۔
فیوض ع۔ جمع ہے فیض کی
فیوضات ع۔ فیوض کی
جمع فیوضات جمع الجمع ہے۔
فیہج ع۔ شراب۔

باب القاف

قاآن ت۔ بادشاہ جو بہت
عادل اور سخی اور عاقل ہو
چنگیز خان کے پسر کا نام بھی
ہے اب یہ لقب بادشاہ
ترکستان کا ہے مجازاً ہر ایک بادشاہ
جلیل القدر کو کہتے ہیں۔
قاب ت۔ طباق بڑا برتن
بطور رکابی کے تھال۔
قابض ع۔ قبض کرنے والا
قابل ع۔ لائق لوگ۔
قابلہ ع۔ دائی جنائی۔
قابلیت ع۔ قابلیت ہونا
لائق ہونا۔ لیاقت۔
قابو ت۔ بوتا۔ موقع۔ فرصت
قابوس ع۔ معرب ہے کاؤس
کا۔ نام بادشاہ کا ہے۔
قاتل ع۔ قتل کرنیوالا۔ خونی
قادر ع۔ قدرت والا۔ طاقت
رکھنے والا۔
قادس ع۔ بڑا جہاز۔
قارورہ ع۔ شیشی۔ مجازاً
پیشاب۔
قاری ع۔ پڑھنے والا
خوانندہ۔
قارون ع۔ ایک شخص
دولتمند رشتہ دار حضرت
موسیٰؑ کا بتلاتے ہیں۔
قاز ت۔ راج ہنس مشہور
پرند ہے۔
قاسر ع۔ جبر کرنے والا۔
زبردستی سے کسی کام پر
رکھنے والا۔
قاسم ع۔ بانٹنے والا تقسیم
کرنے والا۔
قاش ت۔ ابرو۔ پارہ
پھانک۔
قاشر ع۔ چھلکا اتارنے والا
قاصد ع۔ قصد کرنے والا
ارادہ کرنے والا۔
قاصر ع۔ کوتاہی کرنے والا
قاضب ع۔ تیز پرندہ
کاٹنے والا۔
قاضی ع۔ جھگڑا چکانیوالا۔
قاطع ع۔ کاٹنے والا اور
قطع کرنے والا۔
قاطع الطریق ع۔ راہبر۔

رہزن - راہ پر لوٹنے والا۔
قاطن ع - ساکن رہنے والا
قاعِدہ ع - بیٹھنے والا۔
قاعدہ ع - بنیاد۔ تختی بچے کی
مقدار۔ قانون۔ دستور۔
قاف ع - نام ایک پہاڑ کا ہے
قافلہ ع - یعنی گروہ مسافروں کا
قافیہ ع - الفاظ بیت کے اخیر کے
قاق ت - خشک گوشت۔
[illegible] دبلا۔
قاقلہ ع - بڑی الائچی۔
قاقم ع - نام ایک جانور
کا ہے اس کا پوست بہت سپید
اور ملائم ہوتا ہے اسکی پوستین
بناتے ہیں۔
قال ع - گفتگو۔ مباحثہ۔
قالب ع - سانچہ۔ بدن۔
قالی ع - بچھونا۔ غالیچہ۔
قالیچہ ت - چھوٹا بچھونا مشہور ہے
قامت ع - قد۔
قامعہ ع - توڑنے والی۔
خوار کرنے والی۔
قاموس ع - دریائے عمیق
نام کتاب لغت عربی کا۔
قانت ع - دعا پڑھنے والا۔
حکم ماننے والا خدا کا عبادت
گذار ڈرنے والا خدا سے۔
قانع ع - سنتوک کرنیوالا۔
تھوڑے پر صبر کرنے والا۔
قانون ع - مسطر کتاب کا
اصل ہر شے کا شرع۔ دستور
قاعدہ۔ اندازہ۔
قاہر ع - قہر کرنیوالا۔ زورآور
قائد ع - کھینچنے والا۔ حاکم
قائف ع - علم قیافہ والا۔
شگونیا۔
قائل ع - کہنے والا۔
قائم ع - کھڑا ہونیوالا ٹھہرا ہوا
قائمہ ع - نوّے درجہ کا زاویہ
قبا ع - پوشاک مشہور ہے۔
قباب ع - جمع ہے قبہ کی
کنگورے۔ کلس۔ برج۔
قباچہ ت - چھوٹی قبا۔
قباحت ع - برائی۔ زشتی
زبونی۔
قبالہ ع - سند مکان کی۔
کاغذ مکان کا
قبائح ع - جمع ہے قبیحہ کی
برائیاں۔
قبائل ع - جمع ہے قبیلہ کی۔
گروہ آدمیوں کے۔ اقوام۔
قبیح ع - بد۔ زبون۔ برا
قُبح ع - برائی۔ بدی۔
قبر ع - گور۔
قبرستان ف - وہ جگہ جہاں پر
قبریں ہوں۔
قبس ع - چنگاری۔ آگ
کا ٹکڑا۔
قبس ع - جلانا۔ بتی وغیرہ کا
قبض ع - پکڑنا۔ گرفتگی۔
قبضہ ع - مٹھی گرفت کی جگہ
تلوار وغیرہ کی۔ دستہ قابو۔
قِبَل ع - آگے۔ سامنے۔
قُبُل ع - اندام نہانی
عورت کا۔
قبلہ ع - جسکی طرف۔ منہ
کریں نماز میں۔
قبور ع - جمع ہے قبر کی۔
قبیل ع - گروہ مردم
قبول
قبولیت } ع - ماننا
قبول کرنا۔
قُبلہ ع - بوسہ۔ چوما۔
قبہ ع - گنبد۔ وغیرہ عمارت
گول۔
قبیلہ ع - گروہ وہ جماعت
جو ایک باپ کی اولاد سے
ہوں۔
قتال ع - لڑائی جنگ۔
قتّال ع - بہت قتل کرنیوالا
قتل ع - مار ڈالنا۔ تلوار
وغیرہ ہتھیار سے۔
قتیل ع - مقتول۔ کشتہ
خواہ عورت ہو یا مرد۔
قحبہ ع - بدکارہ۔ فاحشہ لغوی
معنے کھنکھار کر جتانے والی۔
قحط ع - کال۔ مجازا مہنگا
ہو جانا غلے کا بسبب نہ برسنے
بارش کے۔
قحف ع - استخوان سر
کھوپڑی۔
قد ع - لمبائی بدن کی۔
قدام ع - ہمیشگی۔ کہنہ پن۔
قُدّام ع - آگے۔ سامنے۔
قدامت ع - دیرینہ ہونا
کہنہ ہونا۔ ہمیشگی۔
قدح ع - پیالہ۔ عیب کرنا۔
طعنہ دینا۔ کسی کی ہجو کرنا۔
قدر ع - عزت۔ بندگی۔ اندازہ
کرنا کسی چیز کا۔

قِدر ع۔ ہانڈی۔ ڈیگ۔
قُدرت ع۔ طاقت قوت
قدر دان ف۔ قدر جاننے والا
قدرے ف۔ تھوڑا۔ قلیل۔ کم۔
قُدُس ع۔ پاکیزگی۔ پاک نام ایک پہاڑ کا عرب میں۔
قدغن ع۔ تاکید۔ تقلید۔
قَدَم ع۔ پیر۔ پائے۔ پاؤں۔
قُدَما ع۔ جمع ہے قدیم اگلے لوگ پُرانے وقت کے آدمی۔
قِدَم ع۔ دیرینگی۔ کہنگی۔ پرانا پن۔ ہمیشگی۔
قُدّوس ع۔ بہت پاک نام خدائے تعالیٰ کا۔
قُدُوم ع۔ کسی جگہ سے آنا۔ سفر سے آنا۔
قُدوہ ع۔ پیشوا۔ برگزیدہ
قدید ع۔ سوکھا ہوا گوشت گوشت خشک۔
قدیر ع۔ صاحب قدرت طاقتور۔ قادر۔ پختہ۔
قدیم ع۔ ہمیشہ۔ جو ہمیشہ سے پرانا ہو۔
قُریٰ ع جمع ہے قریہ کی دیہات

قراءت ع۔ پڑھنا۔
قرابت ع۔ رشتہ داری قریب ہونا۔
قُراد ع۔ بچڑی۔ مشہور جانور ہے جو کتے کے بدن پر ہوتی ہے۔
قرابہ ع۔ بڑا شیشہ عرق رکھنے کا۔
قرار ع۔ سکون۔ آرام۔ اقرار بجا نا۔
قرارداد ف۔ اقرار جو بات بعد مباحثہ کے مقرر ہو جائے
قراقر ع۔ جمع ہے قرقرہ کی وہ آواز جو پیٹ کے اندر ہوا کرتی ہے گڑگڑاہٹ پیٹ کی۔
قُراضہ ع۔ پارۂ زر ٹکڑا سونے کا ریزہ چاندی کا یا سونے کا۔
قِران ع۔ اجتماع ہونا دو سیاروں کا برج میں سوائے شمس کے۔
قرآن ع۔ کلام اللہ یہ لفظ مصدر ہے بمعنی خواندن کے مگر بمعنی مفعول کے مستعمل ہو کر نام کتاب خدا کا ہو گیا ہے

قَراوُل ت۔ وہ سپاہی لوگ جو واسطے تعین مکان جنگ کے مقرر ہوں اور شکاری آدمی۔ بھیلیا۔ جو شکار کروائے۔
قُرب ع۔ نزدیکی۔
قُربا ع۔ جمع قریب کی۔
قُربان ع۔ ذبح کرنا۔ صدقہ
قُربت ع۔ نزدیکی۔ پاس ہونا۔
قِربہ ع۔ مشک پانی کی۔ بھری ہوئی۔
قرہ ع۔ خنکی۔ سردی۔
قَرح ع۔ زخم کرنا۔ گھاؤ کرنا
قرحہ ع۔ زخم جس میں پیپ پیدا ہو گئی ہو۔
قِرد ع۔ بوزنہ۔ بندر مشہور حیوان ہے۔
قُرص ع۔ ٹکیا۔
قِرطاس ع۔ کاغذ۔
قرع ع۔ کدو۔ نبات۔ مشہور ہے۔
قُرعہ ع۔ پانسہ تانبے یا پیتل یا جست وغیرہ کا جسکو ڈال کر رمال غیب کی بات بتاتے ہیں۔

قُرق ت۔ نگہبانی منع کرنا روکنا۔
قِرمِز ع۔ لال۔ سرخ رنگ
قِرمزی ع۔ سرخ رنگ۔
قَرن ع۔ شاخ حیوان کی سینگ حیوانات۔ سو برس یا اسی برس یا تیس برس کی مدت
قَرنفُل ع۔ لونگ۔
قُروح ع۔ جمع ہے قرح کی زخمہا۔ گھاؤ۔
قَریات ع۔ جمع ہے قریہ کی دیہات و گاؤں۔
قریب ع۔ نزدیک۔
قُریش ع۔ نام ہے ایک قبیلہ کا درمیان عرب کے پیغمبر خدا اسی قبیلہ کی اولاد سے ہیں۔
قرین ع۔ پاس والا۔ ملاہوا ہم صحبت یار دوست وغیرہ
قرینہ ع۔ مناسبت ظاہری درمیان دو چیز کے پیوستہ ہونا۔ ایک چیز کا دوسری چیز سے مناسبت باطنی درمیان دو امر کے۔

قریہ ع۔ گانوں۔ پنڈ۔ دہ
قز ع۔ ریشم۔ کچا ریشم۔ کپڑا ریشم کا۔
قزاق ت۔ راہزن۔ لٹیرا۔
قزح ع۔ رنگدار جگہ جس پر لکیریں وغیرہ ہوں۔
قزلباش ت۔ قزل کے معنے سرخ اور باش کے معنے سر یعنی سُرخ سر والا مراد لشکری سے چونکہ سُرخ پگڑی اسمٰعیل صفوی نے لشکریوں کے واسطے ایجاد کی تھی اسواسطے یہ خطاب لشکر کے سپاہی کو دیا گیا ہے۔
قساوت ع۔ سخت دل اور سیاہ دل ہونا۔
قسط ع۔ عدل۔ انصاف حصہ آفتابہ پانی کا۔
قسط ع ظلم بے انصافی حق سے پھر جانا۔
قسط بندی ت۔ زمیندار لوگ جو روپیہ سرکاری حصہ کرکے دیتے ہیں اسکو قسط بندی کہتے ہیں۔
قسم ع۔ حصہ۔ ہر ایک بھانت۔ طرح۔
قسم ع۔ سوگند قسم مشہور لفظ ہے
قسمت ع۔ حصہ بٹا ہوا۔
قسر ع۔ زبردستی سے کسی کو ایک کام پر رکھنا بزور کوئی کام کروانا۔
قشر ع۔ چھلکا۔ پوست درخت یا میوہ کا اور پوست
قشقہ ف۔ تلک۔ ٹیکا۔ جو ہندو لوگ ماتھے پر لگاتے ہیں
قص ع۔ کترنا۔ کاٹنا۔ استخوان سینہ۔
قصاب ع۔ کاٹنے والا۔ مراد قصائی۔ بوچڑ۔
قصار ع۔ دھوبی۔ گاذر
قصاص ع۔ عوض لینا زخم کا زخم سے یا قتل کا قتل سے
قصائد ع۔ جمع ہے قصیدہ کی
قصائی ع۔ کاٹنے والا یہ لفظ قص سے بنا ہے۔
قصب ع۔ نے۔ نیزہ۔ قلم وکپڑا کتان کا اور ابریشم کا اور قصب بمعنی کاٹنے کے ہیں اسی سے قصاب کا لفظ بنا ہے جو قصائی کو کہتے ہیں۔
قصبات ع۔ جمع ہے قصبے کی۔ چھوٹے شہر نے بانسلی۔
قصبہ ع۔ چھوٹا شہر نے اور جو مانند نے کے ہو جیسے قلم کا نیزہ۔
قصد ع۔ ارادہ۔
قصر ع۔ کوتاہی۔ کمی۔ کپڑے کا دھونا۔ مکان۔ محل۔
قصص ع۔ جمع قصے کی کہانیاں۔
قصویٰ ع۔ انتہا۔ نہایت یہ صیغہ مؤنث کا ہے۔
قصور ع۔ کوتاہی۔ عاجز ہونا قاصر رہنا۔ اور جمع قصر کی بمعنی محلہا۔
قصہ ع۔ کہانی۔ بیان۔ کسی شخص کا۔
قصیدہ ع۔ معنے موٹا اور اصطلاح میں وے اشعار ہیں جو شامل مدح یا ذم کو ہوں اور بارہ سے زیادہ ہوں۔
قصیر ع۔ کوتاہ۔ کوتاہی کرنے والا نام ایک غلام کا ہے جو مشہور باوفا تھا۔
قضا ع۔ حکم کرنا۔ ادا کرنا۔ پیدا کرنا۔ تمام کرنا۔ اور حکم خدا کا مخلوقات کے حق میں جو دفعتہً واقع ہو جاوے۔
قضات ع جمع قاضی کی ہے
قضا و قدر ع۔ تقدیر۔ قسمت۔
قضایا ع۔ جمع ہے قضیہ کی جملے عبارت کے فقرے اور جھگڑے۔
قضبان ع۔ درخت کی شاخیں جمع ہے قضیب کی۔
قضیب ع۔ شاخ درخت کی مجازاً ذکر آلہ تناسل مرد کا
قضیہ ع۔ جملہ۔ فقرہ جھگڑا
قط ع۔ کاٹنا۔ درمیان عرض کے اسی سے مشتق ہے۔ جو قط کرنا قلم کا بولتے ہیں۔
قطار ع۔ اونٹوں کی جماعت جو برابر ہو۔ صف۔ پرہ۔
قطب ع۔ کیلی جس پر چکی پھرتی ہے سردار قوم کا افضل ہر شے کا اصطلاح میں وہ نقطہ زمین کا جو شمال اور جنوب پر ساکن ہے۔
قطر ع۔ کنارہ۔ طرف۔

اصطلاح میں وہ خط مستقیم
جو مرکز پر دائرہ کے گذر کر
اسکے دو ٹکڑے کرے۔
قَطَرات ع۔ جمع ہے قطرہ
کی بوندیں۔
قِطران ع۔ ایک روغن
بدبودار ہوتا ہے جو درخت
عرعر سے نکلتا ہے اور اونٹون
خارشتیوں پر ملا جاتا ہے
چیڑ کا تیل۔
قَطرہ ع۔ بوند پانی کی۔
قَطع ع۔ کاٹنا۔
قطعہ ع۔ ٹکڑا ابیات جو دو
شعر یا ان سے زیادہ ہوں
اور مطلع اُن میں نہ ہوں۔
قُطن ع۔ روئی پنبہ۔ اور
قطن وہ ہڈی جو درمیان
دونون سرین کے ہے یعنی
ریڑھ کی ہڈی۔
قعب ع۔ بات کی تہ گہراپ
بات کا۔ پیالہ بڑا جس سے
ایک آدمی سیر
ہو سکے۔
قعر ع۔ تہ کنوئین عمق گہراؤ
چاہ یا دریا کا۔

قِفا ع۔ گدی گردن کی۔
پشت۔ مجازاً پیچھے پس پشت۔
قفس / **قفص** ع پنجرہ پرند کا
سین اور صاد دونوں سے
صحیح ہے۔
قفل ع۔ تالا۔
قَفیز ع۔ ایک پیمانہ ہے
بارہ صاع کا اور ایک صاع
آٹھ رطل کا ہوتا ہے اور ایک
رطل آدھ سیر کو کہتے ہیں اور
زمین کی پیمایش میں قفیز ایک
سو چالیس گز شرعی کو کہتے ہیں
ققنُس ع۔ یہ لفظ یونانی ہے
یہ نام ایک پرند کا ہے اسکی
آواز سے علم موسیقی حکمانے
نکالا ہے کہتے ہیں کہ عمر اسکی
ہزار سال کی ہوتی ہے اور
جوڑا اس کا یعنی مادہ اس کی
نہیں ہوتی ہے اور توالد اسکا
اس طور پر بیان کرتے ہیں
کہ جبکہ وہ بوڑھا ہوجاتا ہے
تو لکڑیاں جمع کرکے انکے اندر
بیٹھتا ہے اور اسکی منقار
میں جو بہت سوراخ ہیں
ان سے آواز کرنا شروع کرتا
ہے ہر سوراخ سے ایک
ایک راگ علیحدہ نکلتا ہے
چنانچہ دیپک راگ بھی
جب نکلتا ہے تو ان تنکوں میں
آگ لگجاتی ہے وہ جانور
جلکر خاک ہوجاتا ہے پھر جب
قدرت الٰہی سے مینھ برستا
ہے تو اس خاک میں سے
ایک انڈا پیدا ہوتا ہے جس سے
اسی نوع کا جانور ایک اور
پیدا ہوجاتا ہے۔ اس جانور
کو فارسی میں اسی واسطے
آتش زن بھی کہتے ہیں۔
قُل ع۔ کہو۔ بولو۔
قُلاب ع۔ قلابہ۔ حلقہ۔
قِلاع ع۔ جمع ہے قلعہ کی۔
قلب ع۔ دل۔ الٹا ہوا۔
واژگون اور دلکو بھی اسی واسطے
کہتے ہیں کہ پہلے میں الٹا ہوا ہے
قلبہ ع۔ ہل زمین جوتنے کا
قلبہ ران ف۔ زمیندار یا ہل
جوتنے والا۔
قلبی ع۔ بدلا ہوا۔ الٹا
کیا ہوا۔ دلی۔

قَلت ع۔ گڑھا۔ مغاک
پہاڑ کا جس میں پانی جمع ہو
قلت جاش ہندی یعنی کشتی۔
قلتبان ع۔ دیوث جسکی
عورت بدکار ہو اور وہ
شخص جان بوجھ کر اس کو
روک ٹوک نہ کرے۔
قُلزُم ع۔ نام ایک شہر کا
ہے درمیان مصر اور مکہ کے
نزدیک کوہ طور کے اس شہر
سے منسوب کرکے اس
دریا کو جس کے کنارے
پر واقع ہے بحر قلزم
کہتے ہیں۔
قلاش ت۔ مفلس بے نام
و ننگ۔ لچا۔ بدمعاش۔
قلع ع۔ اکھیڑنا۔ اور نام
ہے ایک کھان کا۔
قلعہ ع۔ سنگین مکان محفوظ
جس میں بادشاہ وغیرہ
رہتے ہیں۔
قلعی ع۔ منسوب قلع سے
جو نام ہے ایک کھان کا جس
سے خالص رانگا نکلتا ہے
اسی واسطے رانگ کو قلعی کہتے ہیں

قلق ع - بیقراری بے آرامی
قلم ع - کاٹنا - تراشنا - ناخن کاٹنا
قلم ع - لکھنے کا قلم - لکھنی -
قلمرو ف - سلطنت - راج دھانی - ملک -
قلمزن ف - کاتب لکھنے والا مصور -
قلمکار ف - رنگ بھرنے والا نقاش ایک قسم کا پارچہ جس پر طرح طرح کے نقش ہوں -
قلم موی ف - بال کا قلم -
قلندر ع ف - معرب ہے کلندر کا ایک قسم ہے فقیروں کی بے پرواہ - اور لغوی معنی کندہ ناتراشیدہ -
قلوب ع - جمع قلب کی -
قلہ ع - چوٹی پہاڑ کی - سرکوہ چوٹی -
قلی ع - توے پر کسی چیز کا بریان کرنا - اور رقبی بکی کو بھی کہتے ہیں -
قلیان ف - نیچہ حقہ کا مجازاً حقہ -
قلیل ع - تھوڑا - کم -
قلیہ ع - گوشت بھنا ہوا -

مجازاً بلند یا کھلا ہوا - جمع شوربا کے -
قمار ع - جوا بازی جس میں شرط کی ہو -
قمارباختن ف - جوا کھیلنا
قمارباز ف - جواری -
قماش ع - اسباب جامہ ابریشمی - سامان خانہ جوہر صفت
قمر ع - چاند اصطلاح کیمیا میں چاندی -
قمری ع - ایک مشہور پرندہ فاختہ کی قسم سے -
قمری ع - منسوب قمر سے چاند کا -
قمع ع - شکست کرنا - خوار کرنا
قمل ع - جوں - سپش -
قمیص ع - کرتا - پیرہن -
قنات ع - پردہ جو اطراف خیمے کے استادہ ہو صدر و پشت کی -
قنادیل ع - جمع قندیل کی
قناعت ع - راضی ہونا تھوڑے پر - سلوک کرنا کم پر
قنب ع - بھنگ -
قنبر ع - نام ہے غلام حضرت علی کا -

قند ع - نبات - شکر - کھانڈ یہ لفظ معرب ہے کھنڈ کا کھانڈ کا
قندیل ع - فانوس جس میں چراغ جلاتے ہیں -
قنوط ع - ناامیدی اور مایوس ہونا -
قواعد ع - جمع ہے قاعدہ کی
قوال ع - گویا - ڈوم - کلاونت بہت بولنے والا -
قوام ع - نظام - اصل کسی چیز کی کھڑا ہونا - باقی رہنا بندش -
قوام ع - راستی - عدل -
قوانین ع - جمع ہے قانون کی
قوائم ع - جمع قائمہ کی ہاتھ پیر
قوت ع - طاقت - زور -
قوت ع - خوراک - کھانا -
قور ت - سلاح - ہتھیار -
قورمہ ت - بھنا ہوا - بریان گوشت بھنا ہوا -
قورخانہ ت - سلاح خانہ جہاں سرکاری ہتھیار جمع رہتے ہیں
قورچی ت - ہتھیار بند سپاہی - سلاحدار - لوہار -
قوس ع - کمان جھکا ہوا دائرہ کا

قوس قزح ع - دھنک - شیطان کی کمان جو مینہ برسنے کے آسمان پر نمودار ہوتی ہے -
قول ع - گفتگو کہنا بات کا
قولنامہ ف - اقرارنامہ وہ کاغذ جس میں قول و قرار لکھا جاوے -
قولنج ع - درد جو قولون انتڑی میں پیدا ہوتا ہے -
قوم ع - گروہ آدمیوں کا
قوی ع - مضبوط قوت والا
قویم ع - سیدھا راست - خوش -
قہر ع - زبردستی کرنا خشم کرنا
قہار ع - بڑا قہر کرنیوالا صفت خدائے تعالیٰ کی ہے -
قہقہہ ع - کھلکھلا کر ہنسنا - خندہ بسیار - نام ایک قلعے کا ہے ایران میں -
قہوہ ع - ایک پھل ہے جسکو ہندی میں [illegible] کہتے ہیں
قی ع - الٹا - کھایا ہوا نکل دینا -
قیاس ع - اندازہ [illegible]

دو چیز کا فکر میں برابر کرنا اصطلاحی منطق میں ایک قول ہے مرکب دو جملون سے جو مستلزم ہو نتیجہ کو۔

قیاسی ع۔ جو موافق قاعدے کے ہو۔ منسوب قیاس سے

قیافہ ع۔ شگون۔ علامات ہاتھ وپیر سے نحس او رسعد دریافت کرنے کا علم۔

قیام ع۔ کھڑا ہونا۔ استادہ ہونا

قیراط ع۔ چار جو کی مقدار

قیامت ع۔ مصدر ہے معنی قائم ہونے کے وہ دن جب مردے زندہ ہو کر کھڑے ہوجاوینگے۔

قیدی ع۔ بندی۔ بندھوا

قیر ع۔ ایک قسم کا روغن سیاہ ہے جو اوپر خارشتیون پر ملتے ہیں او رسیاہ چیز ہے جو کشتیون کی درزون میں لگاتے ہیں تاکہ پانی انمیں نہ بھر آوے

قیس ع۔ عرب میں نام ہے ایک قبیلہ کا جو قیس کی اولاد سے ہے اور لقب مجنون کا۔

قیصر ع۔ رومی زبان مین قیصر اس بچے کو کہتے ہیں جو اپنی مان کے پیٹ میں ہو۔ اور اسکی مان قبل اس کی ولادت کے مرجاوے پھر اس عورت کا پیٹ چیر کر اس بچے کو نکالین چنانچہ اغسطوس بادشاہ روم اسی طرح پیدا ہوا تھا اسی واسطے یہ خطاب اسکو دیا گیا تھا۔

قیطون ت۔ جو کہ نخ ابریشم سے تار چاندی یا سونے کی لگا کر بنتی ہے۔

قیفال ع۔ نام ایک رگ کا ہے۔

قیل ع۔ نام ایک شخص کا ہے وہ شخص جو دوپہر کو سوتا ہے اور یعنی بادشاہ اور اس معنی کر کے اقیال جمع ہے

قیلولہ ع۔ دوپہر دن چڑھے کے وقت سونا۔

قیم ع۔ جمع ہے قائم کی۔

قیمت ع۔ مول۔ قدر۔

قیم ع۔ جمع ہے قیمت کی اور قیم برپا رکھنے والا۔ قائم رکھنے والا

قیمتی ع۔ جو شے قیمت والی ہو

قیماق ت۔ دودھ پر کی بالائی۔ بالائی دودھ کی۔

قیود ع۔ جمع ہے قید کی قیدیں

قیوم ع۔ بے مانند بے ہمتا نام ہے خدائے تعالی کا بہت قائم ہونے والا۔

باب الکاف

کابوس ع۔ ایک بیماری ہے جسمیں آدمی کو حالت خواب میں یہ معلوم ہوتا ہے کہ کسی نے اس کو دبا لیا ہے اور وہ ڈر کر آواز کرتا ہے

کابین ف۔ مہر وہ روپیہ جو خاوند بوقت نکاح عورت کو دینا منظور کرتا ہے۔

کاتب ع۔ لکھنے والا محرر

کاچہ ف۔ ٹھوڑی۔ زنخ

کاخ ف۔ عمارت بلند محل

کاذب ع۔ جھوٹا۔

کار ف۔ کام۔

کارد ف۔ چاقو چھری۔

کاردار ف۔ وزیر بادشاہ کے آگے کام کرنے والا۔

کارزار ف۔ لڑائی جنگ۔

کارشناس ف۔ کام کا پہچاننے والا۔

کارفرما ف۔ کام تبلانیوالا حکم کرنے والا۔

کارگزار ف۔ نوکری کا رکی کام کرنے والا۔

کارکن ف۔ کام کرنے والا

کاروان ف۔ کام جاننے والا وزیر۔

کاروان سرائے ف۔ سرائے جہان پر قافلہ اترے

کاریدن ف۔ بیج کا بونا تخم ریزی کرنا۔

کاریز ف۔ نالی پانی دینے کی کھیت میں گول پنجابی زبان میں کہتے ہیں ایک نالی جو ندی سے کھود کر کھیت میں لے جاویں تاکہ کھیت میں پانی دیا جاوے اسکو کاریز کہتے ہیں۔

کاریگر ف۔ کام کرنے والا ہنرور۔

کاسب ع۔ کسب کرنیوالا کمانے والا۔

کاستن ف۔ گھٹنا۔ گھٹاتا
کاسد ع۔ کھوٹا۔ جس میں کچھ کھوٹ ملا ہوا ہو۔
کاسر ع۔ توڑنے والا۔
کاسف ع۔ گھٹنے والا۔ یعنی جسکو گھن لگا ہو جیسے چاند یا سورج کو گھن لگا کرتا ہے
کاسہ ف۔ پیالہ۔ کانسہ
کاش۔ کاشکے ف۔ خدا کرے اے کاشکی ہے یہ کلمہ تمنا اور آرزو کا ہے۔
کاشانہ ف۔ جھوپڑا۔ گھر یہ کلمہ تحقیر کا ہے چھوٹا سا گھر گھونسلا پرند کا۔
کاشتن ف۔ بونا۔ بیج بونا
کاشف ع۔ کھولنے والا دور کرنے والا۔
کاظم ع۔ غصہ مارنے والا غصہ پچانے والا۔
کاغذ ع۔ مشہور ہے
کافتن ف۔ کھودنا۔
کافر ع۔ منکر خدا کا جو خدا کو نہ مانے۔
کافل ع۔ ضامن۔
کافور ع۔ کپور مشہور دوا ہے

کافہ ع۔ گروہ آدمیوں کا جماعت
کافۂ انام ع۔ سب لوگ جماعت آدمیون کی۔
کافی ع۔ کفایت کرنیوالا۔
کاک ف۔ روٹی کی ایک قسم ہے ٹکیہ کیطرح پر ہوتی ہے
کاکل ف۔ زلف بال سر کے لٹکے ہوئے سامنے۔
کالا ف۔ اسباب متاع پونجی۔
کالبد ف۔ قالب۔ تن بدن
کالوج ف چھوٹی انگلی ہاتھ کی۔
کام ف۔ مطلب مقصود تالو۔ منہ
کامران ف۔ جس کا مطلب ہوگیا ہو۔
کامل ع۔ پورا۔
کامن ع۔ چھپا ہوا۔ پوشیدہ
کامیاب ف۔ کام پانیوالا کامران مطلب جس کا ہوگیا ہو۔
کان ف۔ کھان۔ معدن۔
کانون ف۔ آتشدان بھٹی
کانون الآخر ف جنوری کا مہینہ
کانون الاول ف۔ دسمبر کا مہینہ۔

کانی ف۔ کھان کی چیز۔ معدنی
کاو ف۔ امر ہے۔ کاویدن سے یعنی کھود۔
کاوکاو ف۔ تلاش تجسس
کاوش ف۔ یعنی کھوج نکالنا تلاش کرنا۔ تفحص کرنا۔
کاوس ف۔ نام ہے ایک بادشاہ کیانی کا بعضے لوگ مزدور کو کہتے ہین بعض شخص فرعون کا نام بتلاتے ہیں۔
کاہ ف۔ گھاس۔ پھونس
کاہش ف۔ کم ہونا نقصان قبول کرنا۔
کاہکشان ف۔ وہ لمبی سڑک یا راہ جو آسمان مین رات کو نظر آتی ہے۔
کاہل ع۔ سست۔ کندھا
کاہلی ع۔ سستی۔
کاہن ع۔ فال گو۔ جادوگر شگون لینے والا جانور سے
کاہو ع۔ نام ایک دوا کا ہے
کاہیدن ف گھٹنا و گھٹانا
کائن ع۔ ہونیوالا۔ موجود
کائنات ع۔ دنیا۔ موجودات۔

کب ع۔ اندر کی طرف رخ یعنی گردا گرد منھ اندر کیجانب کا
کباب ف۔ گوشت کوٹ کر گول کر کے اسکو بھونکر پکاتے ہیں
کباد ع۔ درد جگر۔
کبار ع۔ بزرگان جمع ہے کبیر کی
کبد ع۔ جگر۔ اسکی جمع اکباد آتی ہے۔
کبث ع۔ سڑجانا گوشت کا بدبو ہوجانا گوشت کا۔
کبر ع۔ بزرگی۔ بڑائی۔
کبریا ع۔ بزرگ پن۔ بزرگی عظمت۔
کبریت ع۔ گندھک۔ گوگرد
کبک ف۔ چکور۔
کبوتر ف۔ مشہور پرندہ ہے
کبود ف۔ نیلگون۔ نیلا۔
کبیر ع۔ بزرگ۔ بڑا۔
کبیسہ ع۔ گول ہانڈی مٹی سے بھری ہوئی لوند کے دن یعنے $11\frac{9}{14}$ دن بحساب سال شمسی کے مقابلے میں حساب قمری کے جو زائد آتے ہیں ان کو تین برس کے بعد جمع کر کے ایک مہینہ لوند کا

جو ہندو بڑھاتے ہیں اسکو کبیسہ کہتے ہیں۔
کِتَاب ع۔ نامہ۔ مکتوب۔ اندازہ فرض کیا ہوا آزاد کرنا غلام یا لونڈی کا بعوض روپے کے
کِتَابَت ع۔ لکھنا۔
کَتَارَہ ف۔ یہ وہ حربہ ہے جس کو اہل ہند کٹار کہتے ہیں۔
کَتَّان ع۔ السی۔
کُتُب ع۔ جمع ہے کتاب کی
کَتخُدا ف۔ اسکی اصل ہے کدخدا یعنی صاحب خانہ۔ دولہا۔ گھر والا۔
کَتخُدائی ف۔ شادی۔ بیاہ
کَتف ع۔ شانہ۔ کندھا۔
کَتم ع۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا پوشیدگی۔ پردہ۔
کَتوال ف۔ پولیس کا محافظ پولیس دار۔ اصل میں یہ لفظ ہندی ہے۔
کَثَافَت ع۔ بھدّا ہونا۔ غیر لطیف ہونا۔ ثقالت۔
کَثرَت ع۔ زیادتی۔ بہتایت مجازاً انبوہ آدمیوں کا۔
کَثِیر ع۔ بہت زیادہ۔

کَثف ع۔ بھیڑ آدمیوں کی گروہ
کَثِیف ع۔ جو لطیف نہ ہو غلیظ ہو
کَج ف۔ ٹیڑھاپن۔ کب۔
کُجَا ف۔ کہاں۔ کس جگہ۔
کَجَاوَہ ف۔ اونٹ پر ایک کاٹھی ایسی طرح پر باندھتے ہیں جسپر دو شخص مقابل ایک ایک دوسرے کے بیٹھتے ہیں اسکو کجاوہ کہتے ہیں۔
کَجمَج ف۔ جسکی گفتگو فصیح نہ ہو بے محل الفاظ بولنے والا۔
کَجَک ف۔ آنکس ہاتھی ہانکنے کا جو فیلبانوں کے ہاتھ میں ہوتا ہے۔
کَجکُول ف۔ کاسہ فقیروں کا بھیک کا پیالہ۔
کَجی ف۔ ٹیڑھاپن۔ کبڑاپن
کَحَّال ع۔ ستھیاوہ حکیم جو صرف آنکھوں میں دوا ڈالتے ہیں
کُحل ع۔ سرمہ۔
کَد ف۔ خانہ۔ گھر۔
کَدَہ ف۔ خانہ۔ گھر۔ دہ۔ گانوں۔
کُدَام ف۔ کون شخص۔ کون چیز

کَدبانُو ف۔ مالک گھر کی۔ بیوی گھر کی۔ بیگم گھر کی۔
کَدخُدا ف۔ صاحب خانہ مالک گھر کا۔ دولھا۔
کَدِر ع۔ تیرہ۔ گدلا۔ کھدر
کَدُو ف۔ نام ایک ترکاری کا ہے
کَدُوخ ف۔ حمام۔ گرم خانہ جام۔
کَدُود ف۔ کنواں۔ چاہ۔
کُدُورَت ع۔ تاریکی۔ گدلاپن
کَدِیوَر ف۔ مالی۔ باغبان۔ کسان رئیس سفید داڑھی والا گانوں صاحب خانہ مجازاً دنیا زمانہ
کَذَا ع۔ ایسا۔
کَذَّاب ع۔ بہت جھوٹا۔
کِذب ع۔ دروغ۔ جھوٹ
کَذُوب ع۔ جھوٹا۔ دروغ گو
کَر ف۔ بہرہ جسکو کم سنائی دے
کِرَا ف۔ کسکے تئیں۔ کس کو۔
کُرَّاث ع۔ گندنا۔ ایک قسم کا ساگ ہے۔
کُرَاز ع۔ بوتل یا شیشی وہ کوزہ جس کا سر تنگ ہو۔
کِرَام ع۔ جمع ہے کریم کی سخی لوگ۔

کَرَامَت ع۔ بزرگی۔
کَرَان ف۔ کنارہ۔ انتہا۔
کَرَاہَت یا کَرَاہِیَت ع۔ ناپسندی۔ ناخوشی۔
کِرَایَہ ف۔ بھاڑا۔
کَرب ع۔ غم رنج دکھ درد
کُربَت ع۔ دکھ۔ رنج۔ مصیبت۔
کَرَّت ع۔ نوبت۔ باری دفعہ۔
کَرخت ف۔ سخت۔
کِردَار ف۔ طرز روش کار وعمل۔ وفعل۔
کِردگار ف۔ خدائے تعالیٰ کنندہ کار۔
کَردَن ف۔ کرنا۔
کُرسِی ع۔ تخت چوکی یہ لفظ عربی ہے۔
کِرشمَہ ف۔ ناز و غمزہ آنکھ کی جھپکی اور بھوں کا اشارہ۔
کَرفَش ف چھپکلی۔ چلپاسہ
کَرگدان، **کَرگ** ف۔ ایک جانور ہے اسکو ہندی میں گینڈا کہتے ہیں۔

کرگس ف - پرند مردار خوار ہے جسکو ہندی میں گدھ کہتے ہیں مشہور جانور ہے۔
کرم ع - جوانمردی۔ مردی عزیزی مجازاً مہربانی۔
کرم ع - انگور کا درخت۔
کرم ف - کیڑا۔
کرم پیلہ ف - ریشم کا کیڑا۔
کرمان ف - کیڑے جمع ہے کرم کی اور نام ایک شہر کا فارس میں۔
کرم کلہ ف - گوبھی ایک قسم کی ترکاری ہے۔
کرنا ف - ترہی۔ نفیری۔ سرنای۔
کرنب ع - کرم کلہ۔
کروہ ع ف - کوس اسکی تعداد چار ہزار گز کی ہے۔
کروبی ف - فرشتہ۔ مقرب۔
کرہ ع - گیند۔ گولہ۔
کرہ ف - گھوڑے کا بچہ گدھے کا بچہ۔
کریم ع - سخی۔
کریما ع - اے کریم اے سخی اے خدائے تعالے۔
کریوہ ف - ٹیلہ۔

کریہ ع - مکروہ۔ بھونڈا بدشکل۔
کژ ف - کج - ریشم کم قیمت اس کا معرب قز ہے۔
کس ف - آدمی۔ شخص
کس ف - فرج۔ عورت کا جسم نہانی۔
کسا ع - چادر۔ گلیم۔
کساد ع - ناروا جی متاع کی عدم خریداری اشیا کی۔
کسالت ع - سستی۔ سست ہونا۔
کسب ع - حاصل کرنا پیدا کرنا مجازاً ہنر۔ پیشہ۔
کسبی ع - پیشہ ور۔ ہنر والا مجازاً زن فاحشہ بازاری۔
کسرہ ع - زیر جیسے دن کی دال کے نیچے۔
کسر ع - ٹکڑا۔ ٹوٹا ہوا حصہ
کسل ع - کاہلی سستی۔
کسوت ع - جامہ پوشیدنی لباس۔
کسور ع - جمع ہے کسر کی۔
کسوف ع - گہن۔ گہن گہنا۔
کسے ف - کوئی شخص۔

کوئی آدمی۔
کشادگی ف - وسعت کشادہ ہونا۔
کشادہ ف - کھلا ہونا۔
کشادن ف - کھلنا اور کھولنا۔
کشاف ع - کھولنے والا پردہ اٹھانے والا۔
کشاکش ف - چھینا جھپٹی۔
کشایش ف - کشادگی۔ فراخی۔
کشت ف - کھیتی۔
کشت ف - مارا۔ قتل کیا۔
کشت زار ف - کھیتی۔ کھیت۔
کشتکار ف - کھیتی کرنیوالا۔
کشتن ف - بونا۔
کشتی ف - ناؤ۔ بیڑی۔
کشتیبان ف - ملاح۔
کشتی ف - لڑنا۔ کھیلنا۔
کشتن ف - مار ڈالنا۔ قتل کرنا۔
کشش ف - کھینچنا۔ جذب کرنا۔
کشف ع - کھولنا۔ برہنہ کرنا پردہ اٹھانا۔

کشکول ف - بڑا پیالہ بھیک کا پیالہ۔ جو فقیروں کے پاس ہوتا ہے۔
کشمش ف - سوکھے انگور اور یہ مشہور ہے۔
کشنیز ف - دھنیا۔
کشودن ف - کھلنا اور کھولنا۔
کشور ف - ملک۔ ولایت۔
کشیدن ف - کھینچنا۔
کعب ع - ٹخنہ اور اصطلاح حساب میں تیسرا درجہ عدد کا۔
کعبہ ع - مکۂ معظمہ۔ قبلہ۔
کعک معرب - روٹی۔ معرب کاک کا ہے۔
کف ع - ہتھیلی۔ ہاتھ کی ہتھیلی۔
کفار ع - جمع ہے کافر کی۔
کفارت ع - پوشندہ گناہوں کا عوض۔
کفارہ ع - عوض۔ خطا یا گناہ کا۔
کفاف ع - اندازہ اور اسقدر معاش کہ کفایت

کرے روزمرہ کا خرچ۔
کَفَالَتْ ع۔ ضامن ہونا متعہد ہونا۔ ذمہ دار۔
کِفَایَتْ / **کِفَایَہ** ع۔ کافی ہونا۔
کَفِ پَا ف۔ ہتھیلی پاؤں کی۔
کَفْچَہ ف۔ ڈوئی۔ کفگیر۔
کَفِ دَسْت ف۔ ہتھیلی ہاتھ کی۔
کُفْر ع۔ ناشکری۔ نہ ماننا خدا کا
کُفْرَان ع۔ ناشکری نعمت کی
کَفْش ف۔ جوتی۔
کَفْش دُوز ف۔ موچی۔
کَفْگِیر ف۔ ڈوئی۔ بڑا چمچہ۔
کَفَل ع۔ سرین چوتڑ آدمی یا حیوان۔
کَفَن ع۔ مردہ کی چادر جسمیں لپیٹ کر گاڑتے ہیں۔
کَفْنِی ع۔ وہ کپڑا جو مردے کے گلے میں ڈالتے ہیں اور فقیر بھی ویساہی پہنتے ہیں۔
کُفْو ع۔ ہم قوم۔ ہم ذات ہم خاندان۔
کُفِیتَ ع۔ بچایا گیا تو۔ کفایت کیا گیا تو۔

کَفِیل ع۔ ضامن۔ ذمہ دار
کَفِیدَن ف۔ پھٹنا۔
کُل ع۔ تمام پورا۔
کَل ع۔ تھکنا۔
کَلَاء ع۔ گھاس تروتازہ۔
کَلَال ع۔ سستی اعضا کی تکان۔
کُلَال ف۔ وہ شخص جو مٹی کے برتن بناتا ہے۔
کُلَاغ ف۔ جنگلی کوا۔ کاگ
کُلَالَہ ف۔ گھونگھروالے بال۔ زلف پیچدار۔
کَلَام ع۔ عبارت جو مرکب ہو کلمہ سے۔
کَلَان ف۔ بڑا۔ لمبا۔
کَلَانی ف۔ بڑائی۔ لمبائی۔
کَلَاوَہ ف۔ ککڑی۔ سوت کی۔ کچا سوت جو تکلے پر لگا ہوا ہو
کُلَاہ ف۔ ٹوپی۔
کَلْب ع۔ کتا۔ سگ۔
کَلْبَتَان ع۔ سنڈاسی سنسی۔ لوہا گرم پکڑنے کا ہتھیار۔ زنبور۔
کُلْتَبَان ف۔ دیوث۔ آدمی بے شرم بیحیا۔ بھڑوا

کُلْبَہ ف۔ چھوٹا گھر۔ تنگ و تاریک حجرہ دوکان۔
کَلَف ع۔ جھائیاں یعنی جو منھ پر داغ پڑجاتے ہیں۔
کُلْفَت ع۔ تکلیف رنج و سختی
کِلْک ف۔ ہر ایک نے جو اندر سے خالی ہو۔ مجازاً قلم کا نیزہ۔
کَلِمَات ع۔ جمع ہے کلمے کی
کَلِمَہ ع۔ لفظ مفرد جو بامعنی ہو
کُلَنْد ف۔ کسی پھاوڑا۔
کُلَنْگ ف۔ نام ایک پرند مشہور کا ہے جس کو کونج کہتے ہیں اور نام ایک آلے کا بھی ہے جس سے زمین یا دیوار کھودتے ہیں یعنے پھاوڑا۔
کُلُوخ ف۔ ڈھیلا مٹی کا۔
کُلَہ ف۔ ٹوپی۔ مخفف کلاہ کلہ تاج بادشاہی۔
کُلِّی ع۔ جس کے مفہوم میں بہت افراد شامل ہوں جیسے انسان حیوان۔
کُلِّیَات ع۔ جمع ہے کلی کی
کِلِید ف۔ کنجی۔ تالی۔

کَلِیسَا ف۔ معبد ترسایاں گرجا۔ مندر۔
کَلِیم ع۔ سخن گو کلام کرنیوالا زخمی لقب حضرت موسیٰ کا۔
کُلْیَہ ع۔ گروہ۔ ایک عضو اندرونی ہے۔
کَم ع۔ چند۔ کتنا۔ بہت۔
کَم ف۔ تھوڑا۔
کَمَا حَقَّہٗ ع۔ جیسا چاہیئے اس کا حق ہے۔ بہت ٹھیک
کِمَاد ع۔ ٹکور لگانا کسی عضو کو گرم کرنا کسی چیز سے جس کو آگ پر سینک لیا ہو۔
کَمَال ع۔ تمام اور تمام ہونا
کَمَالَات ع۔ جمع ہے کمال کی
کَمَان ف۔ دھنک مشہور ہتھیار ہے تیر پھینکنے کا۔
کَمَاندَار ف۔ کمان رکھنے والا
کَمَا یَنْبَغِی ع۔ جیسا چاہیئے
کَمْبَخْت ف۔ کم نصیب۔
کَمْتَر ف۔ کم زیادہ۔
کَمْتَرِین ف۔ بہت ہی کم۔
کَمْخَاب ف۔ ایک قسم کا کپڑا ہے جو زرّین تار سے بنا ہو۔

کمر ف۔ پھینہ۔ میان۔
کمربند ف۔ پٹکہ۔ کمر باندھنے کی چیز۔
کمک ف۔ مدد۔
کمند ف۔ اصل میں قمند تھا معنے مشہور رہیں پھندا۔
کمہ ع۔ مادر زاد اندھا۔
کمی ع۔ سپاہی۔ دلاور۔ دلیر ہتھیار بند۔
کمیاب ف۔ جو کم دستیاب ہو۔
کمیت ع۔ چندگی بمقدار
کمیز ع۔ پیشاب۔ بول۔
کمیزدان ف۔ پھکنی موت کی پیشاب کا پھکنا۔
کمین ع۔ گھات میں بیٹھنا کسی جگہ دشمن یا شکار مارنے کو بیٹھنا۔
کمینہ ف۔ کم رتبہ۔ نیچ۔
کن ع۔ ہو جا۔ ہو۔
کن ف۔ کھود۔
کناد ف۔ کریو۔
کنار ف۔ کنارہ۔ گوشہ۔ طرف وکنار بغل اور کنار بیر کو کہتے ہیں۔
کنارہ ف۔ کونہ۔ طرف۔
کناس ع۔ خاکروب حلالخور چوہڑا۔ بھنگی۔
کنایہ / کنایت ع۔ سخن پوشیدہ
کنائس ع۔ جمع ہے کنیسہ کی۔ معابد۔ مساجد۔ مندر۔
کنج ف۔ کونہ۔ گوشہ۔
کنجد ف۔ تل ایک قسم کا غلہ ہے
کنز ع۔ خزانہ
کنجشک ف۔ چڑیا۔
کند ف۔ شکر قند۔
کندن ف۔ کھودنا۔
کندیدن ف۔ کھودنا۔
کنف ع۔ جانب۔ کنارہ پناہ۔
کنکاش ف۔ مشورہ باہم صلاح کرنا۔
کنگرہ ف۔ جو عمارت کے اوپر بناتے ہیں چاروں طرف
کنوز ع۔ جمع ہے کنز کی خزانے
کنون ف۔ اب اسوقت۔
کنہ ع۔ حقیقت۔ ماہیت
کنیز ف۔ باندی۔
کنیزک ف۔ باندی۔
کنیسہ ع۔ معبد۔ مندر۔
کو ف۔ گلی۔ کوچہ۔
کواکب ع۔ جمع ہے کوکب کی۔ ستارے روشن۔
کوب ع۔ کوزہ بدون دستہ کے جمع اسکی اکواب آتی ہے
کوبہ ف۔ موگری۔
کوبیدن ف۔ کوٹنا۔
کوتاہ ف۔ چھوٹا۔
کوتہ ف۔ چھوٹا۔
کوتاہی ف۔ چھوٹائی۔
کوتل ت۔ یہ لفظ ترکی ہے معنے اسکے ہیں گھوڑا سواری خاص کا۔
کوتوال (ہ) اس لفظ میں اختلاف ہے بعضے کہتے ہیں کہ اصل میں کوٹ وال تھا یعنے محافظ قلعے کا اور بعضے کہتے ہیں کہ کوٹھ وال یعنی مالک کوٹھ کا کوٹھ اُن بندوقوں کو کہتے ہیں جو اکٹھی کرکے کوتوالی میں سپاہی رکھ دیتے ہیں بہر تقدیر یہ لفظ ہندی ہے۔
کوثر ع۔ نام ہے ایک حوض کا جو درمیان جنت کے ہے۔
کوچ ف۔ کوچ کرنا روانہ ہونا
کوچک ف۔ چھوٹا۔
کوچہ ف۔ گلی۔
کودک ف۔ لڑکا۔ بچہ۔
کودن ف۔ احمق۔
کور ف۔ اندھا۔
کورنش ت جھک کر سلام کرنا
کورنشات ت جمع ہے کورنش کی
کورہ ف۔ بھٹی آتشدان۔
کوری ف۔ اندھاپن۔
کورپشت ف۔ کبڑا جسکی پیٹھ کبڑی ہوگئی ہو۔
کوزہ ع۔ برتن جس کے دستہ لگا ہوا ہو۔
کوژ ف۔ خمیدہ۔ دوتا شدہ
کوس ف۔ نقارہ کلان صدمہ صف لشکر۔ قطار فوج کی۔
کوشش ف۔ سعی۔
کوشک ف۔ بلند مکان۔
کوشیدن ف۔ کوشش کرنا
کوفتن ف۔ کوٹنا۔
کوفت ف۔ کوٹا۔
کوکب ع۔ ستارہ روشن
کوکبہ ع۔ ستارہ۔ جماعت انبوہ۔ مجازاً۔ شکوہ۔ حشمت بزرگی۔
کوکلتاش ت۔ برادر رضاعی

دو بچون نے جو ایک دایہ کا دودھ پیا ہو ایک دوسرے کا کوکلتاش کہلاتا ہے۔

کُون ف۔ مقعد۔

کَون ع۔ ہو جانا۔ ہونا ہستی دنیا۔

کَون وفَسَاد ع۔ موجود ہونا اور تباہ ہو جانا۔ ہو کر بگڑ جانا

کَونَین ع۔ دنیا اور دین یہ جہان اور وہ دوسرا جہان

کَونیّہ ع۔ منسوب بہ کون۔

کوہ ف۔ پہاڑ۔

کوہہ ف۔ برآمدگی ہر چیز کی ابھار گائے اور اونٹ کا ابھرا ہوا کندھا۔ مجازاً کندھا انسان کا حملہ۔

کوہان ف۔ کندھا۔ ابھرا ہوا

کوہچہ ف۔ ٹیلا۔ ابھری ہوئی زمین۔

کوہستان ف۔ پہاڑ۔

کوی ف۔ گلی۔ کوچہ۔

کہ ف۔ جو۔ وہ۔ یعنے۔

کَہَانت ع۔ غیب کی بات بتلانا۔ فال گوئی۔

کہتر ف۔ بہت چھوٹا۔

کَہرُبَا ف۔ گھاس اٹھانیوالا۔ عنبر یہ ایک قسم کا گوند زرد رنگ کا ہوتا ہے اسکو گھس کر گھاس کے تنکے کے سامنے رکھیں تو اسکو کھینچ لیتا ہے۔

کَہف ع۔ پناہ۔ گڑھا۔

کَہکَشَان ف ایک لمبی سفیدی ہے آسمان میں۔

کَہل ع۔ مرد میانہ سال یعنی نہ جوان نہ بوڑھا۔ ادھیڑ

کُہن ف۔ پرانا۔

کُہنَہ ف۔ پُرانا۔

کَے ف۔ کب۔

کیان ف۔ بادشاہان۔ عظیم الشان دسے چار بادشاہ تھے۔

کِیَاسَت ع۔ دانائی۔ زیرکی۔

کَید ع۔ مکر۔ فریب۔

کیخسرو ف۔ نام ایک بادشاہ کا

کیر ف۔ آلت مرد کے پیشاب کرنے کا عضو۔

کیس ع۔ زیرک دانا عقلمند

کیسہ ع۔ تھیلی۔

کیست ف۔ کون ہے۔

کیش ف۔ خو۔ عادت۔ ترکش مذہب و دین۔

کَیف ع۔ چگونہ۔ کیونکہ اصطلاح میں وہ عرض جو بذاتہ تقسیم قبول نہ کرے۔ جیسے سیاہی۔ سفیدی۔ نشہ۔ مستی۔

کَیفِیَّت ع۔ چگونگی۔ حالت اور وہ وصف جو کسی چیز میں حاصل ہو گیا ہو۔

کَیک ف۔ پسو ایک کیڑا مشہور ہے۔

کَیل ع۔ پیمانہ تولنا یا ناپنا اناج وغیرہ کا کسی پیمانے سے

کَیمُوس ع۔ نام ہے اس صورت غذا کا جو دوسرے طبخ میں درمیان جگر کے پختہ ہوتی ہے۔

کیمیا ع۔ مکر و حیلہ۔ اصطلاح میں بسبب ملنے روح اور نفس اجساد ناقصہ کے انکو مرتبہ کمال پر پہونچاتا ہے یعنی رانگ کو چاندی اور تانبے کو سونا بنانا اور چونکہ یہ عمل خالی مکر و فریب سے نہیں ہے اسواسطے اس کو کیمیا کہتے ہیں فارسی میں نظر پیر و مرشد کامل کی اور عشق کو کیمیا اور عشق بازی کو کیمیاگری کہتے ہیں اور زر خالص کو بھی کیمیا کہتے ہیں۔

کیمیاگر ف۔ فریب کرنے والا کیمیا بنانے والا۔

کینہ ف۔ بغض۔ دشمنی۔ عداوت۔

کینہ کش ف۔ جو شخص دشمنی رکھتا ہو۔

کیوان ف۔ نام ہے ستارہ زحل کا جو فلک ہفتم پر ہے اور مجازاً فلک ہفتم کو بھی کہتے ہیں۔

کیہان ف۔ جہان زمانہ دنیا

باب الکاف الفارسی

گَار ف۔ بمعنے کرنے والے کے آتا ہے۔ جیسے۔ ستمگار گنہگار۔ خدمتگار اور لائق کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے رستگار یعنی لائق

رستن اور یعنی سبب کے جیسے روزگار
و یادگار یعنی سبب روز و شب
اور سبب کسی کے یاد آنے کا۔
گاز ف۔ بمعنی مقراض گلگیر
گھاس۔
گازر ف۔ دھوبی
گام ف۔ قدم۔ پیر۔
گاو ف۔ گائے۔
گاودم ف۔ کرنائے۔ بگل
نفیری۔
گاوزوری ف۔ کشتی کرنے
کی قوت بزور کشتی کرنے کی
خواہش کرنا۔
گاہ ف۔ وقت۔ جگہ۔
گاہ گاہ ف۔ کبھی کبھی۔
گائیدن ع۔ جماع کرنا۔
عورت سے جفت ہونا۔
گبر ف۔ آتش پرست آگ کا
پجاری۔
گچ ف۔ چونا۔
گدا ف۔ فقیر۔
گداختن ف۔ پگھلنا۔ پگھلانا۔
گدازش ف۔ پگلاہٹ۔ گلنا
گدازندہ ف۔ پگھلنے والا۔
گدائی ف۔ بھیگ مانگنا

گذار ف۔ راہ۔ ادا کرنا۔ ادا
گذاردن ف۔ ادا کرنا۔
پیشکش کرنا۔
گذارش ف۔ ادا کرنا۔
گذاشتن ف۔ چھوڑنا۔
گذاف ف۔ بیہودہ گفتگو
گذر ف۔ راہ۔ رستہ۔ گذرگاہ
گذرنامہ ف۔ راہداری کا پروانہ
گذران ف۔ گذرتی ہوئی
خرچ کرتی ہوئی۔
گذرانیدن ف۔ گذرانا۔
گذربان ف۔ راہدار محافظ
راہ کا۔
گذرگاہ ف۔ جگہ۔ گذرنے کی
گھاٹی۔
گذشتن ف۔ گذرنا۔
گر ف۔ اگر جو۔
گرامی ف۔ بزرگ۔
گران ف۔ بھاری۔
گرانی ف۔ بھاری۔ بوجھ۔
گرائی ف۔ میلان۔ ڈھلنا
گرائیدن ف۔ خواہش کرنا
گربال ف۔ چھلنی آٹا چھاننے کی
گربہ ف۔ بلی۔
گربہ آبی ف۔ دریائی بلی۔

گرچہ ف۔ اگرچہ
گرد ف۔ دھول۔
گرد ف۔ گول۔ چار طرف۔
گرداب ف۔ بھنور۔
گرداگرد ف۔ چاروں طرف
سب طرف۔
گردان ف۔ لپیٹ۔ لوٹا۔
گردانیدن ف۔ لوٹانا۔ لپیٹنا
گرداوری ف۔ حکومت
گردباد ف۔ بگولا۔
گردش ف۔ دورہ۔
گردشہر ف۔ شہر کا گرد۔
گردگان ف۔ اخروٹ۔
گردکردن ف۔ جمع کرنا۔
گردن ف۔ ناڑ۔ گردن۔
گرد ف۔ پہلوان۔ دلاور۔
گردن فراز ف۔ گردن بلند
مغرور نافرمانبردار۔
گردون ف۔ آسمان۔
گردہ ف۔ مشہور عضو ہے۔
گردہ ف۔ ٹکیہ روٹی کی قسم
ہے۔
گرویدن ف۔ بھرنا۔ ہونا۔
گریہ ف۔ رونا۔
گرسنگی ف۔ بھوک۔

گرسنہ ف۔ بھوکا۔
گرفتار ف۔ پھنسا ہوا پکڑا ہوا
گرفتاری ف۔ گرفت کرنا پکڑنا
گرفتن ف۔ پکڑنا۔ لینا۔
گرگ ف۔ بھیڑیا۔
گرم ف۔ تتا۔ گرم۔
گرمابہ ف۔ حمام غسلخانہ۔
گرم خیز ف۔ چالاک۔
گرم سیر ف۔ گرم ولایت
آب و ہوا گرم ہو۔
گرمی ف۔ تتاپن۔
گرنہ ف۔ اگرنہ۔ اگر نہیں۔
نہیں تو۔
گرو ف۔ رہن۔ دھروہر
مجازاً مقید۔
گروہ ف۔ جھنڈ۔ غول۔
گرویدہ ف۔ رغبت کیا ہوا
گرہ ف۔ گانٹھ۔
گریان ف۔ روتے ہوئے
رونے والا۔
گریانیدن ف۔ رُلانا۔
گریبان ف۔ کنٹھی۔
گریختن ف۔ بھاگنا۔
گریز ف۔ بھاگنا اصطلاح
میں ایک مضمون سے

دوسرے مضمون پر آنا۔

گریزانیدن ف۔ بھگا دینا۔

گرِیستن ف۔ رونا۔

گَزَر ف۔ گاجر۔

گز ف۔ آلہ پیمایش کرنے کپڑے وزمین وغیرہ کا۔

گزاف ف جھوٹ۔ فریب۔ بیہودہ۔ بےحساب۔ بےحد۔

گزان ف۔ کاٹتا ہوا۔

گزانیدن ف۔ کٹوانا۔

گزاردن ف۔ ادا کرنا۔

گزند ف۔ صدمہ دکھ۔ تکلیف آسیب آفت۔ رنج۔ نظر بد۔

گزنی ف۔ تر و خشک۔ گل تر و خشک۔

گزیدن ف۔ کاٹ کھانا۔ دانتوں سے کاٹنا۔

گزیدن ف چن لینا۔ پسند کرنا اختیار کرنا۔

گزیدہ ف۔ پسندیدہ۔ اختیار کیا ہوا۔

گزیدہ ف۔ کاٹا ہوا۔

گزیر ف۔ چارہ۔ علاج۔

گساردن ف۔ چھوڑنا کھانا غم وغیرہ کا۔

گستاخ ف۔ شوخ۔ چالاک بےادب۔

گستاخی ف۔ بےادبی۔

گستر ف۔ بچھاؤ۔

گسترانیدن ف۔ بچھانا۔

گستردن ف۔ بچھانا۔

گسیختن ف۔ ٹوٹنا۔

گسستن ف۔ ٹوٹنا۔ توڑنا۔

گشت ف۔ ہوا۔ ہوگیا۔

گشتن ف۔ ہونا۔ پھرنا۔

گشتہ ف۔ ہوا۔

گفتہ ف۔ کہا ہوا۔

گفتار ع۔ بات چیت گفتگو

گفتن ف۔ کہنا۔

گفتگو ف۔ بات چیت۔

گُل ف۔ پھول مجازاً نتیجہ بہتر

گِل ف۔ مٹی۔ خاک پانی میں ملی ہوئی۔ خاک منجمد اور خشک

گلاب ف پھول کا پانی نام ایک قسم کے پھول کا۔

گلبن ف۔ درخت گل سرخ۔

گلخن ف۔ آتش گاہ بھاڑ جس میں غلہ بھونتے ہیں۔

گلدستہ ف۔ پھولوں کا دستہ بندھا ہوا۔

گلرخ ف۔ وہ شخص جسکے رخسار گلاب کے رنگ ہوں۔

گلستان ف۔ پھول کی جگہ۔ باغ۔

گلشن ف۔ باغ یہ لفظ مرکب ہے گل یعنی پھول اور شن سے جو کلمہ نسبت کا ہے۔

گلفام ف۔ پھول کے رنگ

گلقند ف مشہور دوا ہے۔ اور مجازاً لب معشوق۔

گلگیر ف۔ شمع کترنے کی مقراض

گلزار ف۔ باغ۔

گلو ف۔ گلا۔

گلوبند ف۔ وہ رومال جو گلے پر باندھتے ہیں۔

گلولہ ف۔ گولی۔ گولا۔

گِلہ ف۔ شکوہ۔ بڑبڑاہٹ۔

گلّہ ف۔ ریوڑ۔ جانوروں کا غول

گلہ بان ف ریوڑ والا۔ گڈریا

گلہ بانی ف۔ نگہبانی کرنا گلہ کی۔

گِلی ف۔ مٹی کا۔

گلیم ف۔ کملی اون کا کپڑا

گم ف۔ کھویا جانا۔

گماشتن ف۔ مقرر کرنا۔ متعین کرنا۔

گماشتہ ف۔ وہ شخص جو کسی کی طرف سے کسی کام کے واسطے مقرر ہو۔

گمان ف۔ وہم و شک۔

گمراہ ف۔ راہ بھولا ہوا۔

گمراہی ف۔ راہ بھولنا۔

گناہ ف۔ دوس خطا۔

گناہگار ف۔ خطاکار جس نے گناہ کیا ہو۔

گنجایش ف۔ سمائی۔

گنجیدن ف۔ سمانا۔

گنجفہ ف۔ چند ورق گول ایک کھیل کے ہوتے ہیں۔

گنجور ف خزانہ رکھنے والا خزانچی مالک خزانہ کا۔

گنجینہ ف۔ خزانہ۔

گندم ف۔ گیہوں۔

گندم گون ف۔ گیہوں کے رنگ کی۔

گندنا ف۔ ایک قسم کی ترکاری ہے۔

گندہ ف۔ مقابل ہے

بار یک کے موٹا ۔
گندہ ف ۔ ناپاک ۔
گنگ ف ۔ گونگا ۔
گنگ ف ۔ نام ہے دریائے گنگا کا ۔
گنہ ف مخفف ہے گناہ کا گناہ ۔
گنہگار ف ۔ گنہ کرنے والا ۔
گوارا ف ۔ موافق مزاج کے پسند خوش مزہ زود ہضم ۔
گواریدن ف ۔ ہضم ہونا ۔ پسند ہونا ۔
گوارش ف ۔ گوارا ہونا ۔ خوش مزہ ہونا ۔
گواہ ف ۔ گواہی دینے والا ۔
گواہی ف ۔ شاہدی ۔
گور ف ۔ گورخر ۔ یہ معنی مجازی ہین اصل میں گورخنگل کو کہتے ہیں اور قبر کو ۔
گورخر ف ۔ خر صحرائی جنگلی گدھا ۔
گورستان ف ۔ قبرونکی جگہ
گوز ف مخفف ہے گوزن کا
گوز ف ۔ وہ ہوا جو پیخانے کی راہ سے آواز سے نکلنے

گوزن ف ۔ بارہ سنگھا مشہور جانور ہے ۔
گوسالہ ف بچھڑا گائے کا بچہ
گوسپند ف ۔ بکری ۔
گوش ف ۔ کان ۔
گوشت ف ۔ ماس ۔
گوشمال ف ۔ سزا ۔ کان ملنا
گوشوارہ ف ۔ نام ایک زیور کا ہے جو کان میں لٹکاتے ہیں ۔ اختصار کسی کاغذ کا ۔
گوشہ ف ۔ کونہ ۔
گوگرد ف ۔ گندھک ۔
گول ف ۔ احمق ۔ نادان ۔ فریب ۔ مکر ۔
گولہ ف ۔ توپ کا گولہ ۔
گون ف ۔ رنگ ۔
گوناگون ف ۔ رنگ برنگ طرح بطرح ۔
گونہ ف ۔ رنگ قسم ڈھنگ
گوہر ف ۔ جوہر ۔ موتی ۔
گوہری ف ۔ جوہری موتی والا
گویائی ف ۔ گفتگو کی طاقت
گوئندہ ف ۔ کہنے والا ۔
گہ ف ۔ کبھی ۔
گہر ف مخفف ہے گوہر کا موتی

گہوارہ ف ۔ ایک قسم کی چارپائی ہوتی ہے جو بچون کے جھلانے کے واسطے ہوا میں لٹکاتے ہیں اور اسکو ہلاتے رہتے ہیں ۔
گیاہ ف ۔ گھاس ۔
گیتی ف ۔ دنیا ۔ عالم ۔
گیر ف ۔ پکڑ ۔
گیرا ف ۔ پکڑنے والا ۔
گیسو ف ۔ زلف ۔
گین ف ۔ صاحب خداوند بھرا ہوا ۔

باب اللام

لا ع ۔ نہین یہ کلمہ نفی کا ہے ۔
لا ف ۔ پردہ ۔ لا بر لا بمعنے تہ بتہ مقراض ۔
لابد ع ۔ ضرور جس کا چارہ نہ ہو
لابدی ع ۔ ضروری ۔
لاابالی ع ۔ پروا نہین رکھتا ہون میں یہ لغوی معنے ہیں مجازاً بے پرواہ بیخوف ۔
لابن ع ۔ دودھ والا بہت دودھ کا مالک ۔
لابہ ف ۔ نہایت عاجزی سے اپنی محبت کا ظاہر کرنا چرب زبانی ۔ چاپلوسی ۔ عاجزی کرنا ۔ بازی دینا ۔
لاتعد ع ۔ بیشمار ۔
لاثانی ع ۔ بیمثل یگانہ جسکا دوسرا نہ ہو ۔
لاجرم ع ۔ ناچار ۔ بالضرور لاعلاج ۔
لاجواب ع ۔ بے جواب جس کا جواب نہ ہو سکے ۔
لاجورد ع ۔ ایک پتھر ہے کبود رنگ جسکے نگینے بناتے ہیں اور ریس کر کتاب وغیرہ پر رنگ اس کا کرتے ہیں ۔
لاچار ف جس کا چارہ نہ ہو ضرور
لاحق ع ۔ جو پیچھے سے آکر ملے کسی چیز کے پیچھے آکر ملنے والا ۔
لاحل ع ۔ جو حل نہ ہو سکے
لاحول ع ۔ نہیں ہے قوت کلمہ نفرت کا ہے ۔
لاحی ع ۔ مردہ شجر ۔ حجر ۔
لاخ ف جگہ اور مقام جیسا کہ سنگلاخ یعنے وہ جگہ جہان پتھر ہوں ۔

لَاخَرَاج ع۔ جس پر محصول گذاری نہو۔ معافی۔
لَادَعْوٰی ع۔ بے دعوے۔
لَادَوَا ع۔ جسکی دوا نہ ہو۔
لَارَیب ع۔ بیشک۔
لَازَوَال ع۔ ہمیشہ۔
لَازَوَال ع۔ جسکو زوال نہو قدیم جو ہمیشہ رہے۔
لَازِم ع۔ چمٹا ہوا۔
لَازِمی ع۔ منسوب لازم سے وہ فعل جسکے معنی میں مفعول کی حاجت ثابت نہ ہو۔
لَازِمَہ ع۔ اسباب ضروری ضرورت۔
لَاش ت۔ مردہ کا تن۔
لَاشَک ع۔ بیشک بے شبہ
لَاشَہ ف۔ تن مردہ کا زبون لاغر ضعیف خواہ انسان ہو خواہ حیوان اور اکثر یہ صفت گھوڑے اور گدھے کی واقع ہوتی ہے اور گدھے کے معنی میں بھی آتا ہے۔
لَاصِق ع۔ لگا ہوا۔ ملا ہوا
لَاطَائِل ع بے فائدہ۔
لَاعِب ع۔ کھیلنے والا۔

لَاغَر ت۔ دُبلا۔ ماڑا۔
لَاف ف۔ شیخی۔ ڈینگ۔
لَافِیدَن ف۔ فضول بکنا۔
لَاکَلَام ع۔ بیشک بے گفتگو جس بات میں کچھ گفتگو کی جگہ نہ رہی ہو۔
لَال ت۔ گونگا۔ گنگ۔ سرخ رنگ۔
لَالَہ ت۔ ایک قسم کا پھول مشہور ہے۔
لَآلِی ع۔ جمع ہے لولو کی موتی
لَام ف۔ کالبد۔ قالب۔ بدن
لَامِس ع۔ لوٹہنے والا۔ چھونے والا۔
لَامِسَہ ع۔ وہ قوت جسکے سبب انسان چھو سکتا ہے۔
لَامِع ع۔ چمکنے والا۔ روشن درخشان۔
لَاوَلَد ع۔ جس کے اولاد نہو
لَاہُوت ع۔ عالم ذات الٰہی کا جسمیں سالک کو مقام فنا فی اللہ کا حاصل ہوتا ہے۔
لَائِح ع۔ ظاہر چمکنے والا۔
لَایَعنی ع۔ بیفائدہ۔ بیہودہ
لَائِق ع۔ سزاوار۔

لَائِم ع۔ ملامت کرنیوالا۔
لَائِیدَن ف۔ شور کرنا بیہودہ بکنا۔
لَایَمُوت ع۔ جسکو موت نہو
لَایَنبَغِی ع۔ جو نہ چاہیئے نامناسب۔
لَب ف۔ ہونٹھ۔
لُب ۔ خلاصہ عقل مغز بادام
لُبَاب ف۔ مغز خالص ہر چیز کا
لَبَادَہ ف۔ جامۂ بارانی۔
لِبَاس ع۔ پوشاک۔
لَبَالَب ف۔ کنارے تک بھرا ہوا۔
لَبرِیز ف۔ اتنا بھرا ہوا کہ کنارے سے گرنا شروع کرے
لُبس ع۔ لباس پہننا۔
لَبلَاب ع۔ عشق پیچان کا درخت ایک قسم گھاس کی مشہور ہے۔
لَبَن ع۔ دودھ۔ شیر۔
لُبنَان ع۔ نام ہے ایک پہاڑ کا ملک شام میں۔
لَبُوس ع۔ جامہ۔ پوشش زرہ۔
لَبِیب ع۔ عقلمند۔

لَبَّیک ع۔ حاضر ہوں آپ کی خدمت میں۔
لَثَق ع۔ تری اور تر ہونا بہت نمناک ہونا۔ ہوا کا ٹھہر جانا۔
لَثم ع۔ دہان بند رکھنا منھ پر دہان بند کا باندھنا توڑنا۔ خون آلودہ کرنا۔
لِثَہ ع۔ مسوڑھا دانت کا۔
لِجَام مب۔ معرب ہے لگام کا
لَجَاج ع۔ ستیزہ لڑائی۔
لُجَّہ ع۔ دریا کا بیچ وہ مقام دریا کا جہاں بہت گہرا پانی ہو۔ بھنور۔
لِحَاظ ع۔ کسی چیز کا آنکھ میں خیال رکھنا اور دیکھنا۔
لِحَاف ع۔ روئی دار کپڑا رات کے اوڑھنے کا۔
لِحَام ع۔ ٹانکا چاندی یا سونے کا وہ چیز جس کا ٹانکا چاندی یا سونے میں لگادیں
لَحظَہ ع۔ تھوڑی دیر نظر کرنا ایک دفعہ کنکھیوں سے دیکھنا۔
لَحم ع۔ گوشت۔ ماس۔
لَحن ع۔ آواز اور خوش آواز

اور سوزون آواز۔
لُحوق ع۔ اگنا۔ ملنا شامل ہونا
لِحیَہ ع۔ داڑھی۔
لَخت ف۔ ٹکڑا۔ پارہ۔
لَختے ف۔ تھوڑا۔ کچھ۔ یک
لَذع ع۔ سوزش جلن جلانا
لَدغ ع۔ کاٹنا سانپ اور
بچھو کا ڈنک مارنا۔
لَذت ع۔ مزہ۔ ذائقہ۔
لَذیذ ع۔ مزہ دار خوش ذائقہ
لَرزہ ع۔ کپکپی۔ کانپنا۔
لَرزیدن ف۔ کانپنا۔
لَزج ع۔ چیپ دار شے
جیسے ریش وغیرہ ہوتا ہے
لُزوجت ع۔ چسپیدگی۔
چیپ۔
لُزوم ع۔ لازم ہونا۔
لَسانیت ع۔ زبان درازی
لِسان ع۔ زبان۔
لَسع ع۔ ڈنک مارنا۔
لَشکر ف۔ فوج۔
لُصوق ع۔ چسپاں ہونا۔
لَطافت ع۔ پاکیزگی باریکی
لَطائف ع۔ جمع ہے لطیفہ کی
لَطخ ع۔ لتھڑانا۔

لُطف ع۔ خوبی۔ نرمی۔ نازکی
لَطیف ع۔ باریک۔ پتلا۔
لَطیفہ ع۔ نکوئی۔ خوبی۔
چیز نیک۔ نازک۔ چٹکلا۔
لُعاب ع۔ آب دہن تھوک
اور ہر ایک شے کا رس پانی جیسیں
چسپیدگی اور غلظت ہو۔
لَعب ع۔ بازی۔ کھیل۔
لُعبت ع۔ کھلونا کھیلنے کی چیز
لَعَل ع۔ حرف امید کا ہے
یعنی امید کرنا ایسی شے کا
جو ممکن ہو شاید۔
لَعنت ع۔ پھٹکار۔
لَعین ع۔ ملعون۔ مردود
لُغات ع۔ جمع ہے لغت کی۔
لُغت ع۔ زبان کسی قوم
کی۔ لفظ۔
لُغز ع۔ بسوراخ موش دشتی کا
اور چیستان۔ پہیلی۔
لَغزش ف۔ پھسلنا پیر کا۔
غلطی۔
لَغزان ف۔ پھسلتا ہوا۔
لَغزیدن ف۔ پھسلنا۔
لَغو ع۔ بیہودہ۔
لَغوی ع۔ منسوب لغت سے۔

یعنی لغت کا۔
لَفّ ع۔ لپیٹنا۔
لِفافہ ع۔ اوپر کا خول۔
جامہ بیرونی جو مردہ وغیرہ
پر لپیٹتے ہیں لفائف اس کی
جمع آتی ہے۔
لَفظ ع۔ جو منھ سے نکلے
لَفق ع۔ دو کپڑون کو اکٹھا
کرکے سینا دوخت دوزون
کو ملاکر سینا۔
لَفیف ع۔ ہر چیز پیچیدہ
اور درہم اور وہ کلمہ کہ
جس میں دو حرف علت کے
ہون۔
لِقا ع۔ دیدار۔ ملاقات۔
لَقب ع۔ وہ نام جسیں
کچھ مدح یا ذم نکلے۔
لَقلق ع۔ ایک جانور آبی
ہے اسکو لکلک ہندی میں
کہتے ہیں۔ سانپ اور مچھلی
کا وہ شکار کرتا ہے۔
لُقمان ع۔ بن باعور۔ یہ
حکیم ایوب کی بہن کا بیٹا ہے
یا انکا خالہ زاد بھائی ہے
اور بعضے کہتے ہیں کہ حضرت

داؤد کا شاگرد تھا بعضے کہتے
ہیں کہ بنی اسرائیل کا قاضی
تھا اور دونون باتین جمع
ہوسکتی ہیں بعضے کہتے ہیں
کہ وہ غلام تھا ملک نوبہ کا
رہنے والا۔ مگر آزاد تھا پر اسکی
نبوت میں اختلاف ہے اسکا
ذکر قرآن میں موجود ہے۔
لُقمہ ع۔ نوالہ۔
لَقوہ ع۔ بیماری ہے جسیں
منھ ٹیڑھا ہو جاتا ہے
لَک ع۔ واسطے تیرے۔
لَک ف۔ بیوقوف نادان
اور لاکھ یعنی سو ہزار۔
لَگام ف۔ گھوڑے کے منھ
میں جو دیتے ہیں۔
لَگد ف۔ لات۔
لَگدکوب ف۔ لات مارنا۔
لُکنت ع۔ تتلاپن۔
لِلّٰہ الحمد ع۔ شکر خدا
سپاس خدا کو۔
لِمَ ع۔ علت۔ سبب۔
لِمَ ع۔ کس واسطے۔
لَمحہ ع۔ چشم زدن آنکھ
جھپکنے کی دیر۔ ثانیہ۔

لَمس ع۔ چھونا۔ حاجت جماع
لَمع ع۔ روشنی۔
لَمعان ع۔ چمکنا بجلی کا روشن ہونا۔ چمکنا۔
لَنج ف۔ مٹک چال ناز و نخرہ سے چلنا۔
لُنج ف۔ ہونٹھ۔ لب اندر کی جانب رخسارہ کی مثل آدمی یعنی جسکے ہاتھ اور پیر حرکت نہ کر سکیں۔
لَنگ ف۔ لنگڑا۔
لَنگر ف۔ وہ لوہا ہوتا ہے بہت وزنی جسکے سبب سے کشتی کو چلنے سے روک دیتے ہیں اور وہ جگہ جہاں پر غریبوں مسافروں کو کھانا ملتا ہے اسکو بھی لنگر بولتے ہیں۔
لَنگیدن ف۔ لنگ کرنا۔
لِوا ع۔ نیزہ۔ جھنڈا۔
لَواحِق ع۔ جمع ہے لاحقہ کی
لَوامِع ع۔ جمع ہے لامعہ کی یعنی روشنی۔
لَوائِم ع۔ جمع ہے لائمہ کی۔
لُوبِیا ف۔ ایک قسم کی پھلی ہوتی ہے جسکی ترکاری پکاتے ہیں

لَوازِم۔ لَوازِمہ ع۔ جمع ہے لازمہ کی۔
لَوث ع۔ آمیزش آلودگی تھڑ جانا۔
لُوچ ف۔ ننگا۔ بھینگا۔
لَوح ع۔ تختی۔ تختہ۔
لَوز ع۔ بادام۔
لَوزِینہ ع۔ بادام کا بنا ہوا خواہ کھانا وغیرہ۔
لَوس ع۔ تملق۔ چاپلوسی۔
لُوطی ع۔ مغلم اغلام کرنیوالا
لُؤلُؤ ع۔ موتی۔
لَون ع۔ رنگ۔
لَوند ف۔ بھکڑ۔ یارند۔
لَہاب / لَہَب } ع۔ لپیٹ۔ آگ کا شعلہ۔
لَہجہ ع۔ اُچارن۔ آواز الفاظ کی زبان محاورہ آواز خوش۔
لِہٰذا ع۔ اسی واسطے۔
لَہو ولعب ع۔ کھیل کود
لِیاقت ع۔ استعداد حوصلہ
لِیقہ ع۔ صوف جو دوات میں ڈالکر سیاہی بھر اُس کو تر کرتے ہیں۔

لَیالی ع۔ جمع لیل کی راتیں
لِئام ع۔ جمع ہے لئیم کی نالائق آدمی۔
لَیت ولعل ع۔ ڈھیل کرنا کسی کام میں۔
لَیت ع۔ کاشکے۔ امید۔
لیزم ف۔ کبادہ کمان نرم اور سست جس پر مشق کمان کھینچنے کی کرتے ہیں۔
لیسیدن ف۔ چاٹنا۔
لیک ف۔ مخفف ہے لیکن کا یعنے مگر۔
لیکن ف۔ مگر۔ پر
لَیل ع۔ رات۔
لیمو ع۔ نیبو۔
لِینَت / لِینَہ } ع۔ نرمی بزبانی
لَئیم ع۔ ناکس۔ بخیل۔ کنجوس
لئیمان ف۔ جمع فارسی لئیم کی ہے کنجوس لوگ۔

باب المیم

ما ع۔ نہیں۔ کیا چیز۔ جو کہ۔
ماء ع۔ پانی۔
ما ف۔ ہم۔
ماءِ معین ع۔ آب روان جو پاک اور صاف ہو معین اسم مفعول ہے عین سے جیسا کہ بیع سے۔ مبیع ہے۔
ماء الجبن ع۔ پانی دودھ کا جو اسکو پھاڑ کر نکالتے ہیں۔
ماء الحیات ع۔ آب حیات
ماء الورد ع۔ عرق گلاب
مآب ع۔ جائے بازگشت وہ جگہ جہاں آدمی لوٹ کر جاوے
ما بقی ع۔ جو باقی رہا ہو بچا ہوا جھوٹا کھانا جو باقی رہ جاوے۔
مابون ع۔ بوبیا یعنی وہ شخص جس کو اغلام کروانے کی بیماری ہو۔
مابین ع۔ درمیان۔
مات ع۔ مرگیا۔ ہارگیا اصل میں یہ صیغہ ماضی کا ہے اب بجائے اسم کے مستعمل ہوگیا ہے۔
ماتح ع۔ پانی کھینچنے والا۔ کنوین سے آب کشندہ از چاہ
ماتقدم ع۔ اول کا جو

پہلے گذرے مذکورۂ بالا۔
ماتم ع۔ رونا پیٹنا۔
ماثم ع۔ گناہان جمع ہے ماثم کی مصدر میمی ہے۔
ماثم ع۔ بدلا گناہ کا۔
ماثر ع۔ نشان۔ کھوج نشان نیک کار پسندیدہ اور عمدہ۔
ماثل ع۔ نشان مکان کا جسکے آثار باقی نہ ہون۔
ماثور ع۔ منقول۔ نقل شدہ اور فارسی میں بمعنی اثر پذیر شدہ کے بھی آتا ہے اور بمعنے بدلہ دیے گئے کے بھی۔
ماثورہ ع۔ منقول۔
ماثوم ع۔ گناہگار۔
ماج ف۔ ماہ۔ چاند۔
ماجد ع۔ مرد بزرگوار۔
ماجدہ ع۔ زن بزرگوار۔
ماجرا ع۔ واردات۔
ماجو ف۔ ایک دوا کا نام ہے
ماجوج ع۔ یافث ابن نوح کی اولاد تاتاری لوگ۔
ماچ / موچ } ف۔ بوسہ دینا چوما لینا۔

ماجور ع۔ اجر دیا گیا۔ نیک بدلا دیا گیا۔
ماچین ف۔ ایک ملک ہے جنوب میں چین کے اور مشرق میں ہندوستان کے۔
ماخ ع۔ سفیدی جو مرغی کے انڈے میں ہوتی ہے۔
ماحصل ع۔ حصول حاصل شدہ۔
ماحضر ع۔ جو حاضر ہو جو شے موجود ہو کھانے وغیرہ کی خاصکر کھانے پر استعمال اس کا فارسی میں آتا ہے۔
ماحی ع۔ محو کرنیوالا نیست و نابود کرنے والا۔
ماخذ ع۔ مصدر جگہ اخذ کی لینے کی جگہ۔
ماخوذ ع۔ گرفتار کیا گیا۔ پکڑا گیا۔ لیا گیا۔
مادام ع۔ ہمیشہ۔
مادح ع۔ تعریف کرنیوالا۔
مادخ ع۔ ارجمند۔ بزرگ۔
مادر ف۔ ماں۔ والدہ۔
مادر زاد ف۔ وہ بچہ جو اپنی ماں کا جنا ہوا۔
مادر مادر ف۔ نانی۔
مادر بخطا ف۔ ایک گالی ہے یعنے تیری ماں حرام کار تھی۔
مادری ف۔ ماں کا۔
مادندر ف۔ سوتیلی ماں باپ کی جورو جسکے پیٹ کا وہ شخص نہ ہو۔
مادہ ف۔ استری۔ عورت جو مقابل نر کے ہے۔
مادہ ع۔ ہیولا۔ استعداد وہ شے جس سے کوئی شے بنائی جاوے اور وہ شے جو محسوس ہو سکے۔
مادی ع۔ منسوب مادہ سے
مادون ع۔ علاوہ۔
مادیان ف۔ مادہ گھوڑی یہ لفظ مفرد ہے۔
ماذون ع۔ اذن دیا گیا۔ حکم کردہ اجازت دیا گیا۔
مار ف۔ سانپ۔
مارا ت۔ ہمارے تئیں۔
مارب ع۔ مطلب مقصد اسکی جمع مآرب آتی ہے۔

مارپیچ ف۔ پرخم۔ پرچیم جھنڈے کا جو لشکر میں ہوتا ہے اور کئی سانپون کے مانند باہم پیچیدہ۔ تصویر جو بنی ہو۔
ماروت ع۔ نام ایک فرشتہ کا ہے۔
مارق ع۔ خارج دین سے گمراہ۔
مارن ع۔ ناک کی پھنگ سربینی جو نرم ہوتا ہے۔
مارو ف۔ نام ایک دوا کا ہے۔
مازندران ف۔ ملک طبرستان جو تابع فارس کے ہے۔
ماس ف مخفف ہے آماس کا۔ ورم۔ سوجن۔
ماسخ ع۔ بے مزہ۔ پھیکا۔
ماسبق ع۔ گذشتہ جو پہلے گذر چکا ہو۔
ماست ف۔ دہی جغرات
ماست بند ف۔ پنیر بنانیوالا آدمی۔
ماسک ع۔ مرکز بیضوی شکل کا۔

ماسلف ع۔ گذشتہ۔
ماسوا ع۔ علاوہ۔ سوا۔ اصطلاح میں سوائے ذات خدائے تعالےٰ کے تمام موجودات اور مخلوقات۔
ماش ع۔ مونگ اور ہندی میں ماش ارد کہتے ہیں۔
ماشہ ف۔ ۸ رتی کا وزن۔
ماشطہ ع۔ وہ عورت جو کنگھی دوسری عورتوں کے سر میں کرتی ہے اور دلہن کو آرائش دیتی ہے اسکو مشاطہ بھی بولتے ہیں۔
ماشی ع۔ چلنے والا پیرون چلنے والا۔
ماشور ف۔ غربال چھلنی
ماص ع۔ چوسنے والا۔
ماصدق ع۔ وہ چیز جو صادق ہو اور محاورہ میں مضمون اور معنی کے مستعمل ہے۔
ماضی ف۔ گذشتہ۔ گذرا ہوا زمانہ
ماضغہ ع۔ قوت چبانے کی
ماطر ع۔ برسنے والا۔
ماعز ع۔ بز مادہ بکری۔
ماعون ع۔ زکوٰۃ مال کی اور وہ چیز جس سے مدد طلب کریں اسباب گھر کا جیسے ہانڈی توا۔ آگ کڑاہی فرش وغیرہ
مافات ع۔ جو گذر گیا جو فوت ہوا۔
مافوق ع۔ اوپر۔
ماقبل ع۔ پہلے۔
ماق ع۔ آنکھ کا کویا جو ناک کی طرف ہوتا ہے گوشۂ چشم بطرف بینی۔
ماکول ع۔ کھایا گیا خوردہ شدہ۔ خوردنی۔
ماکل ع۔ کھانا۔ خوردن مجازاً شے کھانے کی۔
ماکیان ف۔ مرغی۔
مال ع۔ دولت۔ روپیہ دھن۔
مآل ع۔ انجام کار۔ جگہ لوٹنے کی جائے رجوع۔
مالاکلام ع۔ جس میں کچھ کلام باقی نہ ہو۔
مالامال ع۔ کثیر اور بہت مجازاً بھرا ہوا۔ پر۔ لبالب۔
مالایَنحل ع۔ جو کہ قابل حل ہونے کے نہ ہو۔ بہت کٹھن
مالایعنی ع۔ بیہودہ وہ چیز جس سے کسی کی کچھ مراد نہو بے فائدہ۔
مالح ع۔ شور نمکین۔
مالخ ع۔ خلل دماغ۔ سودائی
مالیخولیا ع۔ سودا خیال خام ایک قسم کا جنون۔
مالدار ف۔ دولتمند
مالش ف۔ مالیدگی۔ ملنا۔ طبیعت کا قے کرنے پر مستعد ہونا۔
مال ضامن ف۔ وہ شخص جو اس طرح پر ضامن ہو کہ اگر یہ شخص چلا جاوے گا تو اسقدر مال سرکار میں حاضر کرونگا
مال ضامنی ف۔ ضمانت مال کی ونیا یعنے اتنا مال بھر دونگا۔
مالک ع۔ صاحب خداوند ملک والا اور نام اس سوداگر کا ہے جس نے حضرت یوسف کو انکے بھائیوں سے خرید کیا تھا اور نام اس فرشتے کا جو موکل دوزخ کا ہے۔ دربان دوزخ۔
مالکانہ ف۔ مالک ہونیکا حق
مالگزاری ف۔ سرکاری محصول زمین کا دینا۔
مالکیت ع۔ مالک ہونا۔ مالک پن۔
مال ومتاع ع۔ اسباب درو پیہ۔
مالوف ع۔ الفت کیا گیا خو گرفتہ شدہ۔ دوستی کیا گیا۔
مالی ع۔ پر کرنے والا۔ اور پر ہونے والا۔
مالیت ع۔ مال پن۔ دھن
مالیدن ف۔ ملنا۔
مالیدہ ف۔ ملا ہوا۔
ماما ف۔ بڑھیا۔ بوڑھی عورت
مامک ف۔ ماں۔ والدہ پیار کا لفظ ہے۔
مامن ع۔ جائے امن۔ جگہ آرام کی۔
مامضیٰ ع۔ وہ جو گذر گیا زمانہ گذشتہ
مامن رضا ع یعنی جائے امن رضا کی اشارہ مشہد مقدس کا ہے کیونکہ وہاں پر مزار امام علی موسیٰ رضا علیہ السلام

کا ہے یہ مزار شیعوں کے نزدیک بجائے کعبہ کے ہے وہ کہتے ہیں کہ جو گنہگار وہاں پر جاتا ہے پھر اس سے بازخواست گناہ کی جاتی رہتی ہے گویا اس نے امن پایا عذاب عقاب سے
مامور ع۔ حکم کیا گیا۔ امر کیا گیا
مامول ع۔ امید کیا گیا۔
مامون ع۔ امن کیا گیا۔ محفوظ۔ بے خوف۔ اور نام خلیفہ بغداد کا جو ہارون رشید کا بیٹا تھا
مانا ف۔ مشابہ۔ مانند بشاید تحقیق۔
مان ف۔ خانہ و اسباب متاع اور ہم اور ہم کو۔ کلمہ تشبیہ مانند کے بھی۔
مانح ع۔ سخی۔ بخشنے والا۔ داتا کریم۔
ماندگی ف۔ عاجزی تھکن
ماندن ف۔ رہنا۔
مانند ف۔ حرف تشبیہ کا ہے جیسا۔
ماندہ ف۔ رہا ہوا۔ تھکا ہوا
مانستن ف۔ مشابہ ہونا۔
مانع ع۔ منع کرنے والا۔ روکنے والا۔
مانوس ع۔ جس چیز سے انس ہوگیا ہو۔ مرغوب۔
ماوی ع۔ جائے بازگشت گھر۔ جائے پناہ
ماوری ع۔ سوائے۔ علاوہ۔
ماہچہ ف۔ مانند چاند کے ایک شکل چاندی یا سونے کی بناکر علم پر یا فوج کے جھنڈے پر لگاتے ہیں۔ اسکو ماہچہ بولتے ہیں۔
ماہانہ ف۔ ماہواری۔
ماہ جلالی ف۔ مراد ماہ شمسی سے جو منسوب ہے جلال الدین ملک شاہ سلجوقی کی تاریخ سے
ماہتاب ف۔ چاند اور چاندنی چاند کی۔
ماہ نخشب ف۔ وہ چاند ہے جسکو حکیم بن عطا نے جو بنام ابن مقنع کے مشہور ہے چند اجزا سیماب وغیرہ سے ملا کر بنایا تھا یہ چاند دو مہینے تک ہر رات کو ایک کنوئیں سے نکلتا تھا۔ اور چار فرسنگ تک اس کا نور پہونچتا تھا
ماہر ف۔ کسی کام میں بڑا اُستاد۔
ماہرو ف۔ معشوق۔ چاند کے مانند چہرہ۔
ماہوار ف۔ ہر مہینے۔ مہینے مہینے
ماہی ف۔ مچھلی۔
ماہیانہ ف۔ مہینے۔ ماہواری
ماہیت ع۔ حقیقت اسکی ماہی ہے لفظی معنے یہ ہیں (کیا ہے یہ) اُس پر تا بڑھا کر مصدر بنا لیا ہے۔
ماؤف ع۔ آفت رسیدہ دکھ پہونچا ہوا۔
مائی ع۔ آبی۔ پانی کا۔
مؤجل ع۔ مہلت دیا گیا۔
ماؤل ع۔ تاویل کیا گیا۔
مؤتمن ع۔ معتمد۔ امین۔
مائت ع۔ مرنیوالا۔ میرندہ
مائدہ ع۔ دسترخوان خوان پر از طعام۔
مائع ع۔ رقیق شے جیسے پانی شہد وغیرہ۔
مایحتاج ع۔ وہ شے جسکی طرف انسان کو حاجت پڑتی ہے
مایقرا ع۔ ایسا لکھا ہوا جسکو آدمی پڑھ سکے۔
مائل ع۔ متوجہ۔ میل رکھنے والا خمیدہ۔ شائق۔
مایوس ع۔ ناامید۔ بے آس
مایہ ف۔ پونجی اصل مادہ۔ مقدار
مائۃ ع۔ ایک سو۔
مائتین ع۔ دو سو۔
مئین ع۔ یہ جمع ہے مائۃ کی یعنی صدہا۔ سیکڑوں۔
مائن ع۔ دروغگو۔ جھوٹا۔
مباح ع۔ جائز رکھا گیا۔ جائز داشتہ شدہ۔
مباحثہ ع۔ باہم بحث کرنا
مباد ف۔ مت ہو جو کلمہ بددعا کا ہے۔
مبادا ف۔ خدا نہ کرے کہ یوں ہو۔
مبادر ع۔ جلدی کرنیوالا پیشی کرنے والا۔
مبادرت ع۔ شتابی کرنا پیشی لیجانا۔
مبادلہ ع۔ بدلہ کرنا باہم بدل
مبادی ع۔ جمع ہے مبدا کی ابتدا کی باتیں جو شروع

یں بکھلائی جاویں ۔
مُبَارِز ع ۔ لڑائی کو نکلنے والا سپاہی جنگ کنندہ ۔
مُبَارَک ع ۔ برکت کردہ شدہ فجستہ ۔ بزرگ کردہ شدہ ۔
مُبَاشِر ع ۔ آپ کرنے والا کسی کام کا ۔ جماع کرنے والا ۔
مُبَاشَرَت ع ۔ آپ کسی کام میں گھسنا ۔ جماع کرنا ۔
مُبَاعَدَت ع ۔ دوری مفارقت ۔ جدائی ۔
مَبَاقِل ع ۔ ترکاری کے کھیت جہاں پر لہسن پیاز ساگ پات بوتے ہیں ۔ مفرد اس کا بقلہ ہے ۔
مَبَال ع ۔ پیشاب گاہ ۔ مراد فرج عورت کی اور ذکر مرد کا ۔
مُبَالَات ع ۔ اندیشہ فکر رکھنا ۔ خوف رکھنا ۔
مُبَالَغَہ ع ۔ کسی کام میں سخت کوشش کرنا بہت تعریف یا ہجو کرنا جو محال معلوم ہو ۔
مَبَانِی ع ۔ جمع ہے مبنی کی بنیادیں ۔
مُبَاہَات ع ۔ فخر کرنا ۔
مُبَاہَجَت ع ۔ باہم فخر کرنا نکوئی اور حسن میں باہم خوش ہونا ۔
مُبَاہَلَہ ع ۔ ایک دوسرے کو نفرین کرنا یعنی دعائے بد ایک دوسرے کے حق میں کرنا
مُبَاہِی ع ۔ ناز کنندہ فخر کنندہ ۔
مُبَایَعَت ع ۔ بیعت کرنا تابع ہونا ۔
مُبَایَنَت ع ۔ باہم جدا ہونا ایک دوسرے سے علیحدہ ہو جانا ۔ دوری ۔ جدائی ۔
مَبْدَا ع ۔ جائے شروع اور جگہ ظاہر ہونے کی ۔
مُبْتَدَا ع ۔ شروع اول جزء جملہ اسمیہ کا ۔
مُبْتَدِع ع ۔ بدعت کرنیوالا بدعتی ۔
مُبْتَدِی ع ۔ شروع کرنے والا
مُبْتَلَا ع ۔ گرفتار بلا میں پھنسا ہوا بلا میں ۔
مُبْتَہِج ع ۔ شادان ۔ خوش ۔
مَبْحَث ع ۔ جائے بحث ۔ مقام بحث ۔
مَبْدَاِ فَیَّاض ع ۔ مراد خدائے تعالیٰ آغاز کرنے والا بہت فیض رسان ۔
مُبْدِع ع ۔ آپ کسی چیز کا پیدا کرنے والا ۔ بے مادہ بنانے والا ۔
مُبَدَّل ع ۔ بدلا ہوا ۔ بدلا گیا
مُبَذِّر ع ۔ اسراف کرنیوالا بیہودہ خرچ کرنے والا فضول خرچ ۔
مَبْذُول ع ۔ خرچ کیا گیا
مُبَرَّا ع ۔ بیزار شدہ ۔ دور شدہ ۔ پاک کردہ شدہ
مُبَرِّد ع ۔ سردی دینے والا سرد کنندہ ۔
مَبْرَز ع ۔ مقعد ۔ بچھانہ نکلنے کی جگہ ۔
مُبَرْہَن ع ۔ بدلیل ثابت کیا ہوا
مَبْرُور ع ۔ نکوئی کردہ شدہ نیکی کیا گیا ۔ پاک ۔
مَبْسُوط ع ۔ پھیلا ہوا ۔ فراخ
مُبَشِّر ع ۔ خوشخبری پہونچانے والا بشارت دینے والا ۔
مُبْصِر ع ۔ بینائی والا ۔ پہچاننے والا ۔
مِبْضَع ع ۔ نشتر ۔ فصد کھولنے والے کا نشتر ۔ فصاد ۔
مُبْطِل ع ۔ باطل کنندہ باطل کرنے والا ۔
مَبْعُوث ع ۔ اٹھایا گیا برانگیختہ کیا گیا ۔
مَبْلَغ ع ۔ جائے رسیدن مقام حد و نہایت مقدار اندک ۔
مَبْنِی ع ۔ جگہ بنائی ۔ مجازاً بنیاد وغیرہ ۔
مُبْہِج ع ۔ خوش اور شاد کرنے والا ۔ خوش ۔
مُبْہَم ع ۔ دربستہ اور کار فروبستہ مشتبہ اور کلام مبہم وہ جو کسی طرح دریافت نہ ہوسکے کہ کیا مطلب ہے ۔
مَبْہُوت ع ۔ حیران ہو چکا
مَبِیت / **مَبَات** ع ۔ رات گذارنا جگہ شب گذارنے کی ۔
مَبِیع ع ۔ ہر شے خرید کی ہوئی اسباب بکا ہوا ۔
مُبِین ع ۔ ظاہر آشکار ۔
مُبَیِّن ع ۔ بیان کرنے والا

مَتیٰ ع۔ کب۔ کسوقت جسوقت
مَتاب ع۔ لوٹ جانا۔ جائے رجوع۔
مُتابعت ع۔ تابعداری۔
مُتاثر ع۔ اثر پذیر۔ اثر قبول کرنے والا۔
مُتاخر ع۔ پیچھے آنے والا جو آخر میں رہ گیا ہو۔ جو پیچھے رہ گیا ہو۔
مُتاخرین ع۔ پچھلے لوگ حال کے زمانہ کے لوگ۔
مُتادی ع۔ پہونچانے والا
مُتاذی ع۔ تکلیف پانیوالا
مُتاسف ع۔ افسوس کرنیوالا
مَتاع ع۔ پونجی اسباب سوداگری۔ گھر کا اسباب۔
مَتاعب ع۔ رنجہا۔ ماندگیہا جمع تعب کی ہے۔
مُتالف ع۔ تالیف کیا گیا مرکب کیا گیا۔
مُتالم ع۔ رنج کشیدہ۔ رنجیدہ دکھیا۔ دردناک۔ دردمند۔
مُتامل ع۔ تامل کرنے والا غور کرنے والا۔
مَتانت ع۔ استواری پختگی

مُتاہل ع۔ جورو کرنے والا کنبہ دار۔ اہل کرنے والا۔
مُتبادر ع۔ جلد ذہن میں آنیوالا
مُتباین ع باہم جدا و مخالف ایسے کہ ایک دوسرے پر صادق نہ آسکیں۔
مُتبدّل ع۔ بدلا گیا تبدیل کیا گیا۔
مُتبحر ع۔ وہ آدمی جس کو بہت بڑا علم ہو۔ بڑا عالم۔
مُتبخر ع۔ بخارات بنایا گیا۔
مُتبرک ع۔ برکت یافتہ۔ برکت والا۔
مُتبلد ع۔ کند ذہن۔ احمق
مُتبنّیٰ ع۔ فرزند کیا ہوا۔ فرزندی میں لیا ہوا یا لےپالک لڑکا۔
مَتبوع ع۔ سردار وہ شخص جس کے لوگ تابع ہوں پیروی کیا گیا۔
مُتجاوز ع۔ تجاوز کرنیوالا حد سے گذرنے والا۔
مُتجاہل ع۔ جان بوجھ کر جاہل ہونے والا۔ انجان اپنے تئیں بنانے والا۔

مُتجسس ع۔ تلاش کرنیوالا ڈھونڈھنے والا۔
مُتجلی ع۔ روشن و آشکار
مُتحتم ع۔ واجب لازم یقینی واجب ہونے والا۔
مُتحد ع۔ اتحاد کیا گیا۔ ایک کیا گیا ملا ہوا۔
مُتحرک ع۔ حرکت کرنے والا
مُتحصن ع۔ قلعہ نشین جسنے قلعہ میں پناہ لی ہو۔
مُتحقق ع۔ تحقیق کیا گیا درست۔
مُتحلّی ع۔ زیور۔ پوشندہ۔ آراستہ زیور سے۔
مُتحمل ع۔ برداشت کرنیوالا۔ سہنے والا۔
مُتحیر ع۔ حیران۔ بھوچک۔
مُتخاصم ع۔ خصومت کرنیوالا جھگڑالو۔ دشمنی کرنے والا۔
مُتخاصمین ع۔ مدعی اور مدعا علیہ طرفین جو جھگڑا کریں
مُتخلخل ع۔ پولا۔ جو ٹھوس ہو
مُتخیل ع۔ خیال کیا گیا۔
مُتخیلہ ع۔ خیال کیا گیا۔ اور مکان خیال دماغ اور قوت خیال

مُتداولہ ع۔ دست بدست جو چیز پھری ہو۔ نوبت بنوبت گرفتہ شدہ۔ مروج۔
مُتدین ع۔ دیندار۔
مُترادف ع۔ ہم معنے دو لفظ ایسے جنکے معنی ایک ہوں وہ ایک دوسرے کا مترادف کہلاتا ہے۔
مُترجم ع ترجمہ کرنے والا اور مُترجَم وہ کتاب جس کا ترجمہ کیا گیا ہو۔
مُتردد ع۔ متفکر اور آنے جانے والا۔
مُترشح ع۔ ٹپکنے والا۔ تراوندہ
مُترصد ع۔ امیدوار۔ امید رکھنے والا۔
مُترقب ع۔ انتظار کیا گیا
مُترنم ع۔ گایا گیا۔
مُتروک ع۔ چھوڑا گیا۔
مُتزاید ع۔ بڑھنے والا زائد ہونے والا۔
مُتزلزل ع۔ ڈگمگانے والا لرزندہ۔
مُتساوی ع۔ تساوی۔ برابر ایک دوسرے کا مساوی

مُتَسَلِّط ع۔ غالب ہونیوالا۔ غلبہ کرنے والا۔
مُتَشَابِہ ع۔ ہمشکل اور جسکے معنی میں کچھ شبہہ ہو مخفی المعنی
مُتَشَاعِر ع۔ جو شخص شاعر نہو اور اپنے تئیں شاعر جتلائے
مُتَشَکِّل ع۔ شکل اختیار کرنیوالا
مُتَشَکِّی ع۔ شک کرنے والا۔
مُتَصَاعِد ع۔ چڑھنے والا اوپر ہونے والا۔
مُتَصَدِّع ع۔ دردسر کرنیوالا تصدیع کرنے والا۔
مُتَصَدِّی ع۔ پیش آنیوالا۔
مُتَصَرِّف ع۔ قابض تصرف کرنے والا۔
مُتَّصِف ع۔ موصوف جسکے ساتھ کوئی وصف لگا ہو۔
مُتَّصِل ع۔ پاس قریب لگا ہوا اتصال رکھنے والا۔
مُتَصَوَّر ع۔ تصور کیا گیا۔
مُتَضَمِّن ع۔ درضمن گیرندہ بیچ میں لینے والا۔ شامل۔
مُتَضَاد ع۔ باہم مخالفت کنندہ۔

مُتَضَرِّر ع۔ ضرر اختیار کرنیوالا
مُتَضَرَّر ع۔ ضرر یافتہ جس کو ضرر ہو چکا ہو۔
مُتَعَارِف ع۔ معروف آپس میں تعارف کیا گیا۔
مُتَعَاقِب ع۔ پیچھے سے آنیوالا۔ پس روندہ۔
مُتَعَال ع۔ بلند۔ عالی۔
مُتَعَبِّد ع۔ عبادت کرنیوالا پوجاری بہ تکلف عبادت کرنے والا۔
مُتَعَدَّد ع۔ چند شمار کردہ شدہ
مُتَعَذِّب ع۔ خوشگوار عذب سے مشتق ہے۔
مُتَعَدِّی ع۔ تجاوز کرنیوالا اور علم صرف ونحو کی اصطلاح میں وہ فعل جو مفعول کو بھی چاہے بخلاف لازم کے۔
مُتَعَذِّر ع۔ دشوار مشکل۔
مُتَعَرِّض ع۔ پیش آنیوالا اور روکنے والا۔
مُتَعَسِّر ع۔ دشوار مشکل۔
مُتَعَصِّب ع۔ دین کی پچ کرنے والا۔ تعصب کرنے والا۔

مُتَعَطِّش ع۔ تشنہ۔ پیاسا۔
مُتَعَلِّق ع۔ لگاؤ رکھنے والا تعلق رکھنے والا۔
مُتَعَلِّم ع۔ سیکھنے والا۔ طالبعلم
مُتَعَنِّت ع۔ عیب گیرندہ سہو و خطا پکڑنے والا۔
مُتَعَنِّدان ف۔ جمع ہے متعند کی۔
مُتَعَنِّد ع۔ عناد رکھنے والا دشمنی رکھنے والا۔ بدخواہ۔
مُتَعَوِّب ع۔ رنجیدہ رنج کشیدہ۔
مُتَعَوِّد ع۔ خوگر۔ عادت کرنے والا۔
مُتَعَہِّد ع۔ ذمہ دار کام میں مشغول۔
مُتَعَیَّن ع۔ مقرر کیا ہوا تعین کیا گیا۔
مُتَغَیَّر ع۔ تغیر کیا گیا۔ بدل کیا گیا۔
مُتَفَاوِت ع۔ فرق کیا گیا تفاوت کیا گیا۔
مُتَفَحِّص ع۔ ڈھونڈھنے والا تلاش کرنے والا۔
مُتَفَتِّش ع۔ ڈھونڈھنے والا تفتیش کرنے والا۔

مُتَفَرِّج ع۔ جائے سیر و تماشا
مُتَفَرَّع ع۔ بشاخ کیا گیا۔ مترتب کیا گیا۔
مُتَفَرِّق ع۔ فرق کیا گیا۔ علیحدہ۔
مُتَّفِق ع۔ ملا ہوا اتفاق کرنے والا۔
مُتَفَکِّر ع۔ فکرمند جس کو فکر ہو
مُتَقَاضِی ع۔ تقاضا کرنیوالا
مُتَقَاعِد ع۔ پست شوندہ تقاعد۔ قبول کرنے والا سستی کرنے والا۔
مُتَقَدِّم ع۔ پیش ہونے والا آگے بڑھنے والا۔
مُتَّکَا ع۔ تکیہ گاہ۔ تکیہ لگانے کی جگہ۔
مُتَکَبِّر ع۔ مغرور۔ تکبر والا۔
مُتَکَسِّر ع۔ شکستہ ہونے والا ٹوٹنے والا۔
مُتَکَفِّل ع۔ ضامن۔ کفیل ذمہ دار۔
مُتَکَلِّف ع۔ تکلیف کرنیوالا
مُتَکَلِّم ع۔ بولنے والا۔
مُتَلَاطِم ع۔ امواج زن موجزن

متلطخ ع - لتھڑنے والا - آلودہ
متلبس ع - پوشیدہ
جامہ پوشیدن - پنہان ہونے والا
لباس پہننے والا -
متلذذ ع - لذت اٹھانیوالا
متلقی ع - ملاقات کرنیوالا
متلقی ملاقات کردہ شدہ
متلون ع - رنگ اختیار
کرنے والا -
متمادی ع - دراز - لمبا -
متمتع ع - برخوردار فائدہ
و نفع اٹھانیوالا -
متمرد ع - سرکش نافرمان -
متمم ع - تمام کرنے والا -
کامل کرنے والا -
متمنی ع - تمنا کرنے والا
آرزو رکھنے والا -
متمنیٰ ع - آرزو کیا گیا -
متموج ع - تموج کرنے والا
موجزن - لہریں مارنے والا
متن ع - پشت - پیٹھ -
استوار - جائے بلند اور سخت
اصل کتاب جسکی شرح کی جاوے
متناہی ع انتہا کو پہنچنے والا
متنبہ ع - واقف - مطلع
خبردار آگاہ -
متنعم ع - ناز و نعمت میں
رہنے والا -
متنفر ع - نفرت کرنے والا
وحشت کرکے بھاگنے والا -
متنوع ع - نوع بنوع شوندہ
گونا گون شوندہ اقسام اقسام
کا ہونے والا -
متواتر ع - پے درپے
آنے والا -
متواری ع - پوشیدہ
ہونے والا - چھپنے والا -
متواضع ع - فروتن
عاجزی کرنے والا - ذلت
اختیار کرنے والا -
متوافر ع - وافر ہونے والا
زیادتی اختیار کرنے والا -
متوالی ع - پے درپے آنیوالا
متوج ع - تاج دیا گیا
جسکے سر پر تاج رکھا گیا ہو -
متوجہ ع - توجہ کرنے والا
دھیان اور خیال کرنے والا
متوحش ع - وحشت اختیار
کرنے والا -
متورع ع - پارسا - پارسائی
اختیار کرنے والا -
متوسل ع - وسیلہ ڈھونڈنے والا
متوصل ع - وصل اختیار
کرنے والا -
متوطن ع - رہنے والا باشندہ
متوفی ع - وفات یافتہ شدہ
موا ہوا - مردہ
متوقع ع - امید رکھنے
والا - توقع رکھنے والا -
متوقف ع - دیر کرنے والا
توقف کرنے والا -
متوکل ع - بھروسا کرنیوالا
توکل کرنے والا -
متولد ع - پیدا ہونے والا
متولی ع - کام پر رہنے والا
دوستی رکھنے والا -
متوہم ع - وہم کرنے والا
متوہم وہم کیا گیا -
متہاون ع - سستی کرنیوالا
متہم ع - وہ شخص جس پر تہمت
لگائی جاوے -
متین ع - استوار مضبوط
مثابہ ع - مانند - مشابہ -
مثال ع - شبیہ نظیر تصویر
حکمنامہ قاضی کا - مانند
فرمان بادشاہی پروانہ حکم -
مثانہ ع - بھکنا - وہ کیسہ
جسکے اندر پیشاب ہوتا ہے -
مثانی ع - سورۂ فاتحہ اور
جمع ہے مثنی کی - دو - دو -
مثبت ع - جو نفی نہ ہو
اثبات کردہ شدہ -
مثقال ع - ۴½ ساڑھے
چار ماشے کے وزن کو مثقال
کہتے ہیں -
مثل ع - مثال - کہاوت
مانند - وصف حال داستان
مثل ع - مانند - مساوی
صفتوں میں -
مثلث ع - جو سطح تین
خطوط مستقیم سے محاط ہو
جیسے یہ △
مثمر ع - پھل دینے والا
انجام دینے والا - نتیجہ
دہندہ - میوہ آورندہ -
مثمن ع - ہشت پہلو -
مثنیٰ ع - تثنیہ - دوبارہ
کردہ شدہ دوم کردہ شدہ
مثنوی ع - وہ اشعار ہوتے
ہیں جن میں ہر ایک شعر کے

دو مصرعون کے قافیے ملتے
جاویں۔
مُثَوَّبْ ع۔ ثواب دیا گیا
بدلا نیکی کا کیا گیا۔
مَثُوبَاتْ ع۔ عوض نیکیون
کے بدلے بھلائیوں کے جمع
مثوبت کی ہے۔
مَثْوٰی ع۔ جائے آرام قرارگاہ
مُجَادِلْ ع۔ لڑنے والا۔
مُجَادَلہ ع۔ جنگ کردن۔
مَجَاذِیبْ ع۔ جمع ہے
مجذوب کی کشیدہ شدہ
لوگ خدا کی محبت میں کھنچے
ہوے۔
مَجَازِیْ ع۔ جمع ہے مجزے
کی یعنے غیر حقیقی۔
مَجَازْ ع۔ جو حقیقت نہ ہو۔
مُجَازَاتْ ع۔ بدلہ دینا اور
جزا دینا نیکی اور بدی میں۔
مَجَالْ ع۔ میدان جولانگاہ۔
مجازاً موقع۔ حوصلہ۔ طاقت۔
مُجَالِسْ ع۔ مصاحب جلیس
باہم بیٹھنے والا۔
مَجَالِسْ ع۔ جمع مجلس کی ہے
مُجَامِعْ ع۔ صحبت کرنے والا۔
جماع کرنے والا۔
مُجَامَعَتْ ع۔ صحبت کرنا
جماع کرنا۔
مُجَانَبَتْ ع۔ کسی کام سے
یکسو ہونا۔ دور رہونا۔
مُجَانَسَتْ ع۔ ہمجنسی ہم قومی
مُجَاوِرْ ع۔ ہمسایہ۔ پڑوسی
مُجَاوِرَتْ ع۔ ہمسایہ پن
پڑوسی۔
مُجَاوِزْ ع۔ تجاوز کرنیوالا
درگذر کرنے والا۔
مُجَاہِدْ ع۔ کافروں سے لڑنیوالا
کوشش کرنے والا۔
مَجْبُورْ ع۔ ناچار جبر کیا گیا
نقصان بھرا گیا۔
مُجْتَبٰی ع۔ برگزیدہ۔ پسندیدہ
مُجْتَثْ ع۔ جڑ سے اکھیڑا ہوا
اور نام ایک بحر کا ہے۔
مُجْتَمِعْ ع۔ جمع کیا گیا۔ اور جگہ
جمع ہونے کی۔
مُجْتَنِبْ ع۔ دوری کرنیوالا
پرہیز کرنیوالا۔
مُجْتَہِدْ ع۔ کوشش کرنیوالا
راہ صواب پیدا کرنے والا۔
مَجْدْ ع۔ بزرگی۔ بزرگوار ہونا
مُجِدّ ع۔ کوشش کرنے والا
کسی کام میں۔
مُجَدِّدْ ع۔ از سرِ نو کنندہ
کا رے نیا کرنے والا کسی کام کا
مَجْذُوبْ ع۔ کھینچا گیا۔ اور
خدا کی محبت میں کھینچا ہوا۔
مُجَدَّدْ ع۔ بنایا گیا۔
مُجَرَّبْ ع۔ تجربہ کیا گیا
آزمایا ہوا۔
مُجَرَّدْ ع۔ تنہا اور تارک دنیا
مرد بے زن اور وہ شے جو
مادہ سے پاک ہو۔
مُجَرَّدَاتْ ع۔ عقول عشرہ
ملائکہ ارواح۔
مُجْرِمْ ع۔ جرم کرنیوالا۔ گناہگار
مَجْرُوحْ ع۔ زخمی۔ گھائل
جس کو زخم لگا ہو۔
مَجْرٰی ع۔ جائے جاری ہونیکی
مُجَزَّدْ ع۔ جز و جز و علحدہ کیا ہوا
مُجَسِّمْ ع۔ جسم دار جس میں طول
اور عرض اور عمق ہو۔
مُجَعَّدْ ع۔ گھونگھر والے بال
الجھے دار بال۔
مُجَلّٰی ع۔ صاف روشن۔
مُجَلَّدْ ع۔ جلد بندی کیا ہوا
مَجْلِسْ ع۔ جگہ بیٹھنے کی
مجازاً وہ مقام جہاں گروہ
آدمیون کا جمع ہو۔
مُچَلْکَات۔ یہ ترکی لفظ ہے
معنے اس کے ہیں عہد نامہ
مُجْمَرْ ع۔ عود دان وہ انگیٹھی
جسمیں عود جلاویں۔
مَجْمَعْ ع۔ مجلس اور جگہ جمع
ہونے کی۔
مُجْمَلْ ع۔ جو محتاج تفصیل کا ہو
مُجْمَلَاتْ ع۔ وے آیات
قرآنی جو محتاج تفصیل کی ہیں
مَجْمُوعْ ع۔ تمام۔ جمع کیا
گیا سب۔
مَجْنُونْ ع۔ پاگل۔ دیوانہ
مُجَنَّحْ ع۔ صاحب بازو جناح
جناح۔
مَجُوسْ ع۔ قوم آتش پرست
جو تابع ہیں زردشت کے۔
مَجُوسِیْ ع۔ وہ شخص جو
آتش پرست ہو یا آفتاب اور
ماہ کا پوجا کرے واحد ہے
جمع اسکی مجوس آئی ہے۔
مُجَوَّفْ ع۔ جوف کیا گیا
کھوکھلا جو اندر سے خالی ہو

مجہول ع۔ نامعلوم نادانستہ شدہ اور وہ فعل جس کا فاعل نہو
مجیب ع۔ جواب دینے والا قبول کرنے والا۔
مجید ع۔ بزرگوار گرامی بزرگ
مُح ع۔ زردی جو مرغ کے انڈے کے اندر ہوتی ہے۔
محابا ع۔ اصل میں محابات تھا فارسی کے لوگ تا کو حذف کرکے استعمال اس کا کرتے ہیں بمعنے فروگذاشتن۔ مروت اعانت صلح۔ نگہداشت۔ لحاظ۔
محاذی ع۔ مقابل آنے سامنے والا۔ روبرو ہونے والا۔
محاذات ع۔ مقابلہ اور روبرو ہونا۔ برابر ہونا ایک جزو کا دوسرے جزو سے۔
محارب ع۔ لڑنے والا جنگ کنندہ۔
محاربہ ع۔ لڑائی۔ جنگ
محاربات ج ع۔ لڑائیاں جنگہا
محاریب ع۔ جمع ہے محراب کی یعنے محرابیں۔
محاسب ع۔ حساب کرنیوالا حساب دان۔

محاسبہ ع۔ حساب۔
محاسن ع۔ جمع ہے حسن کی خوبیاں۔ بھلائیاں اور مردوں کی داڑھی۔
محاصر ع۔ گھیرنے والا۔ محاصرہ کرنے والا۔
محاط ع۔ احاطہ کیا گیا۔
محافظ ع۔ نگاہبان۔
محافظت ع۔ نگاہبانی۔
محافل ع۔ جمع ہے محفل کی مجلسیں
محافہ ع۔ ڈولی جو کہار اٹھاتے ہیں اور عورتیں اسمیں سوار ہوتی ہیں۔
محاکات ع۔ باہم حکایت کرنا۔ کوئی کہانی آپس میں کہنی
محاکمہ ع۔ حاکم کے پاس واسطے دفع جھگڑے کے جانا اور منصف ہوکر دفع خصومت کا کرنا۔
محال ع۔ ان ہوت جس کا ہونا ممکن نہ ہو۔
محال ع۔ جمع ہے محل کی مقامات جگہ ہا ضلعے۔
محالات ع۔ ناممکنات۔ غیر ممکن باتیں یا چیزیں۔
محامد ع۔ جمع ہے محمدت کی تعریفیں۔ نیک خصلتیں۔
محاورہ ع۔ گفتگو بات چیت جواب دینا۔
محب ع۔ دوستی کرنے والا پیار رکھنے والا۔
محبت ع۔ دوستی۔
محبوب ع۔ پیارا دوست
محبوس ع۔ مقید۔ قید کیا گیا۔
محتاج ع۔ ناچار۔ حاجتمند غریب مفلس۔
محتاط ع۔ احتیاط کردہ شدہ وہ شخص جو بہت احتیاط رکھے
محتجب ع۔ پردہ نشین چھپا ہوا۔ پردہ میں ہونیوالا
محترفہ ع۔ پیشہ ور لوگ صنعت گران۔ کاریگر لوگ۔ یہ لفظ ہمیشہ صفت لفظ فرقہ یا جماعت کی پڑتا ہے۔
محترم ع۔ عزت کیا گیا۔ حرمت کیا گیا۔
محتشم ع۔ صاحب خدم اور حشم کا جسکے پاس نوکر اور دولت ہو۔

محتسب ع۔ مجسٹریٹ۔ شمار کرنے والا وہ حاکم جو خلاف شرع باتوں کی ممانعت کرے۔
محتمل ع۔ احتمال کیا گیا گمان کیا گیا۔
محتوی ع۔ شامل گھیرنے والا
محجوب ع۔ پوشیدہ۔
محجور ع۔ منع کیا گیا۔ حرام کیا گیا۔
محدب ع۔ کب کیا گیا۔ جو موافق قبہ کے ہو۔
محدث ع۔ حدیث بیان کرنے والا۔ راوی۔
محدث ع۔ احداث کرنیوالا نئی بات نکالنے والا۔
محدود ع۔ حد کیا گیا۔ انتہا کیا گیا۔
محذوف ع۔ حذف کیا گیا گرایا گیا۔
محراب ع۔ لغوی معنی ہیں اوزار لڑنے کا۔ اصطلاح میں اس طاق کو کہتے ہیں جو مسجد میں طرف قبلہ کے بناتے ہیں چونکہ وہ ایک

آڑ ہے شیطان کی لڑائی کا اس لئے اس کا نام محراب رکھا گیا۔
مُحَرِّر ع۔ لکھنے والا۔ تحریر کنندہ
مُحْرِق ع۔ جلانے والا۔
مُحَرِّک ع۔ تحریک کرنے والا حرکت دینے والا۔
مَحْرَم ع۔ وہ شخص جسکے ساتھ نکاح کرنا درست نہو رشتہ دار قریب۔
مُحْرِم ع۔ وہ شخص جو حرم کعبہ میں آوے۔ احرام باندھنے والا۔
مُحَرَّمَات ع۔ حرام چیزیں وے باتیں جس کا توڑنا روا نہو
مُحْرِمَان ع۔ جمع فارسی ہے مُحرِم کی۔
مَحْرَمِ رَاز ف۔ واقف بھید کا بھید جاننے والا۔
مَحْرُور ع۔ گرم حرارت کیا گیا
مَحْرُوس ع۔ نگاہبانی کیا گیا حراست کیا گیا۔
مَحْرُوم ع۔ روکا گیا۔ باز رکھا گیا۔
مَحْزُون ع۔ غمگین۔

مُحْسَنَات ع۔ نیکیاں جمع ہے مُحسنہ کی۔
مُحْسِن ع۔ نیکی کرنے والا احسان کرنے والا۔
مُحْسِنِین ع۔ حساب کیا گیا
مَحْسُوب ع۔ حساب کیا گیا شمار کردہ شدہ۔
مَحْسُود ع۔ حسد کیا گیا۔ رشک کردہ شدہ۔
مَحْسُوس ع۔ وہ شے جو حس میں آتی ہو جو معلوم ہوسکے حس سے۔
مَحْشَر ع۔ جگہ اکٹھا ہونے لوگوں کی۔ روز قیامت۔
مُحَصَّل ع۔ حاصل کردہ شدہ
مُحَصِّل ع۔ حاصل کرنیوالا
مَحْصُود ع۔ کھیتی کٹی ہوئی
مَحْصُور ع۔ حصر کیا گیا۔ گھیرا گیا۔
مَحْصُول ع۔ حاصل کردہ شدہ
مَحْض ع۔ صرف۔ خالص
مَحْضَر ع۔ نامہ قاضی کا جائے حاضر ہونیکی۔ وقت حاضر ہونے کا نیک محضر وہ شخص ہوتا ہے جو غائب کو نیکی سے

یاد کرے۔
مَحْظُور ع۔ منع کیا گیا۔ حرام کیا گیا۔
مَحْفُوظ ع۔ حفاظت کیا گیا
مَحْفِل ع۔ جگہ جمع ہونے آدمیوں کی۔
مَحْظُوظ ع۔ بہرہ مند بخت ور۔ نصیب ور۔
مُحَقَّر ع۔ ذلیل۔ حقیر۔
مُحَقَّق ع۔ تحقیق کیا گیا۔
مِحَک ع۔ کسوٹی نام ہے ایک سیاہ پتھر کا جس پر سونے یا چاندی کی آزمایش کیجاتی ہے
مُحْکَم ع۔ مضبوط۔ مستعد۔
مَحْکَمَہ ع۔ کچہری۔ جگہ انصاف کرنے کی۔
مَحْکُوم ع۔ حکم کیا گیا۔
مَحَل ع۔ جگہ۔ مکان بمنزل مکان بادشاہ یا امیر کا۔
مَحَلَّات ع۔ جمع ہے محلہ کی
مَحَلَّہ ع۔ جگہ اترنے کی بمنزل مقام آدمیوں کا۔ مجازاً کونا شہر کا۔
مُحَلّٰی ع۔ آراستہ شدہ زیور جلا دیا گیا۔

مُحَمَّد ع۔ بسیار ستودہ تعریف کیا گیا نام پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کا۔
مُحَمَّدَت ع۔ ستایش شریف
مُحَمَّدِی ع۔ وہ شخص جو امت محمدؐ سے ہو۔
مَحْمِل ع۔ کجاوہ۔ ہودہ اونٹ کا۔
مَحْمُول ع۔ لادا ہوا گمان کیا گیا۔ منطق میں خبر جو مقابل مبتدا کے واقع ہوتی ہے۔
مِحَن ع۔ جمع ہے محنت کی۔
مِحْنَت ع۔ تکلیف۔ دکھ۔ رنج۔
مَحْو ع۔ زائل کرنا۔ پاک کرنا۔ حروف یا نقوش کو یا کاغذ یا لوح سے پھیل ڈالنا اصطلاح تصوف میں گم اور نابود ہونا
مِحْوَر ع۔ دھرا جس پر پہیہ گردش کرتا ہے۔
مُحَیّا ع۔ چہرہ۔ منھ۔
مُحْیِی ع۔ زندہ کرنے والا۔
مُحِیط ع۔ احاطہ کرنے والا گھیرا گول۔ خط دائرے کا۔

مُخادعت ع۔ مکر۔ فریب
مُخادعات ع۔ مکرہا و فریبہا
جمع مخادعت کی۔
مَخارِج ع۔ جمع مخرج کی جگہ
خارج ہونے کی۔
مَخازِن ع۔ جمع مخزن کی
خزانے۔
مُخاصمت ع۔ باہم خصومت
کرنا۔ جنگ کرنا۔
مُخاط ع۔ آب بینی۔ رینٹھ۔
مُخاطِب ع۔ سامنے سے
بولنے والا۔ خطاب کرنے والا
مُخاطَب ع۔ خطاب کیا
گیا اور جس سے روبرو گفتگو
کی جاوے۔
مُخاطرہ ع۔ خطرہ اندیشہ
وہ بات جو ذہن میں آجاوے
مَخافت ع۔ خوف ڈر۔ ڈرنا
خوف کرنا۔
مَخافات ع۔ جمع ہے
مخافت کی۔
مُخالطت ع۔ مل جانا باکسی
درآمیختن۔ دوستی۔
مُخالِف ع۔ وہ شخص جو
خلاف پر ہو۔ دشمن۔

مُخالفت ع۔ دشمنی خلاف کرنا
مَخاوِف ع۔ جائے ہائے خوف
خوف کی جگہ۔ جمع ہے مخوف کی
مُخبِر ع۔ خبر دینے والا مجازاً
چہرہ انسان کا۔
مُخبَط ع۔ درہم آمیختہ۔ ملاجلا
فاسد۔ تباہ۔
مُختار ع۔ اختیار کیا گیا۔
مُخترَع ع۔ اختراع کیا گیا۔
مُخترِع ع۔ نئی بات نکالنے والا
مُختص ع۔ خاص کیا گیا۔
مُختصر ع۔ جو طویل نہ ہو جو دراز نہ ہو
مُختلف ع۔ جو یکسان نہ ہو
مَختوم ع۔ مہر لگا ہوا یا قفل
اور بند کیا ہوا۔
مَختون ع۔ ختنہ کیا گیا۔
مُخدِّر ع۔ سُن کرنے والی چیز
بےحس کر دینے والی چیز۔
مُخدَّرہ ع۔ پردہ نشین
عورت پردہ نشین۔
مَخدوم ع۔ خدمت کیا گیا۔
مَخذول ع۔ ذلیل خوار
ذلیل کیا گیا۔
مَخرَج ع۔ جگہ نکلنے کی۔
مَخروط ع۔ خراط کیا گیا۔

تراشا گیا۔ پھیلایا گیا۔
مَخزَن ع۔ خزانہ کی جگہ جائے
جمع کرنے کی۔
مَخصوص ع۔ خاص کیا گیا
مُخطَّط ع۔ لکیروں والا وہ
شے جس پر لکیریں پڑی ہوئی ہوں
مَخطور ع۔ اندیشہ جو دل میں
خیال گذرے ہلاکت کے قریب
مُخفَّف ع۔ ہلکا کیا گیا۔
مَخفی ع۔ پوشیدہ۔
مُخِل ع۔ خلل ڈالنے والا
خلل انداز۔
مُخلِص ع۔ اخلاص کرنے والا
مَخلوط ع۔ گڈ بڈ۔ ملا جلا۔
آمیختہ شدہ۔
مَخلوقات ع۔ جمع ہے
مخلوق کی دنیا اور جو چیز
دنیا میں ہے۔
مَخلوق ع۔ پیدا کیا گیا۔
مُخلّٰی ع۔ خالی کیا گیا۔ رہا
کیا گیا۔ چھوڑا گیا۔
مُخمَّس ع۔ پانچ گوشہ پانچ
کونا جسکے پانچ مصرع ہوں
یا پانچ ضلع ہوں یا پانچ
چیزیں جو کسی شے میں شامل ہوں

مَخمَل ع۔ نام ایک قسم کے
نرم کپڑے کا مشہور ہے۔
مَخمور ع۔ متوالا۔ شراب
نوشیدہ
مُخَنَّث ع۔ ہیجڑا۔ جس کو
نامرد بنا دیا ہو۔ خنثی بنایا ہو
مَخوف ع۔ ڈرا ہوا۔
خوفناک
مُخوِّف ع۔ ڈرانے والا
خوف دینے والا۔
مُخَیِّر ع۔ نیکی کرنے والا۔
مُخَیَّل ع۔ خیال کیا گیا۔
مُخَیَّم ع۔ جگہ خیمہ لگانے کی
جگہ خیمہ کھڑا کرنے کی۔
مَدّ ع۔ کشش کھینچنا۔ جوار
جو دریا میں آتا ہے خط دراز
افزونی۔ درازی نظر کرنا
کسی چیز پر۔
مَدّاح ع۔ تعریف کرنے والا
مُداخِل ع۔ دخل دینے والا
کسی کام میں داخل ہونے والا
مُداخلت ع۔ دخل دینا۔
مِداد ع۔ سیاہی۔
مَدار ع۔ جائے دورہ کرنے
ستارہ کی جس پر کوئی بات

ٹھہری ہوئی ہو مجازاً۔
مُدارا ع۔ صلح اور آشتی کرنا
اصل ہکی مدارات ہے خاطر
تواضع کرنا۔
مُدارات ع۔ رعایت کرنا
صلح اور آشتی کرنا۔
مَدارات ع۔ ستاروں کی
حرکت کے دائرے۔ جمع
مدار کی۔
مَدارِج ع۔ جمع ہے مدرج کی
مَدارِس ع۔ جمع ہے مدرسہ کی
مُدارست ع۔ باہم درس
کرنا۔ باہم پڑھنا اور پڑھانا۔
مدار المہام ع۔ وہ شخص جس سے
سب کاروبار سلطنت کے
متعلق ہوں وزیر یا فوج
کا حاکم۔
مُدافِع ع۔ دفع کرنے والا۔
مُدافعت ع۔ ایک دوسرے
کو دفع کرنا۔ دفع کرنا۔
مُدام ع۔ ہمیشہ رکھا گیا۔
شراب ہمیشہ۔
مُداومت ع۔ ہمیشگی کرنا۔
ہمیشگی۔
مُداوات ع۔ دوا کرنا۔
علاج کرنا۔ درمان کرنا۔
مُداواء ع بمخفف ہے مداوات
کا دارو درمن کرنا۔
مُداہن ع۔ سستی کرنے والا۔
مَدائح ع۔ جمع ہے مدیحہ کی
تعریفیں۔
مَدائن ع۔ جمع ہے مدینہ کی شہر۔
مُدبّر ع۔ تدبیر کرنے والا
صاحب تدبیر۔
مُدبَر ع۔ پشت دیا گیا
یعنے وہ شخص جس کو اسکے
نصیب نے پشت دی ہو
برگشتہ بخت۔
مُدّت ع۔ عرصہ۔ دیر۔
مدح ع۔ ستایش۔ تعریف
مَدخَل ع۔ جائے داخل ہونیکی
مُدخُول ع۔ داخل کیا گیا۔
مَدخُولہ ع۔ وہ عورت جس سے
صحبت کی گئی ہو۔ زن جماع
کردہ شدہ۔
مَدد ع۔ کمک۔
مَدوجزر ع۔ جوار بھاٹا جو
سمندر میں ہوتا ہے۔
مددگار ف۔ مدد کرنے والا۔
مَدَر ع۔ ڈھیلا مٹی کا۔
مُدرّس ع۔ پڑھانے والا۔
درس دینے والا۔
مَدرسہ ع۔ جگہ درس دینے کی
مُدرَک ع۔ سمجھا گیا۔ دریافت
کیا گیا۔
مُدرِکہ ع۔ وہ قوت جس سے
انسان اشیا کی حقیقت
دریافت کر سکے۔
مُدّعا علیہ ع۔ جس پر دعوے
کیا گیا ہو۔
مُدّعی ع۔ دعوے کرنے والا
مُدغَم ع۔ دو حرف ایک
جنس سے ایک دوسرے
میں ادغام کیا ہوا۔
مَدفون ف۔ دفن کیا ہوا گاڑا ہوا
مُدلّل ع۔ جس پر دلیل قائم
کی گئی ہو۔ بدلیل ثابت شدہ
مَدلول ع۔ معنی بتلایا ہوا۔
مُدمِن ع۔ ہمیشہ کرنے والا
کسی کام کا۔
مُدوّر ع۔ گول۔
مُدُن ع۔ جمع ہے مدینہ کی
شہر بہت سے شہر۔
مدہوش ف۔ متحیر۔ سرگشتہ
حیران مجازاً مست بیہوش۔
مَدید ع۔ دراز لمبا۔
مُدیر ع۔ گول۔ حرکت
دینے والا۔
مدینہ ع۔ شہر۔
مَدیون ع۔ قرضدار۔
مُذاب ع۔ گداختہ شدہ
گلا ہوا۔ پگھلا ہوا۔
مَذاق ع۔ چکھنا۔ چکھنے کی
جگہ۔ محل ذائقہ۔
مُذاکرہ ع۔ باہم ذکر کرنا
مَذاہب ع۔ جمع مذہب کی
مَذبح ع۔ جگہ ذبح کرنے کی
مُذبذب ع۔ دھکر پکر کرنیوالا
جس کا ارادہ مصمم نہ ہو۔
مَذبُوح ع۔ ذبح کیا ہوا۔ جانور
جس کو ذبح کر دیا ہو۔
مُذکّر ع۔ مرد۔ نر۔
مَذکُور ع۔ ذکر کیا گیا۔ ذکر
کردہ شدہ۔
مَذلّت ع۔ خوار ہونا۔ رسوا
ہونا۔ رسوائی۔
مَذمّت ع۔ ہجو۔ برائی۔ بدی
مَذموم ع۔ بد۔ برا۔ زشت
مُذنب ع۔ گنہگار۔
مَذہب ع۔ راہ راستہ دین

مُرّ ع۔ تلخ۔ کڑوا۔
مَرْ ف۔ خاص۔
مَرَابِطَات ع۔ جمع ہے مرابط کی وہ چیزیں جو باہم رابطہ پیدا کریں۔
مِرَاۃ ع۔ عورت۔ زن۔
مِرْآۃ ع۔ آئینہ۔ منھ دیکھنے کا شیشہ۔
مَرَاتِب ع۔ جمع مرتبہ کی درجے۔ رتبے۔
مُرَاجَعَت ع۔ لوٹنا۔ رجوع کرنا۔ الٹا پھرنا۔
مَرَاحِل ع۔ منازل منزلیں جمع ہے۔ مرحلہ کی۔
مَرَاحِم ع۔ جمع ہے مرحمت کی۔ مہربانیاں۔
مُرَاد ع۔ ارادہ کیا گیا۔ مطلب۔ مقصد۔
مُرَادَفَت ع۔ ہمردیف ہونا ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔
مُرَادِف ع۔ بننا۔ ایک معنی ہونا۔
مَرَارَۃ ع۔ تلخی۔
مُرَاسِل ع۔ اس عورت کو کہتے ہیں جسکی دونوں پنڈلیوں پر بال بہت اور دراز ہوں اور وہ عورت جو بیاہ کی خواہش کرنے والوں مردوں سے خط و کتابت یا پیغام جاری رکھے یا وہ عورت جس کے خاوند سے جدائی ہو گئی ہو یا کہنہ سال عورت۔
مُرَاسِلَات ع۔ جمع ہے مراسلہ کی۔
مُرَاسَلَت ع۔ باہم نامہ اور پیغام کرنا۔
مَرَاسِم ع۔ رسمیں رسومات جمع ہے رسم کی نشانہا۔
مُرَاضَعَت ع۔ دودھ پلانا بچے کو دایہ کا۔
مُرَاعَات ع۔ رعایت کرنا باہم مل کر جانوروں کا چرانا نگاہ رکھنا کن انکھیوں سے دیکھنا مجازاً سلوک اور رعایت۔
مُرَافَعَت ع۔ حاکم اعلیٰ کے سامنے اپنا دعویٰ پیش کرنا
مُرَاقَبَت ع۔ امید رکھنا نگہبانی۔ حفاظت۔
مَرَام ع۔ مطلب مقصد۔
مَرَاہِم ع۔ جمع ہے مرہم کی۔
مُرَبّیٰ ع۔ تربیت کیا گیا۔ پرورده شده اور میوه کی قسم قند یا شکر میں ملا ہوا۔
مُرَبَّع ع۔ چوگوشیہ اور وہ سطح جس کے چاروں کونے برابر ہوں اور چاروں زاویہ قائمہ ہوں۔
مَرْبُوط ع۔ بندھا ہوا۔ ربط کیا گیا۔
مُرَبّی ع۔ پرورش کرنے والا تربیت کرنے والا۔
مَرَّۃ ع۔ ایک دفعہ۔
مُرْتَاض ع۔ ریاضت کرنے والا۔ اصطلاح تصوف میں تابعدار کرنے والا نفس سرکش کو اور رنج اٹھانے والا علم اور ہنر یا عبادت میں۔
مُرَتَّب ع۔ ترتیب کیا گیا۔ انتظام کیا گیا۔
مُرْتَبِط ع۔ ارتباط کیا گیا لگایا گیا۔
مَرْتَبہ ع۔ درجہ۔ رتبہ۔
مُرْتَد ع۔ کافر وہ شخص۔ جو مذہب اسلام سے پھر گیا ہو۔
مُرْتَفِع ع۔ اٹھایا گیا۔ ورفع کیا گیا۔ دور کیا گیا۔
مُرْتَقیٰ ع۔ بلند کیا گیا۔
مُرْتَکِب ع۔ اختیار کرنے والا ایک بات کا پسند کرنے والا۔
مُرْتَہِن ع۔ رہن لینے والا گرو رکھنے والا۔ زیور یا کسی چیز کا۔
مَرْثِیَہ ع۔ اوصاف مردہ کے اس طرح پر بیان کرے کہ سننے والوں کو رحم آوے۔
مَرْجَان ع۔ ہندی مونگا مشہور ہے جو دریا میں پیدا ہوتا ہے
مَرْجَع ع۔ جائے رجوع۔
مُرَجِّح ع۔ غلبہ دینے والا ترجیح دینے والا۔
مَرْجُو ع۔ امید کیا گیا۔
مَرْجُوع ع۔ رجوع کیا گیا لوٹایا گیا۔
مَرْحَبَا ع۔ شاباش یہ لفظ عرب میں واسطے تعظیم مہمان کے کہتے ہیں۔
مَرْحَلَہ ع۔ منزل کی جگہ۔ کوچ کی جگہ۔ منزل جائے

رخت واسباب کی۔
مرحمت ع۔ مہربانی۔ رحم۔
مرحوم ع۔ رحمت کردہ شدہ مجازاً جو مرگیا ہو۔
مرخِّص ع۔ رخصت کرنیوالا۔
مرخَّص ع۔ رخصت کردہ شدہ
مرد ف۔ منش۔ آدمی۔ نر۔
مُرد ع۔ جمع ہے امرد کی یعنے وے لوگ جن کی ابھی ڈاڑھی نہ نکلی ہو۔
مرداد ف۔ پانچواں مہینہ شمسی یعنے جولائی کا مہینہ۔
مردار ف۔ مردے کی لوتھ ناپاکی۔
مردان ف۔ جمع ہے مرد کی
مردانگی ف۔ مردپن مردانیت
مردک ف۔ چھوٹا مرد یہ حقارت کا کلمہ بطور گالی کے بولتے ہیں۔
مردگان ف۔ مردے مرے ہوے لوگ۔
مردم ف۔ آدمی پتلی آنکھ کی۔
مردم آزار ف۔ تکلیف دینے والا آدمیوں کا۔
مردمان ف۔ جمع ہے مردم کی
مردمک چشم ف۔ آنکھ کی پتلی
مردمی ف۔ مردانگی۔
مردن ف۔ مرنا۔
مردود ع۔ رد کیا گیا۔ نکالا گیا کسی جگہ سے بے عزت۔
مردہ ف۔ مرا ہوا۔ موا ہوا۔
مردی ف۔ مردانیت۔
مرز ف۔ زمین۔
مرزا۔ اسکی اصل ہے میرزا یعنے سردار زادہ۔
مرزبان ف۔ حاکم میرد سردار۔ صاف۔ طرف۔ مالک زمین۔ زمیندار۔ نگہبان سردار۔ بزرگ۔ آتش۔ پرستوں کا۔ عالم آتش پرست جمع اسکی مرازبہ آتی ہے
مرزبوم ف۔ جائے پیدایش جنم بھوم۔
مرزغان ف۔ دوزخ گورستان۔ قبرستان۔
مرسِل ع۔ نامہ بھیجنے والا بھیجنے والا۔
مرسَل ع۔ رسول۔ نبی پیغمبر
مرسلین ع۔ بہت رسول
مرشد ع۔ ہدایت کرنے والا راہ نیک بتلانے والا۔
مرصّع ع۔ جڑاؤ کیا گیا جڑا گیا
مرصوص ع۔ رانگ پگھلاکر ریخوں میں ڈالکر محکم کی ہوئی شے استوار کیا ہوا۔
مرض ع۔ بیماری۔
مرضیٰ ع۔ جمع ہے مریض کی۔ بیمار لوگ۔
مرضی ع۔ پسندیدہ۔ پسند کیا ہوا۔
مرطوب ع۔ تر۔ بھیگا ہوا رطوبت دار۔
مرعیٰ ع۔ چراگاہ۔ جائے چرنے جانوروں کی۔
مرعوب ع۔ رعب کیا گیا خوف کیا گیا۔
مرعی ع۔ رعایت کیا گیا۔ لحاظ کیا گیا۔
مرغ ف۔ ایک قسم کی گھاس ہے جس کو جانور بڑی خوشی سے چرتے ہیں ہندی میں اس کو دوب کہتے ہیں۔
مرغ ف۔ پرند انڈا دینے والا جانور۔
مرغاب ف۔ نام ایک ندی خراسان کا ہے جو شہر مرو شاہجہان کے نیچے بہتی ہے۔
مرغابی ف۔ مشہور پرند ہے جو دریا میں تیرتا رہتا ہے۔
مرغزار ف۔ سبزہ زار اور وہ زمین جہاں پر مرغ بہت اگا ہوا ہو یعنے دوب بہت ہو۔
مرغوب ع۔ رغبت کیا گیا
مرغول ع۔ پیچ و تاب زلفوں کو جو موڑتے ہیں ان کی صفت میں یہ لفظ آتا ہے یعنے پیچدار اور گھونگھر والے بال اور عیش و نشاط کے معنے میں آتا ہے۔
مرفق ع۔ کہنی۔ آرنج۔
مرفوع ع۔ اٹھایا گیا مرافعہ نالش حاکم کے سامنے۔
مرفہ ع۔ آسودہ خوش معاش
مرقد ع۔ خوابگاہ۔ قبر مجازاً
مرقع ع۔ کتاب تصویروں کی گدڑی فقیروں کی جس میں رقعہ رقعہ یعنے پیوند جڑے ہوتے ہیں۔
مرقوم ع۔ لکھا ہوا۔

مرگ ف۔ موت۔
مرکب ع۔ ترکیب دیا گیا۔ جو کئی چیزوں سے ملکر بنا ہو۔
مرکز ع۔ وہ نقطہ بیچوں بیچ دائرے کا جس سے جتنے خط محیط تک نکالیں سب برابر ہوں۔
مرکوز ع۔ گڑا ہوا۔ محکم کیا ہوا یہ لفظ مشتق ہے رکز سے اسکے معنے ہیں زمین میں نیزہ گاڑنا مجازاً منظور۔
مرمت ف۔ کسی چیز کا خلل درست کرنا اصلاح دینا ٹوٹے پھوٹے بگڑے کو سنوارنا
مرمر ع۔ نام ایک قسم کے پتھر کا ہے جو سفید ہوتا ہے اس کو سنگ مرمر کہتے ہیں۔
مروارید ف۔ موتی۔
مروت ع۔ مردانگی۔
مروج ع۔ رائج کیا گیا ترویج دیا گیا۔
مروحہ ع۔ بادہ کش۔ پنکھا ہوا کرنے کا۔
مرور ع۔ گذرنا۔ چلا جانا۔
مرہم ع۔ وہ دوا جو زخم کے خشک ہونے کو لگاتے ہیں۔
مرہون ع۔ رہن کیا گیا۔
مری ع۔ [illegible] نرخرہ
مریخ ع۔ منگل ستارہ۔
مرید ع۔ ارادہ کرنے والا شاگردی۔
مرید ع۔ سرکش۔ غیر مطیع رانده و ملعون۔
مریض ع۔ بیمار۔ روگی۔
مزاج ع۔ خاصیت۔ خو عادت۔ سبھاؤ۔ وہ کیفیت جو اربعہ عناصر کے ملنے سے پیدا ہو۔
مزاحم ع۔ روکنے والا۔ صدمہ کار روکنے والا۔
مزاحمت ع۔ صدمہ کے برعکس تنگی کرنا کسی پر۔
مزاح ع۔ خوش طبعی کرنا اور ہنسی کرنا۔ خوش طبعی۔
مزاد ع۔ توشہ دان وہ چیز جسمیں زاد راہ رکھیں۔
مزار ع۔ جگہ زیارت کرنیکی۔
مزارع ع۔ کھیتی کرنے والا کسان۔
مزامیر ع۔ راگ۔ گیت دعا جو راگ میں کیجاتی ہے۔ واحد اس کا مزمور ہے۔
مزامیر داؤد ع۔ کتاب زبور حضرت داؤد کی مجازاً سب ساز مطربوں کے۔
مزاولت ع۔ ہمیشگی کسی کام میں کرنا۔ کوشش کرنا کسی چیز پر۔
مزبلہ ع۔ کوڑے و غلاظت جمع ہونے کی جگہ۔
مزبور ع۔ لکھا ہوا۔
مزج ع۔ ملانا۔ ملنا۔
مزجات ع۔ تھوڑا اندک بے اعتبار۔
مزخرف ع۔ جھوٹی بات جو مانند سچی بات کے آراستہ کی ہوئی ہو۔ نو زائیدہ۔
مزد ف۔ مزدوری اجرت خواہ دنیا کی ہو خواہ دین کی
مزدور ف۔ اجرت کرنیوالا۔ مزدوری کرنے والا۔
مزدوری ف۔ اجرت
مژدہ ف۔ خوشخبری۔
مزرع ع۔ کھیتی۔ کھیت۔
مزعفر ع۔ زعفرانی زرد رنگ اور ایک قسم شیرین پلاؤ کی ہے جسمیں زعفران پڑی ہوئی ہو
مزکی ع۔ پاک کرنے والا زکوٰۃ دینے والا۔
مژگان ف۔ پلکیں آنکھوں کی
مزلت ع۔ لغزش کرنا جگہ پھسلنے کی۔
مزلات ع۔ جمع ہے مزلت کی جگہ پھسلنے کی۔
مزلقہ ع۔ لغزش دہندہ
مزمار ع۔ نے باجا بجانے کی
مزور ع۔ جھوٹا۔
مزہ ع۔ چسکا۔ لذت
مزیت ع۔ افزونی زیادتی فضیلت اسکی جمع مزایا آتی ہے
مزید ع۔ زیادتی۔ افزونی افزون کردہ شدہ۔ زیادہ کیا گیا۔
مزنفر ع۔ زینت دیا گیا۔
مس ع۔ چھونا ہاتھ ملنا۔ جماع کرنا۔
مس ف۔ تانبا۔
مسا ع۔ شام۔ وقت شام کا
مسابقت ع۔ باہم سبقت لیجانا۔

مَساجِد ع۔ جمع ہے مسجد کی
مَسّاح ع۔ پیمایش کرنیوالا۔
مَساحَت ع۔ پیمایش کرنیوالا پیمایش کرنا۔
مُسارَعَت ع۔ باہم سرعت کرنا۔ جلدی کرنا۔
مُسارَقَت ع۔ باہم سرقہ کرنا۔ چوری کرنا۔
مَساس ع۔ ہاتھ ملنا۔ ہاتھ پھیرنا۔ جماع کرنا۔
مُساعِد ع۔ مددگار۔ یاری دہندہ
مُساعَدَت ع۔ یاری کرنا مدد کرنا۔
مَسافات ع۔ جمع ہے مسافت کی دوریاں بیابانوں کی۔
مَسافَت ع۔ دوری بیابان کی اور فاصلہ منزل کا۔
مُسافِر ع۔ سفر کرنے والا۔
مُسافَرَت ع۔ سفر کرنا۔
مَساکِن ع۔ جمع ہے مسکن کی مکانات۔
مَساکِین ع۔ جمع ہے مسکین کی۔ غریب۔ محتاج۔ مفلس۔
مَسالِک ع۔ جمع ہے مسلک کی راہیں۔ رستے۔

مَسْأَلَہ ع۔ درخواست سوال پوچھنا۔
مَسامات ع۔ بدن کے سوراخ چھوٹے چھوٹے جنیں سے پسینہ نکلا کرتا ہے۔
مُسامَحَت ع۔ چشم پوشی کرنا۔ جوانمردی کرنا۔ کسی کا عیب ظاہر نہ کرنا۔
مَسامِع ع۔ جمع سمع کی کان۔
مُساوات ع۔ برابری یکسانی
مُساوِی ع۔ برابر۔
مُساہَلَت ع۔ سہل انگاری کرنا۔ تساہل کرنا۔ سستی کرنا۔
مُساہِم ع۔ شریک حصہ دار
مُساہَمَت ع۔ شرکت ساجھا۔
مَسائِل ع۔ جمع ہے مسئلہ کی پوچھی ہوئی باتیں۔
مَست ف۔ متوالا۔
مُست ف۔ غم اندوہ رنج
مُستاجِر ع۔ ٹھیکہ دار اجارہ لینے والا۔
مُستاصِل ع۔ جڑسے اکھیڑنے والا۔ برباد کرنے والا۔

مُستاصَل ع۔ برباد۔ تباہ جڑسے اکھڑا ہوا۔
مُستانَہ ف۔ مست کے مانند متوالے کے موافق۔
مُستَبشِر ع۔ خوشخبری چاہنے والا۔ خوش ہونے والا۔
مُستَبصِر ع۔ طلب بینائی کی کرنے والا۔ بینا دل ہونیوالا۔
مُستَبعِد ع۔ بعید جاننے والا دوری خواہندہ۔ دور شمرندہ
مُستَبعَد ع۔ دوری جستہ شدہ دوری کیا گیا۔ بعید دشوار۔
مُستَتَر ع۔ پوشیدہ۔ پردہ کیا گیا
مُستَثنیٰ ع۔ استثنا کیا گیا۔ الگ کیا گیا۔
مُستَجاب ع۔ قبول کیا گیا مانا گیا
مُستَجِیب ع۔ دعا قبول کرنے والا۔
مُستَجَر ع۔ کھینچا گیا۔ دور لیجایا گیا۔
مُستَحسَن ع۔ نیک کیا گیا۔ پسند کیا گیا۔
مُستَحِق ع۔ حقدار جس کا حق اس بات کا ہو۔

مُستَحکَم ع۔ مضبوط استوار
مُستَخرَج ع۔ ایک مطلب نکلا ہوا۔ باہر نکلا ہوا۔
مُستَخلَص ع۔ چھوڑا گیا۔ خلاص کیا گیا۔
مُستَدعِی ع۔ خواہشمند۔ چاہنے والا۔ کسی بات کا درخواست کنندہ۔
مُستَدِل ع۔ دلیل مانگنے والا طلب دلیل کی کرنے والا۔
مُستَدِیر ع۔ گول۔ مدور
مُستَرَد ع۔ رد کیا گیا۔
مُستَراح ع۔ جائے آسایش جائے راحت اور مجازاً پیخانہ کی جگہ جائے ضرور۔
مُستَرشِد ع۔ طلب ہدایت کی کرنیوالا۔ سیدھی راہ کا خواہاں مرید
مُستَسعِد ع۔ طلب نیکی کی کرنے والا۔ سعادت جوئندہ یاری خواہندہ۔
مُستَسقِی ع۔ طلب سیرابی کی کرنیوالا۔ پیاسا۔ استسقا کی بیماری والا۔
مُستَشعِر ع۔ شعار پہنے ہوئے خوف دلیں رکھنے والا۔ وہ بچہ

جو اپنی ماں کے شکم ہی میں بالدار ہو گیا ہو۔ طلب شعور کی کرنے والا۔

مُستَطَاب ع۔ خوش یا مزہ۔

مُستَظہِر ع۔ طلب ظہور کی کرنے والا۔ طلب پشت پناہ کی کرنے والا۔

مُستَعَار ع۔ مانگا ہوا۔

مُستَعَان ع۔ مدد طلب کیا گیا۔

مُستَعجِل ع۔ شتابی چاہنے والا۔

مُستَعِد ع۔ مہیا۔ تیار۔

مُستَعذِب ع۔ شیرین شیرین کیا گیا۔

مُستَعمَل ع۔ عمل میں لایا ہوا کام میں لایا ہوا۔

مُستَغرَق ع۔ ڈوبا ہوا غرق شدہ

مُستَغفِر ع۔ طلب بخشش گناہوں کی کرنے والا۔

مُستَغنِی ع۔ بے پرواہ دولتمند۔

مُستَغِیث ع۔ فریادی۔

جو شخص دادخواہ ہو۔

مُستَفَاد ع۔ حاصل فائدہ گرفتہ شدہ جو بطور فائدے کے حاصل ہو گیا ہو۔

مُستَفِید ع۔ طلب فائدہ کی کرنے والا۔

مُستَفِیض ع۔ طلب فیض کی کرنے والا۔

مُستَقبَح ع۔ زبون بد معلوم کیا گیا۔ بد۔

مُستَقبِل ع۔ سامنے آنیوالا زمانۂ آئندہ

مُستَقَر ع۔ جائے قرار جگہ ٹھہرنے کی۔

مُتَکَبِّر ع۔ گردن کش۔ مغرور۔ متکبر۔

مُستَقِل ع۔ مضبوط۔

مُستَحکَم ع۔ کسی کام پر تنہا جو قائم ہو

مُستَکرِم ع۔ طلب بخشش کی کرنے والا۔

مُستَکرِہ ع۔ مکروہ جاننے والا۔ برا جاننے والا۔

مُستَلَذَّات ع۔ لذتہا۔ مرغوب چیزیں جنسے لذت حاصل ہو۔

مُستَلزِم ع۔ لازم پکڑنیوالا

مُستَمَال ع۔ مائل رجوع کیا گیا۔

مُستَمِر ع۔ استوار۔ روان پیوستہ۔ دائم۔

مُتَمَسِّک ع۔ چنگل مارنیوالا تمسک کرنے والا۔

مُستَملِح ع۔ نمکین۔

مُستَمَند ف۔ غمگین مجازاً حاجتمند۔ یہ لفظ مرکب ہے مست بمعنے غم اور مند بمعنے صاحب سے۔

مُستَنبَط ع۔ بیرون آوردہ شدہ باہر نکالا گیا۔

مُستَوجِب ع۔ واجب کرنے والا۔

مُستَوحِش ع۔ وحشت ڈھونڈھنے والا۔

مَستُور ع۔ چھپا ہوا۔

مَستُورَہ ع۔ پوشیدہ شدہ

مُستَوفِی ع۔ پورا لینے والا

مُستَوفیٰ ع۔ تمام کیا ہوا پورا کیا ہوا۔

مُستَوقِد ع۔ بھڑکانے والا آگ کا۔

مُستَولِی ع۔ غالب زورآور

مُستَوہِب ع۔ طلب ہبہ کی کرنے والا بخشش چاہنے والا

مُستَوِی ع۔ برابر۔ ہموار

مُستَہَام ع۔ سرگشتہ حیران

مُستَہَان ع۔ ذلیل خوار لوگوں کی نظر میں سبک۔

مُستَہزِی ع۔ تمسخر کرنے والا ہنسی ٹھٹھا کرنے والا۔

مُستَہِل ع۔ نیا چاند دیکھنے والا۔ مینہ زور و شور سے برسنے والا۔

مُستَہلِک ع۔ تباہ ہونیوالا۔ ہلاک ہونے والا۔

مَستِی ف۔ نشہ۔ جوش شہوت کا۔

مُستَیقِظ ع۔ بیدار نگاہبانی کرنے والا۔

مَسجِد ع۔ جائے سجدہ و نماز پڑھنے اور سر جھکانے کی جگہ۔

مُسَجَّع ع۔ مقفیٰ قافیہ بندی کیا ہوا۔

مُسَجَّل ع۔ نامہ مہر کیا ہوا قاضی کا۔

مَسجُون ع۔ قیدی۔

مَسح ع - ہاتھ ملنا - ہاتھ پھیرنا - جماع کرنا -
مَسحُوق ع - گھسا ہوا رگڑا ہوا پسا ہوا -
مَسخ ع - ایک صورت سے دوسری صورت بدلنا - مگر دوسری بدتر صورت ہو اول سے -
مُسَخَّر ع - تابع کیا گیا - تسخیر کیا گیا -
مَسخرگی ت - ٹھٹھہ بازی سخریہ -
مَسخَرہ ع - وہ جس پر ٹھٹھا کیا جاوے -
مُسخِنات ع - گرم کرنیوالیاں وے اشیا جنسے گرمی حاصل ہو -
مَسخُوط ع - غصہ کیا گیا - خفا کیا گیا -
مَسدُود ع - بند کیا گیا -
مَسَرّات ع - خوشیان سرور ہا -
مَسَرَّت ع - خوشی -
مُسَرَّج ع - وہ گھوڑا جس پر کاٹھی ڈالی ہوئی ہو -
مُسرِع ع - شتابی کرنے والا

مُسرِف ع - زیادہ اور بیجا خرچ کرنے والا -
مَسرُور ع - خوش کیا گیا -
مَسرُوق ع - چوری کیا گیا چورایا گیا -
مُسَطَّح ع - پھیلا ہوا بچھا ہوا سطح کیا گیا - چھت دار -
مَسطُور ع - لکھا گیا - سطر بندی کیا گیا -
مَسعُود ع - سعادت کیا گیا - نیک بخت -
مِسگر ت - ٹھٹھیرا تانبے کے برتن بنانے والا -
مُسکِر ع - نشہ پیدا کرنیوالی چیز - مستی لانے والی چیز -
مُسکِرات ع - وہ چیزیں جن سے نشہ اور مستی پیدا ہو جیسے شراب بھنگ وغیرہ
مَسکَن ع - جگہ رہنے کی گھر -
مَسکہ ع - جھاگ گھی کا مکھن
مِسکِین ع - غریب فقیر ناتوان
مَسئلہ ع - سوال کوئی بات پوچھی ہوئی -
مُسَلَّح ع - ہتھیار بند -

مُسَلسَل ع - سلسلہ بندی کیا گیا - زنجیر بند -
مُسَلَّط ع - مقرر کرنے والا کسی آدمی کا دوسرے پر تسلط کرنیوالا - غالب - زورآور
مَسلَک ع - راہ - رستہ
مُسَلَّم ع - تسلیم کیا گیا - مانا گیا
مُسَلِّم ع - ماننے والا - تسلیم کرنے والا -
مُسلِم ع - مسلمان -
مُسَلمان ف - جو شخص مذہب اسلام میں ہو -
مُسلِمِین ع - جمع ہے مسلم کی
مَسلُوک ع - جاری کیا گیا آمد و رفت کیا گیا - راہ سلوک کیا گیا -
مَسلُول ع - برہنہ تلوار برہنہ - جسکو مرض سل ہو -
مُسَمّیٰ ع - نام کیا گیا یعنے صاحب نام -
مِسمار ع - میخ - کھونٹی کیل
مَسمُوع ع - سنا گیا -
مَسمُوم ع - زہر دیا گیا -
مَسنَد ع - تکیہ گاہ - تکیہ -
مَسند آرا ت - گدی نشین

مِسواک ع - دتون - وہ لکڑی جس سے دانت صاف کرتے ہیں -
مُسوَدَّہ ع - لکھا ہوا نوشتہ
مُسہِل ع - دست آور جلاب
مَسِیح ع - مسح کیا گیا مٹایا گیا لقب حضرت عیسیٰ کا بچونکہ فرشتوں نے اُنکے سر پر تیل ملا تھا اسواسطے ان کو مسیح کہتے ہیں -
مَسِیر ع - جانا - سیر کرنا - جگہ سیر کی - جائے رفتار -
مُشابہ ع - مانند - مثل - نظیر
مُشاتمت ع - باہم ایک دوسرے کو گالیاں دینا -
مُشار ع - اشارہ کیا گیا -
مُشارالیہ ع - جسکی طرف اشارہ کیا گیا -
مَشارب ع - جمع ہے مشرب کی پانی پینے کی بہت سی جگہ -
مُشاربت ع - باہم ملکر پینا -
مَشارع ع - جمع ہے شرع کی راہہا - رستے -
مُشارِک ع - شریک ہونے والا

مُشاطہ ع۔ کنگھی کرنے والی عورت جس کا پیشہ کنگھی کرنے کا ہو۔
مُشاع ع۔ جسکی تقسیم نہ ہوئی ہو شریک فاش کیا گیا۔ اکثر استعمال اس کا زمین پر آتا ہے۔
مَشاعِر ع۔ جمع ہے شعر کی
مُشاعَرہ ع۔ باہم جمع ہو کر شعر خوانی کرنا۔
مَشاعِل ع۔ جمع ہے شعل کی
مَشاغِل ع۔ جمع ہے شغل کی۔ کاموں۔ شغلہا۔
مُشافَہہ ع۔ روبرو سخن کنا بات کہنی اور سخن۔
مُشاکِل ع۔ ہمشکل ہونے والا نام ایک بحر کا عروض سے ہے
مُشاکَلت ع۔ ہمشکل ہونا مانند ہونا۔
مَشام ع۔ محل قوت شامہ کا۔ دماغ۔
مُشاوَرت ع۔ مشورت کرنا آپس میں مل کر مشورت کرنا۔
مُشاہِد ع۔ دیکھنے والا۔
مُشاہَدہ ع۔ دیکھنا اور کسی کے ہمراہ کہیں حاضر ہونا۔
مُشاہَرہ ع۔ ماہیانہ ماہ بماہ دینا۔ تنخواہ۔
مَشاہیر ع۔ جمع ہے مشہور کی مجازاً بزرگان و ناموران۔
مَشّائِین ع۔ جمع ہے مشائی کی یعنی وہ گروہ حکما جو حقائق اشیا کا ادراک بدون دلیل کے نہیں کر سکتے مشی کے معنی چلنے کے ہیں مراد اس جگہ دلیل چلانا۔
مَشائِخ ع۔ جمع شیخ کی عالمان۔ صوفیان۔ عالم دین۔
مُشایَعَت ع۔ پیروی کرنا تھوڑی دور کسی کو رخصت کرنے کے واسطے جانا۔
مُشَبَّک ع۔ جالیدار وہ شے جسمیں سوراخ سوراخ ہوں
مُشت ف۔ مکا۔ مٹھی۔
مُشتَّت ع۔ پراگندہ پریشان۔
مُشتاق ع۔ جسکو اشتیاق ہو
مُشتَبَہ ع۔ مشکوک جسمیں شبہ ہو
مُشتَرَک ع۔ شریک دو میں اور وہ لفظ جو دو معنے کے واسطے بنایا گیا ہو یعنے ہر ایک کے واسطے علیحدہ علیحدہ موضوع ہو۔
مُشتَری ع۔ خریدار۔ مول لینے والا کسی چیز کا۔ نام ایک ستارہ کا ہے۔
مُشتَعِل ع۔ سوزاں۔ شعلہ مارنے والا۔ بھڑکنے والا۔
مُشتَغِل ع۔ مشغول ہونیوالا۔
مُشتَق ع۔ ایک لفظ ہے جو کسی دوسرے لفظ سے بنایا گیا ہو۔
مُشتَمِل ع۔ شامل ہونے والا محیط ہونے والا۔
مُشتَہَر ع۔ شہرت دیا گیا۔
مُشتَہیٰ ع۔ مرغوب خواہش کیا گیا۔
مُشتَہی ع۔ خواہش کنندہ رغبت کرنے والا۔
مُشتَہِیات ع۔ اشتہائے مرغوب و راشتہا داشتہ شدہ
مُشَجَّر ع۔ وہ کپڑا جس پر صورت درختوں کی بنی ہوئی ہو۔
مَشحُون ع۔ بھرا ہوا پُر۔
مُشَخَّص ع۔ تشخیص کیا گیا چکوتہ کیا گیا۔ تجویز کیا گیا۔
مُشَدَّد ع۔ باندھا گیا وہ حرف جو تشدید سے پڑھا جاوے۔
مَشرَب ع۔ جائے پانی پینے کی چشمہ مجازاً مذہب دین پنتھ۔ طور۔ طریق۔
مِشرَط ع۔ نشتر۔ پچھنہ۔
مَشرَع ع۔ راستہ۔ راہ۔
مُشرِف ع۔ بلند۔ بلند ہونے والا۔ خبردار۔ صدر محرر۔ میر محرر۔ قریب ہونا کسی امر کے ظاہر ہونیکا خواہ بد ہو خواہ نیک ہو۔
مَشرِق ع۔ جائے طلوع ہونے سورج کی۔ پورب
مُشرِک ع۔ شریک کرنے والا وہ شخص جو ایک خدا کا قائل نہ ہو بلکہ کسی اور کو بھی خدا کے ساتھ شریک کرے۔
مَشرُوب ع۔ پیا گیا۔
مَشرُوح ع۔ شرح کیا گیا کھولکر بیان کیا گیا۔
مَشرُوط ع۔ شرط کیا گیا۔
مَشرُوع ع۔ جائز جو موافق شرع کے ہو۔
مُشط ع۔ کنگھا کنگھی۔ شانہ
مُشعِر ع۔ خبردہندہ۔

مَشْعَرْ ع - وہ جگہ جہاں پر درمیان حج کے قربانی کرتے ہیں مکہ میں اور سر کے بال منڈوانے کی جگہ حاجیوں کی جائے عبادت۔
مَشْعَلْ ع - شمع۔
مَشْعَلچی ف - مشعل والا شمع رکھنے والا۔
مَشْغُوفْ ع - شیفتہ عاشق محب۔
مَشْغَلَہْ ع - کام - شغل۔
مَشْغُولْ ع - کام میں لگا ہوا
مَشْغُوفْ ع - جسکے دل کے پردہ میں کچھ پہونچ گیا ہو۔
مُشْفِقْ ع - ڈرنیوالا مہربانی کرنے والا - دوست آدمی۔
مَشْقْ ع - روز روز کرنا کسی کام کو ہر روز کرنا۔
مَشَقَّتْ ع - محنت تکلیف۔
مُشْکْ ع - کستوری مشہور خوشبو ہے۔
مُشْکْ بُو ف - مشک کی سی خوشبو۔
مُشْکِلْ ع - کٹھن - دشوار
مِشْکوٰۃ ع - نام حدیث کی کتاب کا۔
مِشْکوٰۃ ع - چراغدان اور وہ طاق جسمیں چراغ جلایا جاوے
مَشْکُورْ ع - پسندیدہ ستودہ
مَشْکُوکْ ع - شک کیا گیا۔
مُشْکُوئی ف - بتخانہ - مجازاً امیروں اور بادشاہوں کا محل۔
مَشْلُولْ ع - جسکے ہاتھ پیر بیجس ہو گئے ہوں شل شدہ۔
مِشْمِشْ ع - زرد آلو جس کو خوبانی بھی کہتے ہیں ایک میوہ شیریں مشہور ہے۔
مَشْمُولْ ع - سب طرف سے احاطہ کیا گیا - شامل کیا گیا۔ چاروں طرف سے گھیرا گیا۔
مَشْمُومْ ع - سونگھی ہوئی شئے معطر شئے۔
مَشْمُومَاتْ ع - عطریات خوشبو کی چیزیں۔
مُشَوِّشْ ع - پریشان کرنیوالا۔
مُشَوَّشْ ع - پریشان کیا گیا۔
مَشُوقْ ع - عاشق شوق کیا گیا
مَشُوبْ ع - آمیختہ شدہ ملا ہوا - مخلوط۔
مَشْہَدْ ع - حاضر ہونا شہادتگاہ قبرستان شہیدوں کا نام ایک شہر ایران کا ہے زمانۂ قدیم میں اس کو طوس کہتے ہیں۔
مَشْہُودْ ع - حاضر کیا گیا۔ موجود۔
مَشْہُورْ ع - شہرت کیا گیا۔
مَشْیْ ع - پیروں سے جانا۔
مَشِیَّتْ ع - خواہش مرضی خدا تعالی۔
مُشَیَّدْ ع - گچ کردہ شدہ محکم استوار کیا گیا۔
مُشَیِّدْ ع - محکم کرنے والا استوار کرنے والا۔
مُشِیرْ ع - اشارہ کرنے والا مشورت دینے والا۔
مَشِیمَہْ ع - بچہ دان عورت کا
مُصَلّٰی ع - جائے نماز عیدگاہ خصوصاً عیدگاہ شیراز۔
مُصَابْ ع مصیبت زدہ رنج رسیدہ۔
مُصَابَرَتْ ع - باہم صبر کرنا
مُصَاحَبَتْ ع - باہم صحبت کرنا
مَصَاحِفْ ع - جمع ہے مصحف کی۔
مَصَادِرْ ع - جمع ہے مصدر کی
مَصَافْ ع - میدان صف باندھنے لشکر کا - جنگ گاہ جنگ۔
مُصَادَقَتْ ع - دلی دوستی محبت قلبی۔
مُصَارَعَتْ ف - کشتی کرنا ایک دوسرے کو پچھاڑنا۔
مَصَارِفْ ع - جمع مصرف کی ہے خرچ یا جائے خرچ ہا۔
مَصَاعِبْ ع - دشواریاں جاہائے دشوار۔
مَصَاعِدْ ع - جاہائے بلند جمع ہے مصعد کی۔
مُصَافَاتْ ع - دوستی اخلاص۔
مَصَابِیحْ ع - جمع ہے مصباح کی چراغہا۔
مَصَالِحْ ع - جمع ہے مصلحت کی بھلائیاں۔
مُصَاہَرَتْ ع - خسر کرنا داماد کرنا - یہ لفظ دونوں معنوں میں مشترک ہے۔
مَصَائِبْ ع - جمع ہے مصیبت کی۔

مِصْبَاح ع۔ چراغ۔
مُصْبَغ ع۔ رنگا ہوا۔ رنگ کردہ شدہ۔
مُصَحِّح ع۔ صحیح کرنے والا۔
مُصْحَف ع۔ وہ کتاب جسمیں رسالے اور صحیفے جمع ہوں اسواسطے قرآن شریف کو کہتے ہیں کہ اسمیں سورتیں جمع ہیں۔
مَصْحُوب ع۔ ساتھ کیا گیا۔
مَصْدَر ع۔ جائے نکلنے کی جائے صدور اور وہ کلمہ جس سے افعال اور صفات بنائے جاویں۔
مُصَدِّع ع۔ دردسر پیدا کرنیوالا
مِصْدَاق ع۔ اوزار صادق آنے معنی کا یعنی وہ شے جس پر کوئی معنے بولے جاسکیں مثلاً انسان کے معنے زید و عمرو وغیرہ پر بولے جاسکتے ہیں تو انسان کے معنے کا زید مصداق ہے اور عمرو مصداق ہے علےٰ ہٰذا القیاس۔
مَصْدُور ع۔ صادر کیا گیا

مَصْدُوق ع۔ صادق کیا گیا
مِصْر ع۔ شہر اور نام شہر خاص کا ہے۔
مِصْرَاع / مِصْرَع ع۔ دروازے کا ایک پٹ یعنی کواڑ شعر کا آدھا حصہ۔
مَصْرَع ع۔ جگہ پچھڑنے کی جگہ گرنے کی زمین پر۔
مَصْرَف ع۔ جگہ خرچ کرنے کی اور خرچ۔
مَصْرُوع ع۔ پچھاڑا ہوا۔
مَصْرُوف ع۔ صرف کیا گیا باز گردانیدہ شدہ۔
مَصْعَد ع۔ جگہ اونچی چڑھنے کی
مُصْطَفےٰ ع۔ برگزیدہ۔ صاف کیا گیا بدخصلتوں سے۔
مَصْقُول ع۔ زنگ دور کیا گیا۔ صاف کیا گیا۔
مُصْلِح ع۔ اصلاح کرنیوالا درست کرنے والا۔
مَصْطَبہ ع۔ میخانہ شرابخانہ
مَصْلَحَت ع۔ نیک صلاح نیک تجویز۔ صلاح۔
مَصْلُوب ع۔ سولی دیا گیا پھانسی دیا گیا۔

مُصَلّےٰ ع۔ جگہ نماز کی جائے نماز۔ عیدگاہ۔
مُصَنَّع ع۔ بنایا ہوا کاریگری کیا گیا۔
مُصَنِّف ع۔ کتاب تصنیف کرنے والا۔ بنانے والا کتاب کا۔
مُصَنَّف ع۔ کتاب۔ رسالہ وغیرہ۔
مُصَنَّفَات ع۔ کتابیں تصنیفات۔
مَصْنُوع ع۔ وہ شے جو کاریگری سے بنی ہو بنائی ہوئی چیز۔
مُصَوِّر ع۔ تصویر کھینچنے والا
مُصِیب ع۔ کسی کام کو درست پہونچنے والا۔ نیک رسندہ۔ صواب یابندہ
مُصِیبَت ع۔ دُکھ۔ تکلیف حادثہ۔
مَصِیر ع۔ جائے بازگشت اور راجع ہونا۔
مَضَاجِع ع۔ خوابگاہیں جمع ہے مضجع کی۔ خوابگاہ

مَضَارِب ع۔ جمع ہے مضرب کی جائے زدن۔
مُضَارِع ع۔ مشابہ اور وہ فعل جسمیں معنے حال و استقبال دونوں مفہوم ہوں۔
مُضَاعَف ع۔ دوچند اور وہ کلمہ کہ جسکے آخر میں دو حرف ایک جنس کے آویں۔
مُضَاف ع۔ منسوب متعلق
مُضَافَات ع۔ منسوب متعلقات۔ وہ دیہات جو شہر کے متعلق ہوں۔
مُضَاف اِلَیہ ع۔ وہ اسم جسکی طرف کسی شے کو لگاویں جیسے زید کا گھوڑا۔ گھوڑا مضاف زید مضاف الیہ کا حرف اضافت۔
مَضَامِین ع۔ جمع ہے مضمون کی معنی مطالب۔
مَضَائِق ع۔ جمع ہے مضیق کی یعنی تنگ جگہ۔ جاہائے تنگ۔
مُضَایَقَہ ع۔ تنگی۔ ایک دوسرے کو تنگ کرنا۔

مَضْبُوط ع۔ ضبط کیا گیا۔ مستحکم
مَضْجَع ع۔ خوابگاہ۔ جگہ سونیکی یا پہلو پر
مَضْحَک ع۔ جگہ ہنسی کی۔
مُضْحِک ع۔ ہنسی دلانے والا ہنسانے والا۔
مُضْحِکَات ع۔ وہ لطیفے جنسے ہنسی پیدا ہو ہنسانے والی چیزیں۔
مُضِرّ ع۔ ضرر پہونچانے والا
مُضَر ع۔ نام ایک شخص کا ہے جو ایک قبیلۂ عرب کا بزرگ تھا۔
مِضْرَاب ع۔ وہ آلہ جس سے ماریں۔ ستار بجانے کا اوزار۔
مُضِرَّات ع۔ ضرر دینے والی چیزیں
مَضْرَب ع۔ جائے ضرب جگہ مارنے کی۔
مَضْرُوْر ع۔ وہ شخص جس کو ضرر پہونچا ہو۔ ضرر رسیدہ
مُضْطَر ع۔ ضرر رسیدہ مجازاً بے اختیار بے چارہ
مُضْطَرِب ع۔ بے قرار اضطراب والا۔
مَضْغ ع۔ چبانا۔
مُضْغَہ ع۔ گوشت پارہ لقمہ اتنی مقدار جو ایک دفعہ چبائی جاوے

مُضِلّ ع۔ گمراہ کرنے والا
مِضْمَار ع۔ میدان۔ آلہ وبلا کرنے کا مراد میدان۔
مُضْمَحِل ع۔ محو ہونے والا ناچیز سُست۔
مَضْمُوْم ع۔ پیش کیا گیا۔ جیسے دال دُم کی۔
مَضْمُوْن ع۔ ضمن میں لیا ہوا معنے مطلب۔
مَضِیْق ع۔ جائے تنگ۔
مَطَا ع۔ پشت۔
مُطَابِق ع۔ موافق۔ برابر
مُطَابَقَت ع۔ برابری موافقت۔
مَطَارِح ع۔ جمع ہے مطرح کی جاہائے انداخت جگہ ڈالنے کی۔ کیسہ یا تھیلا شکاریوں کا جس میں شکار ڈالے جاتے ہیں۔
مُطَارَحَہ ع۔ کسی سے بات کا کہنا۔ مجازاً مشورہ کرنا اور کبھی خوشامد کے معنے میں بھی آتا ہے۔
مُطَاع ع۔ اطاعت کیا گیا۔ سردار۔ مخدوم۔

مَطَاعِم ع۔ جمع ہے مطعم کی خورشیں۔ خوراکیں۔ کھانے۔
مَطَاعِن ع۔ جمع طعن کی عیب اور طعنے۔
مَطَاف ع۔ جگہ گرداگرد پھرنے کی جگہ طواف۔
مَطَالِب ع۔ جمع ہے مطلب کی مرادیں۔
مُطَالَبَہ ع۔ طلب کرنا باز جستن
مُطَالَعَہ ع۔ دیکھنا کسی چیز کو اس سے واقفیت کرنے کے واسطے۔
مَطَاوِی ع۔ جمع ہے مطوی کی۔ شکنہا۔ نوردہا پیچیدگیاں۔
مَطَائِبَات ع۔ جمع ہے مطائبہ کی خوش طبعیاں ٹھٹھے ہنسیاں۔
مَطَایَا ع۔ وہ چارپائے جنکی پشت پر سوار ہوتے ہیں جیسے گھوڑا۔ اونٹ۔ گدھا خچر وغیرہ
مَطْبَخ ع۔ باورچی خانہ۔ جگہ کھانا پکانے کی
مَطْبُوْخ ع۔ پکی ہوئی چیز۔ پکائی گئی۔ جوشاندہ۔
مَطْبُوْع ع۔ طبع کی گئی۔ چھاپی گئی۔ پسند کی گئی۔
مَطَر ع۔ بارش۔ باران۔
مَطِر ع۔ تازگی۔
مَطَرَات ع۔ جمع ہے مطر کی بارانہا۔ مینھ۔
مُطْرِب ع۔ گویا۔ گانے والا ڈوم۔
مَطْرَح ع۔ جائے انداخت
مُطَّرِد ع۔ ایک وطیرہ پر ہونے والا پے در پے ایک دوسرے کو ہونے والا۔
مَطْرُوْد ع۔ نکالا گیا۔ راندہ شدہ مردود۔
مَطْعُوْن ع۔ نیزہ مارا گیا۔ بھالا مارا گیا۔ مجازاً عیب کیا گیا معیوب۔
مُطْفِی ع۔ بجھانے والا
مُطَلَّا ع۔ طلا کیا گیا۔ زراندود
مَطْلَب ع۔ جگہ طلب کی مراد معنی۔
مُطَّلِع ع۔ خبر دینے والا اطلاع کرنے والا۔
مُطَّلَع ع۔ خبر دیا گیا۔

اطلاع دیا گیا۔
مَطلَع ع۔ جائے طلوع ہونیکی
مُطلَق ع۔ آزاد۔ بے قید
رواں کیا گیا۔
مَطلُوب ع۔ طلب کیا گیا۔
مَطمَح ع۔ جگہ بلند رکھنے کی
جگہ نظر پڑنے کی۔
مَطمُوع ع۔ لالچ دیا گیا۔
طمع دیا گیا۔
مُطمَئِن ع۔ آرمیدہ سکون
گیرندہ۔ اطمینان رکھنے والا۔
مَطوِی ع۔ لپٹا ہوا۔ لپیٹا
گیا۔ پیچیدہ شدہ۔
مُطَہِّر ع۔ پاک کرنے والا۔
مُطَیِّب ع۔ خوشبو دینے والا
پاک شوندہ۔
مُطَیَّب ع۔ خوشبو دیا گیا
پاک کیا گیا۔
مُطِیع ع۔ فرمانبردار۔ اطاعت
کرنے والا۔
مُطِیر ع۔ برسنے والا۔ بارش
کرنے والا۔ مشتق مطر سے ہے
مَظَالِم ع۔ جمع ہے مظلمہ کی
بے انصافیاں۔ ستمہا۔ اور وہ جگہ
جہاں پر ظالموں کو سزا ملتی ہے
عدالتین۔
مُظَاہِر ع۔ پشتی دینے والا۔
مدد دینے والا۔
مُظَفَّر ع۔ فتحمند۔ فتح پایا ہوا
مُظلِم ع۔ تاریک۔ اندھیارا
مَظلِمَہ ع۔ ظلم و ستم بے انصافی کی
داد خواہی کرنا۔
مَظلُوم ع۔ ظلم رسیدہ جس پر
بے انصافی ہوتی ہو۔
مَظنُون ع۔ گمان کیا گیا۔
مَظِنَّہ ع۔ جگہ گمان لیجانیکی
جائے گمان بردن۔
مَظہَر ع۔ جائے ظہور۔
مَعَ ع۔ ساتھ۔ ہمراہ۔
مَعَاء ع۔ انتڑی۔ رودہ۔
مَعًا ع۔ فوراً۔ اسی وقت۔ ساتھ
مَعَابِد ع۔ جمع ہے معبد کی
پوجے کی جگہ۔ پرستش گاہ۔
مَعَابِر ع۔ جمع ہے معبر کی
جگہ عبور کرنے دریا کی رہگذر
مُعَاتِب ع۔ عتاب کرنے والا
خفگی کرنے والا۔
مُعَاتَب ع۔ عتاب کیا گیا۔
مَعَاد ع۔ جائے بازگشت
جگہ لوٹ کر جانے کی مجازاً
آخرت۔ قیامت۔
مُعَادِل ع۔ برابر۔ مساوی
مُعَادَلَت ع۔ برابری
مساوات انصاف کرنا۔
مَعَادِن ع۔ جمع ہے معدن
کی۔ کانیں۔
مَعَاذ ع۔ جائے پناہ اور
پناہ دینا۔
مَعَاذِیر ع۔ جمع ہے معذرت
کی۔ عذر۔ بہانے۔
مَعَارِج ع۔ جمع ہے معراج
کی۔ سیڑھیاں نردبان۔
مُعَارِض ع۔ جھگڑا کرنیوالا
متعرض۔
مُعَارَضَہ ع۔ جھگڑا مناقشہ
مَعَارِف ع۔ جمع ہے معرفہ
کی شناسائی۔ جاہائے شناختن
و آشنا لوگ اہل علم اور فضل
نامور لوگ۔
مَعَارِک ع۔ جمع ہے معرکہ
کی لڑائیوں کی جگہ۔ لڑائی کے
میدان۔
مَعَارِکَہ ع۔ لڑائی جنگ
مَعَاش ع۔ زندگی کرنا
اور وہ شے جس سے زندگانی
کی جائے۔ جائے زندگانی دنیا
مُعَاشَرَت ع۔ آپس میں
مل جل کر زندگانی کرنا۔ کسی
کے ہمراہ عیش کرنا۔
مُعَاصِر ع۔ ہمعصر۔ اپنے
زمانہ کا ہم زمانہ۔
مُعَاضِد ع۔ مددگار یاری
دینے والا۔
مُعَاضَدَت ع۔ یاری دینا
بازو ایک دوسرے کے ہونا۔
مُعَاطَفَت ع۔ مہربانی کرنا
مُعَاف ع۔ بخشا گیا۔
عفو کیا گیا۔
مُعَافی ع۔ اسم مفعول عفو
سے مشتق باب مفاعلہ کا ہے
بخشا گیا عفو کیا گیا۔
مُعَافِی ع۔ صیغہ ہم فاعل
کا ہے معاف کرنے والا۔
مُعَاقِب ع۔ عذاب کرنیوالا
عقوبت کرنے والا۔
مُعَاقَبَت عذاب کرنا۔
مارنا۔ باندھنا۔
مُعَاقِد ع۔ عقد کرنے والا
عقد باندھنے والا۔ نکاح کرنیوالا
مَعَاقِد ع۔ جمع ہے معقد کی

جاہائے گرہ بستن اور جگہ عہد کرنے کی۔
مُعاقدت ع۔ باہم ایک بات پر عہد کرنا۔ نکاح کرنا۔ ضمان کرنا۔
مُعالج ع۔ علاج کرنیوالا حکیم
مُعالجہ ع۔ علاج کرنا۔ دارو درمن کرنا۔
مَعالِم ع۔ جمع ہے معلم کی اور معلم اسم آلہ کا صیغہ ہے بمعنے علامت ونشان کے چونکہ یہ جہان دلالت اور علامت صانع حقیقی کا ہے اس لئے معالم کے معنی عالم اور دنیا اور جہان کے ہیں۔
مُعاملہ ع۔ باہم ملکر کوئی کام کرنا
مَعالی ع۔ جمع ہے معلی کی جو مصدر میمی بمعنے بلندی کے ہے معالی کے معنے بلندیاں۔
مَعان ع۔ جگہ یاری دینے کی جگہ مدد کی اور بمعنے مطلق مدد کے بھی۔
مُعانِد ع۔ عناد کرنیوالا دشمن
مُعاندت ع۔ باہم دشمنی عناد کرنا۔

مُعانِق ع۔ گلے سے لگنے والا گلے ملنے والا۔
مَعانی ع۔ جمع ہے معنی کی مطلب مرادین نام ایک علم کا۔
مُعاوِد ع۔ عود کرنے والا بازگشت کرنے والا۔ پھر آنے والا
مُعاودت ع۔ لوٹ آنا پھر آنا
مُعاوضت ع۔ عوض کرنا بدلہ کرنا۔
مُعاوِن ع۔ مددگار مدد دینے والا
مُعاونت ع۔ مدد کرنا۔ یاری کرنا۔
مُعاہدہ ع۔ عہد کرنا۔
مُعاہِد ع۔ باہم عہد کرنیوالا
مَعایب ع۔ جمع ہے معیب مصدر میمی کی عیبہا۔ عیب
مَعایش ع۔ اسباب زندگانی کا جمع معیشت کی ہے۔
مُعاینہ ع۔ سامنے دیکھنا آنکھ سے باہم دیکھنا۔
مَعبد ع۔ جائے پرستش عبادت کی جگہ۔
مَعبر ع۔ جگہ عبور دریا کی رہگذر
مِعبر ع۔ کشتی وہ شے کہ جسکے سبب دریا سے پار اتریں۔

مَعبُود ع۔ عبادت کیا گیا پوجا کیا گیا۔
مُعتاد ع۔ عادت کیا گیا۔ مقدار ہر روز کی جتنی عادت ہو
مُعتبر ع۔ اعتبار کیا گیا۔
مُعتدِل ع۔ ساوی مزاج جسمیں افراط اور تفریط نہ ہو۔
مُعتذِر ع۔ عذر کرنے والا
مُعسِر ع۔ مفلس۔ غریب محتاج
مُعترِض ع۔ اعتراض کرنیوالا
مُعترِف ع۔ مقر اقرار کرنے والا
مُعتزِل ع۔ گوشہ نشین ہوکر بیٹھنے والا۔
مُعتصِم ع۔ چنگل مارنے والا کسی چیز میں واسطے طلب مدد کے پناہ لینے والا۔
مُعتقِد ع۔ اعتقاد رکھنے والا دل کا بھروسہ رکھنے والا۔
مُعتکِف ع۔ مسجد میں عبادت کے واسطے جو شخص بیٹھ رہے اور باہر نہ نکلے۔
مُعتمِد ع۔ اعتماد رکھنے والا
مُعجِب ع تعجب میں ڈالنے والا
مِعجر ع۔ اوڑھنی عورت کے اوڑھنے کا دوپٹہ۔

مُعجِز ع۔ عاجز کرنے والا
مُعجزات ع۔ جمع ہے معجزہ کی وہ بات جس کے کرنے پر انسان قادر نہ ہو۔
مُعجِّل ع۔ جلدی کرنے والا
مُعجمہ ع۔ وہ حرف کہ جس پر نقطہ ہو۔
مَعجون ع۔ گندھا ہوا کوئی چیز جس پیسکر اور رلاکر شل آٹے کے جو گوندھی ہوئی دوائیں ہوں اسکو معجون کہتے ہیں
مَعدلت ع۔ عدل و انصاف
مُعدِم ع۔ نیست کرنے والا
مَعدِن ع۔ کھان۔ کان چاندی سونے وغیرہ کی۔
مَعدُود ع۔ شمار کیا ہوا گنا ہوا۔
مَعدُوم ع۔ عدم کیا گیا۔
مِعدہ ع۔ اوجھ جس میں کھانا ہضم ہوتا ہے۔
مُعذِر ع۔ عذر کرنے والا حیلہ کرنے والا۔
مَعذرت ع۔ عذر حیلہ بہانہ۔
مُعدِّل ع۔ وہ شخص جس کی

سخاوت و داد و دہش پر ملامت کی گئی ہو۔
مَعذُور ع۔ عذر کیا گیا بہانہ کیا گیا۔
مِعرَاج ع۔ ڈنڈا سیڑھی کا سیڑھی۔
مُعَرَّب ع۔ وہ لفظ جس کو عربی بنا لیا ہو اور اصل میں اور زبان کا ہو۔
مُعرِض ع۔ روگردانی کرنیوالا منھ پھیرنے والا۔
مُعَرِّف ع۔ تعریف۔ حد بتلانے والا۔
مَعرِفَت ع۔ شناخت پہچان لغوی معنے ایال گھوڑے کی
مُعَرِّق ع۔ وہ چیز جس سے پسینہ آجاوے پسینہ لانیوالی شے۔
مَعرَکہ ع۔ میدان جنگ لڑائی کی جگہ۔
مَعرُوض ع۔ عرض کیا گیا پیش کیا گیا۔
مَعرُوف ع مشہور جو معلوم ہو
مَعز ع۔ بکری۔ بکرا۔ ایک جو
مُعَزَّز ع۔ عزت کیا گیا۔ عزت دیا گیا۔
مُعَزَّز ع۔ عزت کردہ شدہ عزت دار۔
مَعزُول ع۔ ملامت کیا گیا۔
مُعَسکَر ع۔ جگہ لشکر اترنے کی چھاؤنی۔
مَعشَر ع۔ اقارب رشتہ دار لوگ۔
مُعَشَّر ع۔ جسکے دس گوشے ہوں۔ دس کونے کی شے۔
مَعشُوق ع۔ عشق کیا گیا۔ یعنی وہ شخص جس پر کوئی دوسرا شخص عاشق ہو۔
مَعشُوقَہ ع۔ وہ عورت جس پر کوئی مرد عاشق ہو۔
مِعصَر ع۔ اوزار نچوڑنے کا
مَعصَرَہ ع۔ جائے کشید شراب کی اور جگہ نچوڑنے کی۔
مَعصُوم ع۔ بے گناہ۔ بچایا گیا گناہ سے۔
مَعصِیَت ع۔ گناہ۔ نافرمانی۔
مُعَطَّر ع۔ خوشبو دار۔ خوشبو کیا گیا۔
مُعَطِّش ع۔ پیاس لگنیوں شے
مُعَطَّل ع۔ بیکار خالی کام سے
مَعطُوف ع۔ لپٹا ہوا لپیٹا ہوا
مُعَظَّم ع۔ بزرگ۔ بزرگی دیا گیا۔
مَعقِد ع۔ جگہ باندھنے کی جگہ پیوند لگانے کی۔
مَعقُود ع۔ گرہ لگایا گیا باندھا گیا۔
مَعقُول ع۔ عقل میں لایا گیا۔ مناسب۔ اچھا۔ پسندیدہ بندھا ہوا۔ پناہ بردہ شدہ۔
مَعَک ع۔ ساتھ تیرے۔
مَعکُوس ع۔ الٹا۔ اوندھا
مُعَلّٰی ع۔ بلند کیا گیا۔
مَعلَف ع۔ جگہ گھاس کھلانے جانوروں کی۔ کھرلی۔
مُعَلَّق ع۔ لٹکا ہوا۔
مُعَلَّقَات ع لٹکی ہوئی چیزیں
مُعَلَّق زَن ع۔ گلا کرنے والا بازی کرنے والا۔ ناچنے والا۔
مُعَلِّم ع۔ سکھانیوالا۔ استاد
مُعَلِّم اوّل ع۔ کنایہ ارسطو حکیم سے ہے۔
مُعَلِّم ثانی ع۔ ابونصر فارابی
مُعَلِّم ثالث ع۔ بوعلی سینا
مُعَلِّم الملکوت ع۔ لقب شیطان کا۔
مَعلُول ع۔ علت کیا گیا وہ شے کہ جس کا کوئی سبب اور باعث ہو۔
مَعلُوم ع۔ علم کیا گیا جانا گیا
مُعَمّا ع۔ چیستان۔ پہیلی۔
مِعمَار ع۔ راج۔ مستری عمارت بنانے والا۔
مَعمُور ع۔ آباد۔ بھرا ہوا۔ پُر
مَعمُورَہ ع۔ بستی۔ شہر۔
مَعمُوری ع۔ آبادی۔
مَعمُول ع۔ عمل کیا گیا۔ دستور کی بات جو کیجاوے۔
مُعَنبَر ع۔ وہ چیز جس میں عنبر ملایا گیا ہو۔
مَعنَوی ع۔ منسوب ہے معنے سے باطنی۔
مَعنی ع۔ مطلب۔ مراد مضمون
مُعَوَّضَت ع۔ وہ شے جو بدلے کسی شے کے دیجاوے
مُعَوَّل ع۔ اعتماد کیا گیا۔ یہ صیغہ اسم مفعول کا ہے تعویل سے
مَعُول ع۔ صیغہ اسم مفعول کا ہے عول سے۔

مَعہٰذا ع۔ ساتھ اسباب کے باوجود اسکے۔
مَعہُود ع۔ عہد کیا گیا۔
مَعِیَّت ع۔ ہمراہی پن ساتھ پن
مَعِیشَت ع۔ زندگی عیش کرنا
مُعِیل ع۔ عیالدار آدمی۔
مُعِین ع۔ مدد کرنے والا۔
مُعَیَّن ع۔ مقرر کیا گیا۔
مَعیُوب ع۔ عیب دار۔ عیب کیا گیا۔
مَغ ع۔ گہراؤ۔ عمق۔
مُغ ع۔ آتش پرست۔
مَغارَہ ع۔ وہ غار جو پہاڑ میں ہو اور جگہ غارت کرنے اور لوٹنے کی۔
مَغاک ف۔ گڑھا۔ یہ لفظ مرکب ہے مغ بمعنے گہراؤ اک کلمہ نسبت کا ہے۔
مُغالطہ ع۔ غلطی میں ڈالنا
مُغان ع۔ جمع ہے مغ کی آتش پرست لوگ اور نام ہے ایک ملک کا آذربائجان میں سے۔
مُغایَرَہ ع۔ باہم۔ غیر ہونا خلاف۔

مَغبُون ع۔ وہ شخص جسکو زیان پہونچا ہو۔
مَغرِب ع۔ جگہ چھپنے سورج کی پچھم۔
مُغرِق ع۔ جگمگا۔ چکول۔
مَغرُور ع۔ گھمنڈی۔ وہ شخص جس کو غرور رہو۔
مَغرُوق ع۔ ڈوبا ہوا۔ غرق کیا گیا۔
مَغز ف۔ گودا۔ دماغ۔
مَغسُول ع۔ دھویا ہوا۔ غسل دیا گیا۔ نہلایا گیا۔
مَغشُوش ع۔ کھوٹ ملا ہوا۔ خیانت کیا گیا۔
مُغشِی ع۔ جسپر غشی آگئی ہو بے ہوش۔
مَغص ع۔ مڑوڑا پیچش شکم کی انتڑی اور پیٹ میں درد۔
مُغضِب ع۔ غصہ والا۔ غصہ دلانے والا۔
مَغضُوب ع۔ جو شخص غصہ میں خفا ہو جس پر غصہ کیا جاے
مِغفَر ع۔ خود آہنی۔
مَغفِرَت ع۔ بخشش گناہ بخشنا۔

مَغفُور ع۔ بخشا گیا۔ مغفرت کیا گیا۔
مُغَل ت۔ نام ایک فرقہ کا ہے جو اعلےٰ قوم ترکستان کی ہے معنے اس لفظ کے سادہ دل اور عمدہ کے ہیں۔
مِغلاق ع۔ قفل۔ زنجیر۔
مَغلُوب ع۔ عاجز۔ غلبہ کیا گیا۔
مَغلُوق ع۔ دروازہ بند کیا ہوا۔
مَغلُول ع۔ طوق گردن میں ڈالا ہوا۔ عذاب کا طوق ڈالا گیا
مَغمُوم ع۔ غمگین۔ رنجیدہ۔
مُغَنّی ع۔ گانے والا۔ گویا ڈوم
مُغَنِّیہ ع۔ گانے والی ڈومنی کسبی جو گانے والی ہو۔
مُغنی ع۔ بے پرواہ رہنے والا
مُغِیر ع۔ غارت کرنے والا لوٹنے والا۔ شتابی کرنے والا
مُغِیلان ع۔ ببول کا درخت کیونکہ یہ لفظ مفرد ہے اسکی اصل ام غیلان تھی یعنے نادیوان الف حذف کرکے مغیلان کہنے لگے

مَفاتِیح ع۔ جمع ہے مفتاح کی کنجیاں۔
مُفاجات ع۔ اچانک ہونا اچانک ہو جانا۔ ناگاہ ہونا۔
مُفاخِرَہ ع۔ فخر کرنے والی
مُفارِق ع۔ فرق کرنے والا
مَفارِق ع۔ جمع ہے مفرق کی تارک سر۔ پیڑی سر کی مانگ بالوں کی۔
مَفارَہ ع۔ چوہے کے رہنے کی جگہ۔
مَفازَہ ع۔ جنگل بیابان جگہ رہائی پانے کی جائے کامیابی۔
مَفاسِد ع۔ جمع فساد کی برائیاں۔ خرابیاں۔
مَفاصِل ع۔ جمع ہے مفصل کی جوڑ بند ہاتھ پاؤں کے۔
مُفاصِلَہ ع۔ فرق باہم۔
مِفتاح ع۔ کنجی۔ کلید۔ نام ایک کتاب کا ہے۔
مَفتَح ع۔ جگہ کھولنے کی جگہ فتح کی۔ خزانہ۔
مُفتَخِر ع۔ فخر کرنے والا۔ شیخی کرنے والا۔

مفترع ع۔ شاخ کیا گیا۔
مفترق ع۔ علیحدہ فرق کرنیوالا
مفتری ع۔ بہتان لگانے والا
جھوٹ بات بتانے والا۔
مفتش ع۔ ڈھونڈھنے والا
تفتیش کرنے والا۔
مفتقر ع۔ محتاج۔ نقیر۔
مفتل ع۔ بٹا ہوا۔ بل دیا ہوا
خواہ رسی ہو خواہ ڈورا۔
مفتوح ع۔ فتح کیا گیا کھولا گیا
مفتول ع۔ بٹا ہوا پیچیدہ تار
خواہ ریشم کا ہو خواہ سوت کا۔
مفتون ع۔ فتنہ میں ڈالا ہوا
شیفتہ۔ مبتلا۔ عاشق۔
مفتی ع۔ فتوے دینے والا
مفتخر ع۔ فخر کیا گیا۔ بہت بزرگ
مفر ع۔ جگہ بھاگ جانے کی۔
مفخم ع۔ بہت عزت کیا گیا۔
بہت بزرگ۔
مفرح ع۔ جائے خوشی۔
مفرد ع۔ وہ جو مرکب نہ ہو
مفرط ع۔ حد سے زیادہ گذرنیوالا
زیادتی میں مجازاً کثیر بسیار زیادہ
مفروش ع۔ بچھونا بچھایا گیا
مفروق ع۔ فرق کیا گیا۔

مفسد ع۔ فساد کرنیوالا۔
مفسدہ ع۔ فساد دنگا۔ بگاڑ
مفسر ع۔ معنے بیان کرنیوالا
تفسیر کرنے والا۔
مفسوخ ع۔ فسخ کیا گیا۔
اصلی صورت بگاڑی گئی
یا عہد توڑا گیا۔
مغشوش ع۔ سست
عقل۔ بیہودہ۔ جھوٹا۔
مفصد ع۔ جائے فصد کرنیکی
خون نکالنے کی جگہ۔
مفصل ع۔ جوڑ اعضا
کا۔ بدن کا جوڑ۔
مفضول ع۔ زیادہ کیا گیا
فضیلت دیا گیا۔
مفطر ع۔ روزہ کھولنے والا
اسکی جمع مفاطر آتی ہے۔
مفطن ع۔ سمجھانے والا
فہمائش کنندہ۔
مفعول ع۔ فعل کیا گیا
فعل کردہ شدہ۔
مفقر ع۔ محتاج کرنے والا
فقیر کرنے والا۔
مفقود ع۔ گم شدہ
کھویا گیا۔

مفکوک ع۔ جدا کیا گیا۔
چھوڑا گیا۔
مفلاک ع۔ خالی۔ ہاتھ
پریشان۔ فقیر۔ مفلس۔
مفلس ع۔ جسکے پاس پیسہ
نہ ہو۔ محتاج۔
مفلوج ع۔ فالج زدہ
جسکو فالج کی بیماری ہو۔
مفلوک ع۔ فلک زدہ
مفلس۔ تباہ۔ تباہ حال۔ یہ
صیغہ جعلی ہے۔
مفوض ع۔ سپرد کیا ہوا
سپردہ شدہ۔
مفہوم ع۔ سمجھا گیا۔
مفید ع۔ فائدہ دینے والا
مفیض ع۔ فیض پہونچانیوالا
مفیق ع۔ ہوشیار۔ ہوش
میں لانے والا۔
مقابر ع۔ جمع ہے مقبرے کی
جگہ قبر مردے کی۔
مقابل ع۔ سامنے والا۔
مقابلہ ع۔ آمنا سامنا۔
مقابح ع۔ برائیاں۔ قباحتیں
مقاتل ع۔ باہم لڑکر قتل
کرنے والا۔

مقاتلہ ع۔ باہم قتل کرنا۔
مقادیر ع۔ جمع ہے مقدار
کی اندازے۔
مقاربت ع۔ نزدیکی قرب
مقارنت ع۔ قرین ہونا۔
نزدیک ہونا۔
مقاسات ع۔ رنج کھینچنا
دکھ اٹھانا۔
مقاسمہ ع۔ باہم تقسیم کرنا
آپس میں بانٹ لینا۔
مقاصد ع۔ جمع ہے مقصد
کی۔ مطالب۔ مقصد۔
مقاطر ع۔ ٹپکانے والا
پانی وغیرہ کا۔
مقاطیع ع۔ جمع مقطع جگہ
قطع کرنے کی۔
مقاعد ع۔ جمع ہے مقعد
کی جائے بیٹھنے کی۔ اور پخانہ
کی راہ۔
مقال ع۔ گفتگو۔ بات چیت
مقالہ ع۔ بات کہی ہوئی
مقالید ب۔ جمع ہے
مقلد کی یعنی کنجیاں تالیان
اقلید کا۔ یہ لفظ معرب ہے
کلید کا۔

مَقام ع۔ جگہ ٹھہرنے کی
ٹھہرنا۔
مَقامِر ع۔ قمارباز۔ جوے باز
مَقامِرَہ ع۔ جوے بازی
قماربازی۔
مُقاوِم ع۔ برابری کرنیوالا۔
مَقبَرَہ ع۔ گور مردہ کی جاے
قبر کی۔
مُقبِل ع۔ منہ چڑھا۔
عزت دار۔ جسکی بات حاکم
مانے۔
مُقبِل ع۔ قبول کرنے والا
فرمان حق کا سامنے ہونے والا
روبرو ہونے والا۔
مَقبُوض ع۔ قبضہ کیا گیا۔
پکڑا گیا۔
مَقبُول ع۔ قبول کیا گیا۔
مانا گیا۔ منظور۔
مُقتَبِس ع۔ روشنی
لینے والا۔ آتش گیرندہ۔
مُقتَدا ع۔ وہ شخص جس کی
پیروی اور لوگ کریں۔
مُقتَدِر ع۔ قدرت رکھنے
قدرت۔ طاقت ور۔
مُقتَدِی ع پیروی کرنیوالا پیرو

مُقتَصِر ع۔ تھوڑے پر صبر
کرنے والا۔ مختصر کرنے والا۔
مُقتَضا ع۔ چاہا گیا خواہش
کیا گیا۔ مجازاً مراد مطلب۔
مُقتَضی ع۔ خواہش کرنے
والا۔ چاہنے والا۔ تقاضا
کنندہ۔
مُقتَفی ع۔ پیچھے آنیوالا پیرو
مَقتَل ع۔ جگہ قتل کرنے کی
مَقتُول ع۔ قتل کیا گیا۔
مِقدار ع۔ اندازہ۔
مِقدام ع۔ بہادر شجاع
دلاور جو میدان جنگ میں
آگے بڑھ کر لڑے۔
مُقَدَّس ع۔ پاک مرد۔
یا پاک چیز۔
مُقَدَّسَہ ع۔ پاک عورت
مَقدَم ع۔ سفر سے یا کسی
جگہ سے پھر کر آنا اور جگہ قدم
رکھنے کی۔
مُقَدَّم ع۔ آگے جانے والا
دلیر۔ اور کونا آنکھ کا جو طرف
ناک کے ہے۔
مُقَدِّم ع۔ پیش کرنے والا
اور مقدم۔ پیش کیا گیا۔

چودھری۔
مُقَدِّمَۃُ الجَیش ع۔ پیش خیمہ
یعنے وہ تھوڑا سا لشکر جو فوج
کے آگے جاوے تاکہ جگہ
اترنے کی تلاش کرکے تجویز
کرے۔
مُقَدِّمَہ ع۔ کچھ عبارت جو
مضمون کتاب کے شروع کرنے
سے پہلے لکھی جاوے مجازاً
واردات کسی حال کی۔
مَقدُور ع۔ طاقت۔ قوت
قدرت کیا گیا۔
مِقراض ع۔ قینچی کاٹنے کا
اوزار۔ کترنی۔
مَقَر ع۔ جگہ قرار کی جاے
ٹھہرنے کی۔
مُقَرَّب ع۔ نزدیک کیا گیا
بزرگی دیا گیا۔ مجازاً خاص
دوست۔
مُقَرَّر ع۔ قرار دیا گیا۔ ٹھہرایا
گیا۔
مُقَرَّض ع۔ کاٹا ہوا۔ کترا ہوا
مَقرُوض ع۔ قرضدار۔ وہ شخص
جسپر قرض ہو۔ قرض دیا ہو۔
مَقرُون ع۔ نزدیک کیا گیا

مُقری ع۔ پڑھانے والا
اور مقری اندھے کو کہتے ہیں
جو لڑکوں کو قرآن پڑھایا
کرتا ہے۔ حافظ۔ نابینا۔
مَقسُوم ع۔ بانٹا ہوا۔ تقسیم
کیا گیا۔
مُقَشَّر ع۔ چھلکا اتارا ہوا
چھیلا ہوا۔
مَقصَد ع۔ جگہ قصد کرنیکی
مطلب مراد۔
مُقَصِّر ع۔ قصور کرنے والا
کم رتبہ والا۔
مَقصُود ع۔ قصد کیا گیا۔
آمادہ کیا گیا۔
مَقصُور ع۔ کم کیا گیا قصر
کیا گیا۔ چھوٹا کیا گیا۔
مُقَطَّر ع۔ ٹپکایا گیا۔ قطرہ
قطرہ کرکے ڈالا گیا۔
مُقَطَّع ع۔ کاٹا ہوا۔ بریدہ
شدہ زائد اطراف کاٹی ہوئی
اور چھوٹے قد کا
آدمی۔
مَقطُوع ع۔ قطع کیا گیا۔
کاٹا گیا۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا
گیا۔ اور وہ شخص جو کسی

سبب سے قافلہ کے ہمراہ
چلنے سے راہ میں رہجاوے
کپڑا قطع کیا ہوا۔
مقعد ع ۔ جائے نشستگاہ
ڈھڈی۔ دُبر۔ کون۔
مقعر ع ۔ ڈونگھا۔ گہرا۔ کھدا
ہوا گڑھا۔
مُقفّیٰ ع ۔ قافیہ کیا گیا۔
مُقلِّد ع ۔ عمل کرنے والا
کسی قول پر بدون دلیل کے
پیرو۔
مقلوب ع ۔ الٹا گیا۔
پلٹا گیا۔
مقناطیس ع ۔ چمک پتھر
سنگ آہن رُبا۔
مُقنّب ع ۔ بھنگ ملا ہوا
کھانا یا کوئی شے۔
مِقنب ع ۔ شیر کی چنگال
توشہ دان شکاری کا جسمیں
شکار رکھا جاتا ہے اور گلہ
گھوڑوں کا (۳۰) سے (۴۰)
تک یا تین سو گھوڑے کی
مقدار۔
مُقنّن ع ۔ قانون بنانے والا
مِقوَد ع ۔ دھاگا۔ ریسمان

رسی۔ بالنگ۔
مِقوَس ع ۔ گھوڑ دوڑ کی رسی
مُقوّس ع ۔ وہ شے جو خمدار
ہو مانند کمان کے قوس دار۔
مِقوَل ع ۔ زبان جیب
مُقوّم ع ۔ قیمت کرنے والا
راست دارندہ ۔ سیدھا
رکھنے والا۔
مُقوّی ع ۔ قوت دینے والا
طاقت دینے والا۔
مقہور ع ۔ قہر کیا گیا جس پر
غصہ بادشاہ یا خدا کا پڑے۔
مِقیاس ع ۔ اندازہ اور وہ
شے جس سے اندازہ کریں۔
مُقیّد ع ۔ قید کیا گیا۔
مُقیم ع ۔ اقامت کرنے والا
رہنے والا۔
مُقِی ع ۔ قے لانیوالی چیز۔
مُکابر ع ۔ وہ شخص جو اپنی
بزرگی جتلانے کے واسطے
بحث کرے۔ غلبہ کرنے والا
مُکاتبت ع ۔ باہم خط و
کتابت کرنا۔
مَکّار ع ۔ مکر کرنے والا مرد
فریبی مرد۔

مَکارِم ع ۔ جمع ہے مکرمت
کی۔ بزرگیاں۔ نوازشیں۔
مَکّارہ ع ۔ مکر کرنے والی
عورت فریب کرنے والی۔
مَکارِہ ع ۔ مکروہات رنج
اور سختیاں۔
مُکاری ع ۔ کرایہ کو دینے والا
کسی چیز کا۔
مَکاسِب ع ۔ جمع ہے
کسب کی پیسے۔ جرنے۔
مُکاشفہ ع ۔ دشمنی ظاہر
کرنا۔ برملا جنگ کرنا۔ اسرار کا
اظہار کرنا۔ امور غیبی کا معلوم
ہو جانا ولی اللہ کو۔
مُکافات ع ۔ بدلا عوض
باہم برابر ہونا۔
مَکامِن ع ۔ جمع ہے مکمن
کی وے جگہ جہاں پر پوشیدہ
ہو سکیں۔ گھاتیں
مَکان ع ۔ جگہ۔ گھر۔
مَکاید ع ۔ جمع ہے مکیدہ کی
یعنی فریب پھندا بداندیشی۔
مُکاہنت ع ۔ غیب کی
خبر بتلانا۔
مُکایلہ ع ۔ باہم مکر پیمانے

سے ناپنا۔
مَکتَب ع ۔ جگہ لکھنے کی
مجازاً مدرسہ اسکول۔
مُکتری ع ۔ کرایہ لینے والا
کسی شے کا۔
مُکتسِب ع ۔ کسب کرنیوالا
حاصل کرنے والا۔
مُکتفی ع ۔ کافی کرنے والا
حاصل کرنے والا۔
مُکتنِف ع ۔ پناہ ڈھونڈھنے
والا۔ یکسو ہونے والا۔
مکتوب ع ۔ لکھا ہوا لکھا گیا
مکتوم ع ۔ پوشیدہ کیا گیا
چھپایا گیا۔
مَکث ع ۔ دیر کرنا انتظار کرنا
مُکث ع ۔ بالضم و بالکسر
دیر و درنگ۔
مُکدّر ع ۔ کدورت آمیز۔ گدلا
مُکدِّر ع ۔ کدورت میں ڈالنے والا
مَکر ع ۔ فریب۔ دغا۔
مگر ت ۔ پر۔ سوا۔ الا۔
مُکرّر ع ۔ دوبارہ۔
مُکرّم ع ۔ عزت دیا گیا بزرگی
کیا گیا۔
مَکرُمت ع ۔ بزرگی نوازش

مکروہ ع ۔ کراہت کیا گیا
بھونڈا ۔
مگس ف مکھی ۔
مکسور ع ۔ زیر کیا گیا حرف
مکشوف ع ۔ کھولا گیا ۔
ظاہر کیا گیا ۔
مکلف ع ۔ تکلیف دیا گیا ۔
ٹیپ ٹاپ کیا گیا ۔
مکلل ع ۔ تاج سر پر رکھا گیا
درخشان ملمع کیا گیا ۔
مکمل ع ۔ پورا کیا گیا ۔ کامل
کردہ شدہ ۔
مکمن ع ۔ کھات کی جگہ ۔ پوشیدہ
ہو کر داؤ لگانے کی جگہ ۔
مکمون ع ۔ پوشیدہ ۔ چھپا ہوا
مکنت ع ۔ قدرت ۔ توانگری
مکنون ع ۔ پوشیدہ کیا ہوا
مکیال ع ۔ پیمانہ ۔ لوٹا ۔ تاج
تانبے کا برتن ۔
مکیدن ف ۔ چوسنا ۔
مکین ع ۔ مکاندار ۔ مکان
میں رہنے والا ۔
مکبول ع ۔ بند کیا گیا ۔
قیدی ۔ محبوس ۔
مل ف ۔ شراب انگوری
امرود مشہور پھل ہے ۔
ملا ع ۔ بہت پڑھا ہوا عالم
بہت املا کرنے والا ۔
ملا ع ۔ مجلس ۔ پری دشت
بیابان ۔
ملابس ع ۔ جمع ہے ملبس کی
یعنی پوشش ۔ لباس ۔
ملاح ع کشتیبان ۔ کشتی
چلانے والا ۔
ملاحت ع ۔ نمکینی خوبصورتی
ملاحدہ ع ۔ جمع ہے ملحد کی
(بیدین) ملاحدہ بھی درست ہے
ملاحظہ ع ۔ کن انکھیوں سے
دیکھنا گوشۂ چشم سے دیکھنا
مجازاً دیکھنا ۔
ملاذ ع ۔ جائے پناہ ۔
ملازمت ع ۔ ہمیشہ ہونا
کسی جگہ پر یا نزدیک کسی
کے ہمیشہ رہنا ۔
ملازم ع ۔ پیوستہ رہنے والا
مجازاً نوکر ۔
ملاصق ع ۔ لگا ہوا چسپیدہ
ملاطف ع ۔ مہربانی کرنے
والا ۔
ملاطفہ ع ۔ کسی کے ساتھ
نیکی کرنی مجازاً ۔ خط ۔ نامہ
مراسلہ ۔
ملاعب ع ۔ جمع ہے لعب
کی بازیاں ۔
ملاعبت ع ۔ بازی کرنا
لعب کرنا ۔
ملاعنہ ع ۔ جمع ہے ملعون کی
لعنت کئے گئے لوگ ۔
ملاعین ع ۔ جمع ہے ملعون
کی مردود ۔
ملاقات ع ۔ باہم ایک
دوسرے سے ملنا ۔
ملاقی ع ۔ ملنے والا ۔
ملال ع ۔ رنجیدگی طبیعت
کا اکتا جانا ۔
ملالت ع ۔ اداسی ۔ اداس
ہونا ۔
ملام ع ۔ ملامت کرنا ۔ جگہ
ملامت کی سرزنش کرنا ۔
ملامت ع ۔ برا بھلا کہنا ۔
جھڑکنا ۔ برا کہنا ۔ ڈانٹنا ۔
ملاہی ع ۔ جمع ہے لہو کی
کھیل کود ۔ لہو بازیاں ۔
ملائک ع جمع ہے ملک
ملائکہ ع } ۔ فرشتے
ملائم ع ۔ مناسب ۔ مجازاً نرم
فراہم ہونے والا ۔
ملائمت ع ۔ رازداری
مناسبت دو چیز کو باہم جمع
کرنا مجازاً نرمی ۔
ملتبس ع ۔ لباس پہنایا گیا
کپڑے پہنے ہوئے ۔
ملبوسات ع ۔ جمع ہے
ملبوسہ کی جامہائے پوشیدنی
پہننے کے کپڑے ۔
ملت ع ۔ دین ۔ مذہب
گروہ ۔ شریعت ۔
ملتجی ع ۔ پناہ ڈھونڈھنے والا
التجا کرنے والا ۔
ملتحم ع ۔ زخم انگور لایا ہوا
بھرا ہوا ۔ زخم جو سخت ہو گیا
ہو ۔ جو خشک ہونے والا
قریب ہو ۔
ملتحی ع ۔ داڑھی جس کے
نکل آئی ہو ۔
ملتزم ع ۔ التزام کرنے والا
اپنے اوپر لازم پکڑنے والا
نام ایک مقام کا ہے نزدیک
رکن یمانی کے سامنے
کعبے کے جہاں دعا

حاجتمندوں کی قبول ہوتی ہے۔

مُلتَصِق ع۔ ملتا ہوا۔ لگا ہوا

مُلتَفِت ع۔ التفات کرنیوالا توجہ کرنے والا۔

مُلتَقِط ع۔ چگنے والا کسی شے کا اُٹھانے والا۔

مُلتَقِم ع۔ لقمہ کھانے والا۔

مُلتَقیٰ ع۔ جگہ ملاقات کی ملنے کی جگہ۔

مُلتَمِس ع۔ التماس کرنے والا عرض کرنے والا۔

مُلتَوِی ع۔ دیر کرنے والا لپیٹنے والا۔

مُلتَہَب ع۔ آگ بھڑکی ہوئی شعلہ بھڑکا ہوا۔

مَلجَا ع۔ جائے پناہ جہاں پر آدمی اپنی جان بچانے کو قرار پکڑے۔

مَلچ ف۔ غلولہ جس کو گوپھن میں رکھ کر کھیت میں پھینکا کرتے ہیں اس کو غلہ بھی کہتے ہیں۔

مِلح ع۔ نمک۔ نون۔

مَلح ع۔ دونوں بازوؤں سے اُڑتا پرند کا اسی سے لفظ ملّاح بنا ہے جو کشتیوں کو کھیتے ہیں۔

مُلحِد ع۔ راہ حق سے پھرنیوالا فاسق بے دین۔

مُلحَق ع۔ لگا ہوا۔ ملا ہوا۔

مَلحُوظ ع۔ لحاظ کیا گیا۔ دیکھا گیا

مَلخ ف۔ ٹڈی۔

مُلزِم ع۔ کسی کے ذمہ کوئی کام کرنے والا۔ لازم اور واجب کرنے والا۔

مَلزُوم ع۔ لازم کیا گیا۔

مُلصَق ع۔ لگایا گیا۔ پیوستہ کیا گیا۔

مَلعُون ع۔ لعنت کیا گیا۔ مردود۔

مَلفُوف ع۔ لپیٹا ہوا لفافہ کیا گیا۔

مُلَقَّب ع۔ لقب دیا گیا نام یا معنے وصفی دیا گیا۔

مُلک ع۔ بادشاہی ایک دیس جو ایک بادشاہ کے ماتحت ہو۔

مَلَک ع۔ فرشتہ۔ جم۔ دوت

مَلِک ع۔ بادشاہ۔

مِلک ع۔ جاگیر اسباب مال

مَلَکُ المَوت ع۔ وہ فرشتہ جو جان نکلتا ہے۔

مَلَکُوت ع۔ بادشاہی پروردگاری تصرت عالم فرشتوں کا۔ صوفیوں کے نزدیک عالم ارواح کو کہتے ہیں۔

مَلَکہ ع۔ مہارت اور قوت جو علم یا ہنر کی انسان میں حاصل ہو جاتی ہے۔

مَلَکی ع۔ منسوب طرف ملک کے یعنی فرشتے کے فرشتہ جیسی۔

مُلکی ع۔ ملک کا ملک والا۔

مِلَل ع۔ جمع ہے ملت کی جو بمعنی مذاہب و دین کے ہے۔

مُلَمَّع ع۔ روشن کیا گیا۔ درخشان چمکوں اور وہ قسم اشعار کی جن میں ایک مصرع یا ایک بیت عربی یا فارسی کی ہو۔

مُلَوَّث ع۔ لتھڑا ہوا۔ آلودہ

مُلُوک ع۔ جمع ہے ملک کی بادشاہ لوگ۔

مَلُول ع۔ رنجیدہ اداس غمگین۔

مَلُوم ع۔ ملامت کیا ہوا۔

مُلہِم ع۔ الہام کرنیوالا دلپر کوئی بات ڈالنے والا۔ یعنے خدا۔

مُلہَم ع۔ الہام کیا گیا۔ اتفاق کیا گیا۔ دل پر کوئی بات خدا کی طرف سے پڑی ہوئی۔

مَلہُوب ع۔ شعلہ زن کی ہوئی آگ۔ آگ بھڑکی ہوئی۔

مَلہُوف ع۔ غمگین۔ مظلوم

مَلِی ع۔ بھرا ہوا۔ پُر۔

مَلِیح ع۔ نمک آلودہ۔ نمکین

مُلَیِّن ع۔ نرمی کرنے والا۔ تلیین کرنے والا قبض دور کرنیوالا

مِمّا ع۔ اس چیز سے۔

مَمَات ع۔ موت۔ مرنا۔

مُماثِل ع۔ ہم مثل۔ اس جیسا

مُمارَست ع۔ تجربہ کرنا۔ کوشش کرنا۔ کسی کام میں مشق کرنا۔

مَمالِک ع۔ جمع ہے ملک کی غلام بندہ۔

مُمتاز ع۔ امتیاز دیا گیا عزت دیا گیا۔

مُمَثَّل ع۔ ہم مثل کیا گیا۔
مُمْتَد ع۔ دراز کیا گیا۔ دراز
مُمْتَلی ع۔ بھرا ہوا۔ پُر۔
مُمْتَنِع ع۔ روکا گیا باز رکھا گیا۔
مُمَجَّد ع۔ بزرگی دیا گیا۔ بزرگ
مُمَدَّد ع۔ نام ایک درد کا ہے جس سے پٹھے بدن کے کھنچ جاتے ہیں۔
مَمْدُوح ع۔ مدح کیا گیا۔ تعریف کیا گیا۔
مُمِدّ ع۔ مدد کرنے والا۔
مَمْدُود ع۔ دراز کیا گیا۔ پھیلایا گیا۔
مَمَرّ ع۔ جگہ گذرنے کی۔ راہ گذرنے کی مجازاً بمعنی سبب
مَمْزُوج ع۔ ملایا ہوا۔ آمیختہ شدہ اور شراب جسمیں پانی یا کچھ عرق ملا کر پیویں۔
مُمْسِک ع۔ خچگل مارنے والا بخیل خرچ نہ کرنے والا۔ باز رکھنے والا۔ نکلنے سے۔
مَمْسُوح ع۔ مسح کیا گیا۔ سراپا کسی عضو پر ہاتھ ملا گیا۔
مَمْشُوط ع۔ کنگھی کیا گیا۔
مُمْکِن ع۔ جو بات ہو سکے جو انہوت نہ ہو۔
مَمْلَکَت ع۔ بادشاہت۔ سلطنت۔ ملک۔
مَمْلُو ع۔ بھرا ہوا۔ پُر۔
مَمْلُوک ع۔ ملک۔ غلام بندہ۔
مَمْنُوع ع۔ منع کیا گیا روکا گیا۔
مَمْنُون ع۔ احسان کیا گیا نعمت دیا گیا۔
مَمَہ ف۔ عورت کی چھاتیاں یعنی پستان۔ چوچی۔
مُمَہَّد ع۔ تمہید کیا گیا پہلے مطلب سے وہ بات لکھی گئی جس پر مطلب کا سمجھنا موقوف ہو۔ بچھایا گیا۔
مُمَیِّز ع۔ تیز کرنے والا۔ بُرے کو نیک سے اور نیک کو بدسے
مَن ع۔ وہ شخص۔ کون شخص
مَن ف۔ میں۔
مَن ف۔ وزن (۴۰) سیر کا۔
مِن ع۔ سے۔
مِن اَجَل ع۔ واسطے۔ سبب
مَنَاب ع۔ جگہ کھڑے ہونیکی کسی کا قائم مقام ہونا۔
مَنَابِر ع۔ جمع ہے منبر کی وہ لکڑی کی سیڑھی لگی ہوئی ایک جگہ بیٹھنے کی درمیان مسجدوں کے ہوتی ہے۔
مَنَات ع۔ نام ایک بت کا ہے جس کو قبیلۂ ہذیل اور خزاعہ عرب میں پوجا کرتے تھے
مُنَاجَات ع۔ سرگوشی کرنا کان میں بات کہنا مجازاً دعا کرنی خدا کی جناب میں اس طور پر کہ اس کو حاضر جان کر جس طرح باتیں کیا کرتے ہیں۔
مَنَاخ ع۔ جگہ بٹھلانے اونٹ کی اور جگہ خواب کی جائے آسودگی۔
مَنَاخِر ع۔ جمع ہے منخر کی نتھنے ناک کے سوراخ
مُنَادیٰ ع۔ ندا کیا گیا۔ پکارا گیا۔
مُنَادَمَت ع۔ باہم ندیم ہونا ہم صحبت ہونا۔ ہم نشینی۔
مُنَادِی ع۔ ندا کرنے والا پکارنے والا۔ ڈھنڈورا۔
مَنَادِیل ع۔ جمع ہے مندیل کی رومال۔
مَنَارَہ مَنَار ع۔ چراغدان جائے نور۔ اونچا ستون خواہ اینٹ کا ہو یا لکڑی کا۔
مُنَازِع ع۔ جھگڑالو۔ جھگڑنے والا۔
مُنَازَعَت ع۔ باہم جھگڑا کرنا
مَنَازِل ع۔ جمع ہے منزل کی جگہ اترنے کی۔ مکان۔
مُنَاسِب ع۔ نسبت رکھنے والا۔ لگاؤ رکھنے والا۔
مُنَاسَبَت ع۔ باہم لگاؤ رکھنا آپس میں نسبت رکھنا۔
مَنَاشِیر ع۔ جمع ہے منشور کی فرمان بادشاہی۔
مَنَاص ع۔ گریزگاہ۔ بھاگنا باز پس ہونا
مَنَاصِب ع۔ جمع ہے منصب کی جائے برپا ہونے کی مجازاً رتبہ عہدہ جلیل۔
مُنَاصَفَہ ع۔ باہم آدھوں آدھ کر لینا۔
مُنَاظَرَہ ع۔ باہم بحث کرنا باہم نظر کرنا۔ نیک مطلب نکالنے کے واسطے۔

مَنّاع ع۔ بہت روکنے والا مبالغہ کا صیغہ ہے اور ایک پہاڑ قبیلہ طے کا ہے ۔ استوار اور محکم اور بلند۔

مَناع ع۔ باز دارندہ بہت روکنے والا۔ اور نام ایک شخص کا ہے۔

مَناعت ع۔ نام شہر کا جو قبیلۂ ہذل کا عرب میں ہے اور نام ایک پہاڑ کا ہے استوار ہونا جگہ کا ۔ محکمی استواری۔

مَناعِم ع۔ جمع ہے نعمت کی۔

مُناعَمت ع۔ استوار کرنا ناز و نعمت میں پالنا۔

مُناف ع۔ نفی کرنیوالا۔ ضد

مُنافات ع۔ ایک دوسرے کو نفی کرنا۔ باہم ایک دوسرے کو نیست کرنا۔ ضد۔

مَنافِذ ع۔ جمع ہے منفذ کی جگہ نفوذ کی۔ جگہ جاری ہونے کی۔ راہ

مُنافِر ع۔ نفرت کرنے والا

مُنافَرت ع۔ باہم نفرت کرنا اور حاکم کے پاس ہمراہ کسی شخص کے واسطے ثابت کرنے حسب و نسب کے جانا۔

مُنافِع ع۔ فائدہ دینے والا

مُنافِق ع۔ نفاق رکھنے والا وہ شخص جسکے دل میں کچھ اور ہو اور ظاہر اسکے خلاف کرے۔

مَناقِب ع۔ اوصاف حمیدہ جمع منقبت کی۔

مُناقَشہ ع۔ جھگڑا جھگڑا کرنا

مُناقِض ع۔ توڑنے والا مخالف۔

مُناقَضہ ع۔ نقض کرنا اعتراض باہم ایک دوسرے کی بات کو توڑنا ۔ جھگڑا۔

مُناکَحت ع۔ نکاح ہونا عورت اور مرد کا نکاح۔

مَناکِیر ع۔ ناشایستگیاں بدکی اور قبیح باتیں۔ جمع ہے منکر کی

مَناکِب ع۔ جمع ہے منکب کی مونڈھے۔ دوش۔

مَنال ع۔ جائے یافت جگہ حاصل ہونے کسی شے کی جیسا کہ آراضی ملک جاگیر باغ کھیتی ۔ دوکان یہ سب جگہ پیدا کی ہیں ان کو منال کہتے ہیں۔

مَنام ع۔ خوابگاہ۔ جائے خفتن۔ سونیکی جگہ۔ خواب۔ نیند

مَنامات ع۔ جمع ہے منام کی۔ خوابہا۔

مَنّان ع۔ بہت احسان کرنیوالا نکوئی کرنے والا۔ نام خدا تعالےٰ جل شانہٗ۔

مَناہِج ع۔ جمع ہے منہج کی راہ راست راہ کشادہ۔

مُناہَدت ع۔ ایک دوسرے کی طرف درمیانی لڑائی کے قصد کرنا۔ انگلیوں پر فال لینا۔ پانسہ کسی کے ہمراہ ڈالنا۔ فال کے واسطے

مَناہِل ع۔ جمع ہے منہل کی چشمے۔

مَناہِی ع۔ جمع ہے منہی کی منع کی ہوئی چیز غیر شرع ناجائز بُری باتیں۔

مَنایا ع۔ جمع ہے منیّہ کی جس کے معنی موتیں۔ مرگیا۔

مِنّت ع۔ احسان۔ نکوئی

مِنبَر ع۔ ایک سیڑھی بنی ہوئی مسجدوں میں ہوتی ہے۔ جس پر عالم کو بیٹھ کر نصیحت کرتے ہیں اور خطبہ پڑھتے ہیں۔

مُنبَت ع۔ جائے روئیدگی جگہ اُگنے کی۔

مَنبَع ع۔ چشمہ جگہ نکلنے پانی کی۔ پانی کی سوت۔

مُنبَعث ع۔ برانگیختہ کیا گیا

مِن بَعد ع۔ اسکے بعد۔

مُنبَسِط ع۔ پھیلایا گیا بچھایا گیا۔ مجازاً مسرور خوشحال۔

مُنَبَّہ ع۔ خبردار کیا گیا اور متنبہ خبردار کرنے والا۔

مُنتَہِج ع۔ راہ اختیار کرنیوالا

مُنتِج ع۔ نتیجہ دینے والا۔

مُنتَجِع ع۔ نیکو کار جائے آب و گیاہ

مُنتَخَب ع۔ انتخاب کیا گیا خلاصہ کیا گیا۔

مُنتَزِع ع۔ کسی چیز میں سے کھینچکر نکالنے والا۔

مُنتَسِب ع۔ نسبت رکھنے والا لگاؤ رکھنے والا۔

مُنتَسِج ع۔ بافتہ شدہ بنا ہوا۔

مُنْتَسِخ ع۔ نسخہ گیرندہ اور نسخہ خوانندہ
مُنْتَشِر ع۔ بکھرنے والا پھیلنے والا۔ پراگندہ۔
مُنْتَظِم ع۔ انتظام کرنے والا راست و درست ہونے والا
مُنْتَصِب ع۔ عہدہ پانیوالا قائم ہونے والا کسی کام پر۔
مُنْتَضِد ع۔ اقامت کرنیوالا کسی مکان پر ایک دوسرے پر جما ہوا۔
مُنْتَضِم ع۔ پیوستہ ہونے والا آمیختہ ہونے والا۔
مُنْتَفَع ع۔ فائدہ مند۔
مُنْتَفِی ع۔ نیست ہونے والا
مُنْتَقِع ع۔ بھیگا ہوا۔ تر شدہ
مُنْتَقِل ع۔ انتقال کرنیوالا ایک مکان سے دوسرے مکان میں چلے جانے والا۔
مُنْتَقِم ع۔ بدلا لینے والا۔ کسی سے کینہ کا عوض لینے والا۔
مُنْتَقیٰ ع۔ برگزیدہ۔
مُنْتِن ع۔ بدبو دار شے گندہ۔ بدبو۔ سڑا ہوا۔
مُنْتَہی ع۔ انتہا کو پہونچنے والا

مَنْثُور ع۔ دُر ناسفتہ۔ پراگندہ نثر وہ کلام جو نظم نہ ہو
مُنْجَر ع۔ کشیدہ شوندہ کھینچا گیا
مُنْجِس ع۔ ناپاک کرنے والا
مَنْجَلاب ع۔ جائے انداخت پانی خراب کی۔ چہ بچہ۔
مُنْجَلی ع۔ ظاہر۔ آشکار روشن۔
مُنَجِّم ع۔ نجومی۔ جوتشی۔
مِنْجَل ع۔ درانتی گھاس کاٹنے کی۔
مُنْجَمِد ع۔ ٹھٹھرنے والا۔ سردی سے جما ہوا۔ بسبب سردی کے
مَنْجَنِیق ع۔ بڑا فلاخن ڈھیکلی ایک آلہ ہے جس میں بڑے بڑے پتھر رکھ کر قلعے کی دیوار پر مارتے ہیں تاکہ دیوار ٹوٹ جاوے یہ لفظ معرّب ہے من چہ نیک کا جو قلعہ گیری میں مفید ہے اسواسطے یہ نام اس کا ہوا۔
مَنْحُوت ع۔ تراشیدہ شدہ تراشا گیا چھیلا گیا۔
مُنْحَدِر ع۔ اوپر سے نیچے اُترنے والا۔

مِنْحَات ع۔ رندہ کرنے کا اوزار۔ بڑھئی کا رندہ۔
مُنْحَرِف ع۔ پھرا ہوا خم کھایا ہوا۔ برگشتہ۔
مَنْخَر ع۔ سوراخ ناک کا سوراخ بینی۔
مَنْخَرَین ع۔ دو سوراخ بینی ناک کے دونوں سوراخ۔
مُنْخَرِق ع۔ پھٹنے والا۔ دریدہ شوندہ۔
مُنْخَرِم ع۔ ناک کٹا ہوا۔ گوش سوراخ کردہ شدہ
مُنْخُل ع۔ چھلنی آٹا چھاننے کی
مَنْد ت۔ صاحب۔ والا۔
مُنْدَرِج ع۔ درج کیا گیا۔ داخل کیا گیا۔
مُنْدَرِس ع۔ کہنہ گھسا ہوا۔
مُنْدَفِع ع۔ دفع ہونیوالا۔
مُنْدَمِج ع۔ بھٹسا ہوا۔ داخل شوندہ۔
مُنْدَمِل ع۔ گھاؤ بھرنے والا وہ زخم جو گوشت بھر کے اچھا ہوگیا ہو۔
مَنْدُوب ع۔ رد دیا گیا نوحہ کیا گیا۔ ماتم کیا گیا۔

مِنْدِیل ع۔ رومال۔ دستار پٹکا جو کمر میں باندھتے ہیں۔
مَنْزِل ع۔ مکان۔ گھر۔ جگہ اترنے کی۔
مَنْزِلَت ع۔ رتبہ۔ درجہ
مَنْزُوع ع۔ کھینچا گیا۔
مُنْزَوِی ع۔ گوشہ اختیار کرنے والا۔ گوشہ نشین۔
مُنَزَّہ ع۔ پاک۔ صاف۔
مُنْسِج ع۔ بُننے والا۔ جولاہہ
مُنْسَد ع۔ انسداد کیا گیا رد کا گیا۔ بند باندھا گیا۔
مَنْسُوب ع۔ نسبت کیا گیا۔
مَنْسَک ع۔ عبادت گاہ جائے قربانی۔ حاجیان۔
مُنْسَلِک ع۔ لڑی میں پرویا ہوا۔
مَنْسُوج ع۔ بنا ہوا بافتہ شدہ
مَنْسُوخ ع۔ رد کیا گیا۔ نیست کیا گیا۔
مُنْسِی ع۔ بھولنے والا۔ نسی بھلایا گیا۔ فراموش کردہ شدہ
مَنْشَا ع۔ جگہ پیدا ہونیکی جائے ہونے کی مجازاً سبب
مَنِش ف۔ خو طبیعت مزاج۔

منشآت ع۔ منفعلات کے وزن پر جمع ہے منشی کی صیغہ اسم مفعول کا ہے انشا سے مراد مسودات عبارتیں تصنیفیں۔
منشار ع۔ آرہ جس سے تختے لکڑی کے چیرتے ہیں۔
منشرح ع۔ کھلا ہوا آشکارا شدہ۔
منشط ع۔ خوشی میں لانے والا
منشعب ع۔ شاخ در شاخ ہونیوالا۔ پراگندہ۔ پھیلا ہوا
منشق ع۔ شگافتہ شدہ پارہ پارہ کیا گیا۔
منشور ع۔ پراگندہ شدہ فرمان شاہی۔
منشی ع۔ آغاز کرنے والا پیدا کرنے والا۔ ایک بات کا اپنے دل سے۔
منصب ع۔ جگہ قائم ہونیکی مجازاً رتبہ عہدۂ جلیل القدر جو امرا کو ہوتا ہے۔
منصرف ع۔ ایک حال سے دوسرے حال پر لوٹ جانے والا۔
منصف ع۔ انصاف کرنے والا۔
منصوبہ ع۔ کوئی شے برپا کی ہوئی تدبیر کسی کام کی بازی شطرنج۔ نام ساتویں بازی نرد کا۔
منصوب ع۔ کھڑا کیا گیا نصب کیا گیا۔ حرکت زبر کی دیا گیا۔
منصور ع۔ یاری دیا گیا مدد دیا گیا۔ نام ایک فقیر کامل کا ہے۔
منصوص ع۔ کمال تحقیق کو پہنچایا گیا۔ تحقیق کیا گیا۔
منصہ ع۔ جائے ظاہر ہونے کسی چیز کی۔ تخت یا چوکی جسپر دولہن کو بٹھلا کر جلوہ دیں
منضج ع۔ پکانے والا۔ پختہ کرنے والا۔ میوہ زخم خلط۔
منضد ع۔ تو برتو۔ ایکدوسرے پر چنا ہوا تہ بتہ رکھا ہوا۔
منضم ع۔ ملایا گیا۔
منطبع ع۔ منقوش ہونے والا چھاپا گیا۔
منطبق ع۔ برابر موافق مطابقت کیا گیا۔
منطفی ع۔ بجھنے والا بجھا ہوا
منطق ع۔ گفتگو۔ سخن کرنا اور نام ایک علم کا ہے۔
منطمس ع۔ محو ہونے والا نیست ہونے والا۔
منطقہ ع۔ پٹکا۔ کمربند۔
منطقۃ البروج ع۔ وہ دائرہ کلاں ہے جس پر بارہ برج آسمانی واقع ہیں
منطوق ع۔ سخن۔ کلام مضمون۔
منطوی ع۔ لپٹا ہوا۔
منطیق ع۔ فصیح خوش کلام۔ خوشگو۔
منظر ع۔ جائے نظر چشم چہرہ۔ کھڑکی۔ دریچہ۔
منظوم ع۔ پرو دیا گیا۔ نظم کیا گیا۔ نظم۔
منظومہ ع۔ نظم کیا ہوا رسالہ۔
منع ع۔ باز رکھنا۔ روکنا۔
منعدم ع۔ نیست ہونا۔ معدوم ہو جانا۔
منعام ع۔ بہت بخشش کرنیوالا بہت نعمت دینے والا
منعدم ع۔ نیست ہونے والا نابود ہونے والا۔
منعطف ع۔ مڑنے والا لوٹنے والا۔ برگزیدہ۔
منعقد ع۔ بستہ شوندہ انعقاد پانے والا۔ جمنے والا۔
منعکس ع۔ عکس قبول کرنے والا شعاع جو الٹ کر آئی ہو۔
منعم ع۔ مالدار اور نعمت دینے والا۔
منعوت ع۔ نعت کیا گیا۔
منغمس ع۔ ڈوبا ہوا پانی میں۔
منغص ع۔ تکدر۔ تیرہ۔
منغمص ع۔ ڈوبا ہوا پانی میں نیچے بیٹھا ہوا۔
منفق ع۔ نفقہ دیا گیا۔ خرچ دیا گیا۔
منفق ع۔ خرچ کرنے والا
منفاق ع۔ بہت خرچ کرنے والا
منفتح ع۔ کھلا ہوا۔ کشادہ فتح کیا گیا۔ جیت لیا گیا۔
منفتق ع۔ چرا ہوا شگافت۔
منفجر ع۔ پھٹا ہوا۔ شگافتہ۔

چشمہ چرا ہوا۔
مُنفَخ ع۔ دھونکنی لوہاروں کی جس سے آگ کو دھوکتے ہیں
مَنفَذ ع۔ راہ۔ جائے گذر نکلنے اور جائے گھس جانے کی۔
مُنفَرِج ع۔ کشادہ۔
مُنفَرِح ع۔ خوش۔ شاد۔
مُنفَرِد ع۔ تنہا۔ اکیلا۔
مُنفَصِل ع۔ جدا۔ علیحدہ انفصال یافتہ۔
مُنفَصِم ع۔ ٹوٹا ہوا۔ ختم کیا گیا۔
مُنفَطِر ع۔ چرا ہوا شگافتہ شدہ۔
مَنفَعَت ع۔ سود مندی فائدہ۔
مُنفَعِل ع۔ اثر قبول کرنیوالا شرمندہ
مُنفِق ع۔ خرچ کرنے والا۔
مُنفَک ع۔ جدا کیا گیا۔
مَنفی ع۔ نیست کیا گیا نفی کیا گیا۔
مُنقَاد ع۔ مطیع۔ فرمانبردار عاجزی کرنے والا۔
مُنقّٰے ع۔ پاک کیا گیا۔ صاف کیا گیا۔
مُنَقّی ع۔ پاک کرنے والا صاف کرنے والا۔
مِنقَار ع۔ چونچ پرندکی۔
مِنقَاش ع۔ موچنہ جس سے بال بدن سے اُکھیڑتے ہیں نہرنی جس سے ناخن تراشتے ہیں
مَنقَبَت ع۔ ہنر۔ ستودگی اصطلاحات میں تعریف اور ثنا اہل بیت نبی صلعم کی۔
مُنقَبِض ع۔ بھینچا ہوا گرفتہ شدہ تنگ کرکے باندھا ہوا سمٹا ہوا۔
مُنقّح ع۔ پاک کیا گیا جھوٹ سے وہ شے جسمیں دروغ نہو۔
مُنقَرِض ع۔ بریدہ شدہ گزرا ہوا۔ گذرا ہوا۔
مُنقَسِم ع تقسیم کیا گیا۔ بانٹا ہوا
مُنَقّش ع۔ نقش ونگار کیا گیا چترکاری کیا گیا۔
مُنقَشِر ع۔ چھلا ہوا۔ چھلکا اتارا ہوا۔
مُنقَضی ع۔ گذشتہ۔ گذرا ہوا
مُنقَطِع ع۔ قطع کیا گیا انقطاع یافتہ۔
مُنقَلِب ع۔ گردش کھانے والا۔ الٹنے والا۔ برگردندہ واژگوں شوندہ۔
مُنقَلِع ع۔ اکھڑنے والا۔ برکندہ شوندہ۔
مَنقُوب ع۔ سوراخ کیا گیا۔ چھیدا گیا۔
مَنقُوش ع۔ نقش کیا گیا۔ کھدا ہوا۔
مَنقَصَت ع۔ نقصان۔ عیب۔
مَنقُوص ع۔ ناقص کم
مَنقُول ع۔ نقل کیا گیا۔ ذکر کیا گیا۔ بیان کیا گیا۔
مَنکَبین ع۔ تثنیہ ہے منکب کا یعنے دونوں مونڈھے۔
مَنکَب ع۔ مونڈھا۔ دوش
مُنکَدِر ع۔ تیرہ۔ دھوندلا گدلا۔
مُنکَر ع۔ بد۔ قبیح۔ ناشاد۔
مُنکَسِر ع۔ ٹوٹا ہوا شکستہ۔
مُنکَشِف ع۔ کھلنے والا۔ کشادہ۔ برہنہ۔ کھلا ہوا۔
مَنکُوب ع۔ خراب بدحال سختی رسیدہ:
مَنکُوحہ ع۔ بیوی۔ جورو۔ نکاح کی ہوئی عورت۔
مَنکُوس ع۔ اوندھا۔ سرنگوں۔ نگونسار۔
مَنگیدَن ف۔ آہستہ زیرلب کہنا۔ بڑبڑانا۔
مُنِم ع۔ سخن چینی کرنیوالا۔ لترا
مِنَن ع۔ جمع ہے منت کی بمعنی احسان اور نیکی کے۔
مَنُوب ع۔ نیابت کیا گیا۔ وہ شخص جس کا کوئی نائب ہو۔
مِنوَال ع۔ وہ لکڑی جولاہے کی جسپر کپڑا بنا ہوا لپیٹتا ہے۔ مجازاً بمعنی طور دستور کے مستعمل ہے۔
مُنَوَّر ع۔ روشن۔ روشنی دیا گیا۔
مَنُوچِہر ع۔ مخفف ہے مینوچہر کا بمعنے بہشت اور یہ نام ہے ایک بادشاہ کا جو کہ ایرج کا نواسہ تھا اور ایرج فریدوں کا بیٹا ہے۔
مَنُوط ع۔ لٹکایا گیا۔ اور آویختہ شدہ بچرنے۔

مَنُوْن ع - زمانہ - موت

مَنْوِی ع - نیت کیا گیا۔ مراد جو ارادے میں ہو۔

مَنْہَج / **مِنْہَاج** ع - راہ راست راہ کشادہ سڑک

مُنْہَدِم ع - ویران ہونیوالا عمارت افتادہ۔

مُنْہَزِم ع - لڑائی سے بھاگنے والا لشکر شکست خوردہ۔

مُنْہَضِم ع - ہضم کیا ہوا پچا ہوا

مَنْہَل ع - وہ چشمہ جو چراگاہ میں ہو جسمیں چوپاسے وغیرہ پانی پیویں۔

مُنْہَمِک ع - ایک کام میں بہت کوشش کرنے والا۔

مُنْہِی ع - خبر دینے والا - اس کی جمع فارسی میں منہیان آتی ہے۔

مَنْہِی ع - وہ فعل بد جس کا کرنا شرع میں منع کیا گیا ہے۔

مِنٰی ع - نام ہے ایک پہاڑی کا مکہ میں جو محل قربانی ہے۔

مُنْیَہ ع - آرزو - مطلب۔

مُنِیْر ع - روشنی دینے والا - روشن۔

مَنِیْع ع - بازدارندہ - محکم استوار۔

مَنْ یَزِیْد ع - اس بیع کو کہتے ہیں جو بڑھے سو لے جیسے نیلام - ہراج۔

مُنِیْف ع - پاک بزرگ بلند۔

مُوْ ف - بال۔

مُوْئِنَہ ف - فارسی میں بالوں کا کپڑا - یا پوست حیوان کا - لباس جسمیں بال ہوں۔

مَوَات ع - بیجان - زمین خشک جسمیں پیداوار نہ ہو بے مالک - موت و مرگ۔

مَوَاثِیْق ع - وثیقے عہد و پیمان جمع ہے میثاق کی۔

مَوَاجِب ع - جمع ہے موجب کی یعنے لازم کیا گیا - مقرر کیا گیا۔ مجازاً تنخواہ یہ لفظ جمع ہے مگر مفرد کی جگہ اس کا استعمال بھی درست ہے۔

مُوَاجَہَہ ع - باہم روبرو ہونا

مُوَاخَات ع - باہم برادری رکھنا بھائی چارہ آپسیں کرنا

مُوَاخِذ ع - گرفت کرنیوالا مواخذہ کنندہ۔

مُوَاخَذَہ ع - گرفت کرنا کسی سے کسی بات میں جواب لینا۔

مَوَاد ع - جمع ہے مادہ کی اصل ہر چیز کی۔

مُوَادَعَت ع - رخصت کرنا - وداع کرنا - ایکدوسرے کو باہم وداع کرنا۔

مَوَارِد ع - جمع ہے مورد کی چشمے جگہ وارد ہونے کی۔

مُوَازَنَت ع - مقابلہ برابری

مُوَازَنَہ ع - ہموزن ہونا دو چیزوں کا باہم ہموزن ہونا۔

مُوَازِی ع - برابر - مقابل۔

مَوَازِیْن ع - جمع ہے میزان کی ترازوئیں۔

مُوْسٰی ع - استرہ بال مونڈنیکا اور نام ایک پیغمبر کا لفظ عبرانی ہے اس کے معنے یہ ہیں یعنی تابوت سا بمعنے آب چونکہ موسٰی کو ان کی والدہ نے پانی میں بہا دیا تھا اس لئے یہ نام رکھا گیا۔

مُوَاسَا ع - مدد کرنا - یاری - رعایت کرنا - صلح غمخواری کرنا

مُوَاسَات ع - یاری کرنا مال اور تن سے کسی کے ہمراہ غمخواری کرنا۔

مَوَاشِی ع - جمع ہے ماشیہ کی راہوار - گائے بیل گھوڑا وغیرہ

مُوَاصَلَت ع - ملنا ملاقات کرنا - ملجانا۔

مُوَاطَات ع - موافقت کرنا

مَوَاطِن ع - جمع موطن کی ہے - وطنہا۔

مُوَاظَبَت ع - ایک کام پر ہمیشگی کرنا۔

مُوَاعَدَت ع - باہم وعدہ کرنا - آپسیں وعدہ کرنا۔

مَوَاعِظ ع - نصائح نصیحتیں جمع ہے موعظت کی۔

مُوَافِق ع - مطابق موافقت کرنے والا۔

مُوَافَقَت ع - ساتھ دوستی برابری - موافقت۔

مَوَاقِع ع - جائیہا - محلہا - جمع ہے موقع کی۔

مَوَاقِف ع - جمع ہے موقف کی جگہ ٹھہرنے کی۔

مَوَاکِب ع۔ جمع ہے موکب کی گروہ سواروں کے سپاہ اور لشکر سواروں کا رسالے سواروں کے۔
مُوالات ع۔ پے درپے ایک کام کرنا دوستی۔
مُوالفت ع۔ پے درپے الفت کرنا۔ خوگر ہونا۔ باہم الفت کرنا۔
مَوَالی ع۔ جمع ہے مولیٰ کی غلامان۔
مَوالید ع۔ جمع ہے مولود کی۔ بچے۔
مَوالیدِ ثلاثہ ع۔ حیوانات نباتات۔ جمادات۔
مُوانست ع۔ باہم اُنس کرنا۔ دوستی کرنا۔
مَوانع ع۔ جمع ہے مانع کی منع کرنے والی۔ روکنے والی چیزیں۔
مَواہب ع۔ جمع ہے موہبت کی بخششیں۔
مُواہنت ع۔ سُستی۔ باہم سستی کرنا۔
مَوائد ع۔ جمع ہے مائدہ کی خوانہائے پرطعام۔
مُؤبَّد ع۔ ہمیشگی کیا گیا۔ ابد کیا گیا۔
مُوبِد ف۔ حکیم۔ دانشمند آتش پرستاں پیرے فروش صاحب حکمت۔
مُوبمُو ف۔ سب بالوں میں سراسر
مَوت ع۔ مرجانا۔
مَوتیٰ ع۔ مردگان مرے ہوئے مُردے۔ جمع ہے میت کی۔
مُوتراش ف۔ استرہ بال مونڈنے والا۔
مُؤتلف ع۔ خوگرفت الفت کیا گیا۔
مُؤتمر ع۔ فرمانبردار مشورت کنندہ۔
مُؤتمن ع۔ امانت دار جو کسی شخص کے مال میں خیانت نہ کرے۔
مُؤثِّر ع۔ اثر کرنے والا تاثیر کرنے والا۔
مُؤثِر ع۔ اختیار کرنے والا
مُوثَّق ع۔ استوار مضبوط محکم۔
مَوج ع۔ لہر پانی کی لہر
مُوجِب ع۔ واجب کرنیوالا لازم کرنے والا۔
مُوجِد ع۔ پیدا کرنے والا کچھ نئی چیز ایجاد کرنے والا۔
مُوجَز ع۔ کوتاہ۔ مختصر نام ایک کتاب کا علم طب میں
مَوجزن ف۔ لہراتا ہوا۔ موج مارنے والا۔
مُؤجَّل ع۔ مہلت دیا گیا وقت مقرر کیا گیا فرصت دیا گیا۔
مَوجود ع۔ وجود کیا گیا۔ پیدا کیا ہوا۔ حاضر۔
مَوجودات ع۔ جمع ہے موجود کی بمعنی مخلوقات
مُوَجَّہ ع۔ پسندیدہ۔ خوب جسکی طرف منھ کیا جاوے۔
مُوچینہ ف۔ بالوں کے اُکھاڑنے کا آلہ موچینہ۔
مُوحِش ع۔ وحشت میں ڈالنے والا۔ اندوہگیں کرنے والا
مُؤخَّر ع۔ آخر کیا گیا۔ پچھلا۔
مُؤخِر ع۔ گوشۂ چشم جانب کان کے۔
مُؤدِّب ع۔ ادب دینے والا
مؤدَّب ادب کیا گیا۔
مَوَدَّت ع۔ دوستی کرنا دوستی۔
مُؤدّیٰ ع۔ ادا کیا گیا۔ پہونچایا گیا۔
مُؤدّی ع۔ ادا کرنے والا پہونچانے والا۔
مُوَدِّع ع۔ رخصت کرنے والا
مُوَدَّع ع۔ رخصت کیا گیا۔
مُودَعہ ع۔ سپرد کی ہوئی شے
مُؤذیٰ ع۔ اذیت دیا گیا اذیت پہونچایا گیا۔
مُؤذِّن ع۔ اذان دینے والا آگاہ کرنے والا۔ بانگ دہندہ
مُؤذی ع۔ دکھ دینے والا
مُور ف۔ چیونٹی۔ کیڑی۔
مُورِث ع۔ وارث کرنیوالا وہ مرنے والا جس کا مال ہو اور وارث ہوں۔
مُورچال و مُورچل ف۔ اس گڑھے کو کہتے ہیں جو قلعے کے واسطے چاروں طرف کھودتے ہیں۔
مُورچہ ف۔ ایک قسم کی چیونٹی جو بہت چھوٹی

ہے۔ زنگ جو لوہے کو لگتا ہے

مُوَرِّخ ع۔ تاریخ لکھنے والا۔

مَوْرِد ع۔ چشمہ پانی پینے آدمیوں کا اور بہائم کا۔ جگہ وارد ہونے کی۔

مُوَرَّد ع۔ گلگوں سُرخ رنگ مانند گلاب کے پھول کے کیا گیا۔

مَوْرُد ع۔ گلاب کے درخت کو کہتے ہیں۔

مَوْرُوث ع۔ ارث دیا گیا وراثت دیا گیا۔ ترکہ دیا گیا۔

مَوْرُوثی ع۔ باپ دادے کی وہ شے جو ورثہ میں ملی ہو۔

مَوْز ف۔ کیلے کا درخت

مُوَزِّع ع۔ پراگندہ کرنیوالا تقسیم کرنے والا۔

مَوْزُون ع۔ تلا ہوا۔ وزن کیا ہوا۔

مُوسِر ع۔ تونگر۔ جو مفلس نہ ہو۔ دولتمند۔

مُؤَسِّس ع۔ استوار کنندہ۔ بنیاد ڈالنے والا۔

مَوْسِم ع۔ ہنگام وقت کسی چیز کا۔

مَوْسُوم ع۔ نام کیا گیا۔ نام رکھا گیا۔ نشان کیا گیا۔ داغدار کیا گیا۔

مُوسِیقی ع۔ نام ہے علم راگ کا

مُوش ف۔ چوہا۔

مُوَشَّح ع۔ زیور سے آراستہ کیا گیا۔ مزین۔ بدھی پہنایا گیا

مُوش خور ف۔ چیل یا گدھ

مُوش خرما ف۔ گلہری شہوں جانور ہے۔

مُوش دشتی ف جنگلی چوہا۔

مُوش کور ف۔ چھچھوندر۔

مُوصیٰ بہٖ ع۔ وہ شے جسکے دینے کی وصیت کی ہو۔

مُوصِی ع۔ وصیت کرنیوالا

مُوصیٰ ع۔ وہ شخص جسکو وصیت کی ہو۔

مُوصیٰ اِلَیہ ع۔ وہ شخص جسکو کہا ہو کہ بعد میرے مرنے کے یہ کام کرنا۔

مَوْصَل ع۔ جگہ وصل کی ملنے اور ملاقات کا مقام نام ایک شہر کا عرب میں۔

مَوْصُوف ع۔ وصف کیا گیا تعریف کیا گیا۔

مَوْصُول ع۔ ملا ہوا وصل کیا گیا۔

مَوْضِع ع۔ جگہ۔ مکان کا نؤں جائے رکھنے کی۔

مَوْضُوع ع۔ رکھا گیا گیا وہ شے جس کا ذکر اس علم میں ہو

مَوْطِن ع۔ جائے وطن۔ اپنا دیس۔

مُوَطَّن ع۔ وطن کیا گیا۔ وہ شہر جسکے اندر کوئی جا بسے

مُوَظَّف ع۔ وظیفہ کیا گیا وظیفہ دیا گیا۔

مُوَظِّف ع۔ وظیفہ دینے والا ہمیشہ ایک کام کرنے والا۔

مَوْعِد ع۔ وقت وعدہ کرنے کا۔ جائے وعدہ کرنیکی

مَوْعِدَت ع۔ وعدہ۔ عہد بیان۔

مَوْعِظَت ع۔ نصیحت کرنا۔ نصیحت پند۔

مَوْعُود ع۔ وعدہ کیا گیا وعدہ کردہ شدہ

مُوَفِّر ع۔ زیادہ کرنے والا۔

مُوَفَّق ع۔ توفیق دیا گیا۔ نیک کام کرنے کا اسلوب مہیا کیا گیا کوئی شخص۔

مَوْفُور ع۔ وافر کیا گیا زیادتی کیا گیا۔

مُوَفّیٰ ع۔ تمام کردہ شدہ وفا کیا گیا۔ مجازاً کامل تمام

مُوَقَّت ع۔ کسی وقت پر ٹھہرایا ہوا۔ وقت کیا گیا۔

مَوْقِع ع۔ جائے واقع ہونے کی جگہ گرنے کی۔

مَوْقِف ع۔ جگہ کھڑے ہونے کی۔ نام ایک مقام کا ہے جو سات کوس مکہ سے دور ہے۔

مَوْقُوف ع۔ ٹھہرایا گیا مجازاً برخاست کیا گیا۔

مُوقِن ع۔ یقین کرنے والا

مُوق ع۔ گوشہ چشم بطرف بینی آنکھ کا کونا۔

مَوْکِب ع۔ گروہ سواروں کا جو امیر کی سواری کے آگے چلے سپاہ و لشکر سواران۔

مُؤَکِّد ع۔ تاکید کرنے والا۔

مُؤَکَّد ع۔ تاکید کیا گیا۔

مُوَکِّل ع۔ وہ شخص جس کو کوئی کام سپرد ہو۔

مول ف۔ معشوق صورت حرامزادہ۔ تاخیر۔ ٹھہر۔

مولا ع۔ غلام آزاد۔ یاری دہندہ۔

مولیٰ ع۔ خداوند سردار ہمسایہ

مولد ع۔ جائے ولادت جنم بھوم۔ وطن۔ جہاں پیدا ہوا ہو۔

مولع ع۔ حریص۔ لالچی۔

مؤلف ع۔ تالیف کرنیوالا جمع کرنے والا۔

مؤلفات ع۔ وہ کتابیں جو تالیف کی گئی ہوں۔

مؤلم ع۔ درد دینے والا۔ الم دینے والا۔

مولود ع۔ بچہ پیدا ہوا ہو خواہ لڑکی ہو یا لڑکا۔ جنا ہوا زمانہ جننے کا۔

مولوی ع۔ اسم مفعول کا صیغہ ہے۔ سرداری دادہ شدہ سردار منسوب مولے سے یعنے خداوند۔

مولہ ع۔ شیفتہ۔ عاشق و دیوانہ ایک قسم بید کا جس کو بید مجنوں کہتے ہیں۔

مومر ع۔ حکم کرنے والا۔

مؤمل ع۔ امیدوار۔

مؤمن ع۔ ایمان لانے والا۔

مومیٰ ع۔ اشارہ کیا گیا۔ اشارہ کردہ شدہ۔

مومیٰ الیہ ع۔ وہ شخص جسکی طرف اشارہ کیا گیا۔

مومیا ع۔ نام ایک چکنائی کا ہے جسے بطور دوا کے استعمال کرتے ہیں۔

مؤنت ع۔ محنت۔ رنج رنج کھینچنا۔ اور ما یحتاج معاش کا جیسے نفقہ لباس خرچ ضروری۔

مؤنث ع۔ عورت مادہ

مونس ع۔ ہمدم۔ آرام دہندہ

موہبت ع۔ بخشش۔ عطا۔

موہب ع۔ بخشنے والا۔ ہبہ کرنے والا۔

موہوب ع۔ عطا کیا گیا۔ کوئی چیز ہبہ کی گئی۔ بخشا گیا۔

موہم ع۔ وہم دلانے والا۔

موہوم ع۔ وہم کیا گیا۔ وہمی

موہون ع۔ سست کیا گیا۔

موئی ف۔ بال۔

مؤید ع۔ تائید کیا گیا مدد کیا گیا

مویز ع۔ کلاں انگور سکھائے ہوئے۔ داکھ۔ منقیٰ۔

مویہ ف۔ نوحہ رونا مردے پر

مہ ف۔ چاند۔ مخفف ماہ کا۔

مِہ ف۔ بڑا۔ بزرگ۔ سردار

مہات ف۔ بڑا۔

مہاب ع۔ ڈراونی شکل ہیبت ناک شخص۔

مہابت ع۔ خوف۔ ڈر خشم

مہاجر ع۔ ہجرت کرنے والا ایک جگہ چھوڑ کر چلا جانے والا

مہاجرت ع۔ جگہ رہنے کی چھوڑنا۔ چلا جانا۔ وطن چھوڑ کر

مہاد ع۔ بستر۔ فرش۔ بچھونا یہ لفظ مفرد ہے جمع نہیں ہے

مہار ف۔ اونٹ کی نکیل۔ وہ لکڑی جو اونٹ کی ناک میں ڈالتے ہیں اور اس میں ایک رسی باندھتے ہیں۔

مہارت ع۔ استادی استعداد

مہالک ع۔ جمع ہے مہلکہ کی۔ جائے ہلاک ہونے کی۔

مہام ع۔ جمع ہے مہم کی مہمات۔

مہان ف۔ جمع ہے مہ کی بزرگان۔

مہان ع۔ اہانت کیا گیا ذلیل۔

مہب ع۔ جگہ چلنے ہوا کی۔

مہبط ع۔ جگہ اترنے کی جائے ہبوط۔

مہتاب ع۔ چاندنی اصل میں تاب مہ تھا۔

مہتدی ع۔ ہدایت پانیوالا راہ راست پانے والا۔

مہتر ف۔ بزرگ۔

مہجور ع۔ چھوڑا گیا۔ جدائی کیا گیا۔ جدائی۔

مہچہ ف۔ جھنڈے کا سرا پرچم جو اوپر جھنڈے کے ہوتا ہے۔

مہد ع۔ گہوارہ جو چھوٹے لڑکوں کی پرورش کے لئے بنایا جاتا ہے۔

مہذب ع۔ آراستہ کیا گیا

مہر ع۔ وہ روپیہ جو عورتوں کو عوض نکاح کے خاوند دیتا ہے

مِہر ف۔ سورج۔ محبت۔

مہربان ف۔ الفت و محبت

کرنے والا۔
مِہرجَان ف بب۔ معرب ہے مہرگاں کا۔ یعنے جگہ رہنے آفتاب کی برج میزان میں۔
مُہرکَن ف۔ وہ شخص جو مہر کھودتا ہے۔
مَہرُو ف۔ چاند کی شکل۔
مُہرَہ ف۔ کوڑی۔ گھونگھا سنکھ ف مشہور ہے۔
مَہزُول ع۔ لاغر۔ دُبلا۔
مَہزُوم ع۔ شکست دیا گیا شکست پایا ہوا۔
مَہضُوم ع۔ ہضم کیا گیا۔ بچایا گیا۔
مَہَل ع۔ آہستگی۔ دیر۔ زمانہ۔
مُہل ع۔ تانبا گلایا ہوا۔
مَہِل ف بست چھوڑ صیغہ نہی کا۔ ہیدن سے بمعنی گذاشتن ہے۔
مُہلَت ع۔ درنگ۔ دیر۔
مُہلِک ع۔ ہلاک کرنے والا۔
مَہلِکَہ ع۔ جائے ہلاکت۔
مُہِم ع۔ غم میں ڈالنے والا۔
مُہِم ع۔ اندوہ غم مجازاً امر عظیم کار دشوار۔ ضروری کام۔

مُہِمَّات ع۔ جمع ہے مہم کی یعنی بہت سی مہیں۔ امور عظیمہ کارہائے ضروری۔
مِہمان ف۔ وہ شخص غیر جو کسی کے گھر آکر اترے یہ لفظ مشتق ہے مہ بمعنی بزرگ اور ان بمعنی مانند سے یعنے اور مان بمعنی مانند سے یعنے مانند بزرگ کے۔
مِہمَانسَرا ف۔ مسافروں کے اُترنے کی جگہ۔ لنگر سدابرت۔
مِہمَانی ف۔ ضیافت کرنا کھانا کھلوانا کسی غیر کو۔
مُہمَل ع۔ چھوڑا ہوا بیکار بےمعنی لفظ بیہودہ۔
مُہمَلَہ ع۔ خالی اور وہ حرف جس پر نقطہ نہ ہو۔
مِہمِیز ع۔ ایک میخ لوہے کی جو سواروں کی ایڑی پر لگی ہوئی ہوتی ہے۔
مُہَندِس ع۔ وہ شخص جو علم ہندسہ جانتا ہو۔
مَہوَش ف۔ چاند کے مانند
مِہی ع۔ بزرگی۔ سرداری
مُہَیَّا ع۔ تیار۔ موجود۔

مُہِیب ع۔ خوفناک ہیبت دینے والا۔
مِہِین ف۔ بزرگ تر۔
مَہِین ف بست ضعیف وحقیر وخوار۔
مَی ف۔ شراب۔
مَیَادِین ع۔ جمع میدان کی
مَیَامِن ع۔ جمع میمون کی بابرکت شخص وبابرکت اشیاء
مِیَان ف۔ کمر۔ درمیان
مِیَانجی ف۔ ایلچی۔ قاصد
مِیَانَہ ف۔ درمیان کا نہ بڑا نہ چھوٹا۔ منجھولا۔
مِیَانَہ رَوِی ف۔ زیادتی اور کمی سے بچنا افراط اور تفریط سے بچنا۔
مَیِّت ع۔ مردہ۔ مری لوتھ
مِیثَاق ع۔ وعدہ۔ عہد۔
مِیخ ف۔ کیل خواہ لکڑی کی ہو یا لوہے کی۔
مِیخَک ف چھوٹی کیل کو کا
مَیخُوش ف۔ کھٹا مزہ جیسیں شیرینی بھی ہو۔
مَیدَان ع۔ صاف سطح زمین کی جہاں پہاڑ نہ ہو۔ زمین فراخ۔

مَیدَہ ع۔ نفیس آٹا باریک آرد یا رچہ بیز مخفف مائدہ کا یعنے خوان پُرطعام۔ اور ر طعام کے ہے۔
مِیرآخُور ف۔ داروغہ اصطبل کا
مِیرآتَش ف۔ داروغہ توپخانہ۔
مِیر ع۔ مخفف ہے امیر کا یعنے سردار۔
مِیرَاث ع۔ مال مردے کا جو وارثوں کے ہاتھ آوے
مِیرآب ف۔ باغبان جسکا ذمہ درختوں کے پانی دینے کا ہو
مِیرشَبگَرد ف۔ کوتوال شہر جو رات کو کوچہ گردی کرتا ہے۔
مِیربَخشی ف۔ جو سب کی تنخواہ تقسیم کرے۔
مِیرحَاج ع۔ سردار حاجیوں کا
مِیربَحر ع۔ داروغہ گذر دریا کا
مِیرزَا ف۔ اصل میں امیرزادہ تھا یعنی زائیدہ امیر امیر کا بیٹا
مِیرشِکَار ف شکاری شکار کا سردار
مِیز ف۔ وہ تخت جس پر کھانا کھاتے اور رکھتا ہیں وغیرہ

اسباب رکھتے ہیں۔
میزاب ع۔ پرنالہ۔
میزان ع۔ ترازو۔
میزبان ف۔ صاحب خانہ جو ضیافت کرے۔
میزر ع۔ تہہ بند۔ تہمد۔ چادر پائجامہ۔ شلوار۔
میزہ ف۔ کاٹھی کے درمیان کی جگہ جسپر بیٹھتے ہیں۔
میسّر ع۔ آسان کیا گیا۔
میسرہ ع۔ توانگری بائیں طرف وہ فوج جو وقت لڑائی کے دست چپ بادشاہ کے ہو۔
میش ف۔ بھیڑی۔
میعاد ع۔ وقت مقررہ۔
میغ ع۔ ابر سیاہ اور نیز وہ سیاہ جو مقابل سفید کے پڑے۔
میقات ع۔ وقت اور ہنگام کار وعدہ گاہ اور وہ مقام جہاں پر احرام حج کا باندھیں وے پانچ مقام ہیں ذوالحلیفہ ذات عرق۔ جحفہ۔ قرن۔ یلملم
میق ع۔ گریان۔ رونے والا
میکدہ ف۔ شراب خانہ۔
میگون ف۔ شراب کے رنگ

میل ع۔ سلائی جس سے آنکھوں میں سرمہ میں ڈالتے ہیں اور منار علامت فرسنگ کی
میل ع۔ خم کرنا۔ خمیدگی ہلنا۔ جنبش کرنا۔ توجہ۔
میلک ف۔ ایک قسم کا کپڑا ہے جو شہر نوشاد سے لاتے ہیں۔
میلاد ع۔ وقت ولادت زمانہ پیدا ہونے کا۔ نام ایک شہر کا اور نام ایک پہلوان کا بھی۔
میلان ع۔ خواہش مائل رجوع۔
میمنت ع۔ برکت سعادت
میمند ع۔ نام ایک قصبہ کا ہے کہ مضافات غزنین سے ہے۔
میمنہ ف۔ دہنے ہاتھ کی جانب اور وہ فوج جو وقت لڑائی کے دہنی طرف ہو۔
میمون ع۔ خجستہ۔ مبارک فارسی میں بندر۔
مینا ف۔ شیشہ شراب کا۔ آبگینہ۔ رنگین۔

میناکار ف۔ مینا کا کام چاندی سونے پر کرنے والا جڑاؤ کام کرنے والا۔
مینو ف۔ عالم علوی بہشت فلک رنگ دار شیشہ جو زیور پر جڑا جاتا ہے۔

بابُ النّون

نا ف۔ حرف نفی ہے مشتقات اور صفات پر آتا ہے جیسے نابالغ ناسموع۔
نا ع۔ ہم۔ ہم لوگ یا ہم عورتیں
نابّ ع۔ دانت اگلے کچلیاں۔
ناب ف۔ خالص۔ صاف پاک۔
ناپاک ف۔ گندہ۔ پلید۔
ناپائدار ف۔ جو پائدار نہو جو دیر تک نہ رہے۔
نابایستہ ف۔ نالائق نازیبا
ناپدید ف۔ جو دکھائی نہ دے ظاہر نہ ہو۔
ناپسند ف۔ جو پسند نہ ہو۔
نابکار ف۔ جو کام کا نہو لائق
نابود ف۔ جو نیست ہو جائے

نابہرہ ف۔ کمینہ۔ ہیچ۔ بے عقل۔ بے نصیب۔
ناپیدا ف۔ جو ظاہر نہ ہو۔
نابینا ف۔ اندھا۔
ناتراشیدہ ف۔ بے چھیلا بے ادب۔
ناتراش ف۔ سفلہ آدمی کمینہ۔
ناتوان ف۔ ناطاقت۔ کمزور
ناتوانی ف۔ ناطاقتی۔ کمزوری۔
ناچار ف۔ لاعلاج۔ لابد بالضرور۔ عاجز۔
ناچاق ف۔ دبلا جو تندرست نہو
ناچیز ف۔ بے حقیقت جو کچھ نہو
ناچخ ف۔ چھوٹا نیزہ۔
ناحق ف بے حق بے سبب
ناحی ع۔ کنارہ۔ کونا۔ کنارہ پکڑنے والا۔
ناحیہ ع۔ کونا۔ کنارہ۔
ناخ ف۔ ناف۔ شکم پر جو سوراخ ہوتا ہے۔
ناخدا ف۔ ملاح۔ اصل میں ناؤ خدا تھا یعنے مالک ناؤ کا۔

ناخلف ف۔ وہ بیٹا جو نالائق ہو جو باپ کے موافق نہ ہو۔
ناخس ع۔ مثل سوئی کے چبھنے والا درد جسمیں ٹیس پیدا ہو
ناخنہ ف۔ آنکھ کی بیماری گوشت سفید مثل ناخن کے کوئے میں پیدا ہو جاتا ہے اگر علاج نہ کیا جاوے تو سیاہی آنکھ کی ڈھانپ لیتا ہے اور آدمی اندھا ہو جاتا ہے۔
ناخواست ف۔ بے اختیار بے طلب۔ بے تلاش۔
ناخوش ف۔ ناراض جو راضی نہ ہو۔
نادار ف۔ مفلس جس کے پاس کچھ نہ ہو۔
ناداری ف۔ مفلسی محتاجی
ناداشت ف۔ مفلس محتاج
نادان ف۔ بے وقوف۔
ندانستہ ف۔ نہ جانکر نہ جانی
نادانی ف۔ بیوقوفی۔
نادر ع۔ شے نفیس۔ کمتر تحفہ
نادرست ف۔ جو ٹھیک نہ ہو
نادرہ ع۔ عجیب۔ تحفہ۔
نادم ع۔ شرمندہ۔

نادی ع۔ پکارنیوالا مجلس
نادیدنی ف۔ قابل نہ دیکھنے کے
نادیدہ ف۔ نہ دیکھا ہوا۔
نار ع۔ آگ اور انار میوہ مشہور ہے۔
ناراست ف۔ جو سیدھا نہ ہو کھوٹا آدمی۔
نارجیل ع۔ ناریل کھوپرا
نارسائی ف۔ پہونچ کا نہ ہونا
نارسیدہ ف۔ کچا۔ خام
نارس ف۔ وہ میوہ جو ابھی خام ہو۔
نارنج ب۔ معرب نارنگ کا ہے۔
نارنگ } ف۔ نارنگی مشہور پھل ہے۔
نارنگی }
ناروا ف۔ ناجائز۔ غیر شرع۔
ناری ع۔ آگ کا آتشی۔
ناز ف۔ لاڈ۔ پیار کا اندازہ
نازبالش ف۔ نرم تکیہ۔
نازک ف۔ پتلا خوبصورت اور پتلا جو بھدا نہ ہو۔
نازکبدن ف۔ پتلے بدن کا
نازل ع۔ اُترنے والا۔

نازلہ ع۔ حادثہ مصیبت۔
نازندہ ف۔ اُترنے والا۔
نازیدن ف۔ ناز کرنا۔
ناس ع۔ آدمی۔ انسان یہ صیغہ اسم جنس کا ہے واحد اور جمع دونوں پر بولا جاتا ہے۔
ناساز ف۔ ناموافق۔
ناسپاس ف بے شکر۔
ناستودہ ف۔ جسکی تعریف نہ ہوئی ہو۔
ناسج ع۔ بننے والا کپڑے کا۔
ناسخ ع۔ لکھنے والا نیست کرنیوالا
ناسرہ ف۔ کھوٹا۔ زر قلب ملمع کا زر۔
ناسزا ف۔ نازیبا۔ نالائق۔
ناسفتہ ع۔ جو پرویا نہ گیا ہو جسمیں سوراخ نہ ہوا ہو۔
ناسک ع۔ عابد۔
ناسوت ع۔ عالم اجسام مراد دنیا۔ یہ جہاں۔
ناسور۔ ناصور ف۔ یہ لفظ صاد اور سین دونوں سے لکھا جاتا ہے معنے اس کے وہ زخم جو برابر بہا کرے

ناسی ع۔ بھولنے والا۔
ناشاد ف۔ جو خوش نہ ہو۔
ناشایستہ ف۔ نالایق۔ بد تہذیب۔ نامناسب۔
ناشتا ف۔ بھوکا رہنا صبح سے کچھ نہ کھایا ہوا ہونا۔
ناشدنی ف۔ نہ ہونے کے لائق۔
ناشط ع۔ خوش کرنے والا۔
ناشطات ع۔ خوشی پیدا کرنے والی جماعتیں۔
ناشکیبائی ف۔ ناصبری بے صبر ہونا۔
ناشناس ف۔ جو پہچانتا نہ ہو
ناشناخت ف۔ ناشناختہ شدہ جسکو کبھی نہ دیکھا ہو۔
ناشی ع۔ اٹھنے والا۔
ناصب ع۔ برپا کرنے والا قائم کرنے والا۔ دشمن۔ لکھنے والا زبر کرنے والا لفظ۔
ناصبہ ع۔ مؤنث ہے ناصب کی۔
ناصح ع۔ نصیحت کرنے والا
ناصر ع۔ مددگار۔
ناصع ع۔ خالص۔

ناصف ع - آدھوں آدھ کرنے والا -
ناصواب ف - جو درست نہو غلط -
ناصیہ ع - پیشانی - ماتھا -
ناضر ع - تروتازہ -
ناطح ع - سینگ مارنے والا چوپایہ -
ناطق ع - بولنے والا - صاحب عقل سمجھنے والا - کلیات اور جزئیات کا -
ناظر ع - دیکھنے والا - سردار محرروں کا - خواجہ -
ناظم ع - پرونے والا - انتظام کرنے والا -
ناظور ع - نگہبان - نظر کنندہ
ناعس ع - اونگھنے والا وہ شخص جسکی آنکھوں میں نیند بھری ہوئی ہو -
ناعم ع - نرم -
ناعمہ ع - نرم بدن - عورت
ناف ف - توندی - ناف پیٹ کی -
ناف پیچ ف - پیچ در پیچ -
نافجہ ع - خوشبودار شے -

نافح ع - پھونکنے والا - ہوا بھر کر پھولانے والا -
نافذ ع - جاری ہونیوالا - نفوذ کرنے والا -
نافر ع - نفرت کرنے والا - بھاگ جانے والا -
نافرجام ف - بداصل -
نافرمان ف - جو حکم نہ مانے -
نافرمانی ف - حکم نہ ماننا -
نافع ع - نفع دینے والا -
نافلہ ع - زائد -
نافہ ف - کستوری کی تھیلی جو ہرن کی ناف سے نکلتی ہے -
نافہم ف - جو سمجھ نہ رکھتا ہو
نافی ع - نفی کرنے والا - نیست کرنے والا -
ناقابل ف جو قابل نہ ہو -
ناقد ع - پرکھیا پرکھنے والا روپیہ اشرفی کا -
ناقر ع - چونچ مارنے والا - کھٹکنے والا - چونچ سے -
ناقص ع - جسمیں کچھ کمی ہو کم ادھورا -
ناقل ع - نقل کرنے والا بیان کرنے والا -

ناقور ع - بڑی نے - صور سنگھ -
ناقوس ع - سنکھ جو ہندو بروقت پوجا کے بجاتے ہیں
ناقہ ع - اونٹنی -
ناک ف - بھرا ہوا - صاحب خداوند - مالک -
ناکارہ ف - جو کام کا نہ ہو -
ناکاشتہ ف - جو بویا گیا نہ ہو -
ناکام ف - نامراد - ناچار بالضرور -
ناگاہ ف - اچانک -
ناگاج ف - اچانک - ناگاہ -
ناکب ع - اندوہ ڈالنے والا رنج دہندہ -
ناکح ع - چھید کرنے والا بیاہ کرنے والا - نکاح کرنیوالا
ناکتخدا ف - جسکی شادی ابھی نہ ہوئی ہو - بے بیاہا -
ناکردنی ف - جو بات کرنیکے لائق نہ ہو نہ ہو -
ناگزیر ف - ناچار - لاعلاج یعنے بالضرور -
ناکس ف کمین نالائق فرومایہ

ناکس ع - اوندھا سرنگون
ناکسی ف - نالا - نالیاقت رنج پن -
ناگوار ف - بدمزہ - بدذائقہ ناپسند - ناخوش - جو ہضم نہو
ناگہان ف - یکایک دفعۃً
نال ف - سوت جو نیزہ میں سے بروقت تراشنے قلم کے نکلتا ہے - نیشکر بسو دخانہ کو جکڑہ نے جو اندر سے خالی ہو
نالان ف - روتا ہوا نالہ کرتا ہوا
نالائق ف - جو لائق نہ ہو -
نالش ف - نالان ہونا - فریاد کرنا -
نالہ ف - فریاد واویلا -
نالیدن ف - شور کرنا -
نامور ف - وہ شخص جس کا نام مشہور ہو -
نامجوبی ف - ناجوبی - نامٹوی چاہنے والا -
نامبردہ ف - مذکور جس کا نام اوپر ذکر ہوا ہو -
نامبارک ف - منحوس جو مبارک نہ ہو -
نامتناہی ف - جسکی انتہا نہ ہو

نامحدود ف۔ بے حد۔ بے انتہا
نامحرم ف۔ ناواقف۔
نامدار ف۔ عزت والا۔ معزز نامزد۔
نامراد ف۔ بے مراد۔
نامرد ف۔ جو مرد نہ ہو۔ ہیجڑا
نامردی ف۔ نامرد ہونا۔
نامزد ف۔ مشہور۔
نامعقول ف۔ نامناسب جو عقل میں نہ آوے۔ بیوقوفی کی بات۔
ناموری ف۔ شہرت مشہور
ناموس ع۔ عصمت حرمت توقع خلق سے عزت کی رکھنا نیکنامی۔ شریعت۔ تدبیر سیاست احکام خدا۔
نامہ ف۔ خط لکھا ہوا کاغذ چٹھی۔
نامیدن ف۔ نام رکھنا۔
نامیہ ع۔ بڑھنے والی شے نمو کرنے والی طاقت۔
نان ف۔ روٹی۔
نان بات مخفف نان بائی کا روٹی پکانے والا۔
نان رباط ف۔ وہ روٹی جو خانقاہوں میں ملتی ہے
نان زرین ف۔ سورج۔
نان سیمین ف۔ چاند۔
نان گورف ف۔ کینہ۔
نان وقف ف۔ خدا کے نام کی روٹی۔ اللہ کا کھانا۔
ناو ف۔ کشتی۔ پرنالہ۔
ناودان ف۔ نالی۔ پرنالہ نلی جو اندر سے خالی ہو۔
ناورد ف۔ جنگ و جدل ناحق۔
ناوک ف۔ تیر۔
ناہمتا ف۔ بےنظیر جس کے مانند کوئی اور نہ ہو۔
ناہد ع۔ نارپستان وہ لڑکی جسکی چھاتیاں مدت سے اٹھی ہوں۔
ناہموار ف۔ جو برابر نہ ہو مجازاً بے ادب۔
ناہج ع۔ راہ کا چلنے والا۔ راہ فراخ پیدا کرنے والا۔
ناہنجار ف۔ بدذات۔ بداصل۔
ناہار ف۔ اصل میں ناہار تھا اہار کہتے ہیں خورش کو یعنے وہ شخص جسنے صبح کچھ نہ کھایا ہو۔
ناہض ع۔ پرند جو پر کھول کر اڑنے کی تیاری کرے۔
ناہق ع۔ کھینچنے والا گدھے کی آواز
ناہل ع۔ چشمے سے پانی پینے والا۔
ناہی ع۔ منع کرنے والا۔ روکنے والا۔
ناہید ف۔ ستارہ زہرہ۔
نائی ف۔ نے۔ بانسلی۔ گلا۔ حلق بمعنے کوچہ بھی آیا ہے۔
نایاب ف۔ جو چیز نہ پائی جاوے۔ ناموجود۔
نائب ع۔ قائم مقام۔
نائچہ ف۔ نیچہ حقے کا۔
نائرہ ع۔ شعلہ ایک آگ کی۔
نائک ف۔ جماع کرنے والا
نائل ع۔ پہونچنے والا پانیوالا
نائم ع۔ خفتہ سوتا ہوا سونیوالا
نائیدن ف۔ فخر کرنا۔ ڈینگ کرنا۔
نبات ع۔ روئیدگی گھاس پات۔ ترکاری مصری۔
نباتی ع۔ روئیدگی۔ وہ شے جو گھاس پات کی قسم سے ہو۔
نباح ع۔ بھونکنا کتے کا۔ آواز
نباش ع۔ کفن چور۔ قبر ادھیڑنے والا۔
نباہت ع۔ چمک۔ شان عزت۔
نباد ع۔ مشہور۔ امیر۔ عزتدار
نبت ع۔ اگنا۔ روئیدگی
نبر ع۔ بلندی۔ بلند کرنا اٹھانا۔
نبذ ع۔ تھوڑا ٹکڑا۔
نبراس ع۔ چراغ۔ لالٹین شمع۔
نبرد ف۔ لڑائی۔ جنگ۔
نبردگاہ ف۔ میدان جنگ کا
نبس ع۔ نواسی یعنی دختر کی لڑکی۔ یا نواسہ۔
نبسہ ف۔ پوتے۔ نواسے۔
نبشتن ف۔ لکھنا۔
نبض ع۔ ناڑی۔ حرکت ہاتھ کے رگ کی۔
نبضان ع۔ مثل نبض کے حرکت کرنے والا۔

نَبل ع۔ تیر پھینکنا۔ تیر۔
نُبُوّت ع۔ پیغمبری۔
نُبُوع ع۔ چشمہ زمین سے نکلنا۔ پانی زمین سے پھوٹکر اوپر آنا۔
نَبّہ ع۔ خبردار کرنا تنبیہ کرنا یاد دلانا۔
نَبی ع۔ پیغمبر فرستادۂ خدا جو کتاب اور دین لایا ہوا۔
نَبیرہ ف۔ پوتا یعنے بیٹے کا بیٹا
نَبیرہ ع۔ پوتا۔ پوتی۔ نواسا۔ نواسی
نَبیلہ ع۔ خوبصورت۔ بزرگ دانا۔ فربہ۔
نَبق ع۔ بیر۔
نِتاج ع۔ بچہ جننا۔ پیدائش
نَتائج ع۔ جمع ہے نتیجہ کی مرادیں۔ مطالب انجام کار بچے اولاد۔
نَتش ع۔ بال اکھیڑنا یا پر اکھیڑنا۔ کانٹے کا موچنے سے
نَتف ع۔ بال اکھیڑنا۔
نَتن ع۔ بدبو۔
نُتُوع ع۔ ابھار۔ اونچا ہونا کسی چیز کا۔ ارتفاع۔
نَتیجہ ع۔ بچہ۔ حاصل مطلب غرض۔
نَث ع۔ پھیلانا۔ فاش کرنا ظاہر کرنا۔
نِثار ف۔ کسی کے سر پر روپیہ یا نقدی بطور صدقہ بکھرجانا بکھرا ہوا مال۔
نَثر ع۔ برخلاف نظم کے جو نظم نہ ہو۔
نَثرہ ع۔ نام دو ستاروں کا ہے۔ برج اسد میں منزل آٹھویں منازل قمر سے۔
نَجابت ع۔ شرافت۔ اصالت بزرگواری۔
نَجات ع۔ مخلصی ہونا۔
نَجاح ع۔ حاجت روائی رستگاری۔ چھٹکارا۔
نِجاد ع۔ پرتلہ تلوار کا جو کندھے پر ڈالتے ہیں۔
نَجار ع۔ بڑھئی۔
نُجار ع۔ اصل۔ جڑ۔ ذات۔
نُجبا ع۔ جمع ہے نجیب کی
نَجد ع۔ بانگر زمین۔ بلند نام ایک ملک کا ہے درمیان عرب کے جسکی زمین بلند ہے
نَجدت ع۔ شجاعت دلیری
نَجس ع۔ ناپاک ہونا۔ ناپاک۔
نَجف ع۔ نام شہر کا ہے جہاں پر قبر حضرت علی بن ابی طالب کی ہے۔
نَجل ع۔ نسل۔ اولاد۔ فرزند
نَجویٰ ع۔ سرگوشی۔ کانا پھوسی کان میں چپکے سے بات کہنا۔
نُجوم ع۔ جمع ہے نجم کی ستارے۔
نَجیب ع۔ شریف۔ بزرگ
نَجیف ع۔ چوڑے سر کا تیر
نُحاس ع۔ تانبا۔
نَحافت ع۔ دبلاپن لاغری ناتوانی۔
نَحت ع۔ چھیلنا۔ تراشیدن صاف کرنا۔
نِحریر ع۔ دانشمند۔ زیرک عالم۔
نَحس ع۔ نامبارک۔ بھونڈا۔
نَحل ع۔ شہد کی مکھی۔
